


بلبلِ مدینہ محمد اویس رضا قادری کی پڑھی ہوئی مشہور نعتوں کا مجموعہ
روحِ کائنات
النبی صلو علیہ
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے
محمد ﷺ روح فداک
میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
مرتب:
محمد عرفان ثاقب قادری
ناشر
اکبر بک سیلرز
اردو بازار لاہور


Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

بلبل مدینہ محمد اویس رضا قادری کی پڑھی ہوئی مشہور نعتوں کا مجموعہ

25 نعت

# روحِ کائنات

مرتب

محمد عرفان ثاقب قادری

ناشر

**اکبر بک سیلرز**

زبیدہ سنٹر 40 اُردو بازار لاہور

Marfat.com

111544

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ............... | روحِ کائنات |
| موضوع | ............... | محمد اویس رضا قادری کا پڑھا ہوا نعتیہ کلام |
| مرتب | ............... | محمد عرفان ثاقب قادری |
| تعداد | ............... | ۶۰۰ |
| کمپوزنگ | ............... | عبدالسلام/قمرالزمان رائل پارک لاہور |
| کاپی پیسٹنگ | ............... | تنویر احمد |
| تاریخ اشاعت | ............... | نومبر ۲۰۰۴ء |
| قیمت | ............... | -/160 روپے |

ملنے کے پتے

**مکتبہ العطاریہ** لنک روڈ صادق آباد
**کاظمی کتب خانہ** شاہی روڈ رحیم یار خان
**مکتبہ قادریہ عطاریہ** موتی بازار راولپنڈی
**احمد بک کارپوریشن** اقبال روڈ راولپنڈی
**مکتبہ فیضانِ سنت** لائق علی چوک واہ کینٹ
**مکتبہ فیضانِ مدینہ** مین بازار لالہ موسیٰ
**مکتبہ رضائے مصطفی** انارکلی بازار کھاریاں


Marfat.com

# فہرست

* انتساب ........................ ۱۵
* خوش نصیبی ........................ ۱۶
* کرم کی برسات ........................ ۱۸
* تقریظ ........................ ۲۱
........................ ۲۳

## حمد باری تعالیٰ (حصہ اوّل) .. ۳۰

* کب گناہوں سے کنارا میں کروں گا یارب ........................ ۳۱
* گناہوں کی عادت چھڑا میرے مولا ........................ ۳۳
* اللہ اللہ اللہ اللہ ........................ ۳۵
* ہوں میں نادم گناہوں پہ یارب ........................ ۳۷
* اللہ دا نام لینئے مولا دا نام لیئے ........................ ۳۹
* یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو ........................ ۴۱
* شجرۂ عالیہ رضویہ ضیائیہ عطاریہ ........................

## نعتیہ کلام (حصہ دوم)

* قصیدہ بردہ شریف ........................ ۴۶
* غم ہوگئے بے شمار آقا ........................ ۴۸
* لطف ان کا عام ہو ہی جائے گا ........................ ۴۹
* نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا ........................ ۵۱
* پھر اٹھا ولولۂ یادِ مغیلانِ عرب ........................ ۵۲
* جو بنوں پر ہے بہارِ چمن آرائی دوست ........................ ۵۳
* طوبیٰ میں جو سب سے اونچی نازک سیدھی نکلی شاخ ........................ ۵۴
* تمہارے ذرّے کے پرتو ستارہائے فلک ........................ ۵۵
* عارضِ شمس و قمر سے بھی ہیں انور ایڑیاں ........................ ۵۶
* اہلِ صراط روحِ امیں کو خبر کریں ........................ ۵۷
* اُن کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں ........................ ۵۸
* وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں ........................ ۵۹

Marfat.com

* وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمان نقص جہاں نہیں ........................ ۶۰
* چمن طیبہ میں سنبل جو سنوارے گیسو ........................ ۶۲
* اے شافع اُمم شہ ذی جاہ لے خبر ........................ ۶۳
* زہے عزت واعتلائے محمد ﷺ ........................ ۶۴
* حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو ........................ ۶۵
* رونقِ بزم جہاں ہیں عاشقانِ سوختہ ........................ ۶۶
* ہے کلامِ الٰہی میں شمس وضحیٰ ترے چہرۂ نور فزا کی قسم ........................ ۶۷
* سب سے اولیٰ واعلیٰ ہمارا نبی ﷺ ........................ ۶۸
* عرش حق ہے مسند رفعت رسول اللہ کی ........................ ۷۰
* پیش حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے ........................ ۷۱
* چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے ........................ ۷۲
* راہ پُر خار ہے کیا ہونا ہے ........................ ۷۳
* سرور کہوں کہ مالک ومولیٰ کہوں تجھے ........................ ۷۴
* مژدہ باد اے عاصیو! شافع شہ ابرار ہے ........................ ۷۵
* رشکِ قمر ہوں رنگ رُخ آفتاب ہوں ........................ ۷۶
* وصف رُخ ان کا کیا کرتے ہیں ........................ ۷۷
* کس کے جلوہ کی جھلک ہے یہ اُجالا کیا ہے ........................ ۷۸
* سونا جنگل رات اندھیری چھائی بدلی کالی ہے ........................ ۷۹
* نہ عرش ایمن نہ اِنّی ذَاھِبٌ میں میہمانی ہے ........................ ۸۰
* حرز جاں ذکر شفاعت کیجیے ........................ ۸۱
* بھینی سہانی صبح میں ٹھنڈک جگر کی ہے ........................ ۸۳
* وہ سرور کشورِ رسالت جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے ........................ ۸۴
* صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا ........................ ۸۵
* زائرو پاس ادب رکھو ہوس جانے دو ........................ ۸۷
* مصطفیٰ خیر الوریٰ ہو ........................ ۸۸
* زمین وزماں تمہارے لیے مکیں ومکاں تمہارے لیے ........................ ۸۹

Marfat.com

* نظر اک چمن سے دو چار ہے نہ چمن چمن بھی نثار ہے ........ ۹۱
* ایمان ہے قال مصطفائی ........ ۹۲
* لحد میں عشق رخ شہ کا داغ لے کے چلے ........ ۹۴
* اٹھا دو پردہ دکھا دو چہرہ کہ نور باری حجاب میں ہے ........ ۹۵
* سنتے ہیں کہ محشر میں صرف اُن کی رسائی ہے ........ ۹۶
* آنکھیں رو رو کے سجانے والے ........ ۹۷
* سچی بات سکھاتے یہ ہیں ........ ۹۸
* آسمان گر تیرے تلووں کا نظارا کرتا ........ ۹۹
* تمہارا نام مصیبت میں جب لیا ہوگا ........ ۱۰۰
* یہ اکرام ہے مصطفیٰ پر خدا کا ........ ۱۰۳
* حضور ایسا کوئی اِنتظام ہو جائے ........ ۱۰۴
* ہو کرم سرکار اب تو ہو گئے غم بے شمار ........ ۱۰۵
* میں مدینے چلا ........ ۱۰۷
* یہ کس شہنشہ والا کی آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا ........ ۱۰۰
* حبیب خدا کا نظارا کروں میں ........ ۱۱۴
* شاہ والا مجھے طیبہ بلا لو ........ ۱۱۵
* تو شمع رسالت ہے عالم ترا پروانہ ........ ۱۱۷
* اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا ........ ۱۱۸
* نظمیں کلام اعلیٰ حضرت ........ ۱۲۱
* وہ کیسا سماں ہوگا کیسی وہ گھڑی ہوگی ........ ۱۲۴
* رحمت حق نے کیا پھر سایہ ........ ۱۲۵
* بگڑی بناؤ مکی مدنی ........ ۱۲۷
* اب میری نگاہوں میں جچتا نہیں کوئی ........ ۱۲۸
* مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ ........ ۱۲۹
* ہر طرف ہے صدا آ گئے مصطفیٰ ........ ۱۳۲


Marfat.com

* ہیں صف آرا سب حور و ملک اور غلماں خلد سجاتے ہیں ............ ۱۳۴
* یا حبیبی مرحبا ............ ۱۳۶
* رہے جاتے ہیں یہ ارماں ہائے میرے سینے میں ............ ۱۳۸
* سرکار کے در پر جاؤں وہ وقت مبارک آئے ............ ۱۳۹
* یا شفیع اُمم اللہ کردو کرم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم ............ ۱۴۰
* تیری جالیوں کے نیچے تیری رحمتوں کے سائے ............ ۱۴۱
* شاہِ کونین جلوہ نما ہو گیا ............ ۱۴۲
* عاشقو ورد کرو صلِ علیٰ آج کی رات ............ ۱۴۳
* کروں دم بدم میں ثنائے مدینہ ............ ۱۴۴
* ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہو ............ ۱۴۵
* میں لب کشا نہیں ہوں اور محوِ التجا ہوں ............ ۱۴۶
* مرحبا یا مصطفیٰ ............ ۱۴۷
* عشق کے رنگ میں رنگ جائیں ............ ۱۵۲
* یا شاہِ اُمم اک نظر کرم میری لاج تمہارے ہاتھ سرکار ............ ۱۵۴
* بولو یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی ............ ۱۵۵
* زہے مقدر حضورِ حق سے سلام آیا پیام آیا ............ ۱۵۷
* سوچتا ہوں میں وہ گھڑی کیا عجب گھڑی ہو گی ............ ۱۵۸
* یہ آرزو نہیں کہ دعائیں ہزار دو ............ ۱۵۹
* حضور آ گئے ہیں ............ ۱۶۰
* عاصیوں کو در تمہارا مل گیا ............ ۱۶۱
* دھڑکنو تم ہی کہو وقت وہ کیسا ہو گا ............ ۱۶۲
* میرے گھر میں خیر الوریٰ آ گئے ہیں ............ ۱۶۳
* واہ کیا جود و کرم ہے شہ بطحا تیرا ............ ۱۶۴
* بندہ ملنے کو قریب حضرت قادر گیا ............ ۱۶۶
* اللہ اللہ شہ کونین جلالت تیری ............ ۱۶۷
* دِل میں ہو یاد تری گوشۂ تنہائی ہو ............ ۱۶۸

Marfat.com

* پل سے اتارو راہ گزر کو خبر نہ ہو ............ ۱۶۹
* کیا مہکتے ہیں مہکنے والے ............ ۱۷۰
* پھر عزم مدینہ ہے تیار سفینہ ہے ............ ۱۷۱
* کیوں نہ ہو بہر لحظہ جستجو مدینے کی ............ ۱۷۳
* چاندنی چاندنی گلستاں گلستاں اُس قدم کے نشاں ............ ۱۷۴
* سحر کا وقت ہے معصوم کلیاں مسکراتی ہیں ............ ۱۷۵
* مجرم ہیبت زدہ جب فردِ عصیاں لے چلا ............ ۱۷۶
* واہ کیا مرتبہ ہوا تیرا ............ ۱۷۷
* سیرِ گلشن کون دیکھے دشتِ طیبہ چھوڑ کر ............ ۱۷۸
* جتنا مرے خدا کو ہے مرا نبی عزیز ............ ۱۷۹
* سحابِ رحمتِ باری ہے بارھویں تاریخ ............ ۱۸۰
* کون کہتا ہے کہ زینت خلد کی اچھی نہیں ............ ۱۸۱
* عجب رنگ پر ہے بہارِ مدینہ ............ ۱۸۲
* باغِ جنت میں نرالی چمن آرائی ہے ............ ۱۸۳
* مرحبا یا مصطفیٰ ............ ۱۸۵
* جو عشق نبی کے جلووں کو سینوں میں بسایا کرتے ہیں ............ ۱۸۷
* میرا دِل اور مری جان مدینے والے ............ ۱۸۸
* نہ ہو آرام جس بیمار کو سارے زمانے سے ............ ۱۸۹
* پکارو یارسول اللہ یا حبیب اللہ ............ ۱۹۰
* باتیں بھی مدینے کی راتیں بھی مدینے کی ............ ۱۹۵
* دل ہائے گناہوں سے بیزار نہیں ہوتا ............ ۱۹۶
* میں جو یوں مدینے جاتا تو کچھ اور بات ہوتی ............ ۱۹۷
* اِک بار پھر مدینے عطار جا رہے ہیں ............ ۱۹۸
* پاٹ وہ کچھ دھار یہ کچھ زار ہم ............ ۱۹۹
* سائے میں تمہارے ہیں قسمت یہ ہماری ہے ............ ۲۰۰
* نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے ............ ۲۰۱

Marfat.com

* چھوڑ فکر دُنیا کی چل مدینے چلتے ہیں ........................ ۲۰۲
* روک لیتی ہے آپکی نسبت تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں ........................ ۲۰۳
* سب کی بگڑی بنانا تیرا کام ہے ........................ ۲۰۴
* بلالو پھر مجھے اے شاہ بحرو بر مدینے میں ........................ ۲۰۵
* خوشا جھومتا جارہا ہے سفینہ ........................ ۲۰۶
* بھیک عطا اے نبی محتشم ہو ........................ ۲۰۷
* زائر کوئے جاناں آہستہ چل ........................ ۲۰۸
* یارب ہے یہی دِل کی صدا اب کے برس بھی ........................ ۲۰۹
* بات جو کیجیے اور جب کیجیے ........................ ۲۱۰
* جب گنبدِ خضریٰ پہ وہ پہلی نظر گئی ........................ ۲۱۲
* مانگنے کا مزہ ہے دریار پر ........................ ۲۱۳
* وہ روضۂ اقدس کی طلب گار ہیں آنکھیں ........................ ۲۱۴
* حاضر ہیں ذرِ دولت پہ گدا سرکار توجہ فرمائیں ........................ ۲۱۵
* ہم پر نظر حضور یونہی آپ کی رہے ........................ ۲۱۶
* بیٹھتے اُٹھتے نبی کی گفتگو کرتے رہے ........................ ۲۱۷
* سرورِ انبیاء مظہر کبریا یا نبی مصطفیٰ تو وراء الوریٰ ........................ ۲۱۸
* کچھ ایسا کر دے میرے پروردگار آنکھوں میں ........................ ۲۱۹
* اپنے دامانِ شفاعت میں چھپائے رکھنا ........................ ۲۲۰
* کعبے کے در کے سامنے مانگی ہے یہ دُعا فقط ........................ ۲۲۱
* جامِ اُلفت کا پلادو یارسول ........................ ۲۲۲
* کیا ربیع الاوّل آیا لے کے تحفہ نور کا ........................ ۲۲۴
* مبارک ہو مبارک ہو شہہِ ابرار آتے ہیں ........................ ۲۲۵
* تیرے صدقے تیرے قرباں عید میلاد النبی ........................ ۲۲۶
* کونین کے گوشے گوشے پہ چھائی ہوئی رحمت ہوتی ہے ........................ ۲۲۷
* مومنوں کے خوشیاں مناؤ سرورِ انبیاء آگئے ہیں ........................ ۲۲۸
* محمد مصطفیٰ جیسا کوئی آیا نہ آئے گا ........................ ۲۲۹


Marfat.com

* اوج پانا میرے حضور کا ہے ........................ ۲۳۰
* نور سے اپنے سرورِ عالم دنیا جگمگانے آئے ........................ ۲۳۱
* داغِ فرقتِ طیبہ قلبِ مضمحل جاتا ........................ ۲۳۲
* گزرے جس راہ سے وہ سیّد والا ہو کر ........................ ۲۳۳
* آگئے مژدہ شفاعت کا سنانے والے ........................ ۲۳۴
* خوشی سب ہی مناتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں ........................ ۲۳۵
* ایسا لگتا ہے مدینے چلا وہ بلوائیں گے ........................ ۲۳۶
* تیری چوکھٹ پہ منگتا تیرا آگیا میری بگڑی بنا دے شہِ دوسرا ........................ ۲۳۷
* مچل مچل کے چلو یار نے پکارا ہے ........................ ۲۳۹
* یا صاحبَ الجمال ویا سیّد البشر ........................ ۲۴۰
* یہ ناز یہ انداز ہمارے نہیں ہوتے ........................ ۲۴۲
* تمس کلام ........................ ۲۴۳
* ارض وسما بنے ہیں اسی نور کے طفیل ........................ ۲۵۴
* ابتر تھی فضا یہ تیرگی جہل تھی چھائی ........................ ۲۵۹
* اپنے آقا کو میں نذر کیا دوں ........................ ۲۶۳
* محمد ہمارے بڑی شان والے ........................ ۲۶۴
* ........................ ۲۶۷
* شورِ مہِ نو سن کر تجھ تک میں دواں آیا ........................ ۲۷۳
* خراب حال کیا دِل کو پُر ملال کیا ........................ ۲۷۴
* قافلے نے سوئے طیبہ کمر آرائی کی ........................ ۲۷۵
* نبی کا آستاں ہو اور میرا سر ہو تو کیا کہنا ........................ ۲۷۶
* مری بھی نظر سوئے طیبہ لگی ہے ........................ ۲۷۷
* لب پر نعت پاک کا نغمہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے ........................ ۲۷۸
* جب حسن تھا اُن کا جلوہ نما انوار کا عالم کیا ہوگا ........................ ۲۷۹
* پھر گنبدِ خضریٰ کی فضاؤں میں بلا لو ........................ ۲۸۰
* گناہوں کی نہیں جاتی ہے عادت یا رسول اللہ ........................ ۲۸۱


Marfat.com

* جدھر دیکھوں مدینے کا حرم ہو ........ ۲۸۲
* اب بلا لیجئے نا مدینہ آرہا ہے یہ حج کا مہینہ ........ ۲۸۳
* اپنا غم یا شہ انبیاء دیجئے چشم نم یا حبیب خدا دیجئے ........ ۲۸۴
* یا مصطفیٰ عطا ہو پھر اذن حاضری کا ........ ۲۸۵
* ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار کا مدینہ ........ ۲۸۶
* چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں ........ ۲۸۸
* یا ربّ میرے دِل میں ہے تمنائے مدینہ ........ ۲۹۰
* نبی آج پیدا ہوا چاہتا ہے ........ ۲۹۱
* مچی ہے دھوم پیمبر کی آمد آمد ہے ........ ۲۹۲
* نہ کیوں آرائشیں کرتا خدا دنیا کے ساماں میں ........ ۲۹۳
* کیا مژدہ جان بخش سنائے گا قلم آج ........ ۲۹۴
* دُنیا میں خیر الوریٰ آ گئے ہیں ........ ۲۹۵
* بولو مرحبا اھلاً وسہلاً مرحبا بولو مرحبا ........ ۲۹۶
* محمد مصطفیٰ صل علیٰ تشریف لے آئے ........ ۲۹۸
* دربار عام گرم ہوا اشتہار دو ........ ۲۹۹
* یارسول اللہ آ کر دیکھ لو ........ ۳۰۱
* ایسا تجھے خالق نے طرح دار بنایا ........ ۳۰۲
* مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ ........ ۳۰۴
* مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا ........ ۳۰۸
* تیری رحمت یہ شب گھڑی لائی ........ ۳۱۵
* غم بھی راحت و آرام میں ڈھل جاتے ہیں ........ ۳۱۹
* رُخ دن ہے یا مہر سما یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں ........ ۳۲۰
* الٰہی روضہ خیر البشر میں اگر جاؤں ........ ۳۲۱
* عزیزوں کی طرف سے جب مرا دِل ٹوٹ جاتا ہے ........ ۳۲۲
* آج اشک میرے نعت سنائیں تو عجب کیا ........ ۳۲۳
* اک روز ہوگا جانا سرکار کی گلی میں ........ ۳۲۴


Marfat.com

* بڑی اُمید ہے سرکار قدموں میں بلائیں گے ........ ۳۲۵
* قرباں میں ان کی بخشش کے مقصد بھی زباں پر آیا نہیں ........ ۳۲۶
* بن گئی بات ان کا کرم ہو گیا شاخِ نخلِ تمنا ہری ہو گئی ........ ۳۲۷
* دل مرا دنیا پہ شیدا ہو گیا ........ ۳۲۸
* یہ اُن کا کرم ہے جو ہم نعت سناتے ہیں ........ ۳۲۹
* دِل مدینہ میرا اپنا آقا ........ ۳۳۰
* میں چھوڑے جا رہا ہوں در تمہارا یا رسول اللہ ........ ۳۳۴
* تری وحشتوں سے اے دِل مجھے کیوں نہ عار آئے ........ ۳۳۵
* محبوب رب اکبر تشریف لا رہے ہیں ........ ۳۳۶
* بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ........ ۳۳۹
* بہار آ رہی ہے بہار آ رہی ہے ........ ۳۴۲
* آئی پھر یاد مدینے کی رلانے کے لیے ........ ۳۴۳
* سن لو خدا کے واسطے اپنے گدا کی عرض ........ ۳۴۴
* ہم نے تقصیر کی عادت کر لی ........ ۳۴۵
* بخت خفتہ نے مجھے روضے پہ جانے نہ دیا ........ ۳۴۶
* بہارِ جانفزا تم ہو نسیم داستاں تم ہو ........ ۳۴۷
* یاد میں جس کی نہیں ہوش تن و جاں ہم کو ........ ۳۴۹
* مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے ........ ۳۵۱
* منگتے خالی ہاتھ نہ لوٹیں کتنی ملی خیرات نہ پوچھو ........ ۳۵۵
* صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا ........ ۳۵۶
* اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا ........ ۳۵۹
* کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے ........ ۳۶۰
* مجھ کو درپیش ہے پھر مبارک سفر قافلہ پھر مدینے کا تیار ہے ........ ۳۶۱
* زہے قسمت مدینے جا رہا ہوں ........ ۳۶۲
* جب وہ دِل کے قریب ہوتے ہیں ........ ۳۶۳
* آتے ہیں دیکھو والیٔ اُمت خوش آمدید ........ ۳۶۴

Marfat.com

* آج آئے نبیوں کے سردار مرحبا ..................... ۳۶۵
* مدینہ مدینہ ہمارا مدینہ ..................... ۳۶۷
* مرحبا صد مرحبا کی گونج ہے ..................... ۳۶۸
* صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا ..................... ۳۷۰
* دل درد سے بسمل کی طرح لوٹ رہا ہو ..................... ۳۷۲
* نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے ..................... ۳۷۳
* مرادیں مل رہی ہیں شاد شاد اُن کا سوالی ہے ..................... ۳۷۷
* رنگ چمن پسند نہ پھولوں کو بو پسند ..................... ۳۷۹
* جھوم کر سارے پکارو مرحبا یا مصطفیٰ ..................... ۳۸۰
* نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے ..................... ۳۸۲
* میرے دِل میں ہے یادِ محمد میرے ہونٹوں پہ ذکرِ مدینہ ..................... ۳۸۳
* تم ذاتِ خدا سے نہ جدا ہو نہ خدا ہو ..................... ۳۸۴
* جشنِ آمدِ رسول اللہ ہی اللہ ..................... ۳۸۵
* یارب محمد میری تقدیر جگا دے ..................... ۳۸۷
* نزدیک آ رہا ہے رمضان کا مہینہ ..................... ۳۸۸
* کیا خبر کیا سزا مجھ کو ملتی میرے آقا نے عزت بچالی ..................... ۳۸۹
* یا محمد نور مجسم یا حبیبی یا مولائی ..................... ۳۹۰
* کرم پھر رسول خدا کیجیے گا ..................... ۳۹۱
* صل علیٰ نبینا صل علیٰ محمد ..................... ۳۹۲
* کیونکر نہ میرے دِل میں ہو الفت رسول کی ..................... ۳۹۷
* الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے ..................... ۳۹۸
* حقیقت میں وہ لطفِ زندگی پایا نہیں کرتے ..................... ۳۹۹
* سرکار یہ نام تمہارا سب ناموں سے ہے پیارا ..................... ۴۰۰

## پنجابی (حصہ سوم)

* مدنی ماہیے ..................... ۴۰۴
* تیری یاد پئی تڑپاوندی اے لالیاں نیناں نے جھڑیاں ..................... ۴۰۵

Marfat.com

* مینوں مجبوریاں تے دوڑیاں نے ماریا ........................ ۴۰۶
* عدل کریں تے تھر تھر کنبن اچیاں شاناں والے ........................ ۴۰۷
* سارے پڑھو درود اج سرکار آ گئے ........................ ۴۰۸
* نوری مکھڑا نالے زلفاں کالیاں ........................ ۴۰۹
* اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام لیئے ........................ ۴۱۰
* چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے ........................ ۴۱۲
* کالیاں زلفاں والا دکھی دلاں دا سہارا ........................ ۴۱۵
* مدینے دیاں پاک گلیاں ........................ ۴۱۷
* کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے ........................ ۴۱۸
* اے موت ٹھہر جا میں مدینے تے جالواں ........................ ۴۱۹
* یا مصطفیٰ خیر الوریٰ تیرے جیا کوئی نہیں ........................ ۴۲۰
* طیبہ نوں جان والے سن میریاں صداواں ........................ ۴۲۱
* ساڈے ول سوہنیا نگاہواں کدوں ہونیاں ........................ ۴۲۲
* میں لج پالاں دے لڑ لگیاں ........................ ۴۲۳
* مدنی آقا میں صدقے تری یاد توں ........................ ۴۲۴
* تر اکھاواں تے تیرے گیت گاواں یا رسول اللہ ........................ ۴۲۵
* مینوں مدینے بلا سوہنیا ........................ ۴۲۶
* کونین دے والی دا گھر بار بڑا سوہنا ........................ ۴۲۷
* اَج سک متراں دی ودھیری اے ........................ ۴۲۸
* زندگی دا مزہ آوے سرکار دے بوہے تے ........................ ۴۲۹
* تیرا وسدا رہوے دربار مدینے والٹریا ........................ ۴۳۰
* الف اللہ چنبے دی بوٹی ........................ ۴۳۲
* وچھوڑے دے میں صدمے روز جھلاں یا رسول اللہ ........................ ۴۳۴
* شہنشاہ حبیا مدینے دیا خیر منگد اہاں میں تیری سرکار چوں ........................ ۴۳۵

## مناقب (حصہ چہارم)

* منقبت پنجتن ........................ ۴۳۸

Marfat.com

* منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ........................ ۴۴۰
* منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ........................ ۴۴۱
* منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ........................ ۴۴۳
* منقبت سرکار غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ........................ ۴۴۴
* منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ........................ ۴۴۶
* منقبت حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ ........................ ۴۴۸
* منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ........................ ۴۵۲
* منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ........................ ۴۵۳
* منقبت سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ ........................ ۴۵۴
* منقبت قاری مصلح الدین صدیقی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ........................ ۴۵۵
* منقبت دولہا شاہ سبزواری رحمۃ اللہ علیہ ........................ ۴۵۷
* منقبت دولہا شاہ سبزواریؒ ........................ ۴۵۹
* منقبت دولہا شاہ سبزواری ........................ ۴۶۱
* آئے ہیں تیرے دربار یا محمد شاہ ........................ ۴۶۳
* منقبت محمد شاہ دولہا سبزواریؒ ........................ ۴۶۷
* منقبت دولہا شاہ سبزواریؒ ........................ ۴۷۱
* منقبت محمد شاہ دولہا سبزواریؒ ........................ ۴۷۴
* سہرا ........................ ۴۷۵

## سلام (حصہ پنجم)

* تم پہ کروڑوں درود ........................ ۴۷۸
* مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام ........................ ۴۸۱
* یا نبی سلام علیک ........................ ۴۸۵
* کروڑوں درود وسلام ........................ ۴۸۸
* اے بیابانِ عرب تیری بہاروں کو سلام ........................ ۴۹۱
* اے مدینے کے تاجدار ........................ ۴۹۳
* غم کے مارے سلام کہتے ہیں ........................ ۴۹۵

Marfat.com

# اِنتساب

بصد احترام وادب بنام غوث الثقلین شہنشاہ بغداد
قطبِ ربانی غوثِ صمدانی محبوب سبحانی شہباز لامکانی
حضور پُر نور سیّدنا غوث اعظم حضرت شیخ
سیّد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
گر قبول اُفتد زہے عزوشرف۔

نیاز آگین
ثناء خوان رسول
محمد عرفان ثاقب قادری
صادق آباد ضلع رحیم یار خان
۱۶ دسمبر ۲۰۰۴ء

Marfat.com

# خوش نصیبی

## تحریر-عزیزالدین خاکی

نعت شریف سننا حضور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتِ مبارکہ ہے اور نعت شریف پڑھنا حضرت حسانؓ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی سنت ہے اِس طرح نعت پڑھنا اور سننا سعادت کی بات ہے۔

وطنِ عزیز پاکستان پر اللہ تعالیٰ کا کرم خاص ہے کہ یہاں نعت شریف کو سننے والے اور نعت شریف کو والہانہ انداز سے پڑھنے والے کثیر تعداد میں موجود ہیں۔ ویسے تو پورے ملک میں خوش الحان ثناء خوانانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں' لیکن فروغِ نعت کے حوالے سے اور نعت خوانی کے حوالے سے عروس البلاد (کراچی) سرفہرست ہے' یہاں کے بے شمار خوش الحان ثناء خوانوں میں سے ایک جناب اویس رضا قادری بھی ہیں۔ جو پورے ملک میں ہی نہیں بلکہ عالمِ اسلام میں شعبۂ نعت خوانی اور اپنے لاجواب اَنداز کی وجہ سے بے حد مقبول ہیں اُن کی پڑھی ہوئی حمدیں۔ نعتیں۔ سلام اَور مناقب عوام الناس میں بہت مقبول ہیں۔ اَویس رضا قادری اِس حوالے سے بھی بہت خوش نصیب ہیں کہ اِن کی پڑھی ہوئی حمدیں۔ نعتیں۔ سلام اَور مناقب کو ہمارے محترم دوست اور صادق آباد کی جانی پہچانی شخصیت جناب محمد عرفان ثاقب قادری صاحب یکجا کر کے شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ میں عرفان ثاقب قادری

Marfat.com

صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں، کیونکہ اُن کی اس سے قبل بھی کئی تالیفات منظرِ عام پر آچکی ہیں۔ میں اپنی جانب سے اور اِدارہ ''دُنیائے نعت کراچی'' کی جانب سے رُوح کائنات کی شاندار اشاعت پر مرتب موصوف کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے اللہ رب العزت سے دُعا گو ہوں کہ وہ اس بندۂ عاجز یعنی عرفان ثاقب قادری کی اس سعی کو قبول فرمائے۔

آمین..................نیازمند

## عزیز الدین خاکی القادری

مدیر۔ دُنیا نعت کراچی

یکم دسمبر ۲۰۰۴ء

Marfat.com

# کرم کی برسات

خداوند قدوس کی ذات والا صفات کا لاکھ لاکھ شکر ہے، جس نے مجھ جیسے تہی دوست و تہی دامن کو اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا ثناء خواں بنایا اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے ذکر کی شرح "وَرَفَعۡنَالَكَ ذِكۡرَكَ" میں تمام محدثین مفسرین اس بات پر متفق ہیں کہ اس ذکر کے لفظ کا مفہوم رب العالمین کی تعریف ہے مدح و ثناء ہے دوسرے مقام پر "لَهٗ لَحَافِظُوۡنَ" کا ارشاد ہے جس کے معنی قرآنِ کریم کو تحریف اور ترجمہ میں ردّ و بدل سے حفاظت کا ذمہ خود خالقِ کائنات نے لے لیا ہے، یعنی حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں اللہ تعالیٰ کا یہ خصوصی اعلان بھی حفاظت میں ہے اور تا قیامت رہے گا۔ نعت تخلیقِ کائنات کی اساس ہے نعت عقیدت و محبت کا استعارہ ہے نعت تقدیس نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے نعت متاع دارین ہے قرآن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قصیدہ ہے ایک ایک سورہ پاک سرکار کی صفات معلّٰی اور ایک ایک حرف ثواب کا ورق مجلّٰی ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود و سلام پڑھ رہے ہوں تو انسان کی سعی توصیف و ثناء کس شمار میں ہوگی سرکارِ مدینہ سرور قلب و سینہ کے ساتھ جتنی سچی عقیدت ہوگی، اتنا ہی سرمایہ نعت میسر ہوگا نعت جیسے مقدس و معطر، معنبر واطہر اور اعلیٰ وارفع موضوع پر لکھوں میری کیا بساط! صرف اتنا عرض کر رہا ہوں کہ یہ مجموعہ نعت بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خواں الحاج محمد اویس رضا قادری کی پڑھی

Marfat.com

ہوئی نعتوں کا انتخاب روح کائنات اس عظیم بارگاہِ اقدس میں پیش کرنے کی سعادت اس لیے حاصل کر رہا ہوں نہ جانے حضور ساقئ کوثر صلی اللہ علیہ وسلم کو کون ساحرف پسند آجائے اور میری عاقبت سنور جائے فروغ نعت کے حوالے سے عروس البلاد (کراچی) سرفہرست ہے۔ یہاں کے بے شمار خوش الحان ثناء خوانوں میں ایک نام محمد اویس رضا قادری کا ہے جو پورے ملک میں ہی نہیں بلکہ عالم اسلام میں شعبہ نعت خوانی اور اپنے مخصوص انداز کی وجہ سے بے حد مقبول ہیں اس حقیقت سے کون اِنکار کرسکتا ہے کہ نعت وہ معراج سخن ہے جو مردہ دلوں میں عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم بیدار کرتی ہے اس شخص پر اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضان خاص ہوتا ہے' جو بڑی خوش الحانی سے نعت شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں یہ صفت بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خوان الحاج محمد اویس رضا قادری کو بھی عطا کی ہے اویس رضا قادری نعت شریف پڑھنے کے ساتھ ساتھ نعت شریف لکھتے بھی ہیں انہوں نے کافی نعتیں منقبتیں اور سلام لکھے ہیں ان میں کئی نعتیں بین الاقوامی شہرت حاصل کر چکی ہیں۔ جن میں چند ایک یہ ہیں (۱) میں مدینے چلا' میں مدینے چلا (۲) حضور ایسا کوئی انتظار ہو جائے (3) تظمینِ اعلیٰ حضرت کے کلام پر' چمک مجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے (۴) ہو کرم سرکار اب تو ہو گئے غم بے شمار منقبتوں میں حضور غوث اعظم کی منقبت شیاءً للہ یا عبدالقادر کافی مشہور ہوئی ہے اس کے علاوہ دولہا شاہ سبزواری کی منقبت بھی کافی مشہور ہوئی ہے اس کتاب روح کائنات میں الحاج محمد اویس رضا قادری کی پڑھی ہوئی حمدیں' نعتیں' منقبتیں اور سلام شامل ہیں حصہ اوّل میں حمد باری تعالیٰ

Marfat.com

حصہ دوئم میں اُردو نعتیں حصہ سوئم میں پنجابی نعتیں حصہ چہارم میں مناقب اولیاء اور حصہ پنجم میں سلام شامل ہیں میں محترم عزیز الدین خاکی جو کہ دُنیائے نعت کراچی کے مدیر اور مشہور معروف نعت خوان و نعت گو بھی ہیں اُن کا شکریہ ادا کرتا جنہوں نے اپنے قیمتی وقت میں سے وقت نکال کر اِس کتاب روح کائنات کے لیے تبصرہ لکھا اور مفتی محمد اختر سعیدی صادِق آباد کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، جنہوں نے اس کتاب کے لیے تقریظ لکھی حسنِ ترتیب میں معاونت کرنے والے مکتبہ فیضانِ مدینہ، اور مکتبہ عطاریہ صادق آباد کا بھی شکر گزار ہوں خداوندکریم اُنہیں اجرِعظیم عطا فرمائے۔ آمین

بارگاہِ ربّ العزت میں دُعا گو ہوں کہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے نعت خواں صحابی حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذوقِ سخن پر تمام مسلمانوں کو چلنے اور گامزن رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اور اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب روح کائنات کو میرے لیے بخشش کا ذریعہ بنائے۔ آمین ثم آمین

دُعاؤں کا طالب

ثناءخوانِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)

محمد عرفان ثاقب قادری

مکان نمبر ۱۳ گلی نمبر ۴ جناح ٹاؤن

صادق آباد ضلع رحیم یار خاں

۱۶ دسمبر ۲۰۰۴

Marfat.com

☆

# تقریظ

## مفتی اعظم صادق آباد مفتی محمد اختر سعیدی دامت برکاتہم العالیہ

مدرسہ غوثیہ نقشبندیہ صادق آباد (ایم اے عربی ایم اے اسلامیات)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نعتوں کا مجموعہ ''روحِ کائنات'' مختلف مقامات سے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ دیکھ کر دل بہت خوش ہوا جب الاحترام محمد عرفان صاحب ثاقب قادری کی محنت وکاوش قابلِ ستائش ہے۔ پہلے بھی کئی نعتوں کے مجموعے تیار کر چکے ہیں اور چھپ کر منظرِ عام پہ آ چکے ہیں۔ محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم جب قلب میں موجزن ہو تو اُٹھتے بیٹھتے ذکرِ رسول ہی وردِ زبان ہوتا ہے اللہ تعالیٰ موصوف مذکور کو عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دولت سے مالامال فرمائے اور اِن کی کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

ایں دُعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

مفتی محمد اختر سعیدی قادری

مدرسہ غوثیہ نقشبندیہ صادق آباد

ضلع رحیم یار خان

Marfat.com

حصہ اوّل

# حمد باری تعالیٰ

111544

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

یا اللہ ھو یا اللہ ھو یا اللہ ھو یا اللہ ھو
یا اللہ ھو یا اللہ ھو یا اللہ ھو یا اللہ ھو

تو ہی مالک بحر و بر ہے یا اللہ ہو یا اللہ ہو
تو ہی خالق جن و بشر ہے یا اللہ ہو یا اللہ ہو
تیرا چرچا گلی گلی ہے ڈالی ڈالی کلی کلی ہے
واصف ہر اِک گل و ثمر ہے یا اللہ ہو یا اللہ ہو
دُنیا جب پانی کو ترسے رم جھم رم جھم برکھا برسے
ہر اِک پر رحمت کی نظر ہے یا اللہ ہو یا اللہ ہو
رَات نے جب سر اپنا چھپایا چڑیوں نے یہ ذِکر سنایا
نغمہ بار نسیمِ سحر ہے یا اللہ ہو یا اللہ ہو
بخش سگِ عطار کو مولا واسطہ تجھ کو اس پیارے کا
جو سب نبیوں کا سرور ہے یا اللہ ہو یا اللہ ہو

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو
اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو
لا موجود الا اللہ لا مشہود الا اللہ
لا مقصود الا اللہؐ لا معبود الا اللہ
اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو
اللہ واحد و یکتا ہے ایک خدا بس تنہا ہے
کوئی نہ اس کا ہمتا ایک ہی سب کی سنتا ہے
اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو
جز میں وہ ہے کل میں وہ رنگ و بوئے گل میں وہ
افغانِ بلبل میں وہ نغماتِ قلقل میں وہ
اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو
بلبل طوطی پروانہ ہر اِک اُس کا دِیوانہ
قمری اُس کا مستانہ مور چکور کا جانا نہ
اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

Marfat.com

مولا دِل کا زنگ چھڑا قلب نوری پائے جلا

دِل کو کر دے

آئینہ اِس میں چمکے یہ کلمہ

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

لا الــہ الا اللہ امــنــا بــرســول الــلّــہ

مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا نوری

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو
اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو
وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو ترا آستاں بتایا
تجھے حمد ہے خدایا
اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو
تمہیں حاکم برایا تمہیں قاسم عطایا
تمہیں شافع عطایا تمہیں دافع بلایا
اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو
کوئی تم سا کون آیا
وہ کنواری پاک مریم وہ نفخت فیہ کا دم
ہے عجب نشانِ اعظم مگر آمنہ کا جایا
وہی سب سے افضل ہے
اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو
یہی بولے سدرہ والے چمن جہاں کے تھالے
سبھی میں نے چھان ڈالے تیرے پائے کا نہ پایا
تجھے یک نے یک بنایا

Marfat.com

اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو

فاذافرغت فانصب یہ ملا ہے تجھ کو منصب
جو گدا بن چکے اب اٹھو وقت بخشش آیا
کرو قسمت عطایا

اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو

والی الالہ فارغب کرو عرض سب کے مطلب
تمہیں کو تکتے ہیں سب کرو اُن پہ اپنا سایہ
بنو شافع خطایا

اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو

ارے اے خدا کے بندو کوئی میرے دِل کو ڈھونڈو
میرے پاس تھا ابھی تو ابھی کیا ہوا خدایا
نہ کوئی گیا نہ آیا

اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو

ہمیں اے رضا تیرے دِل کا پتہ چلا بہ مشکل
در روضہ کے مقابل وہ ہمیں نظر تو آیا
نہ پوچھ کیسا پایا

اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

کہتی ہے یہ پھولوں کی ردا اللہ ہو اللہ
اشجار کے پتوں نے پڑھا اللہ ہو اللہ

اللہ ہو اللہ　　اللہ ہو اللہ

بادل نے آسمان پہ لکھا اللہ ہو اللہ
پربت کی قطاروں کی ردا اللہ ہو اللہ

اللہ ہو اللہ　　اللہ ہو اللہ

ہو سورہ یٰسین کہ ہو سورۂ اخلاص
قرآن کے لفظوں کی صدا　اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو

خوشبو کرن اجالے دھنک اور کہکشاں
ذاکر ہیں تیرے ارض و سماء اللہ ہو اللہ

اللہ ہو اللہ　　اللہ ہو اللہ

Marfat.com

کرتا ہے ثناء تیری برستا ہوا پانی
دریا بھی ہیں مصروف ثناء اللہ و اللہ

اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

شبنم گری جو پھولوں پر پڑھتی ہوئی ثناء
بلبل نے یہ دیکھ کر کہا اللہ ہو اللہ ہو

اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

جب نزع کے عالم ہو مولا یہ اُجاگر
وردِ زباں ہو ذِکر تیرا اللہ ہو اللہ

اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

نثار علی اُجاگر

Marfat.com

## کب گناہوں سے کنارا میں کروں گا یارب عزوجل

کب گناہوں سے کنارا میں کروں گا یا رب
نیک کب اے میرے اللہ بنوں گا یا رب

کب گناہوں کے مرض سے میں شفا پاؤں گا
کب میں بیمار مدینے کا بنوں گا یا رب

گر ترے پیارے کا جلوہ نہ رہا پیشِ نظر
سختیاں نزع کی کیونکر میں سہوں گا یا رب

نزع کے وقت مجھے جلوۂ محبوب دکھا
تیرا کیا جائے گا میں شاد مروں گا یا رب

قبر میں گر نہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نظارے ہوں گے
حشر تک کیسے میں پھر تنہا رہوں گا یا رب

گھپ اندھیرا ہی کیا وحشت کا بسیرا ہو گا
قبر میں کیسے اکیلا میں رہوں گا یا رب

قبر محبوب کے جلوؤں سے بسا دے مالک
یہ کرم کر دے تو میں شاد رہوں گا یا رب

اذن سے تیرے سر حشر کہیں کاش ! حضور صلی اللہ علیہ وسلم
ساتھ عطّار کو جنت میں رکھوں گا یا رب

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# گناہوں کی عادت چھڑا میرے مولا عزوجل

گناہوں کی عادت چھڑا میرے مولا
مجھے نیک انسان بنا میرے مولا

میری سابقہ ہر خطا میرے مولا
تو رحمت سے اپنی مٹا میرے مولا

تو قدرت سے اپنی بدل نیکیوں سے
ہر اِک میری لغزش خطا میرے مولا

مجھے اِستقامت تو ایماں پہ دے دے
بخیر ہو خاتمہ میرے مولا

ہو قدموں میں سرکار کے جب میرا سر
تو ایماں پہ اُس دم اُٹھا میرے مولا

تجھے تو خبر ہے میں کتنا بُرا ہوں
تو عیبوں کو میرے چھپا میرے مولا

تو لے گا اگر عدل سے کام اپنے
میں ہوں مستحق نار کا میرے مولا

تجھے واسطہ تیری رحمت کا یا رب
جہنم سے مجھ کو بچا میرے مولا

Marfat.com

جو رحمت تیری شامل حال ہو تو
ٹھکانہ ہے جنت مرا میرے مولا
تو مسجود میرا میں ساجد ہوں تیرا
تو مالک میں بندہ ترا میرے مولا

تو مطلوب میرا میں طالب ہوں تیرا
مجھے دے دے اپنی وِلا میرے مولا
ہے فرمان قرآن میں تیرا
تو سن لے میری اِلتجا میرے مولا

نہ محتاج کر تو جہاں میں کسی کا
مجھے مفلسی سے بچا میرے مولا
مجھے بھی دِکھا دے تو جلوہ نبی کا
یہی ہے میری اِلتجا میرے مولا

جنھوں نے کہا ہے دعاؤں کا مجھ سے
تو کر دے سبھی کا بھلا میرے مولا
ہے کعبے پہ نظریں عبید رضا کی
ہوں مقبول ہر اک دُعا میرے مولا

محمد اویس عبید رضا

Marfat.com

## اللہ' اللہ' اللہ' اللہ

اللہ' اللہ' اللہ' اللہ

قلب کو اس کی رویت کی ہے آرزو
جس کا جلوہ ہے عالم میں ہر چار سو
بلکہ خود نفس میں ہے وہ سبحانہٗ
عرش پر ہے مگر عرش کو جستجو

اللہ' اللہ' اللہ' اللہ

عرش و فرش و زمان و جہت اے خدا
جس طرف دیکھتا ہوں ہے جلوہ ترا
ذرے ذرے کی آنکھوں میں تو ہی ضیا
قطرے قطرے کی تو ہی تو ہے آبرو

اللہ' اللہ' اللہ' اللہ

تو کسی جا نہیں اور ہر جا ہے تو
تو منزہ مکاں سے مبرّہ زسو
علم و قدرت سے ہر جا ہے تو کو بکو
تیرے جلوے ہیں ہر ہر جگہ اے عفو

Marfat.com

اللہ' اللہ' اللہ' اللہ

نغمہ سبحان گلشن میں چرچا ترا
چہچہے ذکرِ حق کے ہیں صبح و مسا
اپنی اپنی چہک اپنی اپنی صدا
سب کا مطلب ہے واحد کہ واحد ہے تو
اللہ' اللہ' اللہ' اللہ

خواب نوری میں آئیں جو نورِ خدا
بقعۂ نور ہو اپنا ظلمت کدہ
جگمگا اُٹھے دِل چہرہ ہو پر ضیاء
نوریوں کی طرح شغل ہو ذِکر ہو
اللہ' اللہ' اللہ' اللہ

مفتیٔ اعظم ہند مصطفیٰ

Marfat.com

# ہوں میں نادم گناہوں پہ یارب عزوجل

ہوں میں نادم گناہوں پہ یارب
مجھ پہ رحمت کی ہو نظر یارب
جتنی گھڑیاں ہوں عمر کی باقی
عافیت سے وہ ہوں بسر یارب
خوف آتا ہے کانپ اُٹھتا ہوں
یاد آتا ہے جب سفر یارب
آہ بدکاریاں بڑھیں حد سے
بن چکا قلب بھی حجر یارب
تو گنہگار پر کرم فرما
بہر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ یا رب
بخش دے مجھ کو بے سبب مولا
اور جنت میں دے دے گھر یارب
خاتمہ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں
میرا ایمان پر تو کر یا رب

Marfat.com

روح نکلے گی جھوم کر میری
ہو گی دیدِ حضور گر یا رب
دے جوارِ نبی میں جاء مجھ کو
نہ پھرا مجھ کو در بدر یا رب
حج کا ہر سال دے شرف مولا
ساتھ مرشد کے ہو سفر یا رب
مرشدی ساتھ لے کے چلیں طیبہ
آرزو آئے میری بر یا رب
سامنے سبز سبز گنبد ہو
جب اُٹھاؤں جدھر نظر یارب
عشق سرکار سے ہو دِل روشن
نہ ملے مجھ کو مال و زر یا رب
جب کہیں بھی ہو ذکر طیبہ کا
آنکھ ہو جائے میری تر یا رب
دے بقیع میں عبیدؔ کو مدفن
موت طیبہ میں بخش کر یارب

محمد اویس عبید رضا

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ (پنجابی)

اللہ دا نام لییٔے مولا دا نام لییٔے
اک پل نہ غافل ہوییٔے صبح تے شام لییٔے
ہر شے دا خالق اللہ مالک تے رازق اللہ
اوہدی عبادت کر ییٔے اُس توں انعام لییٔے
اللہ دانام لییٔے مولا دا نام لییٔے
مشکل نوں ٹالن والا سب نوں اوہ پالن والا
بن کے ہمیشہ اُس دے سچے غلام رہییٔے
اللہ دا نام لییٔے مولا دا نام لییٔے
نبیاں دا ناصر اللہ ولیاں دا رہبر اللہ
اللہ دے راہ تے مریٔے عالی مقام لییٔے
اللہ دا نام لییٔے مولا دا نام لییٔے
رب دے پیارے اُتے ھاں عربی لاڑے اُتے
رج رج درود پڑھیے کملی نوں تھام لییٔے
اللہ دا نام لییٔے مولا دا نام لییٔے

Marfat.com

دامن ولیاں دا پھڑیئے اللہ نوں راضی کریئے
توحیدی میخانے چوں بھر بھر کے جام لیئے
اللہ دا نام لیئے مولا دا نام لیئے
آکھاں امین آکھاں نال یقین آکھاں
قائم توحید اُتے زِندگی تمام رہیئے
اللہ دا نام لیئے مولا دا نام لیئے

امین انجم

Marfat.com

# یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو

یا الٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہ مشکل کشا کا ساتھ ہو

یا الٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیٔ دیدارِ حسنِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو

یا الٰہی گور تیرہ کی جب آئے سخت رات
اُن کے پیارے منہ کی صبح جانفزا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب پڑے محشر میں شور دار و گیر
امن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحب کوثر شہ جو دو عطا کا ساتھ ہو

یا الٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشید حشر
سید بے سایہ کے ظل لوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی گرمی محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

Marfat.com

یا الٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں
عیب پوش خلق ستار خطا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب بہیں آنکھیں حساب جرم میں
ان تبسم ریز ہونٹوں کی دُعا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب حساب خندہ بے جا رُلائے
چشم گریان شفیع مرتجیٰ کا ساتھ

یا الٰہی رنگ لائیں جب مری بے باکیاں
اُن کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب سر شمشیر پر چلنا پڑے
رب سلم کہنے والے غمزدہ کا ساتھ ہو

یا الٰہی جو دعائے نیک میں تجھ سے کروں
قدسیوں کے لب سے آمین ربنا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب رضاؔ خوابِ گراں سے سر اُٹھائے
دولتِ بیدار عشقِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو

اعلیٰ حضرتؒ

Marfat.com

# شجرہ عالیہ قادریہ رضویہ ضیائیہ عطاریہ (رضوان اللہ علیہم اجمعین)

یا الٰہی رحم فرما مصطفٰی کے واسطے
یا رسول اللہ کرم کیجئے خدا کے واسطے

مشکلیں حل کر شہِ مشکل کشا کے واسطے
کر بلائیں رد شہیدِ کربلا کے واسطے

سیّد سجاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے
علم حق دے باقر علم ہُدیٰ کے واسطے

صدق صادق کا تصدق صادق الاسلام کر
بے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے

بہر معروف وسرّی معروف دے بے خودسری
جند حق میں گن جنید باصفا کے واسطے

بہر شبلی شیر حق دُنیا کے کتوں سے بچا
ایک کا رکھ عبد واحد بے ریا کے واسطے

بوالفرح کا صدقہ کو غم کو فرح دے حسن وسعد
بو الحسن اور بو سعید سعدِ زا کے واسطے

قادری کر قادری رکھ قادریوں میں اُٹھا

Marfat.com

قدر عبد القادر قدرت نما کے واسطے
احسن اللہ لهم رزقاً سے دے رزق حسن
بندہ رزاق تاج الاصفیاء کے واسطے
نصر ابی صالح کا صدقہ صالح و منصور رکھ
دے حیاتِ دین محی جانفزا کے واسطے
طور عرفان و علو و حمد و حسنٰی و بہا
دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے
بہر ابراہیم مجھ پر نار غم گلزار کر
بھیک دے داتا بھکاری بادشاہ کے واسطے
خانۂ دِل کو ضیا دے روئے ایماں کو جمال
شہ ضیا مولیٰ جمال الاولیاء کے واسطے
دے محمد ﷺ کے لیے روزی کر احمد کے لیے
خوان فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے
دین و دنیا کے مجھے برکات دے برکات سے
عشقِ حق دے عشقی عشق انتما کے واسطے
حب اہلِ بیت دے آلِ محمد ﷺ کے لیے
کر شہید عشق حمزہ پیشوا کے واسطے

Marfat.com

دِل کو اچھا تن کو ستھرا جان کو پُر نور کر
اچھے پیارے شمس دِین بدر العلیٰ کے واسطے

دو جہاں میں خادم آل رسول اللہ کر
حضرت آلِ رسول مقتدا کے واسطے

کر عطا احمد رضائے احمد مرسل مجھے
میرے مولیٰ حضرت احمد رضا کے واسطے

پر ضیاء کر سب کا چہرہ حشر میں اے کبریا
شہہ ضیاء الدین پیر با صفا کے واسطے

احینافی الدین والدنیاسلام باالسلام
قادری عبد السلام عبد رضا کے واسطے

اپنے اچھوں کی محبت دولت علم و عمل
دے وقار الدین عبد مصطفیٰ کے واسطے

عشق احمد میں عطا کر چشم تر سوزِ جگر
پیر الیاس عاشق خیر الوریٰ کے واسطے

صدقہ ان اعیاں کا دے چھ عین عز و علم و عمل
عفوٗ عرفاںٗ عافیت مجھ بے نوا کے واسطے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

☆☆

| | |
|---|---|
| لاالـــــــہ الا اللہ | محمدالرسول اللہ |
| لامــوجــود الااللہ | لامشهـــود الااللہ |
| لامـقـصـود الااللہ | لامـعبـود الااللہ |

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

وہ ہے منزہ شرکت سے پاک سکون و حرکت سے
کام ہیں اُس کے حکمت سے کرتا ہے سب قدرت سے

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

اللہ واحد و یکتا ہے ایک خدا بس تنہا ہے
کوئی نہ اُس کا ہمتا ہے ایک ہی سب کی سنتا ہے

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

میں ہوں بندہ وہ مولی کون ہے اپنا اُس کے سوا
میں ہوں اس کا وہ ہے مرا جس نے بنایا اور پالا

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

مولی دِل کا زنگ چھڑا قلب نوری پائے جِلا
دل کو کر دے آئینہ جس میں چمکے یہ کلمہ

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

Marfat.com

حصہ دوم

# نعتیہ کلام

Marfat.com

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمْ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عَرَبٍ وَّمِنْ عَجَمٍ

هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِکُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحَمٍ

یَااَکْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُبِهٖ
سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمٖ

وَفَاقَ النَّبِیّٖنَ فِیْ خَلْقٍ وَ فِیْ خُلُقٍ
وَلَمْ یُدَانُوْهُ فِیْ عِلْمٍ وَلَا کَرَمٍ

وَکُلُّهُمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ
غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِاَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّیَمِ

Marfat.com

مُنَزَّہٌ عَن شَرِیکٍ فِی مَحَاسِنِہٖ
فَجَوہَرُ الحُسنِ فِیہِ غَیرُ مُنقَسِمِ

فَمَبلَغُ العِلمِ فِیہِ اَنَّہٗ بَشَرٌ
وَاَنَّہٗ خَیرُ خَلقِ اللّٰہِ کُلِّہِم

ثُمَّ الرِّضَا عَن اَبِی بَکرٍ وَ عَن عُمَرَ
وَعَن عَلِیٍ وَ عَن عُثمَانَ ذِی الکَرَمِ

یَارَبِّ جَمعًا طَلَبنَا مِنکَ مَغفِرَۃً
وَحُسنَ خَاتِمَۃٍ یَا وَاسِعَ الکَرَمِ

یَا رَبِّ بَالمُصطَفٰے بَلِّغ مَقَاصِدَنَا
وَاغفِرلَنَا مَامَضٰی یَا بَارِیٔ النَّسَمِ

امام شرف الدین بوصیری

Marfat.com

# غم ہو گئے بے شمار آقا

غم ہو گئے بے شمار آقا　　بندہ تیرے نثار آقا
بگڑا جاتا ہے کھیل میرا　　آقا آقا سنوار آقا
منجدھار پہ آکے ناؤ ٹوٹی　　دے ہاتھ کہ ہوں میں پار آقا
ٹوٹی جاتی ہے پیٹھ میری　　للّٰہ یہ بوجھ اُتار آقا
ہلکا ہے اگر ہمارا پلہ　　بھاری ہے ترا وقار آقا
مجبور ہیں ہم تو فکر کیا ہے　　تم کو تو ہے اختیار آقا
میں دور ہوں تم تو ہو مرے پاس　　سن لو میری پکار آقا
مجھ سا کوئی غمزدہ نہ ہوگا　　تم سا نہیں غمگسار آقا
تم وہ کہ کرم کو ناز تم سے　　میں وہ کہ بدی کو عار آقا
سویا کیے نابکار بندے　　رویا کیے زار زار آقا

اتنی رحمت رضا پہ کر دو
لَا یَقْرَبُہُ الْبَوَار آقا

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# لطف اُن کا عام ہو ہی جائے گا

لطف اُن کا عام ہو ہی جائے گا
شاد ہر ناکام ہو ہی جائے گا

جان دے دو وعدۂ دیدار پر
نقد اپنا دام ہو ہی جائے گا

شاد ہے فردوس یعنی ایک دِن
قسمت خدام ہو ہی جائے گا

یاد رہ جائیں گی یہ بے باکیاں
نفس تو تو رام ہو ہی جائے گا

بے نشانوں کا نشاں مٹتا نہیں
مٹتے مٹتے نام ہو ہی جائے گا

سائلو دامن سخی کا تھام لو
کچھ نہ کچھ انعام ہو ہی جائے گا

یاد ابرو کر کے تڑپو بلبلو!
ٹکڑے ٹکڑے دام ہو ہی جائے گا

Marfat.com

مفلسو! اُن کی گلی میں جا پڑو
باغِ خلد اکرام ہو ہی جائے گا

گریوں ہی رحمت کی تاویلیں رہیں
مدح ہر اِلزام ہو ہی جائے گا

غم تو اُن کو بھول کر لپٹا ہے یوں
جیسے اپنا کام ہو ہی جائے گا

عاقلو اُن کی نظر سیدھی رہے
بوروں کا بھی کام ہو ہی جائے گا

اب تو لائی ہے شفاعت عفو پر
بڑھتے بڑھتے عام ہو ہی جائے گا

اے رضا ہر کام کا اک وقت ہے
دل کو بھی آرام ہو ہی جائے گا



Marfat.com

# نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشیِ رحمت کا قلمدان گیا

لے خبر جلد کہ غیروں کی طرف دھیان گیا
مرے مولا میرے آقا ترے قربان گیا

آہ وہ آنکھ کہ ناکام تمنا ہی رہی
ھائے وہ دِل جو ترے در سے پر ارمان گیا

دل ہے وہ دِل جو تیری یاد سے معمور رہا
سر ہے وہ سر جو ترے قدموں پہ قربان گیا

انہیں جانا اُنہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للّٰہ الحمد میں دُنیا سے مسلمان گیا

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے
پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

جان و دِل ہوش و خرد سب تو مدینے پہنچے
تم نہیں چلتے رضا سارا تو سامان گیا

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

## پھر اٹھا ولولۂ یادِ مغیلانِ عرب

پھر اٹھا ولولۂ یادِ مغیلانِ عرب
پھر کھینچا دامنِ دِل سوئے بیابانِ عرب

باغ فردوس کو جاتے ہیں ہزارانِ عرب
ہائے صحرائے عرب ہائے بیابانِ عرب

دل وہی دل ہے جو آنکھوں سے ہو حیرانِ عرب
آنکھیں وہ آنکھیں ہیں جو دِل سے ہوں قربانِ عرب

صدقے ہونے کے چلے آتے ہیں لاکھوں گلزار
کچھ عجب رنگ سے پھولا ہے گلستانِ عرب

صدقے رحمت کے کہاں پھول کہاں خار کا کام
خود ہے دامن کشِ بلبل گل خندانِ عرب

چرچے ہوتے ہیں یہ کمھلائے ہوئے پھولوں میں
کیوں یہ دن دیکھنے پاتے جو بیابانِ عرب

ہشت خلد آئیں وہاں کسب لطافت کو رضاؔ
چار دن برسے جہاں ابرِ بہارانِ عرب

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# جوبنوں پر ہے بہارِ چمن آرائی دوست

جوبنوں پر ہے بہارِ چمن آرائی دوست
خلد کا نام نہ لے بلبل شیدائی دوست
تھک کے بیٹھے تو درِ دِل پہ تمنائی دوست
کون سے گھر کا اجالا نہیں زیبائی دوست
مہر کس منہ سے جلو داری جاناں کرتا
سایہ کے نام سے بیزار ہے یکتائی دوست
مرنے والوں کو یہاں ملتی ہے عمرِ جاوید
زندہ چھوڑے گی کسی کو نہ مسیحائی دوست
حسن بے پردہ کے پردے نے مٹا رکھا ہے
ڈھونڈھنے جائیں کہاں جلوۂ ہر جائی دوست
شوق رو کے نہ رُکے پاؤں اُٹھائے نہ اُٹھے
کیسی مشکل میں ہیں اللہ تمنائی دوست
رنج اعدا کا رضا چارہ ہی کیا ہے کہ انہیں
آپ گستاخ رکھے حلم وشکیبائی دوست

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# طوبیٰ میں جو سب سے اونچی نازک سیدھی نکلی شاخ

طوبیٰ میں جو سب سے اونچی نازک سیدھی نکلی شاخ
مانگوں نعتِ نبی لکھنے کا روح قدس سے ایسی شاخ

مولیٰ گلبن رحمت زہرا سبطین اس کی کلیاں پھول
صدیق و فاروق و عثمان حیدر ہر ایک اس کی شاخ

شاخِ قامت شہ میں زلف و چشم و رخسار ولب میں
سنبل نرگس گل پنکھڑیاں قدرت کی کیا پھولی شاخ

اپنے ان باغوں کا صدقہ وہ رحمت کا پانی دے
جس سے نخلِ دِل میں ہو پیدا پیارے تیری ولا کی شاخ

یادِ رُخ میں آہیں کر کے بن میں میں رویا آئی بہار
جھومیں نسیمیں نیساں برسا کلیاں چٹکی مہکی شاخ

ظاہر و باطن اوّل و آخر زیب فروغ و زینِ اصول
باغ رسالت میں ہے تو ہی گل غنچہ جڑ پتی شاخ

آلِ احمد خذ بیدی یا سیّد حمزہ کن مددی
وقتِ خزانِ عمرِ رضا ہو برگ ہدیٰ سے نہ عاری شاخ

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

## تمہارے ذرّے کے پرتو ستارہائے فلک

تمہارے ذرّے کے پرتو ستار ہائے فلک
تمہارے فعل کی ناقص مثل ضیائے فلک

اگرچہ چھالے ستاروں سے پڑ گئے لاکھوں
مگر تمہاری طلب میں تھکے نہ پائے فلک

تمہاری یاد میں گزری تھی جاگتے شب بھر
چلی نسیم ہوئے بند دید ھائے فلک

مِرے غنی نے جواہر سے بھر دیا دامن
گیا جو کاسۂ مہ لے کے شب گدائے فلک

یہ مٹ کے ان کی روش پر ہوا خود ان کی روش
کہ نقش پا ہے زمیں پر نہ صوت پائے فلک

یہ اہلِ بیت کی چکی سے چال سیکھی ہے
رواں ہے بے مدد دست آسیائے فلک

رضا یہ نعت نبی نے بلندیاں بخشیں
لقب زمینِ فلک کا ہوا سمائے فلک

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# عارض شمس و قمر سے بھی ہیں انور ایڑیاں

عارض شمس و قمر سے بھی ہیں انور ایڑیاں
عرش کی آنکھوں کے تارے ہیں وہ خوش تر ایڑیاں

جا بجا پر تو فگن ہیں آسمان پر ایڑیاں
دن کو ہیں خورشید شب کو ماہ و اختر ایڑیاں

ان کا منگتا پاؤں سے ٹھکرا دے وہ دُنیا کا تاج
جن کی خاطر مر گئے منعم رگڑ کر ایڑیاں

ہائے اُس پتھر سے اس سینہ کی قسمت پھوڑیئے
بے تکلف جس کے دِل میں یوں کریں گھر ایڑیاں

تاج روح القدس کے موتی جسے سجدہ کریں
رکھتی ہیں واللہ وہ پاکیزہ گوہر ایڑیاں

ایک ٹھوکر میں احد کا زلزلہ جاتا رہا
رکھتی ہیں کتنا وقار اللہ اکبر ایڑیاں

اے رضا طوفان محشر کے تلاطم سے نہ ڈر
شاد ہو ہیں کشتیِ اُمت کو لنگر ایڑیاں

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# اہلِ صراط روح امیں کو خبر کریں

اہلِ صراط روح امیں کو خبر کریں
جاتی ہے اُمت نبوی فرش پر کریں
ان فتنہ ہائے حشر سے کہہ دو حذر کریں
نازوں کے پالے آتے ہیں رہ سے گزر کریں
بد ہیں تو آپ کے ہیں بھلے تو آپ کے
ٹکڑوں سے تو یہاں کے پلے رُخ کدھر کریں
سرکار ہم کمینوں کے اطوار پر نہ جائیں
آقا حضور اپنے کرم پر نظر کریں
اُن کی حرم کے خار کشیدہ ہیں کس لیئے
آنکھوں میں آئیں سر پہ رہیں دِل میں گھر کریں
جالوں پہ جال پڑ گئے للہ وقت ہے
مشکل کشائی آپ کے ناخن اگر کریں
کلک رضا ہے خنجر خونخوار برق بار
اعدا سے کہہ دو خیر منائیں نہ شر کریں

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# اُن کی مہک نے دِل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

اُن کی مہک نے دِل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں

جب آ گئی ہیں جوشِ رحمت پہ اُن کی آنکھیں
جلتے بجھا دیئے ہیں روتے ہنسا دیئے ہیں

اک دِل ہمارا کیا ہے آزار اس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مردے جلا دیئے ہیں

ان کے نثار کوئی کیسے ہی رنج میں ہو
جب یاد آ گئے ہیں سب غم بھلا دیئے ہیں

ہم سے فقیر بھی اب پھیری کو اُٹھتے ہوں گے
اب تو غنی کے در پر بستر جما دیئے ہیں

آنے دو یا ڈبو دو اب تو تمہاری جانب
کشتی تمہیں پہ چھوڑی لنگر اُٹھا دیئے ہیں

اللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہو گا
رو رو کے مصطفٰی نے دریا بہا دیئے ہیں

ملک سخن کی شاہی تم کو رضاؔ مسلم
جس سمت آ گئے ہو سکے بٹھا دیئے ہیں

Marfat.com

# وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

جو ترے در سے یار پھرتے ہیں
در بدر یوں ہی خوار پھرتے ہیں

آہ کل عیش تو کیے ہم نے
آج وہ بے قرار پھرتے ہیں

ہر چراغِ مزار پر قدسی
کیسے پروانہ وار پھرتے ہیں

اُس گلی کا گدا ہوں میں جس میں
مانگتے تاجدار پھرتے ہیں

پھول کیا دیکھوں میری آنکھوں میں
دشتِ طیبہ کے خار پھرتے ہیں

کوئی کیوں پوچھے تیری بات رضا
تجھ سے کتے ہزار پھرتے ہیں

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمان نقص جہاں نہیں

بلغ العلیٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہٖ صلو علیہ وآلہٖ

وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں
صلو علیہ وآلہٖ

میں نثار تیرے کلام پر ملی یوں تو کس کو زباں نہیں
وہ سخن ہے جس میں سخن نہ ہو وہ بیاں ہے جس کا بیاں نہیں
صلو علیہ وآلہٖ

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آکے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں
صلو علیہ وآلہٖ

تیرے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحا عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زبان نہیں - نہیں بلکہ جسم مین جاں نہیں
صلو علیہ وآلہٖ

Marfat.com

وہی لامکاں کے مکیں ہوئے سر عرش تخت نشیں ہوئے
وہ نبی ہے جس کے ہیں یہ مکاں وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں

صلو علیہ وآلہٖ

سر عرش پر ہے تری گزر دِل فرش پر ہے تری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شے نہیں وہ جو تجھ پہ عیاں نہیں

صلو علیہ وآلہٖ

کروں تیرے نام پہ جاں فدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

صلو علیہ وآلہٖ

کروں مدح اہل دول رضاؔ پڑے اس بلا میں مری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا مرا دین پارۂ ناں نہیں

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# چمن طیبہ میں سنبل جو سنوارے گیسو

چمن طیبہ میں سنبل جو سنوارے گیسو
حور بڑھ کہ شکن ناز پہ وارے گیسو

کی جو بالوں سے ترے روضہ کی جاروب کشی
شب کو شبنم نے تبرک کو ہیں دھارے گیسو

ہم سیہ کاروں پہ یارب تپش محشر میں
سایہ افگن ہوں ترے پیارے کے پیارے گیسو

گوش تک سنتے تھے فریاد اب آئے تادوش
کہ بنیں خانہ بدوشوں کے سہارے گیسو

سوکھے دھانوں پہ ہمارے بھی کرم ہو جائے
چھائے رحمت کی گھٹا بن کے تمہارے گیسو

سلسلہ پاکے شفاعت کا جھکے پڑتے ہیں
سجدۂ شکر کے کرتے ہیں اشارے گیسو

تیل کی بوندیں ٹپکتی نہیں بالوں سے رضا
صبح عارض پہ لٹاتے ہیں ستارے گیسو

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# اے شافع اُمم شہ ذی جاہ لے خبر

اے شافع اُمم شہ ذی جاہ لے خبر
للہ لے خبر مری للہ لے خبر

دریا کا جوش' ناؤ نہ بیڑا نہ ناخدا
میں ڈوبا تو کہاں' ہے مرے شاہ لے خبر

پہنچے پہنچنے والے تو منزل مگر شہا
ان کی جو تھک کے بیٹھے سرِ راہ لے خبر

وہ سختیاں سوال کی وہ صورتیں مہیب
اے غمزدوں کے حال سے آگاہ لے خبر

مجرم کو بارگاہِ عدالت میں لائے ہیں
تکتا ہے بے کسی میں تری راہ لے خبر

اہلِ عمل کو اُن کے عمل کام آئیں گے
میرا ہے کون تیرے سوا آہ لے خبر

مانا کہ سخت مجرم و ناکارہ ہے رضاؔ
تیرا ہی تو ہے بندۂ درگاہ لے خبر

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

## زہے عزت واعتلائے محمد ﷺ

زہے عزت و اعتلائے محمد ﷺ
کہ ہے عرشِ حق زیرِ پائے محمد ﷺ

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

مکاں عرش ان کا فلک فرش ان کا
فلک خادمانِ سرائے محمد ﷺ

عجب کیا اگر رحم فرمائے ہم پر
خدائے محمد ﷺ برائے محمد ﷺ

دم نزع جاری ہو میری زباں پر
محمد ﷺ محمد ﷺ خدائے محمد ﷺ

اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا
بڑھی ناز سے جب دعائے محمد ﷺ

اجابت کا سہرا عنایت کا جوڑا
دُلہن بن کے نکلی دعائے محمد ﷺ

رضاؔ پل سے اب وجد کرتے گزریئے
کہ ہے رَبِّ سَلِّمْ صدائے محمد ﷺ

Marfat.com

# حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو

حاجیو ! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبے کا کعبہ دیکھو
آبِ زم زم تو پیا خوب بجھائیں پیاسیں
آؤ جود و شہ کوثر کا بھی دریا دیکھو
خوب آنکھوں سے لگایا ہے غلاف کعبہ
قصر محبوب کے پردے کا بھی جلوہ دیکھو
اوّلیں خانۂ حق کی تو ضیائیں دیکھیں
آخریں بیت نبی کا بھی تجلا دیکھو
دھو چکا ظلمت دِل بوسۂ سنگِ اسود
خاک بوسئ مدینہ کا بھی رُتبہ دیکھو
جمعۂ مکہ تھا عید اہلِ عبادت کے لیے
مجرمو ! آؤ یہاں عید دو شنبہ دیکھو
غور سے سن تو رضا کعبہ سے آتی ہے صدا
میری آنکھوں سے مرے پیارے کا روضہ دیکھو

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# رونقِ بزم جہاں ہیں عاشقانِ سوختہ

رونقِ بزم جہاں ہیں عاشقانِ سوختہ
کہہ رہی ہے شمع کی گویا زبانِ سوختہ

جس کو قرصِ مہر سمجھا ہے جہاں اے منعمو!
ان کے خوانِ جود سے ہے ایک نانِ سوختہ

برقِ انگشت نبی چمکی تھی اس پر ایک بار
آج تک ہے سینۂ مہ میں نشانِ سوختہ

کوچۂ گیسوئے جاناں سے چلے ٹھنڈی نسیم
بال و پرافشاں ہوں یا رب بلبلانِ سوختہ

روکش خورشید محشر ہو تمہارے فیض سے
اک شرارِ سینۂ شیدائیان سوختہ

آتش گلہائے طیبہ پر جلانے کے لیے
جان کے طالب ہیں پیارے بلبلانِ سوختہ

اے رضا مضمون سوزِ دِل کی رفعت نے کیا
اس زمینِ سوختہ کو آسمانِ سوختہ

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# ہے کلامِ الٰہی میں شمس وضحیٰ ترے چہرۂ نورفزا کی قسم

ہے کلامِ الٰہی میں شمس وضحیٰ ترے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسم شب تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زلف دوتا کی قسم

ترے خلق کو حق نے عظیم کہا تری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا ترے خالق حسن و ادا کی قسم

وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا
کہ کلامِ مجید نے کھائی شہا ترے شہرو کلام بقا کی قسم

تیرا مسندِ ناز ہے عرش بریں ترا محرم راز ہے روحِ امیں
تو ہی سرورِ ہر دو جہاں ہے شہا تیرا مثل نہیں ہے خدا کی قسم

یہی عرض ہے خالقِ ارض و سماوہ رسول ترے میں بندہ ترا
مجھے ان کی جوار میں دے وہ جگہ کہ ہے خلد کو جس کی صفا کی قسم

تو ہی بندوں پہ کرتا ہے لطف وعطا ہے تجھی پہ بھروسہ تجھی سے دُعا
مجھے جلوۂ پاک رسول دکھا تجھے اپنے ہی عزّ وعلا کی قسم

یہی کہتی ہے بلبل باغ جناں کہ رضا کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہند میں واصفِ شاہ ھدیٰ مجھے شوخیِ طبعِ رضا کی قسم

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ
سب سے بالا و والا ہمارا نبی ﷺ

اپنے مولا کا پیارا ہمارا نبی ﷺ
دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبی ﷺ

بزمِ آخر کا شمع فروزاں ہوا
نورِ اوّل کا جلوہ ہمارا نبی ﷺ

جس کو شایاں ہے عرش خدا پر جلوس
ہے وہ سلطان والا ہمارا نبی ﷺ

بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبی ﷺ

جنکے تلووں کا دھوون ہے آبِ حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی ﷺ

خلق سے اولیا' اولیا سے رُسل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

Marfat.com

جس کی دو بوند ہیں کوثر و سلسبیل!
ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبی ﷺ

جیسے سب کا خدا ایک ہے ویسے ہی
ان کا اُن کا تمہارا ہمارا نبی ﷺ

قرنوں بدلی رسولوں کی ہوتی رہی
چاند بدلی کا نکلا ہمارا نبی ﷺ

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی ﷺ

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی ﷺ

ملک کونین میں انبیاء تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبی ﷺ

غمزدوں کو رضا مژدہ دیجئے کہ ہے
بیکسوں کا سہارا ہمارا نبی ﷺ

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# عرش حق ہے مسند رفعت رسول اللہ کی

عرش حق ہے مسند رفعت رسول اللہ کی
دیکھنی ہے حشر میں عزت رسول اللہ کی

قبر میں لہرائیں گے تا حشر چشمے نور کے
جلوہ فرما ہو گی جو طلعت رسول اللہ کی

وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا
ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

سورج الٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی

تجھ سے اور جنت سے کیا مطلب وہابی دور ہو
ہم رسول اللہ کے جنت رسول اللہ کی

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا
جان کی اکسیر ہے الفتِ رسول اللہ کی

اے رضا خود صاحب قرآں ہے مداحِ حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# پیشِ حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے

پیشِ حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے
آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

دِل نکل جانے کی جا ہے آہ کن آنکھوں سے وہ
ہم سے پیاسوں کے لیے دریا بہاتے جائیں گے

گُل کھلے گا آج یہ اُن کی نسیم فیض سے
خون روتے آئیں گے ہم مسکراتے جائیں گے

ہاں چلو حسرت زدو سنتے ہیں وہ دِن آج ہے
تھی خبر جس کی کہ وہ جلوہ دکھاتے جائیں گے

کچھ خبر بھی ہے فقیرو آج وہ دن ہے کہ وہ
نعمتِ خلد اپنے صدقے میں لٹاتے جائیں گے

وسعتیں دی ہیں خدا نے دامنِ محبوب کو
جرم کھلتے جائیں گے اور وہ چھپاتے جائیں گے

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائش مولیٰ کی دھوم
مثل فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے

چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
مرا دِل بھی چمکا دے چمکانے والے

برستا نہیں دیکھ کر ابرِ رحمت
بدوں پر بھی برسا دے برسانے والے

مدینے کے خطے خدا تجھ کو رکھے
غریبوں فقیروں کے ٹھہرانے والے

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مرے چشمِ عالم سے چھپ جانے والے

میں مجرم ہوں آقا مجھے ساتھ لے لو
کہ رستے میں ہیں جا بجا تھانے والے

حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

رضاؔ نفس دشمن ہے دم میں نہ آنا
کہاں تم نے دیکھے ہیں چندرانے والے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# راہ پُر خار ہے کیا ہونا ہے

راہ پُر خار ہے کیا ہونا ہے
پاؤں اِفگار ہے کیا ہونا ہے

تن کی اب کون خبر لے ہے ہے
دِل کا آزار ہے کیا ہونا ہے

میٹھے شربت دے مسیحا جب بھی
ضد ہے اِنکار ہے کیا ہونا ہے

چھپ کے لوگوں سے کیئے جس کے گناہ
وہ خبردار ہے کیا ہونا ہے

ارے او مجرم بے پروا دیکھ
سر پہ تلوار ہے کیا ہونا ہے

دور جانا ہے رہا دن تھوڑا
راہ دُشوار ہے کیا ہونا ہے

کیوں رضا کڑھتے ہو' ہنستے اُٹھو
جب وہ غفار ہے کیا ہونا ہے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تجھے

صبحِ وطن پہ شامِ غریباں کو دوں شرف
بیکس نواز گیسوؤں والا کہوں تجھے

اللہ رے تیرے جسمِ منور کی تابشیں
اے جانِ جاں میں جانِ تجلا کہوں تجھے

مجرم ہوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیعِ روزِ جزا کا کہوں تجھے

تیرے تو وصف عیبِ تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

کہہ لے گی سب کچھ اُنکے ثناء خواں کی خامشی
چپ ہو رہا ہے کہہ کے میں کیا کیا کہوں تجھے

لیکن رضا نے ختمِ سخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

---

Marfat.com

# مژدہ باد اے عاصیو! شافع شہ ابرار ہے

مژدہ باد اے عاصیو ! شافع شہ ابرار ہے
تہنیت اے مجرمو ! ذاتِ خدا غفار ہے
چاند شق ہو پیڑ بولیں جانور سجدہ کریں
بارک اللہ مرجعِ عالم یہی سرکار ہے
جن کو سوئے آسمان پھیلا کے جل تھل بھر دیئے
صدقہ اُن ہاتھوں کا پیارے ہم کو بھی درکار ہے
گورے گورے پاؤں چمکا دو خدا کے واسطے
نور کا تڑکا ہو پیارے گور کی شب تار ہے
تیرے ہی دامن پہ ہر عاصی کی پڑتی ہے نظر
ایک جانِ بے خطا پر دو جہاں کا بار ہے
گونج گونج اٹھے ہیں نغماتِ رضا سے بوستاں
کیوں نہ ہو کس پھول کی مدحت میں وامنقار ہے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# رشکِ قمر ہوں رنگ رُخ آفتاب ہوں

رشکِ قمر ہوں رنگ رُخ آفتاب ہوں
ذرّہ ترا جو اے شہ گردوں جناب ہوں
گر آنکھ ہوں تو ابر کی چشم پُر آب ہوں
دِل ہوں تو برق کا دِل پُر اضطراب ہوں
بے اصل و بے ثبات ہوں بحر کرم مدد
پروردۂ کنارِ سراب و حباب ہوں
عبرت فزا ہے شرم گنہ سے مرا سکوت
گویا لبِ خموشِ لحد کا جواب ہوں
دِل بستہ بے قرار جگر چاک اشکبار
غنچہ ہوں گل ہوں برقِ تپاں ہوں سحاب ہوں
حسرت میں خاک بوسی طیبہ کی اے رضا
ٹپکا جو چشم مہر سے وہ خونِ ناب ہوں

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

## وصف رُخ ان کا کیا کرتے ہیں

وصف رُخ ان کا کیا کرتے ہیں شرح والشّمس وضحیٰ کرتے ہیں
ان کی ہم مدح و ثناء کرتے ہیں جن کو محمود کہا کرتے ہیں

ماہ شق گشتہ کی صورت دیکھو کانپ کر مہر کی رجعت دیکھو
مصطفیٰ پیارے قدرت دیکھو کیسے اِعجاز ہوا کرتے ہیں

تو ہے خورشید رسالت پیارے چھپ گئے تیری ضیا میں تارے
انبیاء اور ہیں سب مہ پارے تجھ سے ہی نور لیا کرتے ہیں

اپنے مولیٰ کی ہے بس شان عظیم جانور بھی کریں جن کی تعظیم
سنگ کرتے ہیں ادب سے تسلیم پیڑ سجدے میں گرا کرتے ہیں

انگلیاں پائیں وہ پیاری پیاری جن سے دریائے کرم ہیں جاری
جوش پر آتی ہے جب غم خواری تشنے سیراب ہوا کرتے ہیں

کیوں نہ زیبا ہو تجھے تاجوری تیرے ہی دم کی ہے سب جلوہٗ گری
ملک و جن و بشر حور پری جان سب تجھ پہ فدا کرتے ہیں

اپنے دِل کا ہے انہیں سے آرام سونپے ہیں اپنے انہیں کو سب کام
لو لگی ہے کہ اب اس در کے غلام چارۂ دردِ رضا کرتے ہیں

Marfat.com

# کس کے جلوہ کی جھلک ہے یہ اُجالا کیا ہے

کس کے جلوہ کی جھلک ہے یہ اُجالا کیا ہے
ہر طرف دیدۂ حیرت زدہ تکتا کیا ہے
مانگ من مانتی منہ مانگی مرادیں لے گا
نہ یہاں ''نا'' ہے نہ منگتا سے یہ کہنا ''کیا ہے''
ہم ہیں اُن کے وہ ہیں تیرے تو ہوئے ہم تیرے
اس سے بڑھ کر تیری سمت اور وسیلہ کیا ہے
ان کی اُمت میں بنایا انہیں رحمت بھیجا
یوں نہ فرما کہ ترا رحم میں دعویٰ کیا ہے
صدقہ پیارے کی حیا کا کہ نہ لے مجھ سے حساب
بخش بے پوچھے لجائے کو لجانا کیا ہے
زاہد اُن کا میں گنہگار وہ میرے شافع
اتنی نسبت مجھے کیا کم ہے تو سمجھا کیا ہے
اے رضا جانِ عنادل ترے نغموں کے نثار
بلبلِ باغِ مدینہ ترا کہنا کیا ہے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سونا جنگل رات اندھیری چھائی بدلی کالی ہے

سونا جنگل رات اندھیری چھائی بدلی کالی ہے
سونے والو! جاگتے رہیو چوروں کی رکھوالی ہے

یہ جو تجھ کو بلاتا ہے یہ ٹھگ ہے مار ہی رکھے گا
ہائے مسافر دم میں نہ آنا مت کیسی متوالی ہے

بادل گرجے بجلی تڑپے دھک سے کلیجہ ہو جائے
بن میں گھٹا کی بھیانک صورت کیسی کالی کالی ہے

سونا پاس ہے سونا بن ہے سونا زہر ہے اُٹھ پیارے
تو کہتا ہے میٹھی نیند ہے تیری مت ہی نرالی ہے

تم تو چاند عرب کے ہو پیارے تم تو عجم کے سورج ہو
دیکھ مجھ بیکس پر سب نے کیسی آفت ڈالی ہے

وہ تو نہایت سستا سودا بیچ رہے ہیں جنت کا
ہم مفلس کیا مول چکائیں اپنا ہاتھ ہی خالی ہے

مولیٰ تیرے عفو و کرم ہوں میرے گواہ صفائی کے
ورنہ رضاؔ سے چور پہ تیری ڈگری تو اِقبالی ہے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# نہ عرش ایمن نہ اِنِّیْ ذَاھِبٌ میں میہمانی ہے

نہ عرش ایمن نہ اِنّی ذَاھِبٌ میں میہمانی ہے
نہ لطف ادن یا احمد نصیب لَنْ ترانی ہے
نصیب دوستاں گر اُن کے در پر موت آنی ہے
خدا یوں ہی کرے پھر تو ہمیشہ زندگانی ہے
اسی در پہ تڑپتے ہیں مچلتے ہیں بلکتے ہیں
اُٹھا جاتا نہیں کیا خوب اپنی ناتوانی ہے
ترے منگتا کی خاموشی شفاعت خواہ ہے اس کی
زبان بے زبانی ترجمان خستہ جانی ہے
جہاں کی خاکروبی نے چمن آراء کیا تجھ کو
صبا ہم نے بھی اُن گلیوں کی کچھ دن خاک چھانی ہے
شہا کیا ذات تیری حق نما ہے فرد امکاں میں
کہ تجھ سے کوئی اوّل ہے نہ تیرا کوئی ثانی ہے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# حرز جاں ذکر شفاعت کیجیے

حرز جاں ذکر شفاعت کیجیے
نار سے بچنے کی صورت کیجیے
اُن کے نقشِ پا پہ غیرت کیجیے
آنکھ سے چھپ کر زیارت کیجیے

ان کے در پہ جیسے ہو مٹ جایئے
ناتوانو ! کچھ تو ہمت کیجیے
یاد قامت کرتے اٹھیے قبر سے
جانِ محشر پر قیامت کیجیے

اُن کے در پر بیٹھیے بن کر فقیر
بے نواؤ فکر ثروت کیجیے
جن کا حسن اللہ کو بھی بھا گیا
ایسے پیارے سے محبت کیجیے

حیّ باقی جس کی کرتا ہے ثنا
مرتے دم تک اس کی مدحت کیجیے

Marfat.com

عرش پر جس کی کمانیں چڑھ گئیں
صدقے اس بازو پہ قوت کیجیے

نعرہ کیجیے یارسول اللہ کا
مفلسو! سامانِ دولت کیجیے

ہم تمہارے ہو کے کس کے پاس جائیں
صدقہ شہزادوں کا رحمت کیجیے

آپ سلطانِ جہاں ہم بے نوا
یاد ہم کو وقتِ نعمت کیجیے

تجھ سے کیا کیا اے مرے طیبہ کے چاند
ظلمتِ غم کی شکایت کیجیے

جو نہ بھولا ہم غریبوں کو رضا
یاد اُس کی اپنی عادت کیجیے



Marfat.com

# بھینی سہانی صبح میں ٹھنڈک جگر کی ہے

بھینی سہانی صبح میں ٹھنڈک جگر کی ہے
کلیاں کھلیں دلوں کی ہوا یہ کدھر کی ہے

ہم جائیں اور قدم سے لپٹ کر حرم کہے
سونپا خدا کو تجھ کو یہ عظمت سفر کی ہے

ڈوبا ہوا ہے شوق میں زمزم اور آنکھ سے
جھالے برس رہے ہیں یہ حسرت کدھر کی ہے

برسا کہ جانے والوں پہ گوہر کروں نثار
ابر کرم سے عرض یہ میزاب زر کی ہے

ہاں ہاں رہ مدینہ ہے غافل ذرا تو جاگ
او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم و سر کی ہے

معراج کا سماں ہے کہاں پہنچے زائرو
کرسی سے اونچی کرسی اسی پاک گھر کی ہے

سنکی وہ دیکھ باد شفاعت کہ دے ہوا
یہ آبرو رضؔا ترے دامانِ تر کی ہے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# وہ سرورِ کشورِ رسالت جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے

وہ سرورِ کشورِ رسالت جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے
نئے نرالے طرب کے ساماں عرب کے مہمان کے لیے تھے

وہاں فلک پر یہاں زمیں میں رچی تھی شادی مچی تھی دھومیں
اُدھر سے انوار ہنستے آتے اِدھر سے نفحات اُٹھ رہے تھے

یہ چھوٹ پڑتی تھی ان کے رُخ کی کہ عرش تک چاندنی تھی چھٹکی
وہ رات کیا جگمگا رہی تھی جگہ جگہ نصب آئینے تھے

خوشی کے بدل اُمنڈ کے آئے دلوں کے طاؤس رنگ لائے
وہ نغمۂ نعت کا سماں تھا حرم کو خود وجد آرہے تھے

یہ جھوما میزاب زر کا جھومر کہ آرہا ہے کان پر ڈھلک کر
پھو ہار برسی تو موتی جھڑ کر حطیم کی گود میں بھرے تھے

خدا ہی دے صبر جان پر غم دکھاؤں کیوں کر تجھے وہ عالم
جب اُنکو جھرمٹ میں لے کے قدسی جناں کا دولہا بنا رہے تھے

نبیٔ رحمت شفیعِ اُمت رضاؔ پہ لِلّٰہ ہو عنایت
اسے بھی ان خلعتوں سے حصہ جو خاص رحمت کے واں بٹے تھے

Marfat.com

# صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا

صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا
باغ طیبہ میں سہانا پھول پھولا نور کا
مست بو ہیں بلبلیں پڑھتی ہیں کلمہ نور کا
بارہویں کے چاند کا مجرا ہے سجدہ نور کا
بارہ برجوں سے جھکا اک اک ستارہ نور کا
اُن کے قصرِ قدر سے خلد ایک کمرہ نور کا
سدرہ پائیں باغ میں ننھا سا پودا نور کا
تیرے ہی ماتھے رہا اے جان سہرا نور کا
بخت جاگا نور کا چمکا ستارا نور کا
میں گدا تو بادشاہ بھر دے پیالا نور کا
نور دن دونا ترا دے ڈال صدقہ نور کا
تیرے ہی جانب ہے پانچوں وقت سجدہ نور کا
رُخ ہے قبلہ نور کا ابرو ہے کعبہ نور کا

Marfat.com

تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نور کا
سر جھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نور کا

شمع دِل مشکوٰۃ تن سینہ زجاجہ نور کا
تیری صورت کے لیے آیا ہے سورہ نور

ناریوں کا دور تھا دِل جل رہا تھا تور کا
تم کو دیکھا ہو گیا ٹھنڈا کلیجہ نور کا

جو گدا دیکھو لیے جاتا ہے توڑا نور کا
نور کی سرکار ہے کیا اِس میں توڑا نور کا

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب گھرانہ نور کا

نور کی سرکار سے پایا دوشالہ نور کا
ہو مبارک تم کو ذوالنورین جوڑا نور کا

اے رضاؔ یہ احمدِ نوری کا فیضِ نور ہے
ہو گئی میری غزل بڑھ کر قصیدہ نور کا



Marfat.com

# زائرو پاس ادب رکھو ہوس جانے دو

زائرو پاس ادب رکھو ہوس جانے دو
آنکھیں اندھی ہوئی ہیں ان کو ترس جانے دو

پلٹی آتی ہے ابھی وجد میں جان شیریں
نغمۂ قم کا ذرا کانوں میں رس جانے دو

ہم بھی چلتے ہیں ذرا قافلے والو! ٹھہرو
گٹھڑیاں توشۂ اُمید کی کس جانے دو

دید گل اور بھی کرتی ہے قیامت دِل پر
ہمصفیر و ہمیں پھر سوئے قفس جانے دو

آتش دِل بھی تو بھڑکاؤ ادب داں نالو
کون کہتا ہے کہ تم ضبط نفس جانے دو

یوں تنِ زار کے درپے ہوئے دھکے شعلو
شیوۂ خانہ بر اندازی خس جانے دو

اے رضاؔ آہ کہ یوں سہل کٹیں جرم کے سال
دو گھڑی کی بھی عبادت تو برس جانے دو

اعلیٰ حضرت

Marfat.com

# مصطفیٰ خیر الوریٰ ہو

مصطفیٰ خیر الوریٰ ہو
سرور ہر دوسرا ہو
اپنے اچھوں کا تصدق
ہم بدوں کا بھی نبا ہو
بد کریں ہر دم برائی
تم کہو ان کا بھلا ہو
عمر بھر تو یاد رکھا
وقت پر کیا بھولنا ہو
تم کو ہو واللہ تم کو
جان و دِل تم پر فدا ہو
وہ عطا دے تم عطا لو
وہ وہی چاہے جو چاہو
کیوں رضاؔ مشکل سے ڈریئے
جب نبی مشکل کشا ہو

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# زمین وزماں تمہارے لیے مکین ومکاں تمہارے لیے

زمین و زماں تمہارے لیے مکیں و مکاں تمہارے لیے
چنین و چناں تمہارے لیے بنے دو جہاں لیے

دہن میں زباں تمہارے لیے بدن میں ہے جاں تمہارے لیے
ہم آئے یہاں تمہارے لیے اُٹھیں بھی وہاں تمہارے لیے

فرشتے خدمِ رسولِ حشم تمامِ اُمم غلام کرم
وجود و عدم حدوث و قدم جہاں میں عیاں تمہارے لیے

کلیم و نجی مسیح و صفی خلیل و رضی رسول و نبی
عتیق و وصی غنی و علی ثناء کی زباں تمہارے لیے

اصالتِ کل امامتِ کل سیادتِ کل امارتِ کل
حکومتِ کل ولایتِ کل خدا کے یہاں تمہارے لیے

تمہاری چمک تمہاری دمک تمہاری جھلک تمہارک مہک
زمین و فلک سماک سمک میں سکہ نشاں تمہارے لیے

یہ شمس و قمر یہ شام و سحر یہ برگ و شجر یہ باغ و ثمر
یہ تیغ و سپر یہ تاج و کمر یہ حکم رواں تمہارے لیے

Marfat.com

یہ فیض دیئے وہ جود کیئے کہ نام لیے زمانہ جئے
جہاں نے لیے تمہارے دیئے یہ اکر میاں تمہارے لیے

سحاب کرم روانہ کیئے کہ آب نعم زمانہ پیئے
جو رکھتے تھے ہم وہ چاک سیئے یہ ستر بداں تمہارے لیے

عطائے ارب جلالۂ کرب فیوض عجب بغیر طلب
یہ رحمتِ رب ہے کس کے سبب بربّ جہاں تمہارے لیے

نہ روح امیں نہ عرش بریں نہ لوح مبیں کوئی بھی کہیں
خبر ہی نہیں جو رمزیں کھلیں ازل کی نہاں تمہارے لیے

جناں میں چمن چمن میں سمن سمن میں پھبن پھبن میں دُلہن
سزائے محن پہ ایسے منن یہ امن و اماں تمہارے لیے

اشارے سے چاند چیر دیا چھپے ہوئے خور کو پھیر لیا
گئے ہوئے دِن کو عصر کیا یہ تاب و تواں تمہارے لیے

صبا وہ چلے کہ باغ پھلے وہ پھول کھلے کہ دن ہوں بھلے
لوا کے تلے ثناء میں کھلے رضا کی زباں تمہارے لیے

Marfat.com

## نظر اک چمن سے دو چار ہے نہ چمن چمن بھی نثار ہے

نظر اک چمن سے دو چار ہے نہ چمن چمن بھی نثار ہے
عجب اس کے گل کی بہار ہے کہ بہار بلبل زار ہے

نہیں سر کہ سجدہ کناں نہ ہو نہ زباں کے زمزمہ خواں نہ ہو
نہ وہ دِل کہ اس پہ تپاں نہ ہو وہ سینہ جس کو قرار ہے

وہ ہے بھینی بھینی وہاں مہک کہ بسا ہے عرش سے فرش تک
وہ ہے پیاری پیاری ہوا چمک کہ وہاں کی شب بھی نہار ہے

یہ صبا سنک وہ کلی چٹک یہ زباں چہک لب جو جھلک
یہ مہک جھلک یہ چمک دمک سب اسی کے دم کی بہار ہے

یہ ادب کہ بلبل بے نوا کبھی کھل کے کر نہ سکے نوا
نہ صبا کو تیز روش روانہ چھلکتی نہروں کی دھار ہے

وہ اُٹھیں چمک کے تجلیاں کہ مٹا دیں سب کی تعلیاں
دِل و جاں کو بخشیں تسلیاں ترا نور بار دو حار ہے

وہ رضاؔ کے نیزے کی مار ہے کہ عدو کے سینے میں غار ہے
کسے چار جوئی کا وار ہے کہ یہ وار وار سے پار ہے

Marfat.com

# ایمان ہے قالِ مصطفائی

ایمان ہے قالِ مصطفائی
قرآن ہے حالِ مصطفائی

اللہ نہ چھوٹے دستِ دل سے
دامانِ خیالِ مصطفائی

روشن کر قبر بیکسوں کی
اے شمع جمالِ مصطفائی

مجھ کو شبِ غم ڈرا رہی ہے
اے شمع جمالِ مصطفائی

آنکھوں میں چمک کے دِل میں آجا
اے شمع جمالِ مصطفائی

چھایا آنکھوں تلے اندھیرا
اے شمع جمالِ مصطفائی

دِل سرد ہے اپنی لو لگا دے
اے شمع جمالِ مصطفائی

Marfat.com

بھٹکا ہوں تو راستہ بتا جا
اے شمع جمالِ مصطفائی

مرے دِل مردہ کو جلا دے
اے شمع جمالِ مصطفائی

آنکھیں تیری راہ تک رہی ہیں
اے شمع جمالِ مصطفائی

تاریکیٔ گور سے بچانا
اے شمع جمالِ مصطفائی

للّٰہ ادھر بھی کوئی پھیرا
اے شمع جمالِ مصطفائی

تقدیر چمک اُٹھے رضا
اے شمع جمالِ مصطفائی

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# لحد میں عشقِ رخِ شہ کا داغ لے کے چلے

لحد میں عشقِ رخِ شہ کا داغ لے کے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لے کے چلے

تیرے غلاموں کا نقشِ قدم ہے راہِ خدا
وہ کیا بہک سکے جو یہ سراغ لے کے چلے

جناں بنے گی محبانِ چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے

حضورِ طیبہ سے بھی کوئی کام بڑھ کر ہے
کہ جھوٹے حیلۂ مکر و فراغ لے کے چلے

گئے زیارتِ در کی صد آہ واپس آئے
نظر کے اشک بجھے دِل کا داغ لے کے چلے

رضاؔ کسی سگِ طیبہ کے پاؤں بھی چومے
تم اور آہ کہ اِتنا دماغ لے کے چلے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# اٹھا دو پردہ دکھا دو چہرہ کہ نور باری حجاب میں ہے

اٹھا دو پردہ دکھا دو چہرہ کہ نور باری حجاب میں ہے
زمانہ تاریک ہو رہا ہے کہ مہر کب سے نقاب میں ہے

جلی جلی بو سے اس کی پیدا سوزشِ عشق چشم والا
کباب آہو میں بھی نہ پایا مزہ جو دِل کے کباب میں ہے

اُنہیں کی بو مایۂ سمن ہے اُنہیں کا جلوہ چمن چمن ہے
اُنہیں سے گلشن مہک رہے ہیں اُنہیں کی رنگت گلاب میں ہے

خدائے قہار ہے غضب پر کھلے میں بدکاریوں کے دفتر
بچا لو آکر شفیع محشر تمہارا بندہ عذاب میں ہے

کریم ایسا ملا کہ جس کے کھلے ہیں ہاتھ اور بھرے خزانے
بتاؤ اے مفلسو! کہ پھر کیوں تمہارا دِل اِضطراب میں ہے

کریم اپنے کرم کا صدقہ لیئم بے قدر کو نہ شرما
تو اور رضا سے حساب لینا رضا بھی کوئی حساب میں ہے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سنتے ہیں کہ محشر میں صرف اُن کی رسائی ہے

سنتے ہیں کہ محشر میں صرف اُن کی رسائی ہے
گر ان کی رسائی ہے لو جب تو بن آئی ہے
مچلا ہے کہ رحمت نے اُمید بندھائی ہے
کیا بات تری مجرم کیا بات بن آئی ہے
سب نے صفِ محشر میں للکار دیا ہم کو
اے بیکسوں کے آقا اب تیری دہائی ہے
زائر گئے بھی کب کے دن ڈھلنے پہ ہے پیارے
اٹھ میرے اکیلے چل کیا دیر لگائی ہے
مجرم کو نہ شرماؤ احباب کفن ڈھک دو
منہ دیکھ کے کیا ہو گا پردے میں بھلائی ہے
اب آپ ہی سنبھالیں تو کام اپنے سنبھل جائیں
ہم نے تو کمائی سب کھیلوں میں گنوائی ہے
مطلع میں یہ شک کیا تھا واللہ رضا واللہ
صرف ان کی رسائی ہے صرف ان کی رسائی ہے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# آنکھیں رو رو کے سجانے والے

آنکھیں رو رو کے سجانے والے
جانے والے نہیں آنے والے
سن لیں اعدا میں بگڑنے کا نہیں
وہ سلامت ہیں بنانے والے
حسن تیرا سا نہ دیکھا نہ سنا
کہتے ہیں اگلے زمانے والے
وہی دھوم ان کی ہے ماشاء اللہ
مٹ گئے آپ مٹانے والے
ساتھ لے لے مجھے میں مجرم ہوں
راہ میں پڑتے ہیں تھانے والے
آنکھیں کچھ کہتی ہیں تجھ سے پیغام
او درِ یار کے جانے والے
کیوں رضا آج گلی سونی ہے
اُٹھ مرے دھوم مچانے والے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سچی بات سکھاتے یہ ہیں

سچی بات سکھاتے یہ ہیں سیدھی راہ چلاتے یہ ہیں
جلتی جان بجھاتے یہ ہیں روتی آنکھ ہنساتے یہ ہیں
رب ہے معطی یہ ہیں قاسم رزق اُس کا ہے کھلاتے یہ ہیں
اُس کی بخشش اِن کا صدقہ دیتا وہ ہے دلاتے یہ ہیں
انا اعطینٰک الکوثر ساری کثرت پاتے یہ ہیں
ٹھنڈا ٹھنڈا میٹھا میٹھا پیتے ہم ہیں پلاتے یہ ہیں
نزع روح میں آسانی دیں کلمہ یاد دلاتے یہ ہیں
مرقد میں بندوں کو تھپک کے میٹھی نیند سلاتے یہ ہیں
باپ جہاں بیٹے سے بھاگے لطف وہاں فرماتے یہ ہیں
ماں جب اکلوتے کو چھوڑے آ آ کہہ کے بلاتے یہ ہیں
سَلِّمْ سَلِّمْ کی ڈھارس سے پل سے پار چلاتے یہ ہیں
اپنی بنی ہم آپ بگاڑیں کون بنائے بناتے یہ ہیں
رافع نافع شافع دافع کیا کیا رحمت لاتے یہ ہیں

کہہ دو رضاؔ سے خوش ہو خوش رہ
مژدہ رضاؔ کا سناتے یہ ہیں

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# آسمان گر تیرے تلووں کا نظارا کرتا

آسمان گر تیرے تلووں کا نظارا کرتا
روز اِک چاند تصدق میں اتارا کرتا

طوف روضہ ہی پہ چکرائے تھے کچھ ناواقف
میں تو آپے میں نہ تھا اور جو سجدہ کرتا

چھپ گیا چاند نہ آئی ترے دِیدار کی تاب
اور اگر سامنے رہتا بھی تو سجدہ کرتا

ہم سے ذرّوں کی تو تقدیر ہی چمکا جاتا
مہر فرما کے وہ جس راہ سے نکلا کرتا

آہ کیا خوب تھا گر حاضر در ہوتا میں
ان کے سایہ کے تلے چین سے سویا کرتا

آنکھ اُٹھتی تو میں جھنجلا کے پلک سی لیتا
دِل بگڑتا تو میں گھبرا کے سنبھالا کرتا

اے حسنؔ قصد مدینہ نہیں رونا ہے یہی
اور میں آپ سے کس بات کا شکوہ کرتا

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# تمہارا نام مصیبت میں جب لیا ہوگا

تمہارا نام مصیبت میں جب لیا ہوگا
ہمارا بگڑا ہوا کام بن گیا ہو گا
گنہگار پہ جب لطف آپ کا ہو گا
کیا بغیر کیا بے کیا کیا ہو گا
خدا کا لطف ہوا ہو گا دستگیر ضرور
جو گرتے گرتے ترا نام لے لیا ہو گا
دکھائی جائے گی محشر میں شان محبوبی
کہ آپ ہی کی خوشی آپ کا کہا ہو گا
خدائے پاک کی چاہیں گے اگلے پچھلے خوشی
خدائے پاک خوشی ان کی چاہتا ہو گا
کسی کے پاؤں کی بیڑی یہ کاٹتے ہونگے
کوئی اسیر غم ان کو پکارتا ہو گا
کسی طرف سے صدا آئے گی حضور آؤ
نہیں تو دم میں غریبوں کا فیصلہ ہو گا

Marfat.com

کسی کے پلہ پہ ہونگے وقت وزنِ عمل
کوئی اُمید سے منہ ان کا تک رہا ہوگا
کوئی کہے گا دھائی ہے یا رسول اللہ
تو کوئی تھام کے دامن مچل گیا ہوگا
کسی کو لیکے چلیں گے فرشتے سوئے جحیم
وہ ان کا راستہ پھر پھر کے دیکھتا ہوگا
شکستہ پا ہوں مرے حال کی خبر کردو
کوئی کسی سے یہ رو رو کے کہہ رہا ہوگا
خدا کے واسطے جلد ان سے عرض حال کرو
کسے خبر ہے کہ دم بھر میں ہائے کیا ہوگا
پکڑ کے ہاتھ کوئی حالِ دِل سنائے گا
تو رو کے قدموں سے کوئی لپٹ گیا ہوگا
زبان سوکھی دکھا کر کوئی لبِ کوثر
جنابِ پاک کے قدموں پہ گر گیا ہوگا
کوئی قریب ترازو کوئی لبِ کوثر
کوئی صراط پر ان کو پکارتا ہوگا

Marfat.com

ہزار جان فدا نرم نرم پاؤں سے
پکار سن کے اسیروں کی دوڑتا ہو گا
عزیز بچہ کو ماں جس طرح تلاش کرے
خدا گواہ ہے یہی حال آپ کا ہو گا
بنی ہے دم پہ دھائی ہے تاج والے کی
یہ غل یہ شور یہ ہنگامہ جا بجا ہو گا
کہیں گے اور نبی اذھبوا الیٰ غیری
مرے حضور کے لب پر انا لھا ہو گا
میں اُنکے در کا بھکاری ہوں فضل مولیٰ سے
حسن فقیر کا جنت میں بسترا ہو گا

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# یہ اکرام ہے مصطفیٰ پر خدا کا

یہ اکرام ہے مصطفیٰ پر خدا کا
کہ سب کچھ خدا کا ہوا مصطفیٰ کا

یہ بیٹھا ہے سکہ تمہاری عطا کا
کبھی ہاتھ اُٹھنے نہ پایا گدا کا

جو بندہ خدا کا وہ بندہ تمہارا
جو بندہ تمہارا وہ بندہ خدا کا

اذاں کیا جہاں دیکھو ایمان والو
پس ذکرِ حق ذکر ہے مصطفیٰ کا

کہ پہلے زُباں حمد سے پاک ہو لے
تو پھر نام لے وہ حبیبِ خدا کا

خدا مدح خواں ہے خدا مدح خواں ہے
مرے مصطفیٰ کا مرے مصطفیٰ کا

بھلا ہے حسنؔ کا جنابِ رضا سے
بھلا ہو الٰہی جنابِ رضا کا

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# حضور ایسا کوئی اِنتظام ہو جائے

حضور ایسا کوئی اِنتظام ہو جائے
کہ پھر مدینے روانہ غلام ہو جائے

نصیب والوں میں میرا بھی نام ہو جائے
جو زِندگی کی مدینے میں شام ہو جائے

میں کامیاب رہوں گر دم نزع جاری
میری زباں پہ محمد ﷺ کا نام ہو جائے

متاع زیست ہو عشق نبی فقط جس کا
زمانے بھر میں وہ ذی احترام ہو جائے

پیا رضا و ضیاء نے پیا جو مرشد نے
عطا مجھے بھی شہا ایسا جام ہو جائے

شہا ! عبید رضا در بدر پھرے کب تک
حضور اس کا مدینہ مقام ہو جائے!

(محمد اویس عبید رضا)

Marfat.com

# ہو کرم سرکار اب تو ہو گئے غم بے شمار

ہو کرم سرکار اب تو ہو گئے غم بے شمار
جان و دِل تم پہ فدا اے دو جہاں کے تاجدار

جا رہا ہے قافلہ طیبہ نگر روتا ہوا
میں رہا جاتا ہوں تنہا اے حبیبِ کردگار

یا رسول اللہ سن لیجئے میری فریاد کو
کون ہے جو کہ سنے تیرے سوا میری پکار

حال پہ میرے کرم کی اِک نظر فرمایئے
دل میرا غمگین ہے اے غمزدوں کے غمگسار

کاش مل جاتی سعادت عمرے کی رمضان میں
روتے روتے گردِ کعبہ پھرتا میں پروانہ وار

یاد آتا ہے طوافِ خانۂ کعبہ مجھے
اور لپٹنا ملتزم سے والہانہ بار بار

قافلے والو سنو یاد آئے تو میرا سلام
عرض کرنا روتے روتے ہو سکے تو بار بار

Marfat.com

جلد پھر تم لو بلا اور سبز گنبد دو دکھا
حاضری کی آرزو نے کر دیا پھر بے قرار

یا خدا دِکھلا حطیم پاک میزاب و مقام
اور صفا مروہ مجھے بہر رسول ذی وقار

چوم کر خاکِ مدینہ جھومتا پھرتا تھا میں
یاد آتے ہیں مدینے کے مجھے لیل و نہار

چومتا نظروں سے نورانی میناروں کو وہاں
اور کبھی میں چوم لیتا جھوم کر طیبہ کے خار

آہ! قسمت نے دِیا نہ ساتھ میرا اس برس
دیکھ لیتا کاش! محراب و منبر کی بہار

جو غم فرقت میں روئے یا الٰہی پھوٹ کر
آنکھ ایسی کر عطا مجھ کو میرے پروردگار

گنبدِ خضریٰ کے جلوے اور وہ اِفطاریاں
یاد آتی ہے بہت رمضان طیبہ کی بہار

محمد اویس عبید رضا

Marfat.com

# میں مدینے چلا

میں مدینے چلا میں مدینے چلا
پھر کرم ہو گیا میں مدینے چلا

ساقیا مئے پلا میں مدینے چلا
مست و بےخود بنا میں مدینے چلا

کیف سا چھا گیا میں مدینے چلا
جھومتا جھومتا میں مدینے چلا

کیا بتاؤں ملی دِل کو کیسی خوشی
جب یہ مژدہ سنا میں مدینے چلا

پھر اِجازت ملی جب خبر یہ سنی
دِل میرا جھوم اُٹھا میں مدینے چلا

مسکرانے لگی دِل کی ہر اِک کلی
غنچۂ دِل کھلا میں مدینے چلا

اے شجر اے حجر تم بھی شمس و قمر
دیکھو دیکھو ذرا میں مدینے چلا

میرے آقا کا در ہو گا پیشِ نظر
چاہیے اور کیا میں مدینے چلا

Marfat.com

رُوح مضطر ٹھہر تو نکلنا اُدھر
ایسی جلدی بھی کیا میں مدینے چلا
مصطفیٰ کے حضور اپنے سارے قصور
بخشوانے چلا میں مدینے چلا
میرے صدیق عمر ہو سلام آپ پر
اور رحمت صدا میں مدینے چلا
وہ اُحد کی زمیں جس کے اندر مکیں
میرے حمزہؓ پیا میں مدینے چلا
سبز گنبد کا نور زنگ کر دے گا دور
پائے گا دِل جلا میں مدینے چلا
گنبد سبز پر جب پڑے گی نظر
کیا سرور آئے گا میں مدینے چلا
اُنکے مینار پر جب پڑے گی نظر
کیا سرور آئے گا میں مدینے چلا
دیکھیں تارے مجھے یہ نظارے مجھے
تم بھی دیکھو ذرا میں مدینے چلا
منبر نور پر جب پڑے گی نظر
کیا سرور آئے گا میں مدینے چلا

Marfat.com

میرے گندے قدم اور اُن کا حرم
لاج رکھنا خدا میں مدینے چلا

اشک تھمتے نہیں پاؤں جمتے نہیں
لڑکھڑاتا ہوا میں مدینے چلا

میں تو بس یونہی تھا میری اوقات کیا
قافیہ یہ ملا میں مدینے چلا

ہاتھ اُٹھتے رہے مجھ کو دیتے رہے
وہ طلب سے سوا میں مدینے چلا

دردِ اُلفت ملے ذوق بڑھنے لگے
جب چلے قافلہ میں مدینے چلا

اُن کا غم چشم تر اور سوزِ جگر
اب تو دے دے خدا میں مدینے چلا

کیا کرے گا ادھر' باندھ رختِ سفر
چل عبید رضا میں مدینے چلا

کیا یہ تو نے کہا اے عبید رضا
سوچ تو کچھ ذرا میں مدینے چلا

لطف تو جب ملے مجھ سے مرشد کہیں
چل عبید رضا میں مدینے چلا

محمد اویس عبید رضا

---

Marfat.com

# یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ کون سے شہ بالا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولا مرحبا
یہ آج تارے زمیں کی طرف ہیں کیوں مائل
یہ آسمان سے پیہم ہے نور کیوں نازل
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ آج کیا ہے زمانے نے رنگ بدلا ہے
یہ آج کیا ہے کہ عالم کا ڈھنگ بدلا ہے
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ آج کا ہے کی شادی ہے عرش کیوں جھوما
لبِ زمیں کو لبِ آسماں نے کیوں چوما
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ آج کیا ہے کہ بت اوندھے ہو گئے سارے
یہ آج کیوں ہیں شیاطیں بندھے ہوئے سارے
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

Marfat.com

رسل انہی کا تو مژدہ سنانے آئے ہیں
انہی کے آنے کی خوشیاں منانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

فرشتے آج جو دھومیں مچانے آئے ہیں
اِنہی کے آنے کی شادی رچانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

یہ سیدھا راستہ حق کا بتانے آئے ہیں
یہ حق کے بندوں کو حق سے ملانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

یہ بھولے بچھڑوں کو رستے پہ لانے آئے ہیں
یہ بھولے بھٹکوں کو ہادی بنانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

خدائے پاک کے جلوے دکھانے آئے ہیں
دلوں کو نور کے بقعے بنانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

Marfat.com

چمک سے اپنی جہاں جگمگانے آئے ہیں
مہک سے اپنی یہ کوچے بسانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

نسیم فیض سے غنچے کھلانے آئے ہیں
کرم کی اپنی بہاریں دکھانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

یہی تو سوتے ہوؤں کو جگانے آئے ہیں
یہی تو روتے ہوؤں کو ہنسانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

ہزاروں سال کی روشن شدہ بجھی آتش
یہ کفر و شرک کی آتش بجھانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

انہیں خدا نے کیا اپنے ملک کا مالک
انہیں کے قبضے میں رب کے خزانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

Marfat.com

جو گر رہے تھے اُنہیں نائبوں نے تھام لیا
جو گر چکے ہیں یہ اُن کو اُٹھانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

رؤف ایسے ہیں اور یہ رحیم ہیں اِتنے
کہ گرتے پڑتوں کو سینے لگانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

سنو گے لا نہ زبان کریم سے نوریؔ
یہ فیض وجود کے دریا بہانے آئے ہیں
یہ کس شہنشہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ کون سے شہ بالا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

(مصطفیٰ رضا نوری ﷫)

Marfat.com

# حبیب خدا کا نظارا کروں میں

حبیب خدا کا نظارا کروں میں
دل و جان ان پر نثارا کروں میں

تری کفش پا یوں سنوارا کروں میں
کہ پلکوں سے اِس کو بہارا کروں میں

خدارا اب آؤ کہ دم ہے لبوں پر
دم واپسیں تو نظارا کروں میں

ترے نام پر سر کو قربان کر کے
ترے سر سے صدقہ اُتارا کروں میں

یہ اِک جان کیا ہے اگر ہوں کروڑوں
ترے نام پر سب کو وارا کروں میں

مرا دِین و ایماں فرشتے جو پوچھیں
تمہاری ہی جانب اِشارا کروں میں

خدا خیر سے لائے وہ دِن بھی نوریؔ
مدینے کی گلیاں بہارا کروں میں

مصطفیٰ رضا نوریؔ بریلوی

Marfat.com

# شاہ والا مجھے طیبہ بلا لو

شاہ والا مجھے طیبہ بلا لو
طیبہ بلا لو مجھے طیبہ بلا لو
ڈیوڑھی کا اپنی کتا بنا لو
قدموں سے اپنے مجھ کو لگا لو
صدقے میں صدقے میں صدقے بلا لو
فرقت کے مارے کو پیا بلا لو
دنیا کے جھگڑوں سے یکسر چھڑا کر
غیروں کی اُلفت کو دِل سے مٹا کر
شاہ والا مجھے اپنا بنالو
اپنا بنا لو مجھے اپنا لو
نیکوں کے صدقے میں ہم سے بدوں کو
زارو نزار و مصیبت زدوں کا
مولیٰ نبھالو مرے مولیٰ نبھا لو
ہاں ہاں نبھا لو مرے مولیٰ نبھا لو

Marfat.com

آنکھ میں آؤ دِل میں سماؤ
پردہ اُٹھاؤ جلوہ دکھاؤ
حسرت زدہ کے پیارے دعا لو
حسرت نکالو مری حسرت نکالو
قربان جاؤں قربان جاؤں
سر صدقے کر کے صدقے اتاروں
قدموں میں اپنے مولیٰ بلا لو
مولیٰ بلا لو مجھے آقا بلاؤ
ڈولت ہے نیا موری بھنور میں
مولی تیراؤ اکیے بحر میں
موری کھبریا مورے پیا لو
مو کو بچا لو پیا مو کو بچا لو
یہ نوری مضطر تیرا ثناء گر
اور اس کا گھر بھر ہو حاضرِ در
اپنے گداگر کو در پہ بلا لو
امن و اماں سے ہمیں سرور بلا لو

مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا نوری علیہ الرحمۃ

Marfat.com

# تو شمع رسالت ہے عالم ترا پروانہ

تو شمع رسالت ہے عالم تیرا پروانہ
تو ماہِ نبوت ہے اے جلوہ جانانہ

جو ساقیٔ کوثر کے چہرے سے نقاب اٹھے
ہر دِل بنے میخانہ ہر آنکھ ہو پیمانہ

سرشار مجھے کر دے اک جام لبالب سے
تاحشر رہے ساقی آباد یہ میخانہ

ہر پھول میں بو تیری ہر شمع میں ضو تیری
بلبل ہے ترا بلبل پروانہ ہے پروانہ

پیتے ہیں ترے در کا کھاتے ہیں تیرے در کا
پانی ہے ترا پانی دانہ ہے تیرا دانہ

سنگ درِ جاناں پر کرتا ہوں جبیں سائی
سجدہ نہ سمجھ نجدی سر دیتا ہوں نذرانہ

آباد اسے فرما ویراں ہے دلِ نوری
جلوے ترے بس جائیں آباد ہو ویرانہ

مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا نوری علیہ الرحمۃ

Marfat.com

## اے شہ ابرار اھلاً وسہلاً مرحبا

اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا
اے میرے سردار اھلاً و سہلاً مرحبا
محبوب غفار اھلاً و سہلاً مرحبا
محسن انوار اھلاً و سہلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

دو جگ کے مختار اھلاً و سہلاً مرحبا
سیّد و سالار اھلاً و سہلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

چھا گیا ہے نور آنے سے تیرے ہر طرف
منبع انوار اھلاً و سہلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

سو کا ساماں بجھی اور قصر کسریٰ کانپ اُٹھا
آئے جب سرکار اھلاً و سہلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

عاشقو ! جھومو گھر آمنہ کے آگئے
احمدِ مختار اھلاً و سہلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

Marfat.com

غمزدو جھومو غم دور کرنے کے لیے
آ گئے غم خوار اھلاً و سھلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سھلاً مرحبا

دلفگاروں کے اور غم کے ماروں کے شہا
تم ہو غمگسار اھلاً و سھلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سھلاً مرحبا

جشن آمد پر خوشاں منانے والے ہیں
دیوانے ہوشیار اھلاً و سھلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سھلاً مرحبا

کچھ نہاں تم سے معراج کی شب نہ رہا
واقف اسرار اھلاً و سھلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سھلاً مرحبا

ساقئ کوثر للہ عطا کیجیے ہمیں
شربت دیدار اھلاً و سھلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سھلاً مرحبا

دے دیئے رب نے تجھ کو خزانے بے بہا
مالک و مختار اھلاً و سھلاً مرحبا
اے شہ ابرار اھلاً و سھلاً مرحبا

Marfat.com

روزِ محشر ہو سایہ کناں ہم پر تیرے
گیسوئے خمدار اھلاً و سہلاً مرحبا

اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

جگمگا دو دل سرکار دکھلا کر ہمیں
نورانی رخسار اھلاً و سہلاً مرحبا

اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

عصیاں کا بیمار اب تو شفا پائے شہا
ھو کرم سرکار اھلاً و سہلاً مرحبا

اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

واسطہ تجھ کو میلاد کا طیبہ نگر
پھر بلا اِک بار اھلاً و سہلاً مرحبا

اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

واسطہ تجھ کو میلاد کا کر دے عطا
طیبہ میں مزار اھلاً و سہلاً مرحبا

اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

کہہ کے اب تم بھی جھومو عبید قادری
اے میرے دِلدار اھلاً و سہلاً مرحبا

اے شہ ابرار اھلاً و سہلاً مرحبا

محمد اویس عبید رضا

Marfat.com

# تضمین کلام اعلیٰ حضرت

تمھی فرش سے عرش پر جانے والے
تمھیں نعمتیں حق سے دِلوانے والے
تیرے آگے سب ہاتھ پھیلانے والے
چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
مرا دِل بھی چمکا دے چمکانے والے

ہے بے مثل تیرا کرم جانِ عزت
غلاموں پہ ہر دم ہے تیری عنایت
وہ گلشن ہو صحرا ہو دریا کہ پربت
برستا نہیں دیکھ کر ابرِ رحمت
بدوں پر بھی برسا دے برسانے والے

سواری سے اپنی تو جس دم اترنا
مدینے کے زائر ذرا تو سنبھلنا
یہاں تھا مرے مصطفٰی کا گزرنا

Marfat.com

حرم کے زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

ہیں مکے کے جلوے یہ مانا کے اچھے
مگر میں مدینے کی عظمت کے صدقے
اسے تو ہے نسبت میرے مصطفیٰ سے
مدینے کے خطے خدا تجھ کو رکھے
غریبوں فقیروں کے ٹھہرنے والے

اے مشکل کشا کیجیے مشکل کشائی
تڑپ کر جو میں نے صدا یہ لگائی
آقا کی رحمت یہ پیغام لائی
اب آئی شفاعت کی ساعت اب آئی
ذرا چین لے میرے گھبرانے والے

کبھی غوث و خواجہ کے ناموں سے اُلجھیں
درودوں سے اُلجھیں سلاموں سے اُلجھیں
صیح العقیدہ اماموں سے اُلجھیں
تیرا کھائیں تیرے غلاموں سے اُلجھیں
ہیں منکر عجب کھانے غرانے والے

Marfat.com

کبھی غوث و خواجہ کے نعروں سے الجھیں
کبھی اولیاء کے مزاروں سے الجھیں
یہ کھا کر نیازیں نیازوں سے الجھیں
تیرا کھائیں تیرے غلاموں سے الجھیں
ہیں منکر عجب کھانے غرانے والے

یہ نجدی منافق یہ گندہ ہے واللہ
غلاظت کا بلکہ پلندہ ہے واللہ
جو مردہ کہے تجھ کو وہ مردہ ہے واللہ
تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مرے چشم عالم سے چھپ جانے والے

غلام نبی خلد میں جا بسے گا
جہنم میں نجدی منافق جلے گا
جو سنی ہے وہ تو ہمیشہ کہے گا
رہے گا یونہی ان کا چرچا رہے گا
پڑے خاک ہو جائیں جل جانے والے

اویس رضا عبید رضا

Marfat.com

# وہ کیسا سماں ہو گا کیسی وہ گھڑی ہو گی

وہ کیسا سماں ہو گا کیسی وہ گھڑی ہو گی
جب پہلی نظر ان کے روضے پہ پڑی ہو گی

یہ کوچۂ جاناں ہے آہستہ قدم رکھنا
ہر جا پہ ملائک کی بارات کھڑی ہو گی

کیا سامنے جا کے ہم حال اپنا سنائیں گے
سرکار کا در ہو گا اشکوں کی جھڑی ہو گی

کچھ ہاتھ نہ آئے گا آقا سے جدا رہ کر
سرکار کی نسبت سے تو قیر بڑی ہو گی

وہ شیشۂ دِل غم سے میلا نہ کبھی ہو گا
تصویرِ مدینے کی جس دِل میں جڑی ہو گی

ہو جائے جو وابستہ سرکار کے قدموں سے
ہر چیز زمانے کی قدموں میں پڑی ہو گی

چارہ نہ کوئی کرنا اک نعت سنا دینا
ناچیز ظہوریؔ کی جب سانس اڑی ہو گی

محمد علی ظہوری

Marfat.com

# رحمت حق نے کیا پھر سایہ

رحمت حق نے کیا پھر سایہ مدعا زیست کا میں نے پایا
میرے آقا نے کرم فرمایا پھر مدینے کا بلاوا آیا
پہلے کچھ اشک بہالوں تو چلوں اک نئی نعت سنالوں تو چلوں

سیّدی انت حبیبی سیّدی انت حبیبی

چاند تارے بھی مجھے دیکھیں گے ماہ پارے بھی مجھے دیکھیں گے
خود نظارے بھی مجھے دیکھیں گے غم کے مارے بھی مجھے دیکھیں گے
میں نظر سب سے بچالوں تو چلوں اک نئی نعت سنالوں تو چلوں

سیّدی انت حبیبی سیّدی انت حبیبی

شکر میں سر کو جھکانے کے لیے داغ حسرت کے مٹانے کے لیے
بخت خوابیدہ جگانے کے لیے ان کے دربار میں جانے کے لیے
اذن سرکار سے پالوں تو چلوں اک نئی نعت سنالوں تو چلوں

سیّدی انت حبیبی سیّدی انت حبیبی

Marfat.com

دِل یہ کہتا ہے مچل جانے دو عشق کہتا ہے پگھل جانے دو
اشک کہتے ہیں کہ بہہ جانے دو روح کہتی ہے کہ اُڑ جانے دو
نازان سب کے اُٹھالوں تو چلوں اک نئی نعت سنالوں تو چلوں

سیّدی انت حبیبی سیّدی انت حبیبی

سامنے ہو جو درِ شاہِ امم یوں کروں عرض کہ یا شاہ امم
آ گیا آپ کا محتاجِ کرم اس گنہگار کا رکھیئے گا بھرم
شوق کو عرض بنالوں تو چلوں اک نئی نعت سنالوں تو چلوں

سیّدی انت حبیبی سیّدی انت حبیبی

سیدحسین علی ادیب رائے پوری

Marfat.com

# بگڑی بناؤ مکی مدنی

بگڑی بناؤ مکی مدنی
در پہ بلاؤ مکی مدنی
دید تیری ہو عید میری
دید کراؤ مکی مدنی
محشر میں ہو لب پہ میرے
مجھ کو بچاؤ مکی مدنی
اپنے نواسوں کے صدقے
دکھڑے مٹاؤ مکی مدنی
گنبدِ خضری کے سائے تلے
مجھ کو سلاؤ مکی مدنی

اسعدیؔ گناہوں میں ڈوبا ہوا ہے
جیسا ہے نبھاؤ مکی مدنی

حنیف اسعدی

Marfat.com

# اب میری نگاہوں میں جچتا نہیں کوئی

اب میری نگاہوں میں جچتا نہیں کوئی
جیسے میرے سرکار ہیں ایسا نہیں کوئی
تم سا تو حسیں آنکھ نے دیکھا نہیں کوئی
یہ شانِ لطافت ہے کہ سایہ نہیں کوئی
اے ظرفِ نظر دیکھ مگر دیکھ ادب سے
سرکار کا جلوہ ہے تماشا نہیں کوئی
اعزاز یہ حاصل ہے تو حاصل ہے زمیں کو
افلاک پہ تو گنبدِ خضریٰ نہیں کوئی
ہوتا ہے جہاں ذکرِ محمد ﷺ کے کرم کا
اس بزم میں محروم تمنا نہیں کوئی
وہ آنکھ جو روتی ہے غمِ عشق نبی میں
اس آنکھ سے روپوش تو جلوہ نہیں کوئی
سرکار کی رحمت نے مگر خوب نوازا
یہ سچ ہے کہ خالد سا نکما نہیں کوئی

خالد محمود خالد

Marfat.com

# مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
باغ عالم میں یا رب یہ کون آ گیا
کس کی آمد کا دُنیا میں ڈنکا بجا
ہو گیا کون اندھیرے میں جلوہ نما
ہر طرف سے جو یہ آ رہی ہے صدا
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ

گلشن دہر میں آئے پیارے نبی
پھیلی چاروں طرف اک عجب روشنی
کھل گئی بے نواؤں کے دِل کی کلی
یہ نسیم سحر صبح دم بول اُٹھی
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

جھوم کر اُٹھی کعبے سے کالی گھٹا
خوب رحمت کا چھڑکاؤ ہونے لگا
بول بالا ہوا ہر طرف نور کا
ہاتف غیب سے آئی پیہم صدا
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ

ہر طرف آمد آمد کی دھومیں مچیں
بلبلیں خوش نوا نغمے گانے لگیں
ڈالیاں اٹھ کے تعظیم کو جھک گئیں
کھل کے کلیاں چمن میں بھی بول اُٹھیں
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ

خوب بحرِ رسالت کی موجیں اُٹھیں
ڈوبتی کشتیاں بھی کنارے لگیں
ہر طرف سرور دیں کی فوجیں بڑھیں
دِل ہلا کر اُٹھیں کفر کی سر زمین
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ

چاند اور سب ستارے چمکنے لگے
غنچے اک اک چمن کے چٹکنے لگے

Marfat.com

پھول باغ نبی کے مہکنے لگے
کفر کے دِل میں کانٹے کھٹکنے لگے
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ

ہے یہ محمود کی التجا صبح و شام
بھر دے بھر دے میرے ساقیا میرا جام
آؤ مل کر پڑھیں سب درود و سلام
کاش ہو جائیں خوش ہم سے خیر الانام
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ

محمود قادری

Marfat.com

# ہر طرف ہے صدا آ گئے مصطفیٰؐ

ہر طرف ہے صدا آ گئے مصطفیٰؐ
مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

مدتوں سے جو روشن تھا آتش کدہ
آج وہ بجھ گیا آ گئے مصطفیٰؐ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

زلزلہ آ گیا قیصر و کسریٰ میں آج
خشک ساوا ہوا آ گئے مصطفیٰؐ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

ہو مبارک تجھے آمنہ گھر ترے
خاتم الانبیاء آ گئے مصطفیٰؐ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

ہر طرف نور ہی نور ہے چھا گیا
بن کے شمس الضحیٰ آ گئے مصطفیٰؐ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

Marfat.com

ظلمتیں ہو گئیں آج کافور سب
بن کے بدرالدجیٰ آ گئے مصطفیٰ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

ہو مبارک تمہیں عاصیو جھوم جاؤ
بن کے خیرالوریٰ آ گئے مصطفیٰ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

یا خدا بخش دے میری اُمت مجھے
مانگتے یہ دُعا آ گئے مصطفیٰ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

گیت اُن کی محبت کے گاتے رہو
نور رب العلیٰ آ گئے مصطفیٰ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

مرحبا مرحبا جھوم کر تو پکار
اے عبید رضا آ گئے مصطفیٰ

مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# ہیں صف آرا سب حور و ملک اور غلماں خلد سجاتے ہیں

ہیں صف آرا سب حور و ملک اور غلماں خلد سجاتے ہیں
اک دھوم ہے عرشِ اعظم پر مہمان خدا کے آتے ہیں

ہے آج فلک روشن روشن ہیں تارے بھی جگمگ جگمگ
محبوبِ خدا کے آتے ہیں محبوبِ خدا کے آتے ہیں

قربان میں شان و عظمت پر سوئے ہیں چین سے بستر پر
جبریلؑ امیں حاضر ہو کر معراج کا مژدہ سناتے ہیں

جبریلؑ براق سجا کر کے فردوس بریں سے لے آئے
بارات فرشتوں کی آئی معراج کو دولہا جاتے ہیں

ہے خلد کا جوڑا زیب بدن رحمت کا سجا سہرا سر پر
کیا خوب سہانا ہے منظر معراج کو دولہا جاتے ہیں

ہے خوب فضا مہکی مہکی چلتی ہے ہوا ٹھنڈی ٹھنڈی
ہر سمت سماں ہے نورانی معراج کو دولہا جاتے ہیں

یہ عزو جلال اللہ اللہ یہ اوج و کمال اللہ اللہ
یہ حسن و جمال اللہ اللہ معراج کو دولہا جاتے ہیں

Marfat.com

دیوانوں تصور میں دیکھو اسریٰ کے دولہا کا جلوہ
جھرمٹ میں ملائک لے کر انہیں معراج کا دولہا بناتے ہیں

وہ کیسا حسیں منظر ہو گا جب دولہا بنا سرور ہو گا
عشاق تصور کر کر کے بس روتے ہی رہ جاتے ہیں

اقصیٰ میں سواری جب پہنچی جبریل نے بڑھ کے کہی تکبیر
نبیوں کی اِمامت اَب بڑھ کر سلطانِ جہاں فرماتے ہیں

یہ شاہ نے پائی سعادت ہے خالق نے عطا کی سعادت ہے
جب ایک تجلی پڑتی ہے موسیٰ تو غش کھا جاتے ہیں

جبریلؑ ٹھہر کر سدرہ پر بولے جو بڑھے ہم ایک قدم
جل جائیں گے سارے بال و پر اب ہم تو یہی رہ جاتے ہیں

اللہ کی رحمت سے دلبر جا پہنچے دنیٰ کی منزل پر
اللہ کا جلوہ بھی دیکھا دیدار کی لذت پاتے ہیں

معراج کی شب تو یاد رکھا پھر حشر میں کیسے بھولیں گے
عطار اسی اُمید پہ ہم دن اپنے گزارے جاتے ہیں

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# یا حبیبی مرحبا

یا حبیبی مرحبا یا حبیبی مرحبا
جد الحسینی مرحبا یا نورالعینی مرحبا
یا امام القبلتین یا رسول الثقلین
فاتحِ بدر و حنین راحتِ جاں نور عین
مصطفیٰ و مجتبیٰ یا حبیبی مرحبا
رحمتہ للعالمین سرور دنیا دیں
عین حق نور یقین جان نشین و دِل نشیں
مقتداوٗ مدعا یا حبیبی مرحبا
اوّل و آخر ہیں آپ باطن و ظاہر ہیں آپ
حافظ و ناصر ہیں آپ حاضر و ناظر ہیں آپ
ابتدا و انتہا یا حبیبی مرحبا
درد کا درماں ہیں آپ خلق کا ارماں ہیں آپ
صاحبِ قرآں ہیں آپ رحمت رحماں ہیں آپ
اعتبار کبریا یا حبیبی مرحبا
زندگی کے پیچ و خم بن گئے ہیں وجہِ غم

Marfat.com

یا نبئ محترم ہم پہ ہو لطف و کرم
اِختیار کبریا یا حبیبی مرحبا

نور جان و نور عین آفتاب مشرقین
نوبہارِ مغربین آپ ہیں ہر دِل کا چین
مصطفیٰ و مجتبیٰ یا حبیبی مرحبا

آپ ہیں سب کے اِمام آپ کے سب ہیں غلام
اور غلاموں کا ہے کام پڑھتے رہنا صبح و شام
دَم بدم صلِّ علیٰ یا حبیبی مرحبا

انجم آشفتہ سر پھر رہا ہے در بدر
ہاشمہ جن و بشر ہو کرم کی اک نظر
شافع روز جزا یا حبیبی مرحبا

قمرانجم

Marfat.com

# رہے جاتے ہیں یہ ارماں ہائے میرے سینے میں

رہے جاتے ہیں یہ ارماں ہائے میرے سینے میں
نہ کعبے کی گلی دیکھی نہ پہنچا میں مدینے میں

سنا ہے نور کی برسات ہوتی ہے مدینے میں
الٰہی ایک چھینٹا آ لگے ہم سب کے سینے میں

محمد ﷺ اس طرح تشریف فرما ہیں مدینے میں
کہ جیسے سورۂ یٰسین ہے قرآں کے سینے میں

مزہ کیا خاک آئے دور رہ کر ایسے جینے میں
کہ پروانہ یہاں تڑپے جلے شمع مدینے میں

محمد ﷺ کی جدائی آگ بھڑکائی ہے سینے میں
رواں جب دیکھتا قافلے حج کے مہینے میں

غریبؔ جائے کہاں یارب تڑپتی روح کو لے کر
تیرے محبوب کا صدقہ تو پہنچا دے مدینے میں

غریب

Marfat.com

# سرکار کے در پر جاؤں وہ وقت مبارک آئے

سرکار کے در پر جاؤں. وہ وقت مبارک آئے
تقدیر اپنی چمکاؤں وہ وقت مبارک آئے

جب پیشِ نظر ہو میرے مینار و گنبد تیرے
میں غش کھا کر گر جاؤں وہ وقت مبارک آئے

پھر زیرِ گنبدِ خضریٰ رو رو کہ دست بستہ
سب حال میں تجھ کو سناؤں وہ وقت مبارک آئے

دِل کو اپنے سمجھا کر دِیدار کی آس دِلا کر
رو رو کر میں سو جاؤں وہ وقت مبارک آئے

وہ خواب میں جلوہ دکھائیں اے کاش کرم فرمائیں
میں قدموں میں گر جاؤں وہ وقت مبارک آئے

ہے دِل کا عبیدؔ یہ ارماں پھر بن کر ان کا مہماں
دربار میں نعت سناؤں وہ وقت مبارک آئے

محمد اویس عبید رضا

Marfat.com

# یا شفیع اُمم للہ کر دو کرم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

یا شفیع اُمم للہ کر دو کرم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

ہم غلاموں کا رکھنا خدارا بھرم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

تیری چوکھٹ کے مانگت ہیں جائیں کہاں اپنی رحمت سے بھر دیجئے جھولیاں
ہم ہیں اُمید وار کرم ہو کرم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

میرے ہاتھوں میں کاسہ ہے اُمید کا ہوں بھکاری شہا میں تیری دِید کا
میں گدائے حرم تو نبی محترم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

تیری یادوں سے معمور سینہ رہے سامنے میرے تیرا مدینہ رہے
در پہ بیٹھا رہوں لے کے میں چشمِ نم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

منتشر ہیں خیالات کی وادیاں لٹ گیا ہے سکوں والیٔ دو جہاں
دور ہو جائیں غم یا شہہ محترم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

کس کو جا کر کہیں تاجدار حرم گھیرا ڈالے ہوئے ہیں زمانے کے غم
رحم فرمایئے تیری اُمت ہیں ہم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

حاضری ہو نیازی کی دربار میں زندگی ہو بسر ذکر سرکار میں
آتے جاتے رہیں تیری چوکھٹ پہ ہم شالا وسدا رہوئے تیرا سوہنا حرم

Marfat.com

# تیری جالیوں کے نیچے تیری رحمتوں کے سائے

تیری جالیوں کے نیچے تیری رحمتوں کے سائے
جسے دیکھنی ہو جنت وہ مدینہ دیکھ آئے

لو چلا ہوں میں لحد میں میرے مصطفیٰ سے کہہ دو
کہ ہوا تیری گلی کی مجھے چھوڑنے کو آئے

طیبہ کو جانے والو تجھے دیتا ہوں دعائیں
درِ مصطفیٰ پہ جا کے تو جہاں کو بھول جائے

روضے کے سامنے میں یہ دعائیں مانگتا تھا
میری جان نکل تو جائے یہ سماں بدل نہ جائے

وہ غمگسار میرا وہ ظہوریؔ یار میرا
کہ میری قبر پہ آ کے جو نعتِ نبی سنائے

محمد علی ظہوری رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شاہِ کونین جلوہ نما ہو گیا

شاہِ کونین جلوہ نما ہو گیا
رنگ عالم کا بالکل نیا ہو گیا

منتخب آپ کی ذات والا ہوئی
نام پاک آپ کا مصطفٰی ہو گیا

مل گیا تجھ سے اللہ کا راستہ
حق سے ملنے کا تو واسطہ ہو گیا

ایسی نافذ تمہاری حکومت ہوئی
تم نے جس وقت جو کچھ کہا ہو گیا

اس نے واللہ اللہ کو پا لیا
جو کوئی تجھ پہ دِل سے فدا ہو گیا

مہ دوپارہ ہوا سورج اُلٹا پھرا
جب اشارا تمہارا ذرا ہو گیا

ناز کرائے جمیلؔ اپنی قسمت پہ تو
خاک نعلین احمد رضا ہو گیا

صوفی جمیل الرحمٰن قادری رضوی

Marfat.com

# عاشقو ورد کرو صلِ علیٰ آج کی رات

عاشقو ورد کرو صلِ علیٰ آج کی رات
میں پڑھوں شاہ کی کچھ مدح و ثناء آج کی رات
پھیلی عالم میں محمد ﷺ کی ضیا آج کی رات
مہ خورشید نے منہ ڈھانک لیا آج کی رات
نار فارس کی بجھی نورِ الٰہی چمکا
قاطع شرک ہوا جلوہ نما آج کی رات
اہلِ توحید سے تکبیر کا وہ شور اُٹھا
کہ صنم خانوں میں کہرام مچا آج کی رات
آسماں ہوتا ہے قرباں یہ زمیں سے کہہ کر
کی خدا نے تجھے دولت یہ عطا آج کی رات
اپنے محبوب کی اللہ نے اُمت میں کیا
سنیو مل کے کرو شکر خدا آج کی رات
اے جمیل رضوی وصف نبی کر اِتنا
کہ رضا مند ہو احمد کی رضا آج کی رات

صوفی جمیل الرحمٰن قادری رضوی

Marfat.com

# کروں دم بدم میں ثنائے مدینہ

کروں دم بدم میں ثنائے مدینہ
لگاتا رہے دِل صدائے مدینہ

خدا کی قسم پیاری پیاری ہے جنت
مگر عاشقوں کو رُلائے مدینہ

جہاں کے نظارے ہوں آنکھوں سے اوجھل
نظر میں مری بس سمائے مدینہ

عنایت سے اللہ کی رحمتوں کا
شب و روز دریا بہائے مدینہ

شب و روز جلوے ہیں ماہِ عرب کے
نہ کیوں رات دن جگمگائے مدینہ

پڑوسی بنا مجھ کو جنت میں اُن کا
خدائے محمد ﷺ برائے مدینہ

یہ عطار مکے سے زندہ سلامت
تڑپتا ہوا کاش آئے مدینہ

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہو

ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہو
اور یادِ محمد ﷺ کی مرے دِل میں بسی ہو

دو سوزِ بلال آقا ملے درد رضا سا
سرکار عطا عشق اویس قرنی ہو

اے کاش میں بن جاؤں مدینے کا مسافر
پھر روتی ہوئی طیبہ کو بارات چلی ہو

اے کاش! مدینے میں مجھے موت یوں آئے
قدموں میں ترے سر ہو مری روح چلی ہو

جس وقت نکیرین مری قبر میں آئیں
اُس وقت مرے لب پہ سجی نعت نبی ہو

آقا کا گدا ہوں اے جہنم تو بھی سن لے
وہ کیسے جلے جو کہ غلام مدنی ہو

عطارؔ ہمارا ہے سر حشر اسے کاش
دست شہہ بطحا سے یہی چٹھی ملی ہو

محمد الیاس عطارؔ قادری

Marfat.com

# میں لب کشا نہیں ہوں اور محوِ التجا ہوں

میں لب کشا نہیں ہوں اور محو اِلتجا ہوں
میں محفل حرم کے آداب جانتا ہوں
یہ روشنی سی کیا ہے خوشبو کہاں سے آئی
شاید میں چلتے چلتے روضے تک آ گیا ہوں
پھولوں کی طرح میری سانسیں مہک رہی ہیں
اور آنسوؤں کے موتی میں نظر کر رہا ہوں
کوئی تو آنکھ والا گزرے گا اس طرف سے
طیبہ کے راستے میں' میں منتظر کھڑا ہوں
طیبہ کے سب گداگر پہچانتے ہیں مجھ کو
مجھ کو خبر نہیں تھی میں اس قدر بڑا ہوں
اشکوں سے ہو رہی ہے اب میری ترجمانی
اشکوں کی ہی زبانی فریاد کر رہا ہوں
اقبالؔ مجھ کو اب بھی محسوس ہو رہا ہے
روضے کے سامنے ہوں اور نعت پڑھ رہا ہوں

اقبال عظیم

Marfat.com

## مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا یا مصطفیٰ　　مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا یا مصطفیٰ　　مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا　　منٹھار کی آمد مرحبا
سردار کی آمد مرحبا　　دِلدار کی آمد مرحبا
مبارک ہو حبیب رب اکبر آنے والا ہے
مبارک ! انبیاء کا آج افسر آنے والا ہے
مرحبا یا مصطفیٰ　　مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا　　منٹھار کی آمد مرحبا
سردار کی آمد مرحبا　　رہبر کی آمد مرحبا
اندھیروں میں بھٹکتے پھرنے والوں کو مبارک ہو
تمہیں حق سے ملانے آج رہبر آنے والا ہے
مرحبا یا مصطفیٰ　　مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا　　سردار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا　　دلبر کی آمد مرحبا

Marfat.com

مبارک بد نصیبوں کو مبارک ہو غریبوں کو
جہاں میں بے بسوں کا سایہ گستر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا
سردار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا

گنہگارو نہ گھبراؤ سیہ کارو نہ غم کھاؤ
سنو مژدہ شفیع روز محشر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دِلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

کرو گھر گھر چراغاں سبز پرچم آج لہراؤ
مچاؤ مرحبا کی دھوم دلبر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

اگر نہ آج جھومو گے تو کب جھومو گے دیوانو
مچل جاؤ تمہارا آج یاور آنے والا ہے

Marfat.com

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

تراوٹ کیوں نہ ہو حاصل مرے قلب وجگر کو آج
جہاں میں بحر رحمت کا شناور آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

دلِ غمگین کو مل جائے گا سامان راحت کا
سرورِ دِل' قرار جان مضطر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دِلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

جو ہے سردار عالم کے سبھی سجدہ گزاروں کا
خدا کا آج وہ سچا ثناء گر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

Marfat.com

مبارک غم کے مارو! غم غلط ہو جائیں گے سارے
حبیب حق مداوا غم کا لے کر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

جہاں میں ظلمتوں کا چاک ہو گا آج سے سینہ
خدا کے فضل سے ماہ منور آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

مبارک ہو حلیمہ سعدیہ تجھ کو مبارک ہو
تری گودی میں کل عالم کا سرور آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

اُٹھو تعظیم کی خاطر کہ گھر میں آمنہ کے اب
ولادت کا وہ لمحہ کیف آور آنے والا ہے

Marfat.com

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دِلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

تسلی تو رکھو سیراب بھی ہو جاؤ گے عطاؔر
چھلکتا جام لے کر شاہ کوثر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
دِلدار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# عشق کے رنگ میں رنگ جائیں

عشق کے رنگ میں رنگ جائیں جب افکار تو کھلتے ہیں غلاموں پہ وہ اسرار
کہ رہتے ہیں وہ توصیف ثنائے شہہ ابرار میں ہر لحظہ گہر بار
ورنہ وہ سیّد عالی نسبی ہاں وہی اُمی لقبی ہاشمی و مطلبی
و عربی وقرشی و مدنی اور کہاں ہم سے گنہگار
آرزو یہ ہے کہ ہو قلب معطر و مطہر و منور و مجلّٰی و مصفٰی
در اعلٰی جو نظر آئے کہیں جلوۂ روئے شہہ ابرار
جن کے قدموں کی چمک چاند ستاروں میں نظر آئے جدھر سے
وہ گزر جائے وہی راہ چمک جائے دمک جائے مہک جائے بنے رونق گلزار
سونگھ لوں خوشبوئے گیسوئے محمد وہ سیہ زلف نہیں جس کے مقابل
یہ بنفشہ یہ سیوتی یہ چنبلی یہ گل لالہ و چمپا کا نکھار
جس کی نکہت پہ ہیں قربان گل برگ ثمن نافہ آہوئے ختن
باد چمن بوئے چمن ناز چمن نور چمن رنگ چمن سارا چمن زار
اک شہنشاہ نے بخشے جو سمرقند و بخارا کسی محبوب کے رخسار کے تل پر
مگر اے سیّد عالم تیری ناموس تیری عظمت پر نثار

Marfat.com

اے رسول مدنی! ایک نہیں لاکھوں ہیں قربان کہ عشق کے
ہر کوچہ و بازار میں سر اپنا ہتھیلی پہ لیے پھرتے ہیں کرنے کو نثار
یا نبی آپ کا یہ ادنیٰ ثناء خواں در رحمت کا گدا دیتا ہے
در در یہ صدا چاہتا ہے آپ سے چاہت کا صلہ اپنی زباں میں تاثیر
سن کے سب اہل چمن، اِس کا سخن ان کو بھی آجائے حیاء سر ہو
ندامت سے جھکا اور نظر دیکھے و اسلاف کی الفت کا نظارہ اک بار
اے ادیبؔ اب یونہی الفاظ کے انبار سے ہم کھیلتے رہ جائیں مگر
حق ثنا گوئی ادا پھر بھی نہ کر پائیں یہ جذبات و زباں و قلم و فکر خیال
اُن کی مدحت تو ملائک کا وظیفہ ہے صحابہ کا طریقہ ہے
عبادت کا سلیقہ ہے یہ خالق کا پسندیدہ ہے قرآن کا ہے اس میں شعار

سید حسین علی ادیب رائے پوری

Marfat.com

# یا شاہِ اُمم اک نظر کرم میری لاج تمہارے ہاتھ سرکار

یا شاہِ اُمم اک نظر کرم میری لاج تمہارے ہاتھ سرکار
میری نیّا لگا دو اپنے کرم سے پار
صلی اللہ سیّد المرسلین

ٹوٹی ہوئی آس ہوں میں دُکھ سے بھرا دِل ہے مرا
نظر کرم بہر خدا کوئی نہیں تیرے سوا
صلیؑ اللہ سیّد المرسلین

غم خوار جہاں تسکین جاں اک شب تو مجھے بھی ہو دیدار
میری نیا لگا دو اپنے کرم سے پار
یا شاہ اُمم اک نظر کرم

باغ ارم شہر تیرا جس کی ہوا مشک ختن
نام ترا صلِ علیٰ روح بیاں جان سخن
صلی اللہ سیّد المرسلین

ہوں دور مرے سب رنج والم پھر آؤں مدینے میں اک بار
میرے نیا لگا دو اپنے کرم سے پار
یا شاہ اُمم اک نظر کرم

سیّد حسین علی ادیب رائے پوری

Marfat.com

# بولو یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
بولو یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
کوئی گفتگو ہو لب پر تیرا نام آ گیا ہے
تیرا ذکر کرتے کرتے یہ مقام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
در مصطفیٰ کا منظر میرے چشم تر کے اندر
کبھی صبح آ گیا ہے کبھی شام آ گیا
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
یہ طلب تھی انبیاء کی رُخِ مصطفیٰ کو دیکھیں
یہ نماز کا وسیلہ انہیں کام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

Marfat.com

جو سخی ہیں شہر بھر کے وہ گدا ہیں ان کے در کے
کہ کرم کرم کے ہاتھوں یہ نظام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
وہ شفیع مذنبیں ہیں وہ مجھے بھی بخش دیں گے
سرِ حشر اس یقیں پر یہ غلام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
وہ جو پی کے شیخ سعدی بلغ العلیٰ پکارے
میرے دستِ ناتواں میں وہ ہی جام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
وہ ادیبؔ جس نے محشر میں بپا کیا ہے محشر
وہ کہیں کہ آؤ دیکھو یہ غلام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

سید حسین علی ادیب رائے پوری

Marfat.com

# زہے مقدر حضور حق سے سلام آیا پیام آیا

زہے مقدر حضور حق سے سلام آیا پیام آیا
جھکاؤ نظریں بچھاؤ پلکیں ادب کا اعلیٰ مقام آیا

یہ کون سر پہ کفن لپیٹے چلا ہے اُلفت کے راستے پر
فرشتے حیرت سے تک رہے ہیں یہ کون ذی احترام آیا

فضا میں لبیک کی صدائیں ز فرش تا عرش گونجتی ہیں
ہر ایک قربان ہو رہا ہے زباں پہ یہ کس کا نام آیا

یہ راہِ حق ہے سنبھل کے چلنا یہاں ہے منزل قدم قدم پر
پہنچنا در پر تو کہنا آقا سلام لیجئے غلام آیا

دُعا جو نکلی تھی دِل سے آخر پلٹ کے مقبول ہو کے آئی
وہ جذبہ جس میں تڑپ تھی سچی وہ جذبہ آخر کو کام آیا

یہ کہنا آقا بہت سے عاشق تڑپتے سے چھوڑ آیا ہوں میں
بلاوے کے منتظر ہیں لیکن نہ صبح آیا نہ شام آیا

خدا تیرا حافظ و نگہباں او راہ بطحا کے جانے والے
نوید صد انبساط بن کر پیام دارالسلام آیا

یوسف قدیری

---

Marfat.com

# سوچتا ہوں میں وہ گھڑی کیا عجب گھڑی ہو گی

سوچتا ہوں میں وہ گھڑی کیا عجب گھڑی ہو گی
جب درِ نبی پہ ہم سب کی حاضری ہو گی

آرزو ہے سینے میں گھر بنے مدینے میں
ہو کرم جو بندے پر بندہ پروری ہو گی

کبریا کے جلوؤں سے کیا سماں بندھا ہو گا
محفلِ نبی جس دم عرش پہ سجی ہو گی

بات کیا ہے بادِ صبا اتنی کیوں معطر ہے
سبز سبز گنبد کو چوم کر چلی ہو گی

سو کھلیں گے اس کے لیے رحمتوں کے دروازے
نعتِ مصطفیٰ جس نے ایک بھی سنی ہو گی

نامِ مصطفیٰ کی قسم پرسکوں ہوں میں اب تک
تم بھی نام لو اُن کا گھر میں روشنی ہو گی

دیکھ تو نیازؔی ذرا سو گیا کیا دیوانہ
ان کی یاد میں شاید آنکھ لگ گئی ہو گی

عبدالستار نیازی

Marfat.com

# یہ آرزو نہیں کہ دعائیں ہزار دو

یہ آرزو نہیں کہ دعائیں ہزار دو
پڑھ کر نبی کی نعت لحد میں اُتار دو

دیکھا ابھی ابھی ہے نظر نے جمال یار
اے موت مجھ کو تھوڑی سی مہلت اُدھار دو

سنتے ہیں جاں کنی کا ہے لمحہ بہت کٹھن
لے کر نبی کا نام یہ لمحہ گزار دو

میرے کریم میں ترے در کا فقیر ہوں
اپنے کرم کی بھیک مجھے بار بار دو

گر جیتنا ہے عشق میں لازم یہ شرط ہے
کھیلو اگر یہ بازی تو ہر چیز ہار دو

یہ جان بھی ظہوریؔ نبی کے طفیل ہے
اس جان کو حضور کا صدقہ اتار دو

محمد علی ظہوریؔ

Marfat.com

# حضور آ گئے ہیں

فلک کے نظارو زمیں کی بہارو سب عیدیں مناؤ حضور آ گئے ہیں
اُٹھو غم کے مارو چلو بے سہارو خبر یہ سناؤ حضور آ گئے ہیں

انوکھے نرالے وہ ذیشان آئے وہ سارے رسولوں کے سلطان آئے
ارے کج کلا ہو! ارے بادشاہو نگاہیں جھکاؤ حضور آ گئے ہیں

ہوا چار سو رحمتوں کا بسیرا ' اجالا اجالا سویرا سویرا
حلیمہ کو پہنچی خبر آمنہ کی مرے گھر میں آؤ حضور آ گئے ہیں

ہواؤں میں جذبات ہیں مرحبا کے فضاؤں میں نغمات صلِ علیٰ کے
درودوں کے گجرے سلاموں کے تحفے زبان پر سجاؤ حضور آ گئے ہیں

سماں ہے ثنائے حبیبِ خدا کا یہ میلاد ہے سرورِ انبیاء کا
نبی کے گداؤ سب اک دوسرے کو گلے سے لگاؤ حضور آ گئے ہیں

کہاں میں ظہوریؔ کہاں اُن کی باتیں کرم ہی کرم ہیں یہ دِن اور راتیں
جہاں پر بھی جاؤ دلوں کو جگاؤ یہی کہتے جاؤ حضور آ گئے ہیں

محمد علی ظہوری

Marfat.com

# عاصیوں کو در تمہارا مل گیا

عاصیوں کو در تمہارا مل گیا
بے ٹھکانوں کو ٹھکانہ مل گیا

فضلِ رب سے پھر کمی کس بات کی
مل گیا سب کچھ جو طیبہ مل گیا

ناخدائی کے لیے آئے حضور
ڈوبتوں کو تو سہارا مل گیا

آنکھیں پرنم ہو گئیں سر جھک گیا
جب ترا نقشِ کفِ پا مل گیا

ان کے طالب نے جو چاہا پا لیا
ان کے سائل نے جو مانگا مل گیا

تیرے در کے ٹکڑے ہیں اور میں غریب
مجھ کو روزی کا ٹھکانہ مل گیا

اے حسن فردوس میں جائیں جناب
ہم کو صحرائے مدینہ مل گیا

حسن رضا بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

# دھڑکنو تم ہی کہو وقت وہ کیسا ہو گا

دھڑکنو تم ہی کہو وقت وہ کیسا ہو گا
سامنے آنکھوں کے جب گنبدِ خضریٰ ہو گا

اے اجل تجھ کو بھی اس وقت ٹھہرنا ہو گا
جب مرے ہونٹوں پہ ذکر شہہ بطحا ہو گا

ہائے دوزخ کی طرف سرورِ عالم کا غلام
کیسے یہ جوش مشیت کو گوارا ہو گا

آ اِدھر روح کی ہر تہہ میں سمو لوں تجھ کو
اے ہوا تو نے تو سرکار کو دیکھا ہو گا

لاکھ تم عمر عبادت میں گزارو لیکن
وہ جیسے چاہیں گے سجدہ وہی سجدہ ہو گا

اُن کا بیکلؔ ہوں مجھے خوف نہیں محشر میں
میرے سرکار کا دامن میرا پردہ ہو گا

بیکل بلرامپوری

Marfat.com

# میرے گھر میں خیر الوریٰ آ گئے ہیں

یہ کہتی تھی گھر گھر میں جا کر حلیمہ میرے گھر میں خیر الوریٰ آ گئے ہیں
بڑے اوج پر ہے میرا اب مقدر میرے گھر حبیبِ خدا آ گئے ہیں

اُٹھی چار سو رحمتوں کی گھٹائیں معطر معطر ہیں ساری فضائیں
خوشی میں یہ جبریلؑ نغمے سنائیں وہ شافع روزِ جزا آ گئے ہیں

یہ ظلمت سے کہہ دو کہ ڈیرے اُٹھالے کہ ہیں ہر طرف اب اُجالے اجالے
کہا جن کو حق نے سراجاً منیرا میرے گھر وہ نورِ خدا آ گئے ہیں

مقرب ہیں بے شک خلیل و نجی بھی بڑی شان والے کلیم و مسیح بھی
لیے عرش نے جن کے قدموں کے بوسے وہ امی لقب مصطفیٰ آ گئے ہیں

یہ سن کر سخی آپ کا آستانہ ہے دامن پسارے ہوئے سب زمانہ
نواسوں کا صدقہ نگاہِ کرم ہو تیرے در پہ تیرے گدا آ گئے ہیں

نکیرین جب میری تربت میں آ کر کہیں زیارت کا مژدہ سنا کر
اٹھو بہرِ تعظیم نور الحسن اب لحد میں رسولِ خدا آ گئے ہیں

جناب نور الحسن

Marfat.com

# واہ کیا جودو کرم ہے شہ بطحا تیرا

واہ کیا جود و کرم ہے شہ بطحا تیرا
نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

دھارے چلتے ہیں عطا کے وہ ہے قطرہ تیرا
تارے کھلتے ہیں سخا کے وہ ہے ذرّہ تیرا

فرش والے تری شوکت کا علو کیا جانیں
خسروا عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محبّ میں نہیں میرا تیرا

فیض ہے یا شہ تسنیم نرالہ تیرا
آپ پیاسوں کے تجسس میں ہے دریا تیرا

اغنیا پلتے ہیں در سے وہ ہے باڑا تیرا
اصفیا چلتے ہیں سر سے وہ ہے رستا تیرا

تیرے قدموں میں جو ہیں غیر کا منہ کیا دیکھیں
کون نظروں پہ چڑھے دیکھ کے تلوا تیرا

Marfat.com

تیرے ٹکڑوں سے پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

تو جو چاہے تو ابھی میل مرے دِل کی دھلیں
کہ خدا دِل نہیں کرتا کبھی میلا تیرا

ایک میں کیا مرے عصیاں کی حقیقت کتنی
مجھ سے سو لاکھ کو کافی ہے اشارہ تیرا

دور کیا جانئے بدکار پہ کیسی گزرے
تیرے ہی در پہ مرے بیکس و تنہا تیرا

تیری سرکار میں لاتا ہے رضا اُس کو شفیع
جو مرا غوث ہے اور لاڈلا بیٹا تیرا

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# بندہ ملنے کو قریب حضرت قادر گیا

بندہ ملنے کو قریب حضرت قادر گیا
لمعہ باطن میں گمنے جلوہ ظاہر گیا

تیری مرضی پا گیا سورج پھرا اُلٹے قدم
تیری انگلی اٹھ گئی مہ کا کلیجہ چر گیا

بڑھ چلی تیری ضیا اندھیرا عالم سے گھٹا
کھل گیا گیسو ترا رحمت کا بادل گھر گیا

تیری آمد تھی کہ بیت اللہ مجرے کو جھکا
تیری ہیبت تھی کہ ہر بت تھرتھرا کر گر گیا

وہ کہ اس در کا ہوا خلق خدا اُس کی ہوئی
وہ کہ اس در سے پھرا اللہ اُس سے پھر گیا

رحمتہ للعالمین آفت میں ہوں کیسی کروں
میرے مولا میں تو اس دِل سے بلا میں گھر گیا

ٹھوکریں کھاتے پھرو گے ان کے در پر پڑ رہو
قافلہ تو اے رضاؔ اوّل گیا آخر گیا

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# اللہ اللہ شہ کونین جلالت تیری

اللہ اللہ شہ کونین جلالت تیری
فرش کیا عرش پہ جاری ہے حکومت تیری
جھولیاں کھول کے بے سمجھے نہیں دوڑ آئے
ہمیں معلوم ہے دولت تری عادت تیری
تو ہی ہے مُلکِ خدا مِلک خدا کا ملک
راج تیرا ہے زمانہ میں حکومت تیری
مجمع حشر میں گھبرائی ہوئی پھرتی ہے
ڈھونڈنے نکلی ہے مجرم کو شفاعت تیری
چین پائیں گے تڑپتے ہوئے دِل محشر میں
غم کسے یاد رہے دیکھ کے صورت تیری
دیکھنے والے کہا کرتے ہیں اللہ اللہ
یاد آتا ہے خدا دیکھ کے صورت تیری
ہم نے مانا کہ گناہوں کی نہیں حد لیکن
تو ہے اُن کا تو حسؔن تیری ہے جنت تیری

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# دِل میں ہو یاد تری گوشۂ تنہائی ہو

دِل میں ہو یاد تری گوشۂ تنہائی ہو
پھر تو خلوت میں عجب انجمن آرائی ہو

آستانے پہ ترے سر ہو اجل آئی ہو
اور اے جانِ جہاں تو بھی تماشائی ہو

اس کی قسمت پہ فدا تختِ شہی کی راحت
خاکِ طیبہ پہ جسے چین کی نیند آئی ہو

آج جو عیب کسی پر نہیں کھلنے دیتے
کب وہ چاہیں گے میری حشر میں رُسوائی ہو

جھلک دیکھنے کی تاب نہیں عالم کو
وہ اگر جلوہ کریں کون تماشائی ہو

یہی منظور تھا قدرت کو کہ سایہ نہ بنے
ایسے یکتا کے لیے ایسی ہی یکتائی ہو

بند جب خوابِ اجل سے ہوں حسنؔ کی آنکھیں
اُس کی نظروں میں ترا جلوۂ زیبائی ہو

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# پل سے اتارو راہ گزر کو خبر نہ ہو

پل سے اتارو راہ گزر کو خبر نہ ہو
جبرئیل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو

کانٹا مرے جگر سے غم روز گار کا
یوں کھینچ لیجئے کہ جگر کو خبر نہ ہو

فریاد اُمتی جو کرے حال زار میں
ممکن نہیں کہ خیرِ بشر کو خبر نہ ہو

ایسا گما دے اُن کی ولا میں خدا ہمیں
ڈھونڈھا کرے پر اپنی خبر کو خبر نہ ہو

فرماتے ہیں یہ دونوں میں سردار دو جہاں
اے مرتضٰی عتیق و عمر کو خبر نہ ہو

اے شوق دِل یہ سجدہ گر ان کو روا نہیں
اچھا وہ سجدہ کیجیے کہ سر کو خبر نہ ہو

ان کے سوا رضا کوئی حامی نہیں جہاں
گزرا کرے پسر پہ پدر کو خبر نہ ہو

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی

Marfat.com

# کیا مہکتے ہیں مہکنے والے

کیا مہکتے ہیں مہکنے والے
بو پہ چلتے ہیں بھٹکنے والے
جگمگا اُٹھی مری گور کی خاک
تیرے قربان چمکنے والے
مہہ بے داغ کے صدقے جاؤں
یوں دمکتے ہیں دمکنے والے
گل طیبہ کی ثنا گاتے ہیں
نخل طوبیٰ پہ چہکنے والے
عاصیو تھام لو دامن اُن کا
وہ نہیں ہاتھ جھٹکنے والے
سنیوں ان سے مدد مانگے جاؤ
پڑے بکتے رہیں بکنے والے
کف دریائے کرم میں ہیں رضا
پانچ فوارے چھلکنے والے

اعلیٰ حضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# پھر عزم مدینہ ہے تیار سفینہ ہے

پھر عزم مدینہ ہے تیار سفینہ ہے
اللہ کی رحمت سے پھر عزمِ مدینہ ہے
چند اشک ندامت کے ہے زاد سفر میرا
پلے میں عبادت کا کوئی نہ خزینہ ہے
گو راہِ مدینہ پر میں چل تو پڑا ہوں پر
افسوس سلیقہ ہے نہ کوئی قرینہ ہے
اے نورِ خدا آ کر چمکا دو پئے مرشد
سرکار مرے دِل کا بے نور نگینہ ہے
ہر دم مرے ہونٹوں پر بس ذکرِ مدینہ ہو
یہ میری تمنا اے سلطان مدینہ ہے
عشاق تڑپتے ہیں یاد شہ بطحا میں
آ جاتا جہاں میں جب بھی حج کا مہینہ ہے
غم میٹھے مدینے کا اے کاش کہ مل جائے
ارمان یہی دِل میں اے شاہِ مدینہ ہے

Marfat.com

آقا مجھے دے دے تو روتی ہوئی آنکھیں اور
غم میں تیرے جو آقا جلتا ہوا سینہ ہے
روتا ہوا پہنچا تھا روتا ہوا لوٹا تھا
ہیں وصل کی دو گھڑیاں پھر ہجر مدینہ ہے
دولت کی فروانی ہے مانگنا نادانی
کہ اصل میں دولت تو اُلفت کا خزینہ ہے
تو سارے مریضوں کو اللہ شفا دے دے
اچھا ہے فقط وہ جو بیمار مدینہ ہے
عطارؔ کو گر تو بھی ٹھکرا دے کہاں جائے
تیرا ہے یہ تیرا ہے گو لاکھ کمینہ ہے

حضرت مولانا محمد الیاس عطارؔ قادری

Marfat.com

# کیوں نہ ہو ہر لمحہ جستجو مدینے کی

کیوں نہ ہو ہر لمحہ جستجو مدینے کی
زندگی کا حاصل ہے آرزو مدینے کی

ہم مدینہ گھوم آئے جالیوں کو چوم آئیں
جب کسی نے چھیڑی ہے گفتگو مدینے کی

تیرگی میں رہ کر بھی روشنی میں رہتے ہیں
جن کے دِل میں گھر کر لے آرزو مدینے کی

غمزدوں کو غم اپنے یاد ہی نہیں رہتے
جب بہار ہوتی ہے روبرو مدینے کی

جس کو جو بھی ملتا ہے اُن کے در سے ملتا ہے
بٹ رہی ہیں خیراتیں چار سو مدینے کی

اس لیے بساتے ہیں لوگ گل کو دامن میں
ہے بسی ہوئی خالدؔ گل میں بو مدینے کی

خالد محمود خالدؔ

Marfat.com

# چاندنی چاندنی گلستاں گلستاں اُس قدم کے نشاں

چاندنی چاندنی گلستاں اُس قدم کے نشاں
روشنی روشنی کہکشاں کہکشاں اُس قدم کے نشاں

وہ دلیلِ کرم وہ نگاہ حرم وہ جمال ارم
قبلۂ محتوم کعبہ عاشقاں اُس قدم کے نشاں

آبروئے زمیں نازِ عرش بریں وہ نگار حسیں
جھک رہی ہے جبیں مل رہے ہیں جہاں اُس قدم کے نشاں

عظمت انبیاء عارف و اولیاء سالک و صوفیاء
غوث الاعظم ہیں اور خواجہ خواجگاں اس قدم کے نشاں

نور چشم و بصرِ نور شمس و قمر نورِ شام و سحر
قصۂ مختصر نور کون و مکاں اُس قدم کے نشاں

آرزوئے ادیب آبروئے ادیب جستجوئے ادیب
منتہائے طلب اور تمنائے جاں اُس قدم کے نشاں

سیّد حسین علی ادیب رائے پوری

Marfat.com

# سحر کا وقت ہے معصوم کلیاں مسکراتی ہیں

سحر کا وقت ہے معصوم کلیاں مسکراتی ہیں
ہوائیں خیر مقدم کے ترانے گنگناتی ہیں
مئے عشرت چھلکتی ہے ساروں کے کٹوروں سے
اُبلتی ہے شراب خلد مئی کے سکوروں سے
چمن میں ہر طرف شبنم کے موتی جھلملاتے ہیں
نسیم صبح کے جھونکے دِلوں کو گدگداتے ہیں
ابھی جبرئیل اُترے بھی نہ تھے کعبے کے منبر سے
کہ اِتنے میں صدا آئی یہ عبداللہ کے گھر سے
مبارک ہو شہہ ہر دوسرا تشریف لے آئے
مبارک ہو محمد مصطفیٰ ﷺ تشریف لے آئے
زمانے کی فضا میں اِنقلاب آخری آیا
نچھاور کر دیا قدرت نے سب فطرت کا سرمایہ

ماھرالقادری

Marfat.com

# مجرم ہیبت زدہ جب فردِ عصیاں لے چلا

مجرم ہیبت زدہ جب فردِ عصیاں لے چلا
لطفِ شہ تسکین دیتا پیشِ یزداں لے چلا

دِل کے آئینہ میں جو تصویرِ جاناں لے چلا
محفلِ جنت کی آرائش کا ساماں لے چلا

گل نہ ہو جائے چراغِ زینتِ گلشن کہیں
اپنے سر میں ہوائے دشتِ جاناں لے چلا

گو نہیں رکھتے زمانے کی وہ دولت اپنے پاس
پر زمانہ نعمتوں سے بھر کے داماں لے چلا

ایسی شوکت پر کہ اُڑتا ہے پھریرا عرش پر
جس گدائے آرزو کی اُن کو مہماں لے چلا

شافعِ روزِ قیامت کا ہوں ادنیٰ اُمتی
پھر حسنؔ کیا غم اگر میں بارِ عصیاں لے چلا

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# واہ کیا مرتبہ ہوا تیرا

واہ کیا مرتبہ ہوا تیرا
تو خدا کا ہوا تیرا

تاج والے ہوں اس میں یا محتاج
سب نے پایا دیا ہوا تیرا

ہاتھ خالی کوئی پھرا نہ پھرے
ہے خزانہ بھرا ہوا تیرا

اسے تو جانے یا خدا جانے
پیش حق رُتبہ کیا ہوا تیرا

تاجداروں کا تاجدار بنا
بن گیا جو گدا ہوا تیرا

جو تیرا ہو گیا خدا کا ہوا
جو خدا کا ہوا ہوا تیرا

بگڑی باتوں کی فکر کر نہ حسنؔ
کام سب ہے بنا ہوا تیرا

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سیرِ گلشن کون دیکھے دشتِ طیبہ چھوڑ کر

سیرِ گلشن کون دیکھے دشتِ طیبہ چھوڑ کر
سوئے جنت کون جائے در تمہارا چھوڑ کر

سرگزشتِ غم کہوں کس سے ترے ہوتے ہوئے
کس کے در پر جاؤں تیرا آستانہ چھوڑ کر

بے لقائے یاران کو چین آ جاتا اگر
بار بار آئے نہ یوں جبریلؑ سدرہ چھوڑ کر

بخشوانا مجھ سے عاصی کا روا ہو گا کسے
کس کے دامن میں چھپوں دامن تمہارا چھوڑ کر

ایسے جلوے پر کروں میں لاکھ حوروں کو نثار
کیا غرض کیوں جاؤں جنت کو مدینہ چھوڑ کر

کس تمنا پر جئیں یا رب اسیرانِ قفس
آ چکی بادِ صبا باغِ مدینہ چھوڑ کر

مر کے جیتے ہیں جو اُن کے در پہ جاتے ہیں حسنؔ
جی کے مرتے ہیں جو آتے ہیں مدینہ چھوڑ کر

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# جتنا مرے خدا کو ہے مرا نبی عزیز

جتنا مرے خدا کو ہے مرا نبی عزیز
کونین میں کسی کو نہ ہو کوئی عزیز

خاکِ مدینہ پر مجھے اللہ موت دے
وہ مردہ دِل ہے جس کو نہ ہو زندگی عزیز

جو کچھ تری رضا ہے خدا کی وہی خوشی
جو کچھ تری خوشی ہے خدا کو وہی عزیز

منگتا کا ہاتھ اُٹھا تو مدینہ ہی کی طرف
تیرا ہی در پسند تیری ہی گلی عزیز

اس در کی خاک پر مجھے مرنا پسند ہے
تختِ شہی پہ کس کو نہیں زندگی عزیز

محشر میں دو جہاں کو خدا کی خوشی کی چاہ
میرے حضور کی ہے خدا کو خوشی عزیز

طیبہ کے ہوتے خلد بریں کیا کروں حسنؔ
مجھ کو یہی پسند ہے مجھ کو یہی عزیز

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سحاب رحمت باری ہے بارہویں تاریخ

سحاب رحمت باری ہے بارہویں تاریخ
کرم کا چشمۂ جاری ہے بارہویں تاریخ
ہمیں تو جان سے پیاری ہے بارہویں تاریخ
عدو کے دِل کو کٹاری ہے بارہویں تاریخ
فلک پہ عرش بریں کا گمان ہوتا ہے
زمینِ خلد کی کیاری ہے بارہویں تاریخ
تمام ہو گئی میلاد انبیاء کی خوشی
ہمیشہ اب تیری باری ہے بارہویں تاریخ
ولادت شہ دیں ہر خوشی کی باعث ہے
ہزار عید سے بھاری ہے بارہویں تاریخ
ہمیشہ تو نے غلاموں کے دل کیۓ ٹھنڈے
جلے جو تجھ سے وہ ناری ہے بارہویں تاریخ
حسن ولادت سرکار سے ہوا روشن
مرے خدا کو بھی پیاری ہے بارہویں تاریخ

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# کون کہتا ہے کہ زینت خلد کی اچھی نہیں

کون کہتا ہے کہ زینت خلد کی اچھی نہیں
لیکن اے دِل فرقت کوئے نبی اچھی نہیں

تیرہ دِل کو جلوۂ ماہِ عرب درکار ہے
چودھویں کے چاند تیری چاندنی اچھی نہیں

اِس گلی سے دور رہ کر کیا مریں ہم کیا جئیں
آہ ایسی موت ایسی زِندگی اچھی نہیں

اُن کے در کی بھیک چھوڑیں سروری کے واسطے
اُن کے در کی بھیک اچھی سروری اچھی نہیں

بیکسوں پر مہرباں ہے رحمت بیکس نواز
کون کہتا ہے ہماری بے کسی اچھی نہیں

روسیہ ہوں منہ اُجالا کر دے اے طیبہ کے چاند
اِس اندھیرے پاکھ کی یہ تیرگی اچھی نہیں

اُن کے در پر موت آجائے تو جی جاؤں حسن
ان کے در سے دور رہ کر زندگی اچھی نہیں

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# عجب رنگ پر ہے بہارِ مدینہ

عجب رنگ پر ہے بہارِ مدینہ
کہ سب جنتیں ہیں نثارِ مدینہ

مبارک رہے عندلیبو تمہیں گل
ہمیں گل سے بہتر ہے خارِ مدینہ

مری خاک یا رب نہ برباد جائے
پسِ مرگ کر دے غبارِ مدینہ

ملائک لگاتے ہیں آنکھوں میں اپنی
شب و روز خاکِ مزارِ مدینہ

جدھر دیکھئے باغِ جنت کھلا ہے
نظر میں ہیں نقش و نگارِ مدینہ

بنا آسماں منزلِ ابنِ مریم
گئے لامکاں تاجدارِ مدینہ

شرفِ جن سے حاصل ہوا انبیاء کو
وہی ہیں حسنؔ افتخارِ مدینہ

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

---

Marfat.com

# باغِ جنت میں نرالی چمن آرائی ہے

باغِ جنت میں نرالی چمن آرائی ہے
کیا مدینہ پہ فدا ہو کے بہار آئی ہے
ان کے گیسو نہیں رحمت کی گھٹا چھائی ہے
ان کے ابرو نہیں دو قبلوں کی یکجائی ہے
سر بالیں انہیں رحمت کی گھٹا لائی ہے
حال بگڑا ہے تو بیمار کی بن آئی ہے
جس ہاتھوں کے بنائے ہوئے ہیں حسن و جمال
اے حسیں تیری ادا اس کو پسند آئی ہے
تیرے جلوؤں میں یہ عالم ہے کہ چشم عالم
تاب دیدار نہیں پھر بھی تماشائی ہے
دردِ دِل کس کو سناؤں میں تمہارے ہوتے
بیکسوں کی اسی سرکار میں سنوائی ہے
اے حسن جہاں تاب کے صدقے جاؤں
ذرّے ذرّے سے عیاں جلوۂ زیبائی ہے

مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ



Marfat.com

# مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا یا مصطفیٰ      مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا یا مصطفیٰ      مرحبا یا مصطفیٰ

مبارک ہو وہ شہ پردے سے باہر ہونے والا ہے
گدائی کو زمانہ جس کے در پر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ      مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا      دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا      سردار کی آمد مرحبا

کہاں ہیں ٹوٹی اُمیدیں کہاں ہیں بے سہارے دل
کہ وہ فریاد رس بیکس کا یاور آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ      مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا      دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا      سردار کی آمد مرحبا

ٹھکانہ بے ٹھکانوں کا سہارا بے سہاروں کا
غریبوں کی مدد بیکس کا یاور آنے والا ہے

Marfat.com

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا

مبارک درد مندوں کو ہو مژدہ بے قراروں کو
قرار دِل شکیب جان مضطر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا

گنہگار و نہ ہو مایوس تم اپنی رہائی سے
مدد کو وہ شفیع روز محشر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا

سلاطین زمانہ جس کے در پر بھیک مانگیں گے
فقیروں کو مبارک وہ تونگر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا

Marfat.com

بر آئیں گی مرادیں حسرتیں ہو جائیں گی پوری
کہ وہ مختار کل عالم کا سرور آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ　　مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا　　دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا　　سردار کی آمد مرحبا

کہاں ہیں بادشاہان جہاں آئیں سلامی کو
کہ اب فرمانروائے ہفت کشور آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ　　مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا　　دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا　　سردار کی آمد مرحبا

حسن کہہ دیں اُٹھیں سب اُمتی تعظیم کی خاطر
کہ اپنا پیشوا اپنا پیمبر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفیٰ　　مرحبا یا مصطفیٰ
سرکار کی آمد مرحبا　　دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا　　سردار کی آمد مرحبا

حسن رضا بریلوی

Marfat.com

## جو عشق نبی کے جلووٴں کو سینوں میں بسایا کرتے ہیں

جو عشق نبی کے جلووٴں کو سینوں میں بسایا کرتے ہیں
اللہ کی رحمت کے بادل ان لوگوں پہ سایا کرتے ہیں

جب اپنے غلاموں کی آقا تقدیر بنایا کرتے ہیں
جنت کی سند دینے کے لیے روضے پہ بلایا کرتے ہیں

مخلوق کی بگڑی بنتی ہے خالق کو بھی پیار آ جاتا ہے
جب بہر دُعا محبوبِ خدا ہاتھوں کو اُٹھایا کرتے ہیں

گرداب بلا میں پھنس کے کوئی طیبہ کی جانب تکتا ہے
سلطان مدینہ خود آ کر کشتی کو تیرایا کرتے ہیں

اے دولت عرفاں کے منگتو اس در پہ چلو جس در پہ سدا
دِن رات خزانے رحمت کے سرکار لٹایا کرتے ہیں

وہ نزع سختی ہو اے دِل یا قبر کی مشکل ہو منزل
وہ اپنے غلاموں کی اکثر اِمداد کو آیا کرتے ہیں

ہے شغل ہمارا شام و سحر ہے ناز سکندؔر قسمت پر
محفل میں رسول اکرم کی ہم نعت سنایا کرتے ہیں

جناب سکندر لکھنوی

---

Marfat.com

# میرا دِل اور مری جان مدینے والے

میرا دِل اور مری جان مدینے والے
تجھ پہ سو جان سے قربان مدینے والے

بھر دے بھر دے مرے داتا میری جھولی بھر دے
اب نہ دُکھ بے سر و سامان مدینے والے

پھر تمنائے زیارت نے کیا دِل بے چین
پھر مدینے کا ہے ارمان مدینے والے

تیرا در چھوڑ کے جاؤں تو کہاں جاؤں میں
میرے آقا میرے سلطان مدینے والے

باعث ارض و سما صاحب لولاک لما
عین حق صورت اِنسان مدینے والے

سگِ طیبہ مجھے سب کہہ کے پکاریں بیدم
یہی رکھیں میری پہچان مدینے والے

حضرت بیدم شاہ وارثی

Marfat.com

# نہ ہو آرام جس بیمار کو سارے زمانے سے

نہ ہو آرام جس بیمار کو سارے زمانے سے
اُٹھالے جائے تھوڑی خاک ان کے آستانے سے

تمہارے در کے ٹکڑوں سے پڑا پلتا ہے اک عالم
گزارا سب کا ہوتا ہے اسی محتاج خانے سے

کوئی فردوس ہو یا خلد ہو ہم کو غرض مطلب
لگایا اب تو بستر آپ ہی کے آستانے سے

نہ کیوں ان کی طرف اللہ سو سو پیار سے دیکھے
جو اپنی آنکھیں ملتے ہیں تمہارے آستانے سے

تمہارے تو وہ اِحسان اور یہ نافرمانیاں اپنی
ہمیں تو شرم سی آتی ہے تم کو منہ دکھانے سے

زمیں تھوڑی سی دے دے بہر مدفن اپنے کوچہ میں
لگا دے میرے پیارے میری مٹی بھی ٹھکانے سے

نہ پہنچے اُن کے قدموں تک نہ کچھ حسنِ عمل ہی ہے
حسنؔ کیا پوچھتے ہو ہم گئے گزرے زمانے سے

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# پکارو یارسول اللہ یا حبیب اللہ

یا رسول اللہ یا حبیب اللہ
پکارو یا رسول اللہ یا حبیب اللہ
تم بھی کر کے ان کا چرچا اپنے دِل چمکاؤ
اونچے میں اونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر پر لہراؤ
پکارو یا رسول اللہ یا حبیب اللہ

سرکار کی آمد مرحبا | دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا | سردار کی آمد مرحبا

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائش مولا کی دھوم
مثل فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے
خاک ہو جائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضا
دم میں جب تک دم ہے ذکر ان کا سناتے جائیں گے

سرکار کی آمد مرحبا | دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا | سردار کی آمد مرحبا
مل کر بولو مرحبا | جھوم کے بولو مرحبا

تم بھی کر کے انٰ کا چرچا اپنے دِل چمکاؤ
اُونچے میں اُونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر پر لہراؤ

Marfat.com

پکارو یارسول اللہ یا حبیب اللہ
یا حبیب کبریا یا اھلاً وسھلاً مرحبا
مصطفیٰ و مجتبیٰ یا اھلاً وسھلاً مرحبا
تاجدارِ انبیاء یا اھلاً وسھلاً مرحبا
مرسلیں کے پیشوا یا اھلاً وسھلاً مرحبا
سرکار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
تم بھی کر کے اُن کا چرچا اپنے دِل چمکاؤ
اونچے میں اونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر لہراؤ
پکارو یارسول یا حبیب اللہ
غیظ میں جل جائیں بے دینوں کے دل
یا رسول کی کثرت کیجیے
پکارو یارسول اللہ یا حبیب اللہ
پکارو یا رسول اللہ یا حبیب اللہ
چاند سا چمکاتے چہرہ نور برساتے ہوئے
آ گئے بدرالدجیٰ اھلاً وسھلاً مرحبا
آمنہ کے گھر میں آقا کی ولادت ہو گئی
مرحبا صلِ علیٰ اھلاً وسھلاً مرحبا

Marfat.com

سرکار کی آمد مرحبا　　　دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا　　　سردار کی آمد مرحبا
جھوم کے بولو مرحبا　　　لب چوم کے بولو مرحبا

یونہی کر کے اُن کا چرچا اپنے دِل چمکاؤ
اونچے میں اونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر میں لہراؤ
پکارو یا رسول اللہ یا حبیب اللہ
مومنو وقت ادب ہے آمد محبوب ربّ ہے
جائے آداب و طرب ہے آمد شاہِ عرب ہے
آمنہ بی بی کا جایا بارہویں تاریخ آیا
صبح و صادق نے سنایا صلوات اللہ علیک

یا رسول اللہ　　　یا حبیب اللہ
پکارو یا رسول اللہ　　　یا حبیب اللہ

راز دارِ کبریا یا اهلاً وسهلاً مرحبا
مظہر ربّ علی اهلاً وسهلاً مرحبا
آمنہ کے دِل ربا اهلاً وسهلاً مرحبا
اے حلیمہ کے پیا اهلاً وسهلاً مرحبا

سرکار کی آمد مرحبا　　　دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا　　　سردار کی آمد مرحبا

Marfat.com

یونہی کر کے اُن کا چرچا اپنے دِل چمکاؤ
اُونچے میں اُونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر میں لہراؤ

پکارو یا رسول اللہ یا حبیب اللہ
پکارو یا رسول اللہ یا حبیب اللہ

جھک گیا کعبہ سبھی بت منہ کے بل اوندھے گرے
دبدبہ آمد کا تھا اھلاً وسھلاً مرحبا
سوئی قسمت جاگ اُٹھی اور سب کی بگڑی بن گئی
باب رحمت وا ہوا اھلاً وسھلاً مرحبا

سرکار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا
نٹھار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا
جھوم کے بولو مرحبا لب چوم کے بولو مرحبا

یونہی کر کے اُن کا چرچا اپنے دِل چمکاؤ
اونچے میں اُونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر میں لہراؤ

پکارو یا رسول اللہ یا حبیب اللہ

خوب جھومو عاصیو وہ مسکرا کے آگئے
شافع روز جزا اھلاً وسھلاً مرحبا
حشر میں عطار ان کو دیکھتے ہی بول اٹھے
مرحبا یا مصطفیٰ اھلاً وسھلاً مرحبا

Marfat.com

سرکار کی آمد مرحبا　　سردار کی آمد مرحبا
دلدار کی آمد مرحبا　　سردار کی آمد مرحبا
ذرا جھوم کے بولو مرحبا　　لب چوم کے بولو مرحبا
لہرا کے بولو مرحبا　　لہرا کر بولو مرحبا

یونہی کر کے اُن کا چرچا اپنے دِل چمکاؤ
اونچے میں اونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر میں لہراؤ

پکارو یا رسول اللہ　　یا حبیب اللہ

یا رسول اللہ کے نعرے سے ہم کو پیار ہے
جس نے یہ نعرہ لگایا اُس کا بیڑا پار ہے
ہم نے یہ نعرہ لگایا اپنا بیڑا پار ہے

پکارو یا رسول اللہ　　یا حبیب اللہ
پکارو یا رسول اللہ　　یا حبیب اللہ

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# باتیں بھی مدینے کی راتیں بھی مدینے کی

باتیں بھی مدینے کی راتیں بھی مدینے کی
جینے میں یہ جینا ہے کیا بات ہے جینے کی
تعریف کے لائق جب الفاظ نہیں ملتے
تعریف کرے کوئی کس طرح مدینے کی
عرصہ ہوا طیبہ کی گلیوں سے وہ گزرے تھے
اس وقت بھی گلیوں میں خوشبو ہے پسینے کی
وہ اپنی نگاہوں سے مستانہ بناتے ہیں
زحمت بھی نہیں دیتے مے خوار کو پینے کی
یہ زخم ہے طیبہ کی یہ سب کو نہیں ملتا
کوشش نہ کرے کوئی اس زخم کو سینے کی
طوفان کی کیا پرواہ یہ بھول نہیں سکتا
ضامن ہے دُعا ان کی اُمت کے سفینے کی
ہر سال کے آنے کا اعزاز ملا مرزا
سرکار بناتے ہیں تقدیر کمینے کی

جناب مرزا صاحب

Marfat.com

# دل ہائے گناہوں سے بیزار نہیں ہوتا

دل ہائے گناہوں سے بیزار نہیں ہوتا
مغلوب شہا نفس بدکار نہیں ہوتا

شیطان مسلط ہے افسوس کسی صورت
اب صبر گناہوں پر سرکار نہیں ہوتا

اے رب کے حبیب آؤ اے میرے طبیب آؤ
اچھا یہ گناہوں کا بیمار نہیں ہوتا

یہ سانس کی مالا اب بس ٹوٹنے والی ہے
غفلت سے مگر اب بھی بیدار نہیں ہوتا

جینے کا مزا اس کو ملتا ہی نہیں جس کا
دلِ عشق محمد ﷺ سے سرشار نہیں ہوتا

جو یادِ مدینہ میں دن رات تڑپتے ہیں
دور ان سے مدینے کا دربار نہیں ہوتا

آقا کا گدا ہو کر عطار تو گھبرائے
گھبرائے وہی جس کا غم خوار نہیں ہوتا

حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# میں جو یوں مدینے جاتا تو کچھ اور بات ہوتی

میں جو یوں مدینے جاتا تو کچھ اور بات ہوتی
کبھی لوٹ کر نہ آتا تو کچھ اور بات ہوتی

میں مدینے تو گیا تھا یہ بڑا شرف تھا لیکن
وہیں دم جو ٹوٹ جاتا تو کچھ اور بات ہوتی

بزبان زائریں تو میں سلام بھیجتا ہوں
کبھی خود سلام لاتا تو کچھ بات ہوتی

یہاں قبر میں یقیناً تری دید مجھ کو ہو گی
جو بقیع میں قبر پاتا تو کچھ اور بات ہوتی

مری آنکھ جب بھی کھلتی تری رحمتوں سے آقا
تجھے سامنے ہی پاتا تو کچھ اور بات ہوتی

یہی آہ ! فکر دُنیا مرا دِل جلا رہی ہے
غم ہجر گر ستاتا تو کچھ اور بات ہوتی

کیوں مدینہ چھوڑ آیا تجھے کیا ہوا تھا عطار
وہیں گھر اگر بساتا تو کچھ اور بات ہوتی

مولانا محمد الیاس عطار قادری

---

Marfat.com

# اِک بار پھر مدینے عطار جا رہے ہیں

اِک بار پھر مدینے عطار جا رہے ہیں
آقا مدینے والے در پہ بلا رہے ہیں
قسمت کو اس تصور سے وجد آ رہے ہیں
رحمت کی بھیک دینے آقا بلا رہے ہیں
ہر دم جو اُن کے غم میں آنسو بہا رہے ہیں
جینے کا لطف ایسے عشاق پا رہے ہیں
حسن عمل ہمارے پلے میں کچھ نہیں ہے
آہوں کی آنسوؤں کی سوغات لا رہے ہیں
منظر ہے روح پرور' روضے کی جالیوں پر
عشاق آنسوؤں کے موتی لٹا رہے ہیں
اذن خدا سے ہو تم مختار ہر دو عالم
دونوں جہاں تمہارے خیرات کھا رہے ہیں
اِن کے کرم کے صدقے فضل وکرم سے اِن کا
عطار پیچھے پیچھے جنت میں جا رہے ہیں

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# پاٹ وہ کچھ دھار یہ کچھ زار ہم

پاٹ وہ کچھ دھار یہ کچھ زار ہم
یا الٰہی کیونکر اُتریں پار ہم

کس بلا کی مے سے ہیں سرشار ہم
دن ڈھلا ہوتے نہیں ہوشیار ہم

دُشمنوں کی آنکھ میں بھی پھول تم
دوستوں کی بھی نظر میں خار ہم

دم قدم کی خیر اے جاں مسیح
در پہ لائے ہیں دِل بیمار ہم

اپنی رحمت کی طرف دیکھیں حضور
جانتے ہیں جیسے ہیں بدکار ہم

با عطا تم شاہ تم مختار تم
بے نوا ہم زار ہم ناچار ہم

اُن کے آگے دعویٰ ہستی رضا
کیا بکے جاتا ہے یہ ہر بار ہم

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی

---

Marfat.com

# سائے میں تمہارے ہیں قسمت یہ ہماری ہے

سائے میں تمہارے ہیں قسمت یہ ہماری ہے
قربان دِل و جاں ہیں کیا شان تمہاری ہے
کیا پیش کروں تم کو کیا چیز ہماری ہے
یہ دِل بھی تمہارا ہے یہ جاں بھی تمہاری ہے
نقشہ تیرا دِلکش ہے صورت تیری پیاری ہے
جس نے تمہیں دِیکھا ہے سو جان سے واری ہے
گو لاکھ برے ہیں ہم کہلاتے تمہارے ہیں
اک نظر کرم کرنا یہ عرض ہماری ہے
ہم چھوڑ کے اس در کو جائیں تو کہاں جائیں
اک نام تمہارا ہے جو ہونٹوں پہ جاری ہے
تاجی تیرے سجدے سے زاہد کو جلن کیوں ہے
قدرت نے جبیں سائی قسمت میں اتاری ہے

ذہین شاہ تاجی

Marfat.com

# نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے

نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہے اس کو نواز دے یہ در حبیب کی بات ہے

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

وہ بھٹک کے راہ میں رہ گئی یہ مچل کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی شان تھی یہ کسی غریب کی بات ہے

میں بروں سے لاکھ برا سہی مگر ان سے ہے مرا واسطہ
مری لاج رکھ لے میرے خدا یہ تیرے حبیب کی بات ہے

تجھے اے منور بے نوا در شہ سے چاہیے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنا تو بڑے نصیب کی بات ہے

منور بدایونی

Marfat.com

# چھوڑ فکر دُنیا کی چل مدینے چلتے ہیں

چھوڑ فکر دُنیا کی چل مدینے چلتے ہیں
مصطفیٰ غلاموں کی قسمتیں بدلتے ہیں
رحمتوں کی چادر کے سر پہ سائے چلتے ہیں
مصطفیٰ کے دیوانے گھر سے جب نکلتے ہیں
صرف ساری دنیا میں وہ ہے کوچۂ احمد
جس جگہ پہ ہم جیسے کھوئے سکے چلتے ہیں
نقش کر لے سینے پر نام سرور دین کا
یہ وہ نام ہ جس سے سب عذاب ٹلتے ہیں
ذکر شاہ بطحا کو ورد اب بنا لیجئے
یہ وہ ذکر ہے جس سے غم خوشی میں ڈھلتے ہیں
اس کو کیا ضرورت ہے عطر مشک و عنبر کی
خاک جو مدینے کی اپنے تن پہ ملتے ہیں
سچ ہے غیر کا احسان ہم کبھی نہیں لیتے
اے علیم آقا کے ہم ٹکڑوں پہ پلتے ہیں

علیم الدین علیم

Marfat.com

# روک لیتی ہے آپ کی نسبت تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں

روک لیتی ہے آپ کی نسبت تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں
یہ کرم ہے حضور کا ہم پر آنے والے عذاب ٹلتے ہیں

وہ ہی بھرتے ہیں جھولیاں سب کی وہ سمجھتے ہیں بولیاں سب کی
آؤ بازار مصطفیٰ کو چلیں کھوٹے سکے وہیں پہ چلتے ہیں

اپنی اوقات صرف اتنی ہے کیا ہیں ہم بات صرف اِتنی ہے
کل بھی ٹکڑوں پہ ان کے پلتے تھے اب بھی ٹکڑوں پہ ان کے پلتے ہیں

اب کوئی کیا ہمیں گرائے گا ہر سہارا گلے لگائے گا
ہم نے خود کو گرا دیا ہے وہاں گرنے والے جہاں سنبھلتے ہیں

اُن کے دامن کو چھوڑنے والے اس تعلق کو توڑنے والے
سانس لیتے ہیں بحرِ ظلمت میں نامرادی پہ ہاتھ ملتے ہیں

ذکرِ سرکار کے اُجالوں کی بے نہایت ہیں رفعتیں خالدؔ
یہ اُجالے کبھی نہ سمٹیں گے یہ وہ سورج نہیں جو ڈھلتے ہیں

خالد محمود خالد

Marfat.com

# سب کی بگڑی بنانا تیرا کام ہے

تاج والے میں قربان تری شان پر سب کی بگڑی بنانا تیرا کام ہے
ٹھوکریں کھا کے گرنا مرا کام ہے ہر قدم پر اٹھانا ترا کام ہے

ساقیا جان قرباں ترے جام پر ہو نگاہِ کرم اپنے خدام پر
چھوڑ دی ہم نے کشتی ترے نام پر اب کنارے لگانا ترا کام ہے

ظلم جانوں پہ جب بے بہا کر لیے جرم عصیاں شہا حد سے جب بڑھ گئے
تیرے مجرم تیرے در پہ حاضر ہوئے اب انہیں بخشوانا ترا کام ہے

پوری سرکار سب کی تمنا کرو ہر بھکاری کی داتا جی جھولی بھرو
دور طیبہ سے روتے تڑپتے ہیں جو اُن کو در پہ بلانا ترا کام ہے

تو نے قطرے کو دیکھا گوہر کر دیا تو نے ذرّے کو دیکھا تو زر کر دیا
تو نے حبشی کو رشکِ قمر کر دیا الٹا سورج پھرانا ترا کام ہے

کس سے جا کر شہا غم کی حالت کہیں کس کے در پر یہ فریاد صائم کرے
تیری نعتیں سنانا مرا کام ہے اپنے در پر بلانا ترا کام ہے

الحاج صائم چشتی رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

# بلالو پھر مجھے اے شاہ بحر و بر مدینے میں

بلا لو پھر مجھے اے شاہ بحر و بر مدینے میں
میں پھر روتا ہوا آؤں تیرے در پر مدینے میں

میں پہنچوں کوئے جاناں میں گریباں چاک سینہ چاک
گرا دے کاش مجھ کو شوق تڑپا کر مدینے میں

مدینے جانے والو جاؤ' جاؤ فی امان اللہ
کبھی تو اپنا بھی لگ جائے گا بستر مدینے میں

سلام شوق کہنا حاجیو میرا بھی رو رو کر
تمہیں آئے نظر جب روضۂ انور مدینے میں

مدینے جب میں پہنچوں کاش ایسا کیف طاری ہو
کہ روتے روتے گر جاؤں میں غش کھا کر مدینے میں

نہ ہو مایوس دیوانو پکارے جاؤ تم اُن کو
بلائیں گے تمہیں بھی اک دن سرور مدینے میں

مدینہ اس لیے عطار جان و دِل سے پیارا ہے
کہ رہتے ہیں مرے آقا مرے دِلبر مدینے میں

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# خوشا جھومتا جارہا ہے سفینہ

خوشا جھومتا جا رہا ہے سفینہ
پہنچ جائیں گے انشاء اللہ مدینہ

اب آیا کہ اب آیا جدہ کا ساحل
اب آئے گا مکہ چلیں گے مدینہ

میں مکے میں جا کر کروں گا طواف اور
نصیب آب زم زم مجھے ہو گا پینا

خدایا مدینہ نظر آئے جوں ہی
تڑپ کر گروں دے دے ایسا قرینہ

نہ کیوں میری قسمت پر رشک آئے مجھ کو
کہاں وہ مدینہ کہاں میں کمینہ

رہے وردِ لب کاش ! ہر دم الٰہی
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

تڑپ اٹھے آقا کے دیوانے عطار
مدینے کی جانب چلا جب سفینہ

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# بھیک عطا اے نبی محتشم ہو

بھیک عطا اے نبی محتشم ہو
میرے آقا نگاہِ کرم ہو
دید کا ہوں طلب گار آقا ہوں اگرچہ گنہگار آقا
اک جھلک اپنی سرکار آقا اب دکھا دو نہ اک بار آقا
اِس گنہگار پر بھی کرم ہو میرے آقا نگاہِ کرم ہو

چھوٹ جائے گناہوں کی عادت ربّ کی دِل سے کروں میں عبادت
ایسی کر دے تو نظرِ عنایت بس ترے ہی غم میں ماہِ رسالت
دل تڑپتا رہے آنکھ نم ہو میرے آقا نگاہِ کرم ہو

یاد آتا ہے مجھ کو وہ منظر جب چلا تھا مدینے سے دلبر
مضطرب قلب تھا آنکھ تھی تر اس گھڑی عرض تھی یہ زباں پر
بار بار آؤں ایسا کرم ہو میرے آقا نگاہِ کرم ہو

ہے یقیں عرض میری سنو گے لاج لج پال میری رکھو گے
رحمتِ خاص اپنی کرو گے آج دامن میرا بھی بھرو گے
یانبی تاجدارِ حرم ہو میرے آقا نگاہِ کرم ہو

Marfat.com

# زائر کوئے جناں آہستہ چل

زائر کوئے جناں آہستہ چل
دیکھ آیا ہے کہاں آہستہ چل
جیسے بھی چاہے جہاں میں گھوم پھر
یہ مدینہ ہے یہاں آہستہ چل
حاضری میں ہیں ملک ستر ہزار
قدسیوں کے درمیاں آہستہ چل
بارگاہ ناز میں آہستہ بول
ہو نہ سب کچھ رائیگاں آہستہ چل
در پہ پہنچا ہوں بڑی مدت کے بعد
اے مری عمر رواں آہستہ چل
در پہ پہنچا ہوں جو میں قسمت سے آج
کیوں کہوں عمر رواں آہستہ چل
دیکھ لوں جی بھر کے شہر مصطفیٰ
میرے میرِ کارواں آہستہ چل

حنیف نازش

Marfat.com

# یارب ہے یہی دِل کی صدا اب کے برس بھی

یا رب ہے یہی دِل کی صدا اب کے برس بھی
رکھنا مجھے مصروف ثناء اب کے برس بھی
دیدارِ مدینہ کو ترستی رہی آنکھیں
پیغام نہیں لائی صبا اب کے برس بھی
برسوں سے میرے دِل میں ہے تنہائی کا موسم
دیکھی نہ مدینے کی فضا اب کے برس بھی
تنہائی کا خنجر ہے میری روح میں پیوست
مرہم ہو مرا خاک شفا اب کے برس بھی
بارش کو برستے ہوئے دیکھوں میں حرم میں
آنکھوں میں ہے اک خواب نیا اب کے برس بھی
دربار میں آکر میں سناؤں نئی نعتیں
ہو جائے اِجازت جو شہا اب کے برس بھی
خوش ہو کے محبت سے کیے اہلِ محبت
دیوان اُجاگر کا چھپا اب کے برس بھی

نثار علی اُجاگر

Marfat.com

# بات جو کیجیے اور جب کیجیے

بات جو کیجیے اور جب کیجیے
ساتھ میں ذکرِ محبوب ربّ کیجیے
چاہتے ہو ملے ذوقِ آنسو بہیں
لغو باتوں سے بندا اپنے لب کیجیے
لو وہ مینار و گنبد نظر آ گئے
اب سلام عرض سب با ادب کیجیے
سبز گنبد کے سائے تلے ہیں کھڑے
خوب تقدیر پر رشک اب کیجیے
رو برو جالیوں کے کھڑے ہیں حضور
بھیک عطا میرے ماہ عرب کیجیے
در پہ آ کے بھکاری پھرے نا مراد
یہ گوارہ بھلا آپ کب کیجیے
وہ نوازیں گے خالی نہ لوٹائیں گے
ان سے حاجات عرض اپنی سب کیجیے

Marfat.com

مر رہا ہوں گناہوں کے امراض سے
اِک نظر جانبِ جاں بلب کیجیے
قلب تاریک پر رکھ کے اپنا قدم
چاند نا میرے ماہِ عرب کیجیے
سن کے فریاد امداد کو آ گئے
یاد عبید رضاؔ اُن کو جب کیجیے



Marfat.com

# جب گنبدِ خضریٰ پہ وہ پہلی نظر گئی

جب گنبدِ خضریٰ پہ وہ پہلی نظر گئی
آنکھوں کے راستے میرے دِل میں اتر گئی
سر خم تھا لب خاموش تھے آنکھیں تھیں اشک بار
اِک ساعت بیدار تھی جو کہ گزر گئی
طیبہ سے لوٹنا کسی عاشق سے پوچھئے
ایسا لگے کہ روح بدن سے گزر گئی
برسی تھی اِس قدر کہ نہا سا گیا اِدھر
وہ بارش کرم میرے داماں کو بھر گئی
دِل بھی ہے شاد شاد طبیعت ہے پر بہار
لگتا ہے آج میری مدینے خبر گئی
آواز عبیدؔ تیری بفیضانِ نعت ہی
سینوں میں عاشقانِ نبی کے اُتر گئی

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# مانگنے کا مزہ ہے دریار پر

مانگنے کا مزہ ہے دریار پر
ہر طلب پر عطا ہے دریار پر

کون لب کھولتا ہے دربار پر
بے طلب مل رہا ہے دریار پر

مانگ اُن سے نہیں جن کے لب پر نہیں
جو بھی مانگا ملا ہے دریار پر

بخش دے یا خدا سن کے فرماں تیرا
آج حاضر گدا ہے دریار پر

کیوں نہ مانگے عبیدؔ اُن کے در پر قضا
جی گیا جو مرا ہے درِ یار پر

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# وہ روضۂ اقدس کی طلب گار ہیں آنکھیں

وہ روضۂ اقدس کی طلب گار ہیں آنکھیں
سچ پوچھو تو خود راہ کی دِیوار ہیں آنکھیں

ہر رات چلی جاتی ہے یہ چپکے سے مدینے میں
مجھ سے بھی چھپاتی ہیں پر اسرار ہیں آنکھیں

جس شہر میں بک جاتے ہیں خود آ کے خریدار
اُس شہر میں آوارہ بازار ہیں آنکھیں

یہ بات میں کن لفظوں میں سمجھاؤں کسی کو
اب خواب کے عالم میں بھی بیدار ہیں آنکھیں

Marfat.com

# حاضر ہیں درِ دولت پہ گدا سرکار توجہ فرمائیں

حاضر ہیں درِ دولت پہ گدا سرکار توجہ فرمائیں سرکار توجہ فرمائیں
محتاج نظر ہے حال مرا سرکار توجہ فرمائیں سرکار توجہ فرمائیں

میں کب آنے کے قابل تھا رحمت نے یہاں تک پہنچایا
سرکار پہ تن من جان فدا سرکار توجہ فرمائیں سرکار توجہ فرمائیں

میں کر کے ستم اپنی جاں پر قرآن میں جاؤں گا پڑھ کر
آیا ہوں بہت شرمندہ سا سرکار توجہ فرمائیں سرکار توجہ فرمائیں

آنسو آنسو ہیں فریادی اور عرض کرم ہچکی ہچکی
دھڑکن دھڑکن دیتی ہے صدا سرکار توجہ فرمائیں سرکار توجہ فرمائیں

اک میں ہی نہیں پوری اُمت ساری دُنیا ساری خلقت
تکتی ہے رستہ رحمت کا سرکار توجہ فرمائیں سرکار توجہ فرمائیں

•

( )

Marfat.com

# ہم پر نظر حضور یونہی آپ کی رہے

ہم پر نظر حضور یونہی آپ کی رہے
جیسے بنی ہوئی ہے ہماری بنی رہے
سیراب ہو نہ جاؤں میں جلوؤں سے آپ کے
جب تک میری حیات رہے تشنگی رہے
اُترے حضور دِل پہ میرے نعت آپ کی
ہر رات یونہی گھر پہ میرے چاندنی رہے
میں تو حضور آپ کے دامن میں چھپ گیا
اب گردش حیات مجھے ڈھونڈتی رہے
باب حرم کے سامنے پہنچوں کچھ اس طرح
شرم و حیا کے بار سے گردن جھکی رہے
جب تک جمال شہر نبی کا ہو تذکرہ
مسرور میری آنکھ یونہی بند ہی رہے

مسرور کیفی

Marfat.com

# بیٹھتے اُٹھتے نبی کی گفتگو کرتے رہے

بیٹھتے اُٹھتے نبی کی گفتگو کرتے رہے
عشق والے ہیں جو اُن کی آرزو کرتے رہے

عاشقانِ مصطفیٰ ہر دور میں ہر موڑ پر
آپ کے نقش قدم کی جستجو کرتے رہے

قابل صد رشک ہے اُن کا طریق بندگی
جو نمازی اپنے اشکوں سے وضو کرتے رہے

اہلِ ایمان نے کیے سجدے عجب انداز سے
سر کٹا کے اپنے سر کو سرخرو کرتے رہے

دو جہاں میں وہ ظہوری پا گئے ہیں آبرو
جو بھی نامِ مصطفیٰ کی آبرو کرتے رہے

محمد علی ظہوری

Marfat.com

# سرورانبیاء مظہر کبریا یا نبی مصطفیٰ تو وراء الوریٰ

سرور انبیاء مظہر کبریا یا نبی مصطفیٰ تو وراء الوریٰ
مطلع کن فکاں مقطع مرسلاں شاہ عرض و سماں تو وراء الوریٰ

میرے جرم خطا سے ہیں دامن بھرے تیرے ماتھے شفاعت کے سہرے سجے
میں خطا ہی خطا تو عطا ہی عطا یا حبیب خدا تو وراء الوریٰ

رُک گئے کہہ کے سدرہ پہ روح الامیں یا نبی آگے جانے کی ہمت نہیں
تم ہو محبوب رب میں تمہارے سبب میری اوقات کیا تو وراء الوریٰ

اپنی اُلفت سے بھر دے تو سینہ میرا اللہ رکھے سلامت مدینہ تیرا
صدقۂ حسنین کا بھر دو کاسہ میرا میرے حاجت روا تو وراء الوریٰ

تیری چوکھٹ سے جائے نیازی کہاں ہو نگاہِ کرم والیٔ دو جہاں
سیّدی مرشدی یا نبی یا نبی میں کجا تو کجا تو وراء الوریٰ

عبدالستار نیازی

Marfat.com

# کچھ ایسا کر دے میرے کردگار آنکھوں میں

کچھ ایسا کر دے میرے کردگار آنکھوں میں
ہمیشہ نقش رہے روئے یار آنکھوں میں
وہ نور دے میرے پروردگار آنکھوں میں
جلوہ گر رہے رُخ کی بہار آنکھوں میں
بسا ہوا ہے کوئی گل عذار آنکھوں میں
کھلا ہے چار طرف لالہ زار آنکھوں میں
اِنہیں نہ دیکھا تو کس کام کی ہیں یہ آنکھیں
کہ دیکھنے کی ہے ساری بہار آنکھوں میں
بصر کے ساتھ بصیرت بھی خوب روشن ہو
لگاؤں خاک قدم بار بار آنکھوں میں
نظر میں کیسے سمائیں گے پھول جنت کے
بس چکے ہیں مدینے کے خار آنکھوں میں
یہ دِل تڑپ کے کہیں آنکھوں میں نہ آجائے
کہ پھر رہا ہے کسی کا مزار آنکھوں میں

مصطفیٰ رضا نوری رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

# اپنے دامانِ شفاعت میں چھپائے رکھنا

اپنے دامانِ شفاعت میں چھپائے رکھنا
مرے سرکار میری بات بنائے رکھنا
میں نے مانا کہ کمینہ ہوں مگر آپ کا ہوں
مجھ نکمے کو بھی سرکار نبھائے رکھنا
کسی منصب کا طلبگار ہوں نہ دُنیا کا
خاک ہوں میں مجھے قدموں سے لگائے رکھنا
آپ کی یاد سے آباد ہے دِل میرا حضور
بندہ پرور میری ہستی کو بسائے رکھنا
آپ یاد آئے تو پھر یاد نہ آئے کوئی
غیر کی یاد میرے دِل سے بھلائے رکھنا
شاید اس راہ سے خالد میرے آقا گزریں
اپنی پلکوں کو سرراہ بچھائے رکھنا

خالد محمود خالد

Marfat.com

# کعبے کے در کے سامنے مانگی ہے یہ دُعا فقط

کعبے کے در کے سامنے مانگی ہے یہ دُعا فقط
ہاتھوں میں حشر تک رہے دامنِ مصطفیٰ فقط

نزع کے وقت جب میری سانسوں میں اِنتشار ہو
میری نظر کے سامنے گنبد ہو وہ ہرا فقط

طیبہ کی سیر کو چلیں قدموں میں اُن کے جان دیں
دفن ہوں اُن کے شہر میں ہے یہی التجا فقط

دُنیا کی ساری نعمتیں میری نظر میں ہیچ ہوں
رکھنے کو سر پہ گر ملے نعلین مصطفیٰ فقط

نعتِ رسول پاک ہے نظمی کا مقصد حیات
قبر میں بھی لبوں پہ ہو سرکار کی ثناء فقط

Marfat.com

# جامِ اُلفت کا پلا دو یا رسول

جامِ اُلفت کا پلا دو یا رسول
اپنا دیوانہ بنا دو یا رسول
میری قسمت کو جگا دو یا رسول
اک جھلک اپنی دکھا دو یا رسول
خواب میں تشریف لا کر ایک بار
دِید کا شربت پلا دو یا رسول
آ گیا بیمار اے میرے طبیب
دو شفائے کا ملہ دو یا رسول
عمر بھر تیری ثناء خوانی کروں
ہر رکاوٹ کو ہٹا دو یا رسول
وہ کبھی بھی اُٹھ نہیں سکتا جسے
تم نگاہوں سے گرا دو یا رسول
سن کے جاؤ گے ہوا حاضر غلام
اپنے رب سے بخشو دو یا رسول

Marfat.com

بخش دے گا ہر خطا میری خدا
تم ذرا لب کو ہلا دو یا رسول

رو سیاہ ننگ خلائق بے عمل
آ گیا بخشش دلا دو یا رسول

عمر عصیاں بے سبب برباد ہے
تم خطائیں بخشوا دو یا رسول

نہ کہوں تم سے پھر کس سے کہوں
میری بگڑی کو بنا دو یا رسول

چاند کو انگلی سے مہب پاک میں
جس طرف چاہو جھکا دو یا رسول

سوئی مل جائے اندھیرا بھی ہو گر
تم جو آ کر مسکرا دو یا رسول

بو جہل کے ہاتھ میں کنکر بھی
چاہو تو کلمہ پڑھا دو یا رسول

ہے بڑا ویراں شہا قلب عبید
اپنے جلووں سے بسا دو یا رسول

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# کیا ربیع الاوّل آیا لے کے تحفہ نور کا

کیا ربیع الاوّل آیا لے کے تحفہ نور کا
جس نے دیکھا ہو گیا وہ دِل سے شیدا نور کا
بارہویں تاریخ کو چمکا جو تارا نور کا
مٹ گئیں تاریکیاں پھیلا اُجالا نور کا
گلشن اسلام میں کیا پھول پھولا نور کا
جس کو دیکھو اب وہی پڑھتا ہے کلمہ نور کا
محفل میلاد پر ہے شامیانہ نور کا
کیوں نہ آنکھوں میں سمائے آستانہ نور کا
شمس ابھرا ڈوب کر دیکھا کرشمہ نور کا
چاند دو ٹکڑے ہوا پا کر اشارہ نور کا
کیا کمی ہے نور کی اور کیا ہے توڑا نور کا
بٹ رہا ہے ہر طرف توڑے پہ توڑا نور کا
فیض احمد سے ملا محمود ورثہ نور کا
شکر ہے بخشا ہمیں تو نے گھرانہ نور کا

محمود قادری

Marfat.com

# مبارک ہو مبارک ہو شہہ اِبرار آتے ہیں

مبارک ہو مبارک ہو شہہ اِبرار آتے ہیں
حبیب کبریا کونین کے سردار آتے ہیں
درودوں کی سلاموں کی سجا کر ڈالیاں لاؤ
کہ اب صلِ علیٰ کے مالک و حق دار آتے ہیں
وہ آتے ہیں کہ جن کے دید کی مشتاق تھیں آنکھیں
وہ آتے ہیں خدا کو جن پہ لاکھوں پیار آتے ہیں
کرے گا آسماں جن پر نچھاور چاند اور تارے
وہ دُنیا کے دلارے احمد مختار آتے ہیں
مسلمانوں کو اس سے اور کیا بڑھ کر خوشی ہو گی
کہ مہماں ان کے ہو کر سیّد اِبرار آتے ہیں
لٹاؤ مال و زر اپنا خوشی میں اُن کے آنے کی
مسلمانوں تمہارے مونس و غمخوار آتے ہیں
کھڑے ہو کر ادب سے دست بستہ پڑھ سلام اُن پر
ارے فائق ترے آقا تیرے سرکار آتے ہیں

فائق

Marfat.com

# تیرے صدقے تیرے قرباں عید میلاد النبی

تیرے صدقے تیرے قرباں عید میلاد النبی
مغفرت کے لائی ساماں عید میلاد النبی
ہر نظر ہے کیف ساماں عید میلاد النبی
دونوں عالم مست و رقصاں عید میلاد النبی
جان دیں ہے روحِ ایماں عید میلاد النبی
کیوں نہ ہوں کونین قرباں عید میلاد النبی
اب نہیں پھولے سماتے ان سے جو وابستہ ہیں
آئی ہے رحمت بداماں عید میلاد النبی
قدسیانِ عرش وہ حور و ملک جن و بشر
ہیں ترے ہی زیر احساں عید میلاد النبی
اللہ اللہ آمنہ کا گھر ہے آج نور دنور
اور ہیں جبریل درباں عید میلاد النبی
بیدلؔ خاطیؔ خطاؤں سے ہراساں کیوں ہے تو
لائی ہے بخشش کے عنواں عید میلاد النبی

(صلی اللہ علیہ وسلم)

بیدل خاطی

Marfat.com

# کونین کے گوشے گوشے پہ چھائی ہوئی رحمت ہوتی ہے

کونین کے گوشے گوشے پہ چھائی ہوئی رحمت ہوتی ہے
محبوبِ خدا کی دنیا میں جب عید ولادت ہوتی ہے
اس جانِ بہار کی آمد سے ہر ایک روش ہر گلشن میں
کھلتے ہیں شگوفے رحمت کے انوار کی کثرت ہوتی ہے
تخلیق میں پہلے نور اُن کا آخر میں ہوا ہے ظہور اُن کا
تکوین جہاں ہے ان کے لیے ختم ان پہ نبوت ہوتی ہے
میثاق کے دِن سب نبیوں سے اِقرار لیا تھا اِن کے لیے
اب آتے ہیں وہ سردار رسل اب اِن کی ولادت ہوتی ہے
اقصیٰ میں جماعت نبیوں کی دیکھی تو فرشتے بول اُٹھے
کیا خوب جماعت ہوتی ہے کیا خوب امامت ہوتی ہے
تھے جن و بشر حور و غلماں استادہ پئے تعظیم نبی ﷺ
کیوں لوگ قیام کے منکر ہیں کیا ان پہ قیامت ہوتی ہے
تحمید خدا توصیف نبی تسبیح و ثناء تعظیم نبی ﷺ
میلادِ النبی کی ہر محفل و عنواں عبادت ہوتی ہے

Marfat.com

# مومنو مل کے خوشیاں مناؤ سرور انبیاء آ گئے ہیں

مومنو مل کے خوشیاں مناؤ سرور انبیاء آ گئے ہیں
گیت ان کی محبت کے گاؤ وہ حبیبِ خدا آ گئے ہیں

جب ولادت ہوئی مصطفیٰ کی ہر طرف سے یہ آتی صدا تھی
مانگ لو مانگنا جو بھی چاہو سب کے حاجت روا آ گئے ہیں

آؤ اے بے کسوں بے نواؤں جو مرادیں دلی ہیں وہ پاؤ
بانٹنے کو نواسوں کا صدقہ دیکھو خیر الوریٰ آ گئے ہیں

ہے منور منور فضائیں اور معطر معطر ہوائیں
لے کے جبریلؑ پیغام راحت پڑھتے صلِ علیٰ آ گئے ہیں

وہ ہیں مختار کون و مکاں کے وہ ہیں سلطان دونوں جہاں کے
بھیک کے واسطے ان کے در پر شاہ بن کے گدا آ گئے ہیں

جشن میلاد ہے اک خوشی ہے فرش تا عرش محفل سجی ہے
نعت طاہر سنو اور سناؤ آج صلِ علیٰ آ گئے ہیں

محمد طاہر قادری

Marfat.com

# محمد مصطفیٰ جیسا کوئی آیا نہ آئے گا

محمد مصطفیٰ جیسا کوئی آیا نہ آئے گا
شہہ ہر دوسرا جیسا کوئی آیا نہ آئے گا
ہزاروں انبیاء آئے ہزاروں راہنما آئے
حبیب کبریا جیسا کوئی آیا نہ آئے گا
تمام اوصاف کی تکمیل کی خاطر انہیں بھیجا
رسول مجتبیٰ جیسا کوئی آیا نہ آئے گا
صحیفوں اور کتابوں میں زمینوں آسمانوں میں
شہہ ارض و سما جیسا کوئی آیا نہ آئے گا
مسلسل ذکر ہو اُن کا جو سب کے مقتدا ٹھہرے
اب ایسے رہنما جیسا کوئی آیا نہ آئے گا
عزیز الدین خاکی اختتام نعت پر کہہ دو
امام الانبیاء جیسا کوئی آیا نہ آئے گا

عزیز الدین خاکی القادری

Marfat.com

# اوج پانا میرے حضور کا ہے

اوج پانا میرے حضور کا ہے
عرش جانا میرے حضور کا ہے
لائے جنت سے جبرائیل براق
آج جانا میرے حضور کا ہے
عرش سے بھی پرے وہ ہو آئے
آنا جانا میرے حضور کا ہے
لعل و یاقوت و نیلم و مرجان
ہر خزانہ میرے حضور کا ہے
دینے والی ہے ذات اللہ کی
پر دلانا میرے حضور کا ہے
بیٹھے بیٹھے مدینہ گھوم آئے
کیا بلانا میرے حضور کا ہے
دل عبید رضا کا ہے گلشن
دل سجانا میرے حضور کا ہے

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# نور سے اپنے سرور عالم دنیا جگمگانے آئے

نور سے اپنے سرور عالم دنیا جگمگانے آئے
غم کے ماروں دکھیاروں کو سینے سے لگانے آئے

نورِ نگاہ انبیاء میرے حضور آگئے
شان و نشان کبریا میرے حضور آگئے

نکھرا ہوا ہے روئے گل پھیلی ہوئی ہے بوئے گل
بن کے بہارِ جانفزا میرے حضور آ گئے

اشکوں سے بھر کہ جھولیاں آنکھیں بچھا دو راہ میں
صل علیٰ کی دو صدا میرے حضور آ گئے

نور سے اپنے سرور عالم دُنیا جگمگانے آئے
غم کے ماروں دکھیاروں کو سینے سے لگانے آئے

صائم کمال ذوق سے قلب و نظر کو شوق سے
راہوں میں آج دو بچھا میرے حضور آ گئے

صائم چشتی

Marfat.com

# داغِ فرقت طیبہ قلب مضمحل جاتا

داغِ فرقت طیبہ قلب مضمحل جاتا
کاش گنبدِ خضریٰ دیکھنے کو مل جاتا

دم میرا نکل جاتا ان کے آستانے پر
ان کے آستانے کی خاک میں' میں مل جاتا

موت لے کے آ جاتی زندگی مدینے میں
موت سے گلے مل کر زِندگی میں مل جاتا

وہ خرام فرماتے میرے دیدۂ دِل پر
دیدہ میں فدا کرتا صدقے میرا دِل جاتا

اُن کے در پہ اختر کی حسرتیں ہوئی پوری
سائل در اقدس کیسے منفعل جاتا

اختر رضا بریلوی

Marfat.com

# گزرے جس راہ سے وہ سیّد والا ہو کر

گزرے جس راہ سے وہ سیّد والا ہو کر
رہ گئی ساری زمیں عنبر سارا ہو کر

رُخ انور کی تجلی جو قمر نے دیکھی
رہ گیا بوسہ دہ نقش کف پا ہو کر

چمن طیبہ ہے کہ وہ باغ کہ مرغ سدرہ
برسوں چہکے ہیں جہاں بلبل شیدا ہو کر

وائے محرومی قسمت کہ پھر اب کی برس
رہ گیا ہمرہ زوّار مدینہ ہو کر

صرصر دشت مدینہ کا مگر آیا خیال
رشک گلشن جو بنا غنچۂ دِل وا ہو کر

گوش شہ کہتے ہیں فریاد رسی کو ہم ہیں
وعدہ چشم سے بخشائیں گے گویا ہو کر

ہے یہ اُمید رضا کو تری رحمت سے شہا
نہ ہو زندانیٔ دوزخ ترا بندہ ہو کر

امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

Marfat.com

# آگئے مژدہ شفاعت کا سنانے والے

آ گئے مژدہ شفاعت کا سنانے والے
نارِ دوزخ سے غلاموں کو بچانے والے
تو جلا سکتی نہیں ہم کو جہنم سن لے
ہم تو ہیں جشن ولادت کا منانے والے
مر کے جب پہنچا لحد میں تو نکیروں نے کہا
مرحبا نعت شہ دیں کی سنانے والے
ہے مقدر میں بلندی ہی بلندی اپنے
ہم تو ہیں قدموں میں سر اُن کے جھکانے والے
کاش سرکار سر حشر کہیں مجھ سے عبید
آ جا دامن میں مرے نعت سنانے والے

محمد اویس عبید رضا

Marfat.com

# خوشی سب ہی مناتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں

خوشی سب ہی مناتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں
دِیوانے جھوم جاتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں
ولادت کی گھڑی آئی بہار اب جھوم کر آتی
وہ دیکھو آ گئے آقا دِیوانے دھوم مچاتے ہیں
خوشی ہے آمنہ کے گھر وہ آئے نور کے پیکر
جو پیدا ہو کے سجدے میں سر انور جھکاتے ہیں
دھن بھی نور نور ہے بدن بھی نور نور ہے
حضورِ حق کے لاتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں
سرکار کی آمد مرحبا — دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا — سردار کی آمد مرحبا
خوشی سب ہی مناتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں
دیوانے دھوم مچاتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں

Marfat.com

# ایسا لگتا ہے مدینے جلد وہ بلوائیں گے

ایسا لگتا ہے مدینے جلد وہ بلوائیں گے
جائیں گے جا کر انہیں زخم جگر دِکھلائیں گے
خشک اشکِ عشق نے سے آنکھیں دِل بھی سخت ہے
آپؐ ہی چاہیں گے تو آقا ہمیں تڑپائیں گے
موت اب تو گنبدِ خضریٰ کے سائے میں ملے
کب تک آقا در بدر کی ٹھوکریں ہم کھائیں گے
اے خوشا ! تقدیر سے گر ہم کو منظور ملی
رکھ کے سر دہلیز پر سرکار کی مر جائیں گے
روتے روتے گر پڑیں گے اُن کے قدموں میں وہاں
روز محشر شافع محشر نظر جب آئیں گے
خلد میں ہو گا ہمارا داخلہ اِس شان سے
یا رسول اللہ کا نعرہ لگاتے جائیں گے
حشر میں کیسے سنبھالوں گا میں اپنے آپ کو
آ مرے عطار' وہ جب وہاں فرمائیں گے

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# تیری چوکھٹ پہ منگتا تیرا آ گیا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

تیری چوکھٹ پہ منگتا تیرا آ گیا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا
میں سراپا خطا تو سراپا عطا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

مجھ کمینے پہ تو نے یہ احساں کیا ماہ رمضان اپنا مہماں کیا
یہ تیرا ہی کرم ہے تیری ہی عطا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

میں تو قابل نہ تھا اے شہ دو جہاں مجھ سا پاپی کہاں اور تیرا در کہاں
یہ تیرا ہی کرم ہے تیری ہی عطا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

تیرے روضے کا دِیدار جس نے کیا تجھ سے مژدہ شفاعت کا اُس نے لیا
میں بھی تو ہو گیا آج حاضر شہا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

تیرے ہی سر سجا ہے شفاعت کا تاج لاج والے تیرے ہاتھ ہے میری لاج
بخشوانا مجھے بھی بروزِ جزا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

دور رنج والم سارے کر دے شہا میرے دامن کو بھی آج بھر دے شہا
در پہ آیا تیرے بھیک لینے گدا۔ میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

Marfat.com

کب پیوں گا میں شربت تری دِید کا اب تو رکھ لے بھرم میری اُمید کا
اِک جھلک ہی خدارا دکھادے شہا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

بے سہارا ہوں میں غم کا مارا ہوں میں لاکھ پاپی سہی پر تمہارا ہوں میں
بہر غوث الوریٰ اپنے سینے لگا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

جان دُنیا کے غم میں سلگتی رہی آنکھ میری اِسی غم میں بہتی رہی
اس کو بہر رضا اپنے غم میں رُلا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

مبتلا معصیت میں ہوں ایسا ہوا سوچ میری ہوئی دِل بھی گندا ہوا
مرض عصیاں سے پاؤں گا کب میں شفا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

اے کس بے کساں در تیرا چھوڑ کر جھڑکیاں غیر کی کھانے جاؤں کدھر
تیرے ٹکڑوں پہ پلتا رہوں میں سدا میری بگڑی بنا دے شہ دوسرا

جب مدینے سے رُخصت میں ہونے لگوں ہچکیاں کاش باندھ کر میں رونے لگوں
مجھ کو سوزِ جگر کر دے ایسا عطا میں بگڑی بنادے شہ دوسرا

ہے مقدر میں گر لوٹنا اپنے گھر کاش ہو جائے ایسا کہ قلب و جگر
چھوڑ جائیں ادھر یہ عبید رضا میری بگڑی بنادے شہ دوسرا

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# مچل مچل کے چلو یار نے پکارا ہے

مچل مچل کے چلو یار نے پکارا ہے
قسم خدا کی وہیں خلد کا نظارا ہے
وہ دیکھو کعبے کا میزاب وجد کرتا ہے
خدا کے پیارے نبی کی طرف اشارا ہے
حبیب اور محبّ کا یہ پیار تو دیکھو
خدا کہے جو تمہارا ہے وہ ہمارا ہے
مزا تو جب ہے کہ سرکار حشر میں کہہ دیں
فرشتو چھوڑ دو اس کو کہ یہ ہمارا ہے
کچھ اور مانگ لے ان کے کرم کا کیا کہنا
نہ اُس کی حد ہے نہ اس کا کوئی کنارا ہے
کمال حضرت احمد رضا کی شان و مقام
کتابِ عشقِ محمد ﷺ کا اِک شمارہ ہے
اگرچہ ھادؔی خستہ گنہگار سہی
مگر حضور یہ کس کا فقط تمہارا ہے

ھادی

Marfat.com

# یَا صَاحِبَ الجَمالِ وَ یَا سَیّدَ البشر

یَا صَاحِبَ الجَمالِ وَ یَا سَیّدَ البشر
مَن وجھك المنیر لقد نور القمر

داتا سخی کریم یداللہ نامور بندہ نواز بادشاہ حسن سر بسر
تیرے بھکاری شاہ و گدا اور تاجور سلطان دو جہان شہنشاہ بحر و بر
بندے پہ اپنے مہر کی ہو جائے اک نظر
یَا صَاحِبَ الجَمال ویا سَیّد البشر

اے رحمت تمام شہنشاہ خوش خصال اے مظہر تجلی انوار ذوالجلال
اے تاجدار عرش عُلیٰ شاہ با کمال ہے پیکر جمال الٰہی ترا جمال
اے وجہ خلق ہر دو جہانی و بے مثال
یَا صَاحِبَ الجَمال ویاسَیّد البشر

تخلیق کائنات کا سہرا ہے ان کے سر ان پر فدا ہیں جن و ملک اور ہر بشر
ہے دو جہاں میں ذات محمد ہی معتبر روز ازل سے آپ ہیں حق بین وحق نگر
کونین میں ہے آپ ہی کی ذات راہبر
یَا صَاحِبُ الجَمال ویاسَیّد البشر

Marfat.com

آئینہ جمال خدا آپ کی نظر زلف دوتا ہے سورۂ واللیل سربسر
ہر نقش پا کا عکس ہے خورشید اور قمر ثانی نہیں آپ کا کوئی پیامبر
مل کر پڑھو درود شہہ دو جہان پر
یَاصاحِبَ الجَمال ویاسَیّدَ البشر

عشق رسول پاک مری زندگی رہے حُبِّ نبی سے مست رہوں بے خودی رہے
کل کائنات سے مجھے بیگانگی رہے عنبر مجھے حضور سے وابستگی رہے
ورد زبان صبح و مسا بس یہی رہے
یَاصاحِبَ الجَمال ویاسَیّدَ البشر

چرچا تمہاری عظمت و شوکت کا چارسُو نور خدا ہے آپ ہی نور ہو بہو
کیا شان آپ کی ہے یہ جل جلالہٗ قرآن میں بیان کرے حق سبحانہٗ
لَا یُمْکِنُ الثّنَاءُ کَمَا کَانَ حَقُّہٗ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

حضرت عنبر شاہ وارثی

Marfat.com

# یہ ناز یہ اَنداز ہمارے نہیں ہوتے

یہ ناز یہ اَنداز ہمارے نہیں ہوتے
دامن میں اگر ٹکڑے تمہارے نہیں ہوتے

ملتی نہ اگر بھیک حضور آپ کے در سے
اس ٹھاٹھ سے منگتوں کے گزارے نہیں ہوتے

بے دام ہی بک جائیں گے بازار نبی میں
اس طرح کے سودے میں خسارے نہیں ہوتے

ہم جیسے نکموں کو گلے کون لگاتا
سرکار اگر آپ ہمارے نہیں ہوتے

جب تلک مدینے کے نظارے نہیں ہوتے
روشن کبھی قسمت کے ستارے نہیں ہوتے

وہ چاہیں بلا لیں جسے یہ اُن کا کرم ہے
بے اذن مدینے کے نظارے نہیں ہوتے

خالدؔ یہ تقدس ہے فقط نعت کا ورنہ
محشر میں ترے وارے نیارے نہیں ہوتے

خالد محمود خالد

Marfat.com

# مکس کلام

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

یہ آج کیا ہے زمانے نے رنگ بدلا ہے
یہ آج کیا ہے کہ عالم کا ڈھنگ بدلا ہے
یہ آج کا ہے کی شادی ہے عرش کیوں جھوما
لبِ زمیں کو لبِ آسماں نے کیوں چوما

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

ماہ ربیع الاول آیا رب کی رحمت ساتھ ہے لایا
وقت مبارک رات سہانی صبح کا تڑکا ہے نورانی
پیر کا دن تاریخ ہے بارہ فرش پہ چمکا عرشی تارا
آج کی رات بارات رچی ہے آمنہ کے گھر دھوم مچی ہے

واہ کیا بات اِس مہینے کی
جھوم اُٹھا دِل کہ ماہِ نور آیا

Marfat.com

رُسل انہی کا تو مژدہ سنانے آئے ہیں
انہی کے آنے کی خوشیاں منانے آئے ہیں
فرشتے آج جو دھومیں مچانے آئے ہیں
انہی کے آنے کی شادی رچانے آئے ہیں

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

چمک سے اپنی جہاں جگمگانے آئے ہیں
مہک سے اپنی یہ کوچے بسانے آئے ہیں
نسیم فیض سے غنچے کھلانے آئے ہیں
کرم کی اپنی بہاریں دِکھانے آئے ہیں

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا
فصلِ بہار آئی شکل نگار آئی
گلزار ہے زمانہ صبح شب ولادت

دِل جگمگا رہے ہیں قسمت چمک اُٹھی ہے
پھیلا نیا اُجالا صبح شبِ ولادت
روح الامیں نے گاڑا کعبے کی چھت پہ جھنڈا
تا عرش اڑا پھریرا صبح شبِ ولادت

Marfat.com

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

دِن پھر گئے ہمارے سوتے نصیب جاگے
خورشید ہی وہ چمکا صبح شبِ ولادت
پیارے ربیع الاول تیری جھلک کے صدقے
چمکا دیا نصیبا صبح شبِ ولادت

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

نوشہ بناؤ اُن کو دولہا بناؤ اُن کو
ہے عرش تک یہ شہرہ صبح شبِ ولادت
شادی رچی ہوئی ہے بجتے ہیں شادیانے
دولہا بناؤ دولہا صبح شبِ ولادت

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

سحاب رحمت باری ہے بارہویں تاریخ
کرم کا چشمۂ جاری ہے بارہویں تاریخ
ہمیں تو جان سے پیاری ہے بارہویں تاریخ
عدو کے دِل کو کٹاری ہے بارہویں تاریخ

Marfat.com

ہمیشہ تو نے غلاموں کے دِل کیے ٹھنڈے
جلے جو تجھ سے وہ ناری ہے بارہویں تاریخ

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

مبارک ہو وہ شہہ پردے سے باہر آنے والا ہے
گدائی کو زمانہ جس کے در پر آنے والا ہے
ٹھکانہ بے ٹھکانوں کا سہارا بے سہاروں کا
غریبوں کی مدد بے کس کا یاور آنے والا ہے
فقیروں سے کہو حاضر ہو جو مانگیں گے پائیں گے
کہ سلطان جہاں محتاج پرور آنے والا ہیں
سلاطین زمانہ جس کے در پر بھیک مانگیں گے
فقیروں کو مبارک وہ تو نگر آنے والا ہیں

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

بحمد اللہ عبد اللہ کا نور نظر آیا
مبارک آمنہ کا نور دِل لختِ جگر آیا
ربیع پاک تجھ پہ اہلسنّت کیوں نہ قرباں ہوں
کہ تیری بارہویں تاریخ وہ جاں قمر آیا

Marfat.com

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

مومنو وقت ادب ہے آمدِ محبوب رب ہے
جائے آداب وطرف ہے آمد شاہ عرب ہے
غنچے چٹکے پھول مہکے شاخ گل پر مرغ چہکے
جھوم جاؤ تم بھی کہہ کے آمد شاہ عرب ہے
آنے والا ہے وہ پیارا دونوں عالم کا سہارا
کعبے کا چمکا ستارا آمد شاہ عرب ہے
آمنہ بی بی کا جایا بارہویں تاریخ آیا
صبح صادق نے سنایا صلوات اللہ علیک

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا۔

آ گیا دیکھو ربیع النور ہے
نور سے ساری فضا معمور ہے
آج دیکھو ہر کوئی مسرور ہے
ربّ تعالیٰ کا ہر اک مشکور ہے
ربّ اکبر کی عطا سے مل گیا
زِندگی میں پھر ربیع النور ہے

Marfat.com

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

کیوں بارہویں پہ ہے سبھی کو پیار آ گیا
آیا اِسی دِن احمد مختار آ گیا
گھر آمنہ کے سیّد اِبرار آ گیا
خوشیاں مناؤ غم زدوں غم خوار آ گیا
برسیں گھٹائیں رحمتوں کی جھوم جھوم کر
رحمت سراپا جب مرا سردار آ گیا

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

عید میلاد النبی ﷺ ہے دِل بڑا مسرور ہے
عید دیوانوں کی تو بارہ ربیع النور ہے
اس طرف جو نور ہے تو اس طرف بھی نور ہے
ذرّہ ذرّہ سب جہاں کا نور سے معمور ہے
آمدِ سرکار سے ظلمت ہوئی کافور ہے
کیا زمیں کیا آسماں ہر سمت چھایا نور ہے

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

Marfat.com

نہ کیوں آج جھومیں کہ سرکار آئے
خدا کی خدائی کے مختار آئے
نہ کیوں بارہویں پہ ہمیں پیار آئے
کہ آئے اسی روز سرکار آئے
وہ آئے دو عالم کے مختار آئے
لو آج آئے اُمت کے غم خوار آئے
مسرت سے ہم کیوں نہ دھومیں مچائیں
ہمارے شہنشاہ و سردار آئے
مسلمانو! صبح بہاراں مبارک
وہ برساتے انوار سرکار آئے

واہ کیا بات اِس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

مبارک تجھے آمنہ ہو مبارک
تیرے گھر شہنشاہ اِبرار آئے
مبارک حلیمہ تجھے بھی مبارک
تیرے گھر میں نبیوں کے سردار آئے
مبارک تمہیں غم کے مارو مبارک
مداوا غم بن کے غم خوار آئے

Marfat.com

نہ کیوں آج جشنِ ولادت منائیں
نظر ربّ کی رحمت کے آثار آئے
عدد ہم کو بارہ کا کیوں نہ ہو پیارا
کہ بارہ تھی تاریخ جب یار آئے

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

کرو گھر گھر چراغاں سبز پرچم آج لہراؤ
مچاؤ مرحبا کی دھوم دلبر آنے والا ہے
اگر نہ آج جھومو گے تو کب جھومو گے دیوانو
مچل جاؤ تمہارا آج یاور آنے والا ہے

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دل کہ ماہِ نور آیا

یا حبیب کبریا اھلاً و سھلاً مرحبا
مصطفیٰ و مجتبیٰ اھلاً و سھلاً مرحبا
خلق کے حاجت روا اھلاً و سھلاً مرحبا
اے مرے مشکل کشا اھلاً و سھلاً مرحبا
عیدِ میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے چار جانب روشنی
ہر طرف ہے غلغلہ اھلاً و سھلاً مرحبا

Marfat.com

واہ کیا بات اِس مہینے کی
جھوم اُٹھا دِل کہ ماہِ نور آیا

جھوم کر سارے پکارو مرحبا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
چوم کر لب کہہ دو یارو مرحبا یا مصطفیٰ
سب پکارو بے قرار و مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ دو اے فرقت کے مارو مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ دو رنج و غم کے مارو مرحبا یا مصطفیٰ
آؤ ہمت اب نہ ہارو مرحبا یا مصطفیٰ
سب پکارو دل فگار و مرحبا یا مصطفیٰ
اے یتیموں بے سہارو مرحبا یا مصطفیٰ
سب پکارو راز دارو مرحبا یا مصطفیٰ
تم بھی کہہ دو پردہ دارو مرحبا یا مصطفیٰ

واہ کیا بات اِس مہینے کی
جھوم اُٹھا دِل کہ ماہِ نور آیا

تم بھی کہہ دو چاند تار و مرحبا یا مصطفیٰ
پنچھیوں کی اڑتی ڈاروں مرحبا یا مصطفیٰ
بول اُٹھو اے شیر خوار و مرحبا یا مصطفیٰ
ماہ پاروں غلعگارو مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

کیوں نہیں کہتے ہو پیارو مرحبا یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کہہ بھی دو نہ اب دلارو مرحبا یا مصطفیٰ

واہ کیا بات اِس مہینے کی
جھوم اُٹھا دِل کہ ماہِ نور آیا

چلتے چلتے ہی پکارو مرحبا یا مصطفیٰ
اے پیادو اور سوارو مرحبا یا مصطفیٰ
سب پکارو چوبدارو مرحبا یا مصطفیٰ
اے جہاں کے تاجدارو مرحبا یا مصطفیٰ
تم بھی کہہ دو شاخ سارو مرحبا یا مصطفیٰ
اے پہاڑوں کی قطارو مرحبا یا مصطفیٰ
دھوم ہے عطار ہر سو شاہ کے میلاد کی
جھوم کر تم بھی پکارو مرحبا یا مصطفیٰ

واہ کیا بات اِس مہینے کی
جھوم اُٹھا دِل کہ ماہِ نور آیا

آج ہے جشن ولادت مرحبا یا مصطفیٰ
آج آئے جانِ رحمت مرحبا یا مصطفیٰ
آمدِ شاہِ مدینہ مرحبا صد مرحبا
مرحبا اے جانِ رحمت مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

آج دُنیا میں ولادت مصطفیٰ کی ہوگئی
خوب چمکی اپنی قسمت مرحبا یا مصطفیٰ

واہ کیا بات اس مہینے کی
جھوم اُٹھا دِل کہ ماہِ نور آیا

چار سو ہیں رحمتوں کی کیا چھما چھم بارشیں
آئے لمحات مسرت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا کی گونج ڈالو سب پکارو مرحبا
جھوم کہ اہلِ محبت مرحبا یا مصطفیٰ

آج گھر گھر روشنی ہے سبز پرچم ہے بلند
جھومتے ہیں اہلسنّت مرحبا یا مصطفیٰ

واہ کیا بات اِس مہینے کی
جھوم اُٹھا دِل کہ ماہِ نور آیا

Marfat.com

# ارض وسما بنے ہیں اسی نور کے طفیل

ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل
گلشن ہرے بھرے ہیں اسی نور کے طفیل
دونوں جہاں سجے ہیں اسی نور کے طفیل

اسی نور کا ازل سے ابد تک ہے سلسلہ
یہ وہ نور ہے جس کا طرف دار ہے خدا
ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

آیا ہے راہ راست دکھانے کے واسطے
بندوں کو ان کے ربّ سے ملانے کے واسطے
دنیا کے بت کدوں کو گرانے کے واسطے
رسم و رواج کفر مٹانے کے واسطے
اِنسان کو بندگی کا سلیقہ سکھائے گا
یہ نور ظلمتوں کو اُجالے بنائے گا

Marfat.com

ارض و سما بنے ہیں اِسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

لایا ہے اپنے ساتھ مساوات کا نظام
اس کی نظر میں ایک ہیں آقا ہو یا غلام
شیوا ہے اس کا لطف محبت ہے اس کا کام
بدلے گا ظلم و جور کے انداز یہ تمام
لوگوں کے دِل سے زنگ کدورت چھڑائے گا
دختر کشی کی رسم جہاں سے مٹائے گا
ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

گفتار لا جواب ہے کردار بے نظیر
حامی ستم زدوں کا یتیموں کا دستگیر
حلقہ بگوش اس کے ہیں کیا شاہ کیا فقیر
اِنسان رہ سکے گا نہ انسان کا اسیر
بھوکا رہے گا خود وہ جہاں کو کھلائے گا
یہ اپنے دُشمنوں کو گلے سے لگائے گا
ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

Marfat.com

پیغامِ حق یہ سارے جہاں کو سنائے گا
ویراں کدوں کو رشکِ گلستاں بنائے گا
ہر گام رحمتوں کے خزانے لٹائے گا
اِنسان کو یہ درس اُخوت سکھائے گا

دے گا یہ کچھ اس اَدا سے پیغام دوستی
ذہنوں سے دور کر دے گا صدیوں کی دشمنی

ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

یہ صاحبِ جمال ہے یہ صاحبِ کمال
خوش دِل ہے خوش پسند ہے خوش خلق خوش خصال

خلائق دو جہاں کی ہے تخلیق بے مثال
ممکن نہیں ہے اس کو کسی دور میں زوال
روشن کرے گا رشد و ہدایت کے وہ دیئے
بن جائیں گے سبق جو ہر اک دور کے لیے

ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

یٰسیں یہی ہے سیّد و محمود ہے یہی
طٰہٰ یہی ہے شاہد و مشہود ہے یہی

Marfat.com

کامل یہی ہے طاہر مسرور ہے یہی
بھیجو درود مرضی معبود ہے یہی
صادق ہے یہ امیں ہے خدا کا خلیل ہے
آئی ندا کے جلوۂ ربِّ جلیل ہے

ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

اس نور کے شہ محمد ﷺ ہے اس کا نام
اس کا پیام خالق اکبر کا ہے پیام
سردارِ کائنات ہے نبیوں کا ہے امام
تاریخ سے بلند ہے اس نور کا مقام
آیا ہے اور نہ آئے گا اس شان کا نبی
دنیا میں بھی انہیں ہے عقبیٰ میں بھی ولی

ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

بے شک یہی ہے باعث تخلیقِ کائنات
چمکے گا اس کے حسن سے ہر گوشۂ حیات
راسخ ہے اس کا قول تو سچی ہر اِک بات
دل میں ہے اس کے رحم نظر میں ہے التفات

Marfat.com

اس کے کرم کی حد ہے نہ کوئی حساب ہے
جس پر نگاہ ڈال دے وہ آفتاب ہے
ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

آیا ہے مفلسوں کی حمایت لیے ہوئے
مظلوموں بے کسوں کی محبت لیے ہوئے
اہلِ گناہ کا حقِ شفاعت لیے ہوئے
سارے جہاں کے لیے رحمت لیے ہوئے
ہو گا اسی کی ذات پہ قرآن کا نزول
وہ آخری کتاب ہے یہ آخری رسول
ارض و سما بنے ہیں اسی نور کے طفیل
تارے چمک رہے ہیں اسی نور کے طفیل

Marfat.com

# ابتر تھی فضا یہ تیرگی جہل تھی چھائی

ابتر تھی فضا یہ تیرگی جہل تھی چھائی
نا واقف اِسرارِ محبت تھی خدائی
ہر ذہن میں وہ بغض و عداوت کا دُھواں تھا
جاری تھی ہما وقت قبیلوں میں لڑائی
وہ رات کے پردے میں ڈھلتے ہوئے انجم
دُشمن نظر آتا تھا جہاں بھائی کا بھائی
دھبے تھے کدورت کے ہر آئینہ دِل پر
دُشوار نظر آتی تھی باطل کی صفائی
دختر کو دبا آئے تھے زندہ ہی زمیں میں
نادان سمجھتے تھے برائی کو بھلائی
اِنسان بھی کیا کرتا تھا اِنسان کے ہاتھوں
تھی مفلس گردن پہ رواں تیغ طلائی
زیبائش محفل پہ چھلکتے ہوئے ساگر
رقصاں تھا سر راہ طرف حسن خفائی
محفوظ نہ تھی عفت عصمت کی سی صورت
تھا جامِ بقا بزم میں ہر دست حِنائی

Marfat.com

اِنسان کا اِنسان لہو چوس رہا تھا
کہتے تھے جسے سود وہ تھی ان کی کمائی

یوں دِل میں بسے روتے تھے اب حال سبھی کا
جیسے کسی تالاب کے پانی میں ہو کائی

وہ اپنا مدد گار سمجھتے تھے بتوں کا
اِنسان کے ذہنوں میں تھی پتھر کی خدائی

عزیٰ کو خداوند کہیں لات غفل تھا
تھے اُن کی نگاہوں میں یہ ان کے روائی

نا واقف آداب تمدن تھا ہر اک دل
جائز تھی اُنہیں لوٹ جوا سود گدائی

لایا جو کوئی قافلہ اسباب تجارت
سب ٹوٹ پڑے اس پہ لیٹروں کی بنائی

وہ جبر کے نغموں سے فضا گونج رہی تھی
مظلوم کی آواز نہ دیتی تھی سنائی

اس طرح جکڑ رکھا تھا زنجیر ستم نے
مشکل تھی در عدل پہ اِنسان کی رسائی

دیتے تھے عجب طرح غلاموں کو اذّیت
حق بات کوئی کہہ دے تو مرتا تھا بنیائی

Marfat.com

تھا فخر حکومت پہ انہیں ناز تھا بد دیں پر
بگڑی جو کہیں بات تو تلوار اُٹھائی

خود اپنی ہی تعریف میں پڑھتے تھے قصیدے
کرتے تھے بڑے فخر سے خود اپنی بڑائی

گفتار میں تلخی تھی تو لہجے میں تکبر
آخر یہ روش ان کی مشیت کو نہ بھائی

ابھرا افق ذہن پہ اک مطلع دِلکش
رُخشندہ و تابندہ پر نور ضیائی

بدلی وہ فضا رحمت حق جوش میں آئی
ظلمت میں کرن پھوٹی ہے راہنمائی

منسوب ہوا نامِ محمد ﷺ سے وہی نور
تنویر ہدایت متشکن نظر آئی

چمکا دیا دُنیا کو اسی نور جبیں نے
چھائی ہوئی یہ تیرگی یہ جہل مٹائی

چہروں سے برسنے لگے انوار یقیں کے
اِیمان سے ہونے لگی قلبوں کی صفائی

بندوں کو خبردار کیا عظمت ربّ سے
گردن ستم و جور سے انسان کی چھڑائی

Marfat.com

وہ جس نے یتیموں کو کلیجے سے لگایا
دی جس نے غلاموں کو غلامی سے رہائی
بندوں کو جھکایا درِ معبود پہ جس نے
وہ راہنما جس نے راہِ راست دکھائی
اِنسانوں کو اِخلاق کا خوگر کیا جس نے
وہ حسن جو عریاں تھا کیا اس کو ردائی
وہ جس نے اجڑتی ہوئی دُنیا کو سنوارا
وہ جس نے بگڑتی ہوئی تقدیر بنائی
انسان کو آداب تمدن کے سکھائے
کس طرح جیا کرتے ہیں یہ بات بتائی
اس شان سے پیغام اُخوت دیا جس نے
اِنصار و مہاجر نظر آنے لگے بھائی
تبدیل کیے ذہن بُرائی کی طرف سے
نفرت رہی باقی نہ عداوت نہ لڑائی
وہ ھادی کل ختم رسل شافع محشر
حاصل جسے تا عرشِ معلیٰ ہے رسائی
وہ صاحب الطاف و عطا بانیٔ اکرام
شرمندۂ احسان کرم جس کی خدائی

Marfat.com

# اپنے آقا کو میں نذر کیا دوں

میں تو خود ان کے در کا گدا ہوں اپنے آقا کو میں نذر کیا دوں
اب تو آنکھوں میں بھی کچھ نہیں ہے ورنہ قدموں میں آنکھیں بچھا دوں

آنے والی ہے اُن کی سواری پھول نعتوں کے گھر گھر سجا دوں
میرے گھر میں اندھیرا بہت ہے اپنی پلکوں پہ شمعیں جلا دوں

بے نگاہی یہ میری نہ جائے دیدہ ور میرے نزدیک آئیں
میں یہیں سے مدینہ دکھا دوں دیکھنے کا سلیقہ سکھا دوں

روضۂ پاک پیشِ نظر ہے سامنے میرے آقا کا در ہے
مجھ کو کیا کچھ نظر آ رہا ہے تم کو لفظوں میں کیسے بتا دوں

میرے آنسو بہت قیمتی ہیں اس سے وابستہ ہیں ان کی یادیں
ان کی منزل ہے خاکِ مدینہ یہ گوہر یونہی کیسے لٹا دوں

مجھ کو اقبال نسبت ہے ان سے جن کا ہر لفظ جانِ سخن ہے
میں جہاں نعت اپنی سنا دوں ساری محفل کی محفل جگا دوں

اقبال عظیم

Marfat.com

## سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

حقیقت سے تمہاری جز خدا اور کون واقف ہے
کہے تو کیا کہے کوئی چنیں تم ہو چناں تم ہو
خدا کی سلطنت میں ذو جہاں کا کون دولہا ہے
تمہی تم ہو یہاں ؎ تم ہو وہاں تم ہو

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے
لگاتے ہیں نعرہ یہ ایمان والے

کہندی اے حلیمہ مکھ ویکھ لج پال دا
میرنے لبھ کے لیاواں کتھوں سوہنا تیرے نال دا
چودھویں دا چن تے عرشاں دا تارا
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا
گودی چہ تلے کے سرکارنوں سوہنے نبی منٹھارنوں
آکھے حلیمہ سعدیہ محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

عرش کی عقل دنگ ہے چرخ میں آسمان ہے
جانے مراد ھائے کدھر اب تیرا مکان ہے

Marfat.com

قصرِ دَنیٰ کے راز میں عقل دو تم ہے جیسی ہے

روح قدس سے پوچھئے تم نے بھی کچھ سنا کہ یوں

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو

جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

گود میں عالم شباب حالِ شباب کچھ نہ پوچھ

گلبن باغِ نور کی اور ہی کچھ اُٹھان ہے

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو

جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

تیری آمد تھی کہ بیت اللہ مجرے کو جھکا

تیری ہیبت تھی کہ ہر بت تھرا تھرا کر گر گیا

تیری مرضی پا گیا سورج پھرا الٹے قدم

تیری انگلی اٹھ گئی مہ کا کلیجہ چر گیا

Marfat.com

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

سچی بات سکھاتے یہ ہیں سیدھی راہ چلاتے ہیں
نزع روح میں آسانی دیں کلمہ یاد دلاتے یہ ہیں
مرقد میں بندوں کو تھپک کے میٹھی نیند سلاتے یہ ہیں
اپنے بھرم سے ہم ہلکوں کا پلا بھاری بناتے یہ ہیں
لاکھ بلائیں کروڑوں دشمن کون بچائے بچاتے یہ ہیں
رنگ بے رنگوں کا پردہ دامن ڈھک کے چھپاتے یہ ہیں
اپنی بنی ہم آپ بگاڑیں کون بنائے بناتے یہ ہیں
ٹھنڈا ٹھنڈا میٹھا میٹھا پیتے ہم ہیں پلاتے یہ ہیں
سلم سلم کی ڈھارس سے پل سے پار چلاتے یہ ہیں
اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَر ساری کثرت پاتے یہ ہیں
قصر دنی تک کس کی رسائی جاتے یہ ہیں آتے یہ ہیں

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے



Marfat.com

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ
سب سے بالا و والا ہمارا نبی ﷺ
اپنے مولیٰ کا پیارا ہمارا نبی ﷺ
دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبی ﷺ
ملک کونین میں انبیاء تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبی ﷺ
جسکے تلوؤں کا دھوون ہے آبِ حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی ﷺ
جس نے مردہ دلوں کو دی جانِ ابد
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی ﷺ
قرنوں بدلی رسولوں کی ہوتی رہی
چاند بدلی کا نکلا ہمارا نبی ﷺ
کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی ﷺ

Marfat.com

کون دِیتا ہے دینے کو منہ چاہیے
دِینے والا ہے سچا ہمارا نبی ﷺ

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے
محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

ہے کلامِ الٰہی میں شمس الضحیٰ تیرے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسم شب تار میں راز یہ تھا کہ حبیبِ کی زلف دوتا کی قسم
تیرے خلق کو حق نے عظیم کہا تیری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالق حسن و ادا کی قسم
وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دِیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا
کہ کلامِ مجید نے کھائی شہا ترے شہر و کلام و بقا کی قسم
ترا مسند ناز ہے عرشِ بریں ترا محرم راز ہے روحِ امیں
تو ہی سرورِ ہر دو جہاں ہے شہا ترا مثل نہیں ہے خدا کے قسم

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے
محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

یا مصطفیٰ ﷺ خیر الوریٰ تیرے جیا کوئی نہیں
کنوں کہواں تیرے جیا تیرے جیا کوئی نہیں
ثانی نئیں کوئی آمنہ دے لعل دا
لبھ کے لیاواں کتھوں سوہنا تیرے نال دا

Marfat.com

تیرے جیا سوہنا نبی لبھاں تے تاں ہے جے ہووے کوئی

مینوں تے بس اینا ں پتہ تیرے جیا کوئی

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

تم ذات خدا سے نہ جدا ہو نہ خدا ہو

اللہ کو معلوم ہے کیا جانیے کیا ہو

خدا کہتے نہیں بنتی محمدؐ کہتے نہیں بنتی

خدا پر اس کو چھوڑا ہے وہی جانے کہ کیا تم ہو

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

وہ ربّ ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا

ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستاں بنایا

تجھے حمد ہے خدایا تجھے حمد ہے خدایا

تمہیں حاکم برایا تمہیں قاسم عطایا

تمہیں دافع بلایا تمہیں شافع عطایا

کوئی تم سا کون آیا کوئی تم سا کون آیا

وہ کنواری پاک مریم وہ نفخت فیہ کا دم

Marfat.com

ہے عجب نشاں اعظم مگر آمنہ کا جایا
وہی سب سے افضل آیا وہی سب سے افضل آیا
یہی بولے سدرہ والے چمن جہاں کے تھالے
سبھی میں نے چھان ڈالے تیرے پائے کا نہ پایا
تجھے یک نے یک بنایا تجھے یک نے یک بنایا

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

زمیں و زماں تمہارے لیے مکیں و مکاں تمہارے لیے
چنین و چناں تمہارے لیے بنے دو جہاں تمہارے لیے
دہن میں زباں تمہارے لیے بدن میں ہے جاں تمہارے لیے
ہم آئے یہاں تمہارے لیے اُٹھیں بھی وہاں تمہارے لیے
تمہاری چمک تمہاری دمک تمہاری جھلک تمہاری مہک
زمین و فلک سماک و سمک میں سکہ نشاں تمہارے لیے
جناں میں چمن چمن میں سمن، سمن میں پھبن، پھبن میں دُلہن
سزائے محن پہ ایسے منن یہ امن و اماں تمہارے لیے
نہ روحِ امیں نہ عرش بریں نہ لوحِ مبیں کوئی بھی کہیں
خبر ہی نہیں جو رمزیں کھلیں ازل کی نہاں تمہارے لیے

Marfat.com

یہ فیض دیئے وہ جود کیئے کہ نام لیے زمانہ جیئے
جہاں نے لیے تمہارے دیئے یہ اکرمیاں تمہارے لیے
سحابِ کرم روانہ کیے کہ آبِ نعم زمانہ پیئے
جو رکھتے تھے ہم وہ چاک سیئے یہ ستر بداں تمہارے لیے
خلیل و نجی، مسیح و صفی سبھی سے کہی کہیں بھی بنی
یہ بے خبری کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمہارے لیے
اشارے سے چاند چیر دیا چھپے ہوئے خور کو پھیر لیا
گئے ہوئے دن کو عصر کیا یہ تاب و تواں تمہارے

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے
محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

سرور کہوں کہ مالک و مولا کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے
تیرے تو وصف عیب تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے
اللہ رے تیرے جسم منور کی تابشیں
اے جانِ جان میں جان تجلا کہوں تجھے
کہہ لے گی سب کچھ ان کے ثناء خواں کو خامشی

Marfat.com

چپ ہو رہا ہے کہہ کے میں کیا کیا کہوں تجھے
لیکن رضا نے ختم سخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

یا صاحب الجمال و یا سیّد البشر
من وجهك المنير لقد نور القمر
لا یمکن الثناء كما كان حقه
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے
محمد ﷺ ہمارے بڑی شان والے

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شورِ مہِ نو سن کر تجھ تک میں دواں آیا

شورِ مہِ نو سن کر تجھ تک میں دواں آیا
ساقی میں ترے صدقے مے دے رمضاں آیا
اِس گل کے سوا ہر پھول با گوش گراں آیا
دیکھے ہی گی اے بلبل جب وقتِ فغاں آیا
جب بامِ تجلی پر وہ نیّرِ جاں آیا
سر تھا جو گرا جھک کر دِل تھا جو تپاں آیا
جنت کو حرم سمجھا آتے تو یہاں آیا
اب تک کے ہر اک کا منہ کہتا ہوں کہاں آیا
کچھ نعت کے طبقے کا عالم ہی نرالہ ہے
سکتہ میں پڑی ہے عقل چکر میں گماں آیا
طیبہ سے ہم آتے ہیں کہیے تو جناں والو
کیا دیکھ کے جیتا ہے جو واں سے یہاں آیا
بدکار رضا خوش ہو بدکام بھلے ہوں گے
وہ اچھے میاں پیارا اچھوں کا میاں آیا

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

---

Marfat.com

# خراب حال کیا دِل کو پر ملال کیا

خراب حال کیا دِل کو پر ملال کیا
تمہارے کوچہ سے رُخصت کیا نہال کیا

نہ روئے گل ابھی دِیکھا نہ بوئے گل سونگھی
قضا نے لا کے قفس میں شکستہ بال کیا

چمن سے پھینک دیا آشیانہ بلبل
اُجاڑا خانہ بے کس بڑا کمال کیا

ترا ستم زدہ آنکھوں نے کیا بگاڑا تھا
یہ کیا سمائی کہ دوران سے وہ جمال کیا

حضور ان کے خیالِ وطن مٹانا تھا
ہم آپ مٹ گئے اچھا فراغ بال کیا

ابھی ابھی تو چمن میں تھے چہچہے ناگاہ
یہ درد کیسا اُٹھا جس نے جی نڈھال کیا

الٰہی سن لے رضا جیتے جی کہ مولیٰ نے
سگان کوچہ میں چہرہ مرا بحال کیا

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# قافلے نے سوئے طیبہ کمر آرائی کی

قافلے نے سوئے طیبہ کمر آرائی کی
مشکل آسان الٰہی مری تنہائی کی

لاج رکھ لی طمع عفو کے سودائی کی
اے میں قربان مرے آقا بڑی آقائی کی

فرش تا عرش سب آئینہ ضمائر حاضر
بس قسم کھائیے اُمّی تری دانائی کی

پانسو سال کی راہ ایسی ہے جیسے دو گام
آس ہم کو بھی لگی ہے تری شنوائی کی

چاند اشارے کا ہلا حکم کا باندھا سورج
واہ کیا بات شہا تیری توانائی کی

شش جہت سمت مقابل شب و روز ایک ہی حال
دھوم والنجم میں ہے آپ کی بینائی کی

تنگ ٹھہری ہے رضا جس کے لیے وسعت عرش
بس جگہ دِل میں ہے اس جلوۂ ہر جائی کی

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# نبی کا آستاں ہو اور میرا سر ہو تو کیا کہنا

نبی کا آستاں ہو اور میرا سر ہو تو کیا کہنا
دم آخر اگر ایسا مقدر ہو تو کیا کہنا
غبارِ راہ طیبہ میرے سر پر ہو تو کیا کہنا
جو وہ خاک کف پائے پیمبر ہو تو کیا کہنا
کسی پتھر کے نیچے میری تربت ہو مدینے میں
وہ پتھر بھی انہی کے در کا پتھر ہو تو کیا کہنا
جنہیں آ آ کے چھوتی ہوں ہوائیں سبز گنبد کی
مری تربت پہ ان پھولوں کی چادر ہو تو کیا کہنا
خوشا قسمت جو دم بھر کو وہ نظر زندگی بخشیں
یہ عالم زندگی کا زندگی بھر ہو تو کیا کہنا
خدا کا سامنا ہے رو برو ہے شافع محشر
منور اب ذرا نعتِ منور ہو تو کیا کہنا

منور بدایونی

Marfat.com

# مری بھی نظر سوئے طیبہ لگی ہے

مدینے کی والی دو عالم کے داتا مری بھی نظر سوئے طیبہ لگی ہے
میں محتاج ہوں اک نگاہ کرم کا تمہارے کرم پر مری زندگی ہے

ہے وادی ایمن پہ خالق کی رحمت مسلم ہے بیت المقدس کی عظمت
مگر قلب مضطر کو ہے جس کی حاجت وہ سلطان طیبہ تمہاری گلی ہے

تمہارے ہی ٹکڑوں پہ میرا گزارا تمہارے ہی دربار کا ہوں میں منگتا
جو تم سے نہ مانگوں تو پھر کس سے مانگوں تمہارا تو سارا گھرانہ سخی ہے

یہاں رہ کے جینا ہے مرنے سے بدتر وہاں جا کے مرنا ہے جینے سے بہتر
میسر جو ہو ان کے قدموں میں رہ کر وہی زندگی اصل میں زندگی ہے

بنالیں جسے اپنا محبوب داور تو بگڑی بھی بن جائے اُس کی سکندر
نگاہِ کرم اُن کی پڑ جائے جس پر سمجھ لو کہ کھوٹی بھی اُس کی کھری ہے

سکندر لکھنوی

Marfat.com

# لب پر نعت پاک کا نغمہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

لب پر نعت پاک کا نغمہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے
میرے نبی سے میرا رشتہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

اور کسی جانب کیوں جائیں اور کسی کو کیوں دیکھیں
اپنا سب کچھ گنبدِ خضریٰ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

پست وہ کیسے ہو سکتا ہے جس کو حق نے بلند کیا
دونوں جہاں ہیں اُن کا چرچا کل بھی تھا اور آج بھی ہے

بتلا دو گستاخ نبی کو غیرت مسلم زندہ ہے
دین پہ مر مٹنے کا جذبہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

جن آنکھوں سے طیبہ دیکھا وہ آنکھیں بے تاب ہیں پھر
اِن آنکھوں میں ایک تقاضہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

سب ہو آئے اُن کے در سے جا نہ سکا تو ایک صبیحؔ
یہ کہ اک تصویرِ تمنا کل بھی تھا اور آج بھی ہے

صبیح رحمانی

Marfat.com

# جب حسن تھا اُن کا جلوہ نما انوار کا عالم کیا ہو گا

جب حسن تھا اُن کا جلوہ نما انوار کا عالم کیا ہو گا
ہر کوئی فدا ہے بن دیکھے دِیدار کا عالم کیا ہو گا

جس وقت تھے خدمت میں اُن کے بوبکر و عمر عثمان و علی
اُس وقت رسول اکرم کے دربار کا عالم کیا ہو گا

چاہیں سے تو اشاروں سے اپنے کایا ہی پلٹ دیں دُنیا کی
یہ شان ہے خدمت گاروں کی سردار کا عالم کیا ہو گا

جب شمعِ رسالت روشن ہو کیونکر نہ جلے پروانۂ دل
جب رشکِ مسیحا آ جائیں بیمار کا عالم کیا ہو گا

اللہ غنی سبحان اللہ کیا خوب ہے روضے کا نقشہ
محراب حرم کا جالی کا مینار کا عالم کیا ہو گا

کہتے ہیں عرب کے ذرّوں پر انوار کی بارش ہوتی ہے
اے نجم نہ جانے طیبہ کے گلزار کا عالم کیا ہو گا

نجم نعمانی

Marfat.com

# پھر گنبدِ خضریٰ کی فضاؤں میں بلا لو

پھر گنبدِ خضریٰ کی فضاؤں میں بلا لو
سرکار بلا کر مجھے سینے سے لگا لو
سینے سے لگا کر مجھے دیوانہ بنا لو
دُنیا کی محبت کو مرے دِل سے نکا لو
گو خوار گنہگار ہوں جیسا ہوں تمہارا
سرکار نبھا لو مجھے سرکار نبھا لو
صدقہ مجھے سرکار نواسوں کا عطا ہو
سرکار مجھے غیروں کے ٹکڑوں سے بچالو
ویران ہوا جاتا ہے خوشیوں کا گلستاں
اِس اُجڑے چمن پر بھی نگاہ لطف کی ڈالو
مرنے کا شرف اب تو مدینے میں عطا ہو
در در کی مجھے ٹھوکروں سے شاہ بچا لو
محبوبِ خدا سر پہ اجل آ کے کھڑی ہے
شیطان سے عطار کا ایمان بچا لو

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# گناہوں کی نہیں جاتی ہے عادت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

گناہوں کی نہیں جاتی ہے عادت یارسول اللہ
تمہیں اب کچھ کرو ماہِ رسالت یا رسول اللہ

گناہوں سے مجھے ہو جائے نفرت یارسول اللہ
نکل جائے بری ہر ایک خصلت یا رسول اللہ

گنہ کر کر کے ہائے ہو گیا دِل سخت پتھر سے
کروں کس سے کہاں جا کر شکایت یارسول اللہ

مرے منہ کی سیاہی سے اندھیری رات شرمائے
مرا چہرہ ہو تاباں نورِ عزت یا رسول اللہ

بوقت نزع آقا ہو نہ جاؤں میں کہیں برباد
مرا ایمان رکھ لینا سلامت یا رسول اللہ

ترے ربّ کی قسم میں لائق نارِ جہنم ہوں
بچا سکتی ہے بس تیری شفاعت یا رسول اللہ

پھنسا جاتا ہے دُنیا کی محبت میں دِلِ عطار
کرو عطار سے یہ دور آفت یا رسول اللہ

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# جدھر دیکھوں مدینے کا حرم ہو

جدھر دیکھوں مدینے کا حرم ہو
کرم ایسا شہنشاہ ارم ہو
کہاں سرکار دولت مانگتا ہوں
مدینے کا عطا مجھ کو تو غم ہو
مرا سینہ مدینہ تم بنا دو
شہا ذکرِ مدینہ دم بدم ہو
مرے آقا مدینے میں بلا لو
کرم اب یا رسول محتشم ہو
کرے پرواز روح مضطرب جب
ترے قدموں میں سر شاہ اُمم ہو
بقیع پاک کی للّٰہ اب تو
اجازت مرحمت شاہ حرم ہو
دکھا دو سبز گنبد کی بہاریں
شہا عطارؔ پر اب تو کرم ہو

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# اب بلا لیجئے نا مدینہ آرہا ہے یہ حج کا مہینہ

اب بلا لیجئے نا مدینہ آ رہا ہے یہ حج کا مہینہ
دل مرا ٹوٹ جائے کہیں نا المدد تاجدار مدینہ
آنسوؤں کی لڑی بن رہی ہو اور آہوں سے پھٹتا ہو سینہ
وردِ لب ہو "مدینہ مدینہ" جب چلے سوئے طیبہ سفینہ
مجھ کو آقا مدینے بلا لو حسرتیں دِل کی ساری نکالو
غوثِ اعظم کا صدقہ نبھالو اب تو کہہ دو مجھے "چل مدینہ"
جب مدینے میں ہو اپنی آمد جب میں دیکھوں ترا سبز گنبد
ہچکیاں باندھ کر روؤں بے حد کاش آ جائے ایسا قرینہ
کاش اِس شان سے حاضری ہو مجھے پہ دیوانگی چھا گئی ہو
ہر رکاوٹ وہاں ہٹ گئی ہو بس نظر میں ہوں شاہِ مدینہ
دِل سے اُلفت جہاں کی نکالو اس تباہی سے مولی بچا لو
مجھ کو دیوانہ اپنا بنا لو میرا سینہ بنا دو مدینہ
ہے تمنائے عطار یارب اُن کے جلوؤں میں یوں موت آئے
جب تڑپ کر گرے میرا لاشہ تھام لیں بڑھ کے شاہِ مدینہ

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# اپنا غم یا شہ انبیاء دیجئے چشم نم یا حبیب خدا دیجئے

اپنا غم یا شہ انبیاء دیجئے چشم نم یا حبیب خدا دیجئے
چاک سینہ شہ دوسرا دیجئے قلب بے چین یا مصطفیٰ دیجئے
مجھ کو آقا مدینے بلا لیجئے اور مہمان اپنا بنا لیجئے
در پہ بلوا کے جلوہ دِکھا دیجئے میرا سینہ مدینہ بنا دیجئے
ہے تمنا میری یا حبیبِ خدا عشق میں کاش روتا رہوں میں سدا
از طفیل بلال و اویس و رضا آنسوؤں کا خزانہ شہا دیجئے
سوزِ اُلفت کے دِل میں جلائے دیے یادِ طیبہ میں جو جا رہے ہیں جیئے
حاضری کی تمنا میں روتے ہیں جو اُن کو میٹھا مدینہ دکھا دیجئے
مجھ کو احباب تنہا چلے چھوڑ کر جلد لیجئے خبر آمنہ کے پسر
گھپ اندھیرا ہے یا شاہ جن و بشر نور سے اب لحد جگمگا دیجئے
ہے گناہوں کا انبار سلطان دیں نیکیاں میرے پلے میں کچھ بھی نہیں
چاک ہو جائے پردہ نہ میرا کہیں اب شفاعت میری سروا کیجیے
ہے تمنائے عطار اندوہ گیں توڑیئے گا نہ دِل آپ ماہ مبیں
بس بقیع مبارک میں دو گز زمیں اس کو بہر شہ کربلا دیجئے

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# یا مصطفیٰ عطا ہو پھر اذن حاضری کا

یا مصطفیٰ عطا ہو پھر اذن حاضری کا
کر لوں نظارا آکر پھر آپ کی گلی کا
اک بار تو دکھا دو رمضاں میں مدینہ
بے شک بنا لو آقا مہمان دو گھڑی کا
پھر سبز سبز گنبد کی دیکھ لوں بہاریں
اب اذن دید و آقا پھر مجھ کو حاضری کا
دے دو غم مدینہ دے دو غم مدینہ
ایسا غم مدینہ دیکھوں نہ منہ خوشی کا
یا سیّد مدینہ بس آپ ہی نبھانا
گو ہوں بڑا کمینہ پر ہوں تو آپ ہی کا
ہو ہر نفس مدینہ دھڑکن میں ہو مدینہ
جب تک نہ سانس ٹوٹے سرکار زِندگی کا
میزاں پہ سب کھڑے ہیں اعمال تل رہے ہیں
رکھ لو بھرم خدارا عطار قادری کا

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار کا مدینہ

ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار کا مدینہ
کیا خوب مہکا مہکا سرکار کا مدینہ

جس کو پسند آیا سرکار کا مدینہ
مل کر لگائیں نعرہ سرکار کا مدینہ

ہر شہر سے ہے اچھا سرکار کا مدینہ
جنت سے بھی سہانا سرکار کا مدینہ

بے کس کا ہے سہارا سرکار کا مدینہ
بے گھر کا ہے ٹھکانہ سرکار کا مدینہ

جنت کا حسن سارا اِس میں سمٹ کر آیا
ہے حسن ہی سراپا سرکار کا مدینہ

پیرس پہ مرنے والے پیرس کو بھول جاتا
تو بھی جو دیکھ لیتا سرکار کا مدینہ

جی چاہتا ہے میرا ہر شے یہاں کی چوموں
کیسا ہے میٹھا میٹھا سرکار کا مدینہ

Marfat.com

میری نظر کو بھائے دُنیا کا حسن کیسے
آنکھوں میں ہے سمایا سرکار کا مدینہ

فرقت کی آگ میں جو دِل کو جلا رہے ہیں
اُن کو دکھا خدایا سرکار کا مدینہ

ہر سمت رحمتوں کی برسات ہو رہی ہے
ہے رحمتوں کا دریا سرکار کا مدینہ

جنت میں تیری رضواں سوز و گداز بھی ہے
ہے عشق میں رُلاتا سرکار کا مدینہ

اللہ مصطفیٰ کے قدموں میں موت دیدے
مدفن بنے ہمارا سرکار کا مدینہ

تقدیر میں خدایا عطار کے مدینہ
لکھ دے فقط مدینہ سرکار کا مدینہ

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
چلو دیارِ نبی کی جانب درود لب پہ سجا کر
بہاریں لوٹیں گے ہم کرم کی دلوں کو دامن بنا بنا کر

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
نہ اُن کے جیسا سخی ہے کوئی نہ اُن کے جیسا غنی ہے کوئی
وہ بے نواؤں کو ہر جگہ سے نوازتے ہیں بلا بلا کر

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
یہی اساس عمل ہے میری اسی سے بگڑی بنی ہے میری
سمیٹتا ہوں کرم خدا کا نبی کی نعتیں سنا سنا کر

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
ہے اُن کو امت سے پیار کتنا کرم ہے رحمت شعار کتنا
ہمارے جرموں کو دھو رہے حضور آنسو بہا بہا کر

Marfat.com

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
میں وہ بھکاری ہوں جس کی جھولی میں کوئی حسن عمل نہیں ہے
مگر وہ احسان کر رہے ہیں خطائیں میری چھپا چھپا کر

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
ہماری ساری ضرورتوں پر کفالتوں کی نظر ہے اُن کی
وہ جھولیاں بھر رہے ہیں سب کی کرم کے موتی لٹا لٹا کر

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
وہ آئینہ ہے رُخ محمد ﷺ کہ جس کا جوہر جمال ربّ ہے
میں دیکھ لیتا ہوں سارے جلوے تصوّر اُن کا جما جما کر

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
میں تیرے قربان میرے ساقی رہے نہ ارمان کوئی باقی
مجھے محبت کا حوصلہ دے نظر سے اپنی پلا پلا کر

چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں
اگر مقدر نے یاوری کی اگر مدینے گیا میں خالد
قدم قدم خاک اس گلی کی میں چوم لوں گا اٹھا اٹھا کر
چلو مدینے چلتے ہیں چلو مدینے چلتے ہیں

خالد محمود خالد

Marfat.com

# یا ربّ میرے دِل میں ہے تمنائے مدینہ

یا ربّ میرے دِل میں ہے تمنائے مدینہ
اِن آنکھوں سے دِکھلا مجھے صحرائے مدینہ
نکلے نہ کبھی دِل سے تمنائے مدینہ
سر میں رہے یا ربّ مرے سودائے مدینہ
ایسا مری نظروں میں سما جائے مدینہ
جب آنکھ اُٹھاؤں تو نظر آئے مدینہ
یاد آتا ہے جب روضۂ پر نور کا گنبد
دل سے یہ نکلتی ہے صدا ہائے مدینہ
قرآن قسم کھاتا نہ اُس شہر کی ہرگز
گر ہوتا نہ وہ گل چمن آرائے مدینہ
اس درجہ ہیں مشتاق زیارت مری آنکھیں
دل سے یہ نکلتی ہے صدا ہائے مدینہ
بلوا کے مدینے میں جمیلؔ رضوی کو
سگ اپنا بنا لو اسے مولائے مدینہ

جمیل الرحمٰن قادری رضوی

---

Marfat.com

# نبی آج پیدا ہوا چاہتا ہے

نبی آج پیدا ہوا چاہتا ہے
یہ کعبہ گھر اُس کا ہوا چاہتا ہے

نہ کیوں آج کعبہ بنے رشکِ گلشن
وہ گل جلوہ فرما ہوا چاہتا ہے

یہ رورو کے آپس میں بت کہہ رہے ہیں
خدا جانے اب کیا ہوا چاہتا ہے

ندا آ رہی ہے کہ حق کے قمر کا
جہاں میں اُجالا ہوا چاہتا ہے

جو عالم کو قطرے سے سیراب کر دے
رواں ایسا دریا ہوا چاہتا ہے

خدا کے خزانوں کا مختار و حاکم
شہ دین و دنیا ہوا چاہتا ہے

صلوٰۃ و سلام عرض کر اے جمیلؔ اب
اجابت کا در وا ہوا چاہتا ہے

جمیل الرحمٰن قادری رضوی

Marfat.com

# مچی ہے دھوم پیمبر کی آمد آمد ہے

مچی ہے دھوم پیمبر کی آمد آمد ہے
حبیب خالق اکبر کی آمد آمد ہے

کیا ہے سبز علم جا بجا کعبہ پر
کہ دو جہان کے سرور کی آمد آمد ہے

نہ کیوں ہو نور سے تبدیل کفر کی ظلمت
خدا کے ماہِ منور کی آمد آمد ہے

ہے جبریلؑ کو حکم خدا خبر کر دے
کہ آج حق کے پیمبر کی آمد آمد ہے

خوشی کے جوش میں بلبلیں بھی نغمہ کناں
چمن میں آج گل تر کی آمد آمد ہے

دو زانو ہو کے ادب سے پڑھو صلوٰۃ و سلام
عزیز و خلق کے مصدر کی آمد آمد ہے

جمیل قادری کہہ دے کھڑے ہوں اہلِ سنن
ہمارے حامی و یاور کی آمد آمد ہے

جمیل الرحمٰن قادری رضوی

---

Marfat.com

# نہ کیوں آرائشیں کرتا خدا دنیا کے ساماں میں

نہ کیوں آرائشیں کرتا خدا دنیا کے ساماں میں
تمہیں دولہا بنا کر بھیجنا تھا بزمِ امکاں میں

یہ رنگینی یہ شادابی کہاں گلزار رضواں میں
ہزاروں جنتیں آ کر بسی ہیں کوئے جاناں میں

تم آئے روشنی پھیلی ہوا دن کھل گئیں آنکھیں
اندھیرا سا اندھیرا چھا رہا تھا بزمِ امکاں میں

عجب انداز سے محبوب حق نے جلوہ فرمایا
سرور آنکھوں میں آیا جانِ دِل میں نور ایماں میں

ظہورِ پاک سے پہلے بھی صدقے تھے نبی تم پر
تمہارے نام ہی کی روشنی تھی بزمِ امکاں میں

ہوا بدلی گھرے بادل کھلے گل بلبلیں چہکیں
تم آئے یا بہار جانفزا آئی گلستان میں

یہاں کے سنگریزوں سے حسن کیا لعل کو نسبت
یہ اُن کی راہ گزار میں ہیں وہ پتھر ہے بدخشاں میں

حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# کیا مژدہ جان بخش سنائے گا قلم آج

کیا مژدہ جان بخش سنائے گا قلم آج
کاغذ پہ جو سو ناز سے رکھتا ہے قدم آج
آمد ہے یہ کس بادشہ عرش مکاں کی
آتے ہیں فلک سے جو حسینانِ ارم آج
نذرانہ میں سر دینے کو حاضر ہے زمانہ
اِس بزم میں کس شاہ کے آتے ہیں قدم آج
بت خانوں میں وہ قہر کا کہرام پڑا ہے
مل مل کے گلے روتے ہیں کفار و صنم آج
ظاہر ہے کہ سلطانِ دو عالم کی ہے آمد
کعبہ پہ ہوا نصب جو کہ یہ سبز علم آج
ہاں مفلسو خوش ہو کہ ملا دامن دولت
تر دامنو مژدہ وہ اُٹھا ابرِ کرم آج
کل نارِ جہنم سے حسنؔ امن و اماں ہو
اِس مالک فردوس پہ صدقے ہوں جو ہم آج

حسن رضا بریلویؒ

Marfat.com

# دنیا میں خیر الوریٰ آگئے ہیں

غلاموں سلاموں کے نغمے سناؤ کہ دنیا میں خیر الوریٰ آگئے ہیں
مبارک تمہیں عاصیو غم کے مارو محمد ﷺ حبیبِ خدا آگئے ہیں

کھلے پھول غنچے سجی ڈالی ڈالی ہیں تشریف لائے دو عالم کے والی
چمن در چمن ہو رہی ہے منادی شہنشاہ ارض و سما آگئے ہیں

خدا جس پہ نازاں خدائی بھی قرباں مہک جسکی پھیلی گلستاں گلستاں
یہ کتنا کرم ہے تیرے گھر حلیمہ وہ پیارے نبی مصطفیٰ آگئے ہیں

امیر و فقیر و ارے بے نواؤ دو عالم کے داتا کی محفل سجاؤ
تم اپنے مقدر پہ جھومو گداؤ دو عالم کے حاجت روا آگئے ہیں

اری مشکلو مشکلوں میں نہ گھیر و نہ تنہا سمجھ کر مجھے آج چھیڑو
نکل جاؤ منہ کو چھپا کر یہاں سے میرے بھی مشکل کشا آگئے ہیں

یہ کون آیا اوڑھے کرم کا دوشالہ میرا کملی والا میرا کملی والا
اسی بات نے عاصیوں کو سنبھالا شافع روزِ جزا آگئے ہیں

پڑھے جانبی کی تو نعتیں نیازی خدا تجھ پہ راضی نبی تجھ پہ راضی
ترا خالی دامن بھرا ہی رہے گا کہ منبع جود و سخا آگئے ہیں

عبدالستار نیازی

Marfat.com

# بولو مرحبا اھلاً وسہلاً مرحبا بولو مرحبا

سنو مومنو مل کر خوشیاں مناؤ حضور آ رہے ہیں حضور آ رہے ہیں
بولو مرحبا اھلاً و سہلاً مرحبا بولو مرحبا
عقیدت سے راہوں میں آنکھیں بچھاؤ حضور آ رہے ہیں حضور آ رہے ہیں
بولو مرحبا اھلاً و سہلاً مرحبا بولو مرحبا
درودوں سلاموں کے گل پاش دستے سجا کر یہاں لا رہے ہیں فرشتے
رسالت کے ہر گام نعرے لگاؤ حضور آ رہے ہیں حضور آ رہے ہیں
بولو مرحبا اھلاً و سہلاً مرحبا بولو مرحبا
خوشی کی گھڑی ہے یہ قربان جاؤ چراغاں کرو پرچموں کو اٹھاؤ
محبت سے اپنے گھروں کو سجاؤ حضور آ رہے ہیں حضور آ رہے ہیں
بولو مرحبا اھلاً و سہلاً مرحبا بولو مرحبا
سماں ہر طرف دیکھئے جشن کا ہے زباں در زباں بس یہی تذکرہ ہے
جلوس اور جلسوں میں نعتیں سناؤ حضور آ رہے ہیں حضور آ رہے ہیں
بولو مرحبا اھلاً و سہلاً مرحبا بولو مرحبا

Marfat.com

سجا کر محبت سے محفل نبی کی کرو ڈالیاں پیش دِل سے خوشی کی
نوید مسرت جہاں کو سناؤ حضور آ رہے ہیں حضور آ رہے ہیں

بولو مرحبا اھلاً و سہلاً مرحبا بولو مرحبا

وہ آئے ہیں جس کے قدم کی بدولت خدا کی خدائی نے پائی ہے رحمت
کرو خیر مقدم سروں کو جھکاؤ حضور آ رہے ہیں حضور آ رہے ہیں

بولو مرحبا اھلاً و سہلاً مرحبا بولو مرحبا

خوشی ہر طرف عید میلاد کی ہے زمیں تا زماں ایک محفل سجی ہے
سنو نعت طاہر سنو اور سناؤ حضور آ رہے ہیں

بولو مرحبا اھلاً و سہلاً مرحبا بولو مرحبا

حضور آرہے ہیں سرور آرہے ہیں بولو مرحبا

محمد طاہر قادری

Marfat.com

# محمد مصطفیٰ صل علیٰ تشریف لے آئے

محمد مصطفیٰ صل علیٰ تشریف لے آئے
زہے قسمت ہمارے پیشوا تشریف لے آئے
اُفق کے گوشے گوشے سے اُجالے کی کرن پھوٹی
طلوعِ صبحِ شمس الضحیٰ تشریف لے آئے
عرب کی ریگزاروں میں عجم کی رہ گزاروں میں
چراغاں ہو گیا بدر الدجیٰ تشریف لے آئے
اٹھو اے عاصیو اور بڑھ کے دامن تھام لو اُن کا
زمیں پر شافع روزِ جزا تشریف لے آئے
مکمل ہو گیا اب سلسلہ رُشد و ہدایت کا
شہنشاہ رسل نور الہدیٰ تشریف لے آئے
مبارک غم کے ماروں کو مبارک خستہ حالوں کو
بالا آخر مخزن جود و سخا تشریف لے آئے
پسینہ آ گیا بپھری ہوئی موجوں کو ہیبت سے
شکستہ کشتیوں کے نا خدا تشریف لے آئے

اقبال عظیم

Marfat.com

# دربار عام گرم ہوا اشتہار دو

دربار عام گرم ہوا اشتہار دو
جن و بشر سلام کو آئیں پکار دو
دونوں جہاں کے شاہ کی آمد کا جشن ہے
سلطان دِین پناہ کی آمد کا جشن ہے
مقبول بارگاہ کی آمد کا جشن ہے
اور کل کے خیر خواہ کی آمد کا جشن ہے
دربار عام گرم ہوا اشتہار دو
جن و بشر سلام کو آئیں پکار دو
یہ جشن ہے مگر ہے دو عالم کا شاہ کا
یہ ذکر ہے مگر ہے حبیب اللہ کا
دربار خاص ہے یہ دو عالم کے شاہ کا
مولود پاک ہے یہ رسالت پناہ کا
دربار عام گرم ہوا اشتہار دو
جن و بشر سلام کو آئیں پکار دو
حسن و جمال نور خدا جلوہ گر ہے آج
دیکھو خدا کے نور کو پیشِ نظر ہے آج

Marfat.com

پردے میں کل جو ذات اُدھر تھی اِدھر ہے آج
مخلوق کو پکارنے والا کدھر ہے آج

دربار عام گرم ہوا اشتہار دو
جن و بشر سلام کو آئیں پکار دو

دیدارِ خاص عام ہوا ہے چلو چلو
رحمت کا اذن عام ہوا ہے چلو چلو
بخشش کا اِنتظامؑ ہوا ہے چلو چلو
ہونے کا تھا جو کام ہوا ہے چلو چلو

دربار عام گرم ہو اِشتہار دو
جن و بشر سلام کو آئیں پکار دو

پھیلے گا دِین اُس شہ عالیٰ مقام کا
سکہ چلے گا آج محمد ﷺ کے نام کا
اے کیف خاص دن ہے یہ دربار عام کا
کہہ دو کہ آج خوب ہے موقع سلام کا

دربارِ عام گرم ہوا اشتہار دو
جن و بشر سلام کو آئیں پکار دو

کیف ٹونکی

---

Marfat.com

# یارسول اللہ آ کر دیکھ لو

یا رسول اللہ آ کر دیکھ لو
یا مدینے میں بلا کر دیکھ لو
سینکڑوں کے دِل منور کر دیئے
اس طرف بھی آنکھ اٹھا کر دیکھ لو
رنج و غم درد و الم کی میرے گرد
بھیڑ ہے سرکار آ کر دیکھ لو
چاہے جو مانگو عطا فرمائیں گے
نامرادو ہاتھ اُٹھا کر دیکھ لو
سیر جنت دیکھنا چاہو اگر
روضۂ انور پہ آ کر دیکھ لو
دو جہاں کی سرفرازی ہو نصیب
ان کے آگے سر جھکا کر دیکھ لو
اس جمیلؔ قادری کو بھی حضور ﷺ
اپنے در کا سگ بنا کر دیکھ لو

صوفی جمیل الرحمٰن قادری

Marfat.com

# ایسا تجھے خالق نے طرح دار بنایا

ایسا تجھے خالق نے طرح دار بنایا
یوسف کو ترا طالب دِیدار بنایا
طلعت سے زمانہ کو پر انوار بنایا
نکہت سے گلی کوچوں کو گلزار بنایا
دیواروں کو آئینہ بناتے ہیں وہ جلوے
آئینوں کو جن جلوؤں نے دیوار بنایا
کونین بنائے گئے سرکار کی خاطر
کونین کی خاطر تمہیں سرکار بنایا
کنجی تمہیں دی اپنے خزانوں کی خدا نے
محبوب کیا مالک و مختار بنایا
عالم کے سلاطین بھکاری ہیں بھکاری
سرکار بنایا تمہیں سرکار بنایا
گلزار کو آئینہ کیا مونہہ کی چمک نے
آئینہ کو رُخسار نے گلزار بنایا

Marfat.com

خدام تو بندے ہیں ترے خلق حسن نے
پیارے تجھے بدخواہ کا غم خوار بنایا
بے پردہ وہ جب خاک نشینوں میں نکل آئے
ہر ذرّہ کو خورشید پُر انوار بنایا
اے ماہِ عرب مہر عجم میں ترے صدقے
ظلمت نے مرے دن کو شب تار بنایا
للّٰہ کرم میرے بھی ویرانۂ دِل پر
صحرا کو ترے حسن نے گلزار بنایا
گلزار جناں تیرے لیے حق نے بنائے
اپنے لیے تیرا گل رخسار بنایا
اُن کے لب رنگیں کی نچھاور تھی جس نے
پتھر میں حسنؔ لعل پر انوار بنایا

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

آج ہے جشنِ ولادت مرحبا یا مصطفیٰ
آج آئے جانِ رحمت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا مہر رسالت مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا ماہِ نبوت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

آمد شاہِ مدینہ مرحبا صد مرحبا
مرحبا اے جانِ رحمت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا آقا کی آمد مرحبا نورِ خدا
ہو گئی کافورِ ظلمت مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

آج دنیا میں ولادت مصطفیٰ کی ہوگئی
خوب چمکی اپنی قسمت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

کعبہ سجدے کو جھکا بت سارے اوندھے گر پڑے
آ گئی شیطاں کی شامت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

آ گئے سرکار ہر سو نور کی برسات ہے
جھومتے ہیں ابرِ رحمت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

چار سو ہیں رحمتوں کی کیا چھما چھم بارشیں
آئے لمحاتِ مسرت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

مرحبا کی گونج ڈالو سب پکارو مرحبا
جھوم کر اہلِ محبت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

آج گھر گھر روشنی ہے سبز پرچم ہیں بلند
جھومتے ہیں اہلسنّت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

عید میلادالنبی ہے ساری عیدوں کی بھی عید
ہے مسرت ہی مسرت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

جشن میلادِ النبی کی دھوم ہے چاروں طرف
مست ہیں اہلِ محبت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

خوب گاتی تھیں ترانے دف بجا کر بچیاں
ہر طرف کہتی تھی خلقت مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

آ گئی اٹھو سواری آمنہ کے لال کی
مانگ لو جو چاہو نعمت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

لے کے کشکول اے فقیرو آمنہ کے گھر چلو
مانگ لو جو چاہو نعمت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

یا نبی اپنی ولادت کی خوشی میں دیجئے
مجھ کو بس اپنی محبت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

دے دو تم عطار کو عیدی میں چشم اشکبار
اپنا غم دو اپنی اُلفت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا صد مرحبا مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

# مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

مومنو وقت ادب ہے، آمدِ محبوب ربّ ہے
جائے آداب وطرب ہے۔ آمدِ شاہ عرب ہے

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

غنچے چٹکے پھول مہکے شاخِ گل پر مرغ چہکے
جھوم جاؤ تم بھی کہہ کے آمدِ شاہ عرب ہے

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

خواہش زلف نبی میں مست ہیں گل کی شمیمیں
جھوم کر آئیں نسیمیں آمدِ شاہ عرب ہے

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

Marfat.com

بدلیاں رحمت کی چھائیں　　بوندیاں رحمت کی آئیں
اب مرادیں دِل کی پائیں　　آمدِ شاہ عرب ہے
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

بج رہے ہیں شادیانے　　بت لگے کلمہ سنانے
ہر زباں پہ ہیں ترانے　　آمدِ شاہ عرب ہے
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

ابرِ رحمت چھا گیا ہے　　کعبے پہ جھنڈا گڑا ہے
بابِ رحمت آج وا ہے　　آمدِ شاہ عرب ہے
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

قصر کسریٰ کانپتا ہے　　خشک سا وا ہو گیا ہے
ہر طرف سے یہ صدا ہے　　آمد شاہ عرب ہے
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

Marfat.com

آتا وہ ماہِ لقا ہے جس پہ پیارا کبریا ہے
دو جہاں میں غلغلہ ہے آمد شاہ عرب ہے

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

آنے والا ہے وہ پیارا دونوں عالم کا سہارا
کعبے کا چمکا ستارا، آمدِ شاہ عرب ہے

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

آتا ہے شاہ حکومت فرض ہے جس کی اطاعت
ہر نبی نے دی بشارت آمد شاہ عرب ہے

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

ہونے والی وہ سحر ہے جو سحر رشک قمر ہے
مقدم خیر البشر ہے آمد شاہ عرب ہے

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

Marfat.com

اُٹھو آیا تاج والا عرش کی آنکھوں کا تارا
سب کہو اے ماہِ طیبہ صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

آمنہ بی بی کا جایا بارہویں تاریخ آیا
صبح صادق نے سنایا صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

السلام اے جانِ عالم السلام ایمان عالم
شاہ دیں سلطان عالم صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

السلام اے شاہ عالی السلام امت کے والی
عرض کرتے ہیں سوالی صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

Marfat.com

نوح کے تم ناخدا ہو خلق کے مشکل کشا ہو
سب کے تم حاجت روا ہو صلوات اللہ علیک
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

بخشش دو میری خطائیں دور ہوں غم کی گھٹائیں
بھیج دو اپنی عطائیں صلوات اللہ علیک
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

ہوں پھنسا افکار و غم میں گھر گیا رنج والم میں
دیر کیا ہے اب کرم میں صلوات اللہ علیک
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

کفر کو تم نے مٹایا خاک میں اس کو ملایا
دین کا ڈنکا بجایا صلوات اللہ علیک
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

Marfat.com

اب تو طیبہ میں بلالو حسرتیں دِل کی نکالو
اپنے بد کو بھی نبھالو صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

دل میں رنگ اپنا جمادو پردۂ غفلت اٹھا دو
بخت خوابیدہ جگا دو صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

جان نکلے اس طرح پر آپ کا در ہو مرا سر
سامنے ہو قبرِ انور صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

اے شفیع روزِ محشر ہیں سیہ عصیاں سے دفتر
غوث کا صدقہ کرم کر صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

---

Marfat.com

کچھ نہ کی ہم نے کمائی　　عمر سب یونہی گنوائی
اے عرب والے دوہائی　　صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

حشر میں تم بخشوانا　　اپنے دامن میں چھپانا
ہر مصیبت سے بچانا　　صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

اے شہنشاہ رسالت　　ہیں یہاں جو اہلِ سنت
تاابد سب پر ہو رحمت　　صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

اس جمیل قادری پر　　ہو کرم محبوب داور
چشم و دِل کر دو منور　　صلوات اللہ علیک

مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا
مرحبا بولو مرحبا جھوم کر بولو مرحبا مرحبا

صوفی جمیل الرحمٰن قادری رضوی

Marfat.com

# تیری رحمت یہ شب گھڑی لائی

تیری رحمت یہ شب گھڑی لائی
تیری قرباں حبیبی مولائی
میرے گلشن پہ پھر بہار آئی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

آج ارمان آیا بر میرا
شکر میں جھک گیا ہے سر میرا
تو نے تقدیر میری چمکائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

درد فرقت سے دِل میرا مضطر
ہو رہا تھا مگر میرے دِلبر
دور دوری یہ تو نے فرمائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

پھنس گیا جب غموں کے چنگل میں
جب دھنسا مشکلوں کی دلدل میں

Marfat.com

فوراً امداد تو نے فرمائی
تیرے قربان حبیبی مولائی

چار جانب تھے میرے رنج والم
پر کرم سے تیرے شاہ امم
بات بگڑی ہوئی تھی بن آئی
تیرے قربان حبیبی مولائی

اشک ہوتے ہیں آنکھ سے جاری
رنج ہوتا ہے روح پر طاری
یادِ طیبہ کی جب بھی تڑپائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

یا نبی دید ہو گی کب تیری
ایک مدت سے آنکھ ہے میری
تیرے دیدار کی تمنائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

یاسمن میں نہ وہ سمن میں ہے
جو روضہ جاناں کے حسیں چمن میں ہے

Marfat.com

دشتِ طیبہ میں جو ہے رعنائی
ترے قرباں حبیبی مولائی

یہ شجر یہ حجر یہ شام و سحر
جگمگاتے ستارے شمس و قمر
تیرے دِل سے ہے ان میں رعنائی
تیرے قربان حبیبی مولائی

کوئی تجھ سا نہیں ہوا واللہ
تیرے تلوؤں کا دیکھ کر جلوہ
ماہ و خور کی ضیاء بھی شرمائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

تیرے دربارِ نور میں آقا
لاد کر سر پہ بھارِ عصیاں کا
آ گیا پھر یہ تیرا شیدائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

نہ عبادت خشوع سے ہوتی ہے
نہ ندامت سے آنکھ روتی ہے

Marfat.com

سخت ہے دِل کرم اے آقائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

دے دو سوزِ جگر مجھے دلبر
چاک سینہ دو دے دو چشم تر
تیرے غم کا ہوں میں تمنائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

ہے عبیدؔ رضا کا یہ ارماں
تیرے قدموں میں اسی کی نکلے جاں
تو بھی سرکار ہو تماشائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

کاش حسرت یہ دِل کی پوری ہو
کہ کہیں لوگ عبیدؔ نے دیکھو
بہر مدفن بقیع میں جاپائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# غم سبھی راحت و آرام میں ڈھل جاتے ہیں

غم سبھی راحت و آرام میں ڈھل جاتے ہیں
جب کرم ہوتا ہے حالات بدل جاتے ہیں

آ گئے ہیں ترے قدموں میں ہم بھی یہ سن کر
جو ترے قدموں میں گرتے ہیں سنبھل جاتے ہیں

رکھ ہی لیتے ہیں بھرم اُن کے کرم کے صدقے
جب کسی بات پہ دیوانے مچل جاتے ہیں

اسمِ احمد کا وظیفہ ہے ہر اک غم کی دوا
لاکھ خطرے ہوں اسی نام سے ٹل جاتے ہیں

اپنی آغوش میں لے لیتا ہے جب ان کا کرم
زِندگی کے سبھی انداز بدل جاتے ہیں

کوئی دیکھے تو ذرا اُن کی دوہائی دے کر
عشق سچا ہو تو پتھر بھی پگھل جاتے ہیں

آپ کو کعبۂ مقصود ہی مانوں خالدؔ
آپ کے در پہ سبھی ارمان نکل جاتے ہیں

خالد محمود خالدؔ

Marfat.com

# رُخ دن ہے یا مہر سما یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

رُخ دن ہے یا مہر سما یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
شب زلف یا مشک ختا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

ممکن میں یہ قدرت کہاں واجب میں عبدیت کہاں
حیراں ہوں یہ بھی ہے خطا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

بلبل نے گل ان کو کہا قمری نے سرو جانفزا
حیرت نے جھنجلا کر کہا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

خورشید تھا کس زور پر کیا بڑھ کے چمکا تھا قمر
بے پردہ جب وہ رُخ ہوا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

ڈر تھا کہ عصیاں کی سزا اب ہو گی یا روزِ جزا
دی اُن کی رحمت نے صدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

دن لہو میں کھونا تجھے شب صبح تک سونا تجھے
شرمِ نبی خوفِ خدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

ہے بلبلِ رنگیں رضاؔ یا طوطیٔ نغمہ سرا
حق یہ کہ واصف ہے ترا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# الٰہی روضہ خیر البشر میں اگر جاؤں

الٰہی روضہ خیر البشر پر میں اگر جاؤں
تو اک سجدہ کروں ایسا کہ آپے سے گزر جاؤں
کبھی روضے سے منبر تک کبھی منبر سے روضے تک
اِدھر جاؤں اُدھر جاؤں اسی حالت میں مر جاؤں
توجہ اُن کرم پرور نگاہوں کی جو ہو جائے
میرا ایماں سنور جائے میں ایماں سے سنور جاؤں
سمجھ کر کوچۂ جاناں میں جنت میں چلا آیا
کوئے جاناں تو طیبہ ہے میں جاؤں تو کدھر جاؤں
سگان کوچۂ جاناں کی میں پیہم بلائیں لوں
تماشا بن کے رہ جاؤں، مدینے میں جدھر جاؤں
خلیؔل اب زادِ راہ آخرت کی سعی احسن میں
مدینہ سر کے بل جاؤں وہاں جاؤں تو مر جاؤں

خلیل

Marfat.com

# عزیزوں کی طرف سے جب مرا دِل ٹوٹ جاتا ہے

عزیزوں کی طرف سے جب مرا دِل ٹوٹ جاتا ہے
ترا لطف و کرم بڑھ کر میری ڈھارس بندھاتا ہے
میرا دِل کانپ اٹھتا ہے کلیجہ منہ کو آتا ہے
کرم یا ربّ اندھیرا قبر کا جب یاد آتا ہے
مسلسل موت نزدیک آرہی ہے ہائے بربادی
کرم مولا گناہوں کا مرض بڑھتا ہی جاتا ہے
الٰہی واسطہ پیارے کا میری مغفرت فرما
عذابِ نار سے مجھ کو خدایا خوف آتا ہے
نئی اُمید ملتی ہے' دِل مایوس کو پھر سے
مجھے شاہِ مدینہ! جب مدینہ یاد آتا ہے
خدا ٹھنڈی کرے گا اس کی آنکھیں حشر میں عطار
یہاں جو سوزِ الفت میں جگر اپنا جلاتا ہے

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# آج اشک میرے نعت سنائیں تو عجب کیا

آج اشک میرے نعت سنائیں تو عجب کیا
سن کر وہ مجھے پاس بلائیں تو عجب کیا

ان پر تو گنہگار کا سب حال کھلا ہے
اس پر وہ دامن میں چھپائیں تو عجب کیا

منہ ڈھانپ کے رکھنا کہ گنہگار بہت ہوں
میت کو مری دیکھنے آئیں تو عجب کیا

نہ زاد سفر ہے نہ کوئی کام بھلے ہیں
پھر بھی ہمیں سرکار بلائیں تو عجب کیا

دیدار کے قابل تو ہیں چشم تمنا
لیکن وہ کبھی خواب میں آئیں تو عجب کیا

میں ایسا خطاوار ہوں کچھ حد نہیں جس کی
پھر بھی میرے عیبوں کو چھپائیں تو عجب کیا

وہ حسن دو عالم ہیں ادیب ان کے قدم سے
صحرا میں اگر پھول کھلائیں تو عجب کیا

سید حسین علی ادیب رائے پوری

Marfat.com

# اک روز ہو گا جانا سرکار کی گلی میں

اک روز ہو گا جانا سرکار کی گلی میں
ہو گا کبھی ٹھکانہ سرکار کی گلی میں

آنکھیں تو دیکھنے کو پہلے ہی مضطرب تھیں
دِل بھی ہُوا روانہ سرکار کی گلی میں

گو پاس کچھ نہیں ہے لیکن یہ دیکھ لے گا
اک دن مجھے زمانہ سرکار کی گلی میں

کبھی ہو حسیں تصور کبھی خود میں جاؤں چل کر
رہے یونہی آنا جانا سرکار کی گلی میں

ہیں کہیں خزاں کے پہرے کہیں دو گھڑی بہاریں
موسم سدا سہانا سرکار کی گلی میں

دل میں نبی کی یادیں لب پر نبی کی نعتیں
جانا تو ایسے جانا سرکار کی گلی میں

سمجھیں گے ہم نیازیؔ اُن کی کرم نوازی
جس دن ہوئے روانہ سرکار کی گلی میں

عبدالستار نیازی

Marfat.com

# بڑی اُمید ہے سرکار قدموں میں بلائیں گے

بڑی اُمید ہے سرکار قدموں میں بلائیں گے
کرم کی جب نظر ہوگی مدینے ہم بھی جائیں گے
اگر جانا مدینے میں ہوا ہم غم کے ماروں کا
مکین گنبدِ خضریٰ کو حال دِل سنائیں گے
قسم اللہ کی ہو گا وہ منظر دید کے قابل
قیامت میں رسول اللہ جب تشریف لائیں گے
گنہگاروں میں خود آ کے شامل پارسا ہوں گے
شفیع حشر جب دامانِ رحمت میں چھپائیں گے
کبھی تو اس طرف وہ پیکر تنویر آئیں گے
کبھی تو اپنے دِل کی تشنگی ہم بھی بجھائیں گے
غم عشق نبی سے ہو گا جب معمور دِل نیرؔ
تیرے ظلمت کدے میں بھی ستارے جگمگائیں گے

شریف الدین نیرؔ

Marfat.com

# قربان میں ان کی بخشش کے مقصد بھی زباں پر آیا نہیں

قربان میں ان کی بخشش کے مقصد بھی زباں پر آیا نہیں
بن مانگے دیا اور اِتنا دیا دامن میں ہمارے سمایا نہیں

ایمان ملا ان کے صدقے قرآن ملا ان کے صدقے
رحمٰن ملا ان کے صدقے وہ کیا ہے جو ہم نے پایا نہیں

ان کا تو شعار کریمی ہے مائل بہ کرم ہی رہتے ہیں
جب یاد کیا اے صل علیٰ وہ آ ہی گئے تڑپایا نہیں

دل بھر گئے منگتوں کے لیکن دینے سے تری نیت نہ بھری
جو آیا اسے بھر بھر کے دیا محروم کبھی لوٹایا نہیں

خورشید قیامت کی تابش مانا کہ قیامت ہی ہو گی
ہم ان کے ہیں گھبرائیں کیوں کیا ہم پہ نبی کا سایہ نہیں

اس محسن اعظم کے یوں تو خالد پہ ہزاروں احسان ہیں
قرباں مگر اِس احساں کے احساں بھی کیا تو جتایا نہیں

خالد محمود خالد

Marfat.com

# بن گئی بات ان کا کرم ہو گیا شاخِ نخل تمنا ہری ہو گئی

بن گئی بات ان کا کرم ہو گیا شاخِ نخل تمنا ہری ہو گئی
میرے لب پر مدینے کا نام آ گیا بیٹھے بیٹھے مری حاضری ہو گئی
مجھ پہ رحمت ہوئی مرے رب کی بڑی مہرباں ہو گیا کملی والا نبی
پڑھ کے سویا درود ان پہ میں جس گھڑی پھر زیارت مجھے آپ کی ہو گئی
فرش پر بھی ہوا ذکر صل علیٰ عرش پر بھی ہوا چرچا سرکار کا
ہر طرف سج گئی محفل مصطفیٰ ہر طرف یا نبی یا نبی ہو گئی
محفل نعت میں آیا جایا کرو اپنے سوئے مقدر جگایا کرو
محفل نعت میں آ کے بیٹھا ہے جو اس کی واللہ طبیعت غنی ہو گئی
جب میں پہنچا در شہ لولاک پر جھک گیا خود بخود اُن کی چوکھٹ پہ سر
غیب سے آئی آواز اے بے خبر جا تری کھوٹی قسمت کھری ہو گئی
جھونکے ٹھنڈی ہواؤں کے آنے لگے لوگ آنکھوں پہ اپنی بٹھانے لگے
میری جس دن سے اے تاجدار حرم دوستوں سے ترے دوستی ہو گئی
مجھ پہ کتنا نیازی کرم ہو گیا دُنیا کہنے لگی پنجتن کا گدا
اِس گھرانے کا جب سے میں نوکر ہوا سب سے اچھی مری نوکری ہو گئی

عبدالستار نیازی

Marfat.com

# دل مرا دنیا پہ شیدا ہو گیا

دل مرا دنیا پہ شیدا ہو گیا
اے مرے اللہ یہ کیا ہو گیا
کچھ مرے بچنے کی صورت کیجیے
اب تو جو ہونا تھا مولیٰ ہو گیا
عیب پوشِ خلق دامن سے ترے
سب گنہگاروں کا پردہ ہو گیا
رکھ دیا جب اس نے پتھر پر قدم
صاف اک آئینہ پیدا ہو گیا
دیکھ کر ان کا فروغ حسن پا
مہر ذرّہ چاند تارا ہو گیا
ربّ سلّم وہ اِدھر کہنے لگے
اُس طرف پار اپنا بیڑا ہو گیا
جا پڑا جو دشتِ طیبہ میں حسنؔ
گلشن جنت گھر اُس کا ہو گیا

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# یہ اُن کا کرم ہے جو ہم نعت سناتے ہیں

یہ اُن کا کرم ہے جو ہم نعت سناتے ہیں
یوں سوئی ہوئی قسمت ہم اپنی جگاتے ہیں
سرکار کی سنت سے جو خود کو سجاتے ہیں
سرکار انہیں اپنا دِیدار کراتے ہیں
سرکار کی اُلفت میں جو خود کو گھلاتے ہیں
سرکار انہیں اپنا دیدار کرتے ہیں
دُنیا کی محبت میں جو غرق ہیں کیا جانیں
سرکار کے دیوانے کیوں اشک بہاتے ہیں
ہوتا ہے خدا راضی اُن سے اے جہاں والو
سرکار کی آمد کا جو جشن مناتے ہیں
اے کاش! کوئی آ کر دے جائے مجھے مژدہ
اُٹھ چل تجھے طیبہ میں سرکار بلاتے ہیں
قسمت کے دھنی ہیں وہ کیا بات عبید اُن کی
خوش بخت بقیع مر کر طیبہ میں جو پاتے ہیں

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# دِل مدینہ میرا بنا آقا

دِل مدینہ میرا بنا آقا
ہو مجھے چشم نم عطا آقا

اب حضور ہو دور دوری ہو
پھر مدینے مجھے بلا آقا

موت کے بعد بھی سرور آئے
ایسی اُلفت کی مے پلا آقا

سنیت پر تو رکھ مجھے قائم
منکروں سے مجھے بچا آقا

مجھے پیکر بنا دے سنت کا
دور عصیاں کی ہو وبا آقا

مجھے صدیق کی صداقت کا
کوئی ذرّہ تو کر عطا آقا

کاش ! روئے خشیت ربّ سے
بپئے فاروق دِل میرا بنا آقا

بپئے عثمان با حیا مجھ کو
دیجئے دولتِ حیا آقا

Marfat.com

پئے مولیٰ علی مجھے غلبہ
دُشمنوں پر تو کر عطا آقا

از پئے فاطمہ مجھے اپنے
عشق میں ہر گھڑی رُلا آقا

پئے حسنینؑ دے بنا مجھ کر
پیکر صبر اور رضا آقا

کروں صدقے میں ہر صحابہ کے
سُنتیں عام جا بجا آقا

واسطہ تجھ کو ابو حنیفہ کا
تو مجھے متقی بنا آقا

واسطہ تجھ کو غوثِ اعظم کا
نیک سیرت مجھے بنا آقا

مجھے صدقے میں اعلیٰ حضرت کے
عالم با عمل بنا آقا

دے دو مولیٰ ضیاء کے صدقے میں
پئے مدفن بقیع میں جا آقا

چل مدینہ کی ہو پئے مرشد
اب سعادت مجھے عطا آقا

Marfat.com

میرے اہل و عیال اور مجھ سے
دور ہو جائے ہر بلا آقا

تک رہی ہیں نگاہیں راہ تیری
آ کے سینے مجھے لگا آقا

تشنۂ دِید پر کرم کر دو
اک جھلک دو اپنی دکھا آقا

میرے آقا نہ اتنا تڑپاؤ
رُخ پُر نور دو دکھا آقا

مجھ سیاہ کار کی خدا سے اب
بخشوا دے تو ہر خطا آقا

سر بالیں خدارا آ جاؤ
آخری وقت ہے میرا آقا

میرا ایمان رکھ سلامت تو
مجھے شیطان سے بچا آقا

آ گیا دم لبوں پر تو آ کر
کلمۂ پاک اب پڑھا آقا

آ گئے غسال غسل دینے کو
تختۂ غسل آ گیا آقا

Marfat.com

ڈھل گیا غسل سے بدن اور اب
صاف ہو نامۂ سیاہ آقا
چل دیئے دوش پر لیئے میت
جانب قبر اب رواں آقا
مجھے تنہا لٹا کر مرقد میں
چل دیئے بھائی اب رواں آقا
میری تاریک قبر کو آ کر
نور سے اپنے جگمگا آقا
قبر کو چیرتے نکیرین اب
آ گئے ہیں مجھے بچا آقا
حشر کے روز دامنِ رحمت
میرے عیبوں پہ ڈالنا آقا
میرے اعمال جو ہوئے میزاں
میں پھنسوں گا مجھے بچا آقا
ہے بڑی تشنگی شہہ کوثر
آبِ کوثر مجھے پلا آقا
مسکرا کر عبید سے کہہ دو
تو میرا بندہ میں تیرا آقا

Marfat.com

# میں چھوڑے جا رہا ہوں در تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

میں چھوڑے جا رہا ہوں در تمہارا یا رسول اللہ
بلانا جلد مجھ کو پھر خدارا یا رسول اللہ

نہ جانے کب میسر حاضری ہو پھر تیرے در کی
سلام آخری لے لو ہمارا یا رسول اللہ

نگاہیں گنبدِ خضریٰ کو تکتی اور جھک جائیں
نظر سے چھپ گیا اب وہ نظارہ یا رسول اللہ

وہ منبر کی بہاریں اور وہ محراب کا جلوہ
ملے گا کب مجھے ایسا نظارہ یا رسول اللہ

تڑپتے ہیں تیرے در کے لیے عشاق اور میں نے
بڑی غفلت میں ہر لمحہ گزارا یا رسول اللہ

یہ آنکھیں رو رہی ہیں اور دل پر غم کا غلبہ ہے
کہ پھر یاد آ گیا روضہ تمہارا یا رسول اللہ

نکما ہے کمینہ ہے عبیدؔ قادری لیکن
نہیں یہ بے ادب ہرگز تمہارا یا رسول اللہ

محمد اویس عبید رضا قادری

---

Marfat.com

# تری وحشتوں سے اے دِل مجھے کیوں نہ عار آئے

تری وحشتوں سے اے دِل مجھے کیوں نہ عار آئے
تو انہیں سے دور بھاگے جنہیں تجھ پہ پیار آئے

مرے دِل کو درد الفت وہ سکون دے الٰہی
مری بے قراریوں کو نہ کبھی قرار آئے

کھلیں پھول اس بھبن کے کھلیں بخت اِس چمن کے
مرے گل پہ صدقے ہو کر جو کبھی بہار آئے

نہ حبیب سے محبّ کا کہیں ایسا پیار دیکھا
وہ بنے خدا کا پیارا تمہیں جس پہ پیار آئے

مجھے کیا الم ہو غم کا مجھے کیا ہو غم الم کا
کہ علاج غم الم کا مرے غمگسار آئے

جو امیر و بادشاہ ہیں اسی در کے سب گدا ہیں
تمہی شہریار آئے تمہی تاجدار آئے

حسؔن اُن کا نام لے کر تو پکار دیکھ غم میں
کہ یہ نہیں جو غافل پس انتظار آئے

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# محبوب رب اکبر تشریف لا رہے ہیں

محبوب رب اکبر تشریف لا رہے ہیں
آج انبیاء کے سرور تشریف لا رہے ہیں
کیوں ہے فضا معطر کیوں روشنی ہے گھر گھر
اچھا! حبیب داور تشریف لا رہے ہیں
عیدوں کی عید آئی رحمت خدا کی لائی
جو دو سخا کے پیکر تشریف لا رہے ہیں
حوریں لگیں ترانے نعتوں کے گنگنانے
حور و ملک کے افسر تشریف لا رہے ہیں
جو شاہ بحر و بر ہیں نبیوں کے تاجور ہیں
وہ آمنہ ترے گھر تشریف لا رہے ہیں
اے فرشیو مبارک اے عرشیو مبارک
دونوں جہاں کے سرور تشریف لا رہے ہیں
اے بے کسو مبارک اے بے بسو مبارک
اب غمزدوں کے یاور شریف لا رہے ہیں

Marfat.com

جھومو، اے بدنصیبو ! ہو جاؤ خوش غریبو
دیکھو غریب پرور تشریف لا رہے ہیں

کیسا ہے پیارا منظر رنگین و روح پرور
ہر ایک سے حسیں تر تشریف لا رہے ہیں

رحمت برس رہی ہے ہر سمت روشنی ہے
دیکھو مہِ منور تشریف لا رہے ہیں

اے بے نواؤ آؤ ' آؤ گداؤ آؤ
وہ آمنہ کے گھر پر تشریف لا رہے ہیں

تیری حلیمہ دائی تقدیر مسکرائی
محبوب حق ترے گھر تشریف لا رہے ہیں

اُمت کے ناز اٹھانے امت کو بخشوانے
اللہ کے پیمبر تشریف لا رہے ہیں

آج ازپئے ولادت جنت ملے گی جنت
مختارِ خلد و کوثر تشریف لا رہے ہیں

وقت ولادت آیا ہے شور مرحبا کا
آج آمنہ کے دلبر تشریف لا رہے ہیں

Marfat.com

کسریٰ کا قصر شق ہے شیطاں کا رنگ فق ہے
کیونکہ رسول انور تشریف لا رہے ہیں
تعظیم کے لیے اب اے مومنو اٹھو سب
آرامِ جان مضطر تشریف لا رہے ہیں
اپنا غلام کہنے اس اجڑے دِل میں رہنے
کب اے غریب پرور تشریف لا رہے ہیں
اے تشنگان محشر دیکھو کرم کے پیکر
کوثر کا لے کے ساغر تشریف لا رہے ہیں
عطار اب خوشی سے پھولے نہیں سماتے
آج اُن کے میٹھے دلبر تشریف لا رہے ہیں
عطار رکھو ہمت فرمائیں گے شفاعت
دیکھو شفیع محشر تشریف لا رہے ہیں

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ　　کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ　　صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ
ہے کبھی درود و سلام تو کبھی نعت لب پہ سجی رہی
غمِ ہجر میں کبھی رو پڑا کبھی حاضری کی خوشی رہی
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ　　کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ　　صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ
ترا راز عاشقِ مصطفیٰ، نہ سمجھ میں آ سکا تو بتا
کبھی ترے لب پہ ہنسی رہی کبھی آنسوؤں کی جھڑی رہی
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ　　کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ　　صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ
تری آنکھ میں جو نمی رہی کلی تیرے دِل کی کھلی رہی
کبھی دِل میں ہوک اٹھی رہی تو نگاہ تیری جھکی رہی
بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ　　کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ　　صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

Marfat.com

مجھے کر دو دیدۂ تر عطا، غم عشق سوز جگر عطا
ہو عطا مدینے میں گھر عطا یہی آرزوئے دلی رہی

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

نہیں مجھ کو مال کی آرزو نہ ہی اقتدار کی جستجو
میں تو سائلِ غمِ عشق ہوں مرے آگے ہیچ شہی رہی

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

جسے مل گیا غم مصطفیٰ اسے زندگی کا مزہ ملا
کبھی سیل اشک رواں ہوا، کبھی ''آہ'' دِل میں دبی رہی

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

جو نبی کی یاد میں کھو گیا وہ خدائے پاک کا ہو گیا
دو جہان اُس کے سنور گئے اُسے آخرت میں خوشی رہی

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

Marfat.com

مجھے یا نبی تری دید ہو، تری دید ہو میری عید ہو
تجھے جس نے دیکھا ہزار بار اُسے پھر بھی تشنہ لبی رہ

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

مری جاں ہو جسم سے جب جدا ہو نظر میں جلوۂ مصطفیٰ
ہو مدینے میں مرا خاتمہ یہ دعا خدائے غنی رہی

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

مجھے شوق دیں شب و روز دے یہی ولولہ یہی سوز دے
تری سنتیں کروں عام میں، کہ اسی میں تری خوشی رہی

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

تو سگ مدینہ کو یا خدا غم روز گار سے لے بچا
دے غم مدینہ پئے رضا یہی بس دعائے دلی رہی

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

مولانا محمد الیاس عطا قادری

Marfat.com

## بہار آ رہی ہے بہار آ رہی ہے

بہار آ رہی ہے بہار آ رہی ہے
خزاں جا رہی ہے خزاں جا رہی ہے
ہے سایۂ فگن ہر طرف ابرِ رحمت
زمیں رشک جنت بنی جا رہی ہے
ہے پھولوں سے آراستہ ڈالی ڈالی
مشان دو عالم کو مہکا رہی ہے
مسرت سے شاخوں پہ چہکے عنادل
مبارک ہو فصلِ بہار آ رہی ہے
نہالان گلشن کے پھیلے ہیں دامن
فضا پھول رحمت کے برسا رہی ہے
یہ آمد ہے کس کی کہ رحمت سے جس کی
زمیں رحمتوں سے بھری جا رہی ہے
وہ تشریف لائے ہیں ہم راہ جن کی
بڑی رحمتِ کرد گار آ رہی ہے
ہے چاروں طرف یہی محمود چرچا
سواریٔ محبوب ربّ آ رہی ہے

محمود قادری

Marfat.com

# آئی پھر یاد مدینے کی رلانے کے لیے

آئی پھر یاد مدینے کی رلانے کے لیے
دل تڑپ اٹھا ہے دربار میں جانے کے لیے
کاش میں اڑتا پھروں خاکِ مدینہ بن کر
اور مچلتا رہوں سرکار کو پانے کے لیے
میرے لجپال نے رسوا نہ کبھی ہونے دیا
جب پکارا ہے انہیں آئے بچانے کے لیے
غم نہیں چھوڑ دے یہ' سارا زمانہ مجھ کو
میرے آقا تو ہیں سینے سے لگانے کے لیے
بخش دی نعت کی دولت مرے آقا نے مجھے
کتنا پیارا ہے وسیلہ اُنہیں پانے کے لیے
پھر میسر مجھے دیدارِ مدینہ ہو گا
وہ بلائیں گے مجھے جلوہ دکھانے کے لیے
یہ تو بس ان کا کرم ہے وہ سن لیتے ہیں
ورنہ یہ لب کہاں فریاد سنانے کے لیے

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# سن لو خدا کے واسطے اپنے گدا کی عرض

سن لو خدا کے واسطے اپنے گدا کی عرض
یہ عرض ہے حضور بڑے بے نوا کی عرض

اُن کے در پہ ہے یوں بادشاہ کی عرض
جیسے ہو بادشاہ کے در پر گدا کی عرض

غم کی گھٹائیں چھائی ہیں مجھ تیرہ بخت پر
اے مہر سن لے ذرۂ بیدست و پا کی عرض

اے بیکسوں کے حامی و یاور سوا ترے
کس کو غرض ہے کون سنے مبتلا کی عرض

دُکھ میں رہے کوئی یہ گوارا نہیں اُنہیں
مقبول کیوں نہ ہو دِل دردآشنا کی عرض

دامن بھریں گے دولتِ فضلِ خدا سے ہم
خالی کبھی گئی ہے حسنؔ مصطفیٰ کی عرض

حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# ہم نے تقصیر کی عادت کر لی

ہم نے تقصیر کی عادت کر لی
آپ اپنے پہ قیامت کر لی
میں چلا ہی تھا مجھے رُوک لیا
مرے اللہ نے رحمت کر لی
نارِ دوزخ سے بچایا مجھ کو
مرے پیارے بڑی رحمت کر لی
رکھ دیا سر قدم جاناں پر
اپنے بچنے کی یہ صورت کر لی
نعمتیں ہم کو کھلائیں اور آپ
جَو کی روٹی پہ قناعت کر لی
فاقہ مستوں کو شکم سیر کیا
آپ فاقہ پر قناعت کر لی
اے حسنؔ کام کا کچھ کام کیا
یا یونہی ختم پر رُخصت کر لی

حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# بخت خفتہ نے مجھے روضے پہ جانے نہ دیا

بخت خفتہ نے مجھے روضے پہ جانے نہ دیا
چشم و دِل سینے کلیجے سے لگانے نہ دیا

آہ قسمت مجھے دنیا کے غموں نے روکا
ہائے تقدیر کہ طیبہ مجھے جانے نہ دیا

شربت دید نے اور آگ لگا دی دِل میں
تپش دِل کو بڑھایا ہے بجھانے نہ دیا

اب کہاں جائے گا نقشہ ترا مرے دِل سے
تہ میں رکھا ہے اسے دِل نے گمانے نہ دیا

میرے اِعمال کا بدلہ تو جہنم ہی تھا
میں تو جاتا مجھے سرکار نے جانے نہ دیا

نفس بدکار نے دل پہ یہ قیامت توڑی
عمل نیک کیا بھی تو چھپانے نہ دیا

اور چمکتی سی غزل کوئی پڑھو اے نوری
رنگ اپنا ابھی جمنے شعرا نے نہ دیا

مصطفیٰ رضا نوری

Marfat.com

# بہارِ جانفزا تم ہو نسیم داستاں تم ہو

بہارِ جانفزا تم ہو نسیم داستاں تم ہو
بہارِ باغ رضواں تم سے ہے زیب جناں تم ہو
حقیقت سے تمہاری جز خدا اور کون واقف ہے
کہے تو کیا کہے کوئی چنیں تم ہو چناں تم ہو
کجا ہم خاک افتادہ کجا تم اے شہ بالا
اگر مثل زمین ہم ہیں تو مثل آسماں تم ہو
یہ کیا میں نے کہا مثل سما تم ہو معاذ اللہ
منزہ مثل سے برتر زہر و ہم و گماں تم ہو
میں بھولا آپ کی رفعت سے نسبت ہی ہمیں کیا ہے
وہ کہنے بھر کی نسبت تھی کہاں ہم ہیں کہاں تم ہو
میں بیکس ہوں میں بے بس ہوں مگر کس کا تمہارا ہوں
تہہ دامن مجھے لے لو پناہِ بے کساں تم ہو
ہمیں اُمید ہے روزِ قیامت ان کی رحمت سے
کہ فرمائیں ادھر آؤ نہ مایوس از جناں تم ہو

Marfat.com

ستم کارو، خطا کارو، سیہ کارو، جفا کارو
ہمارے دامنِ رحمت میں آ جاؤ کہاں تم ہو
تمہارے ہوتے ساتے درد دُکھ کس سے کہوں پیارے
شفیع عاصیاں تم ہو وکیل مجرماں تم ہو
ریاضت کے یہی دِن ہیں بڑھاپے میں کہاں ہمت
جو کچھ کرنا ہو اب کرلو ابھی نوری جواں تم ہو
فقط نسبت کا جیسہ ہوں حقیقی نوری ہو جاؤں
مجھے جو دیکھے کہہ اُٹھے میاں نوری میاں تم ہو

مصطفیٰ رضا نوری

Marfat.com

# یاد میں جس کی نہیں ہوش تن و جاں ہم کو

یاد میں جس کی نہیں ہوش تن و جاں ہم کو
پھر دکھا دے وہ رُخ اے مہر فروزاں ہم کو

دیر سے آپ میں آنا نہیں ملتا ہے ہمیں
کیا ہی خودِ رفتہ کیا جلوۂ جاناں ہم کو

کاش آویزۂ قندیل مدینہ ہو وہ دل
جس کی سوزش نے کیا رشک چراغاں ہم کو

شمع طیبہ سے میں پروانہ رہوں کب تک دور
ہاں جلا دے شررِ آتش پنہاں ہم کو

خوف ہے شمع خراشیٔ سگ طیبہ کا
ورنہ کیا یاد نہیں نالۂ افغاں ہم کو

پاؤں غربال ہوئے راہِ مدینہ نہ ملی
اے جنوں اب تو ملے رخصت زنداں ہم کو

میرے ہر زخمِ جگر سے یہ نکلتی ہے صدا
اے ملیح عربی کر دے نمک داں ہم کو

Marfat.com

چاک داماں نہ تھک جائیو اے دست جنوں
پرزے کرنا ہے ابھی جیب و گریباں ہم کو
پردہ اس چہرۂ انور سے اٹھا کر اِک بار
اپنا آئینہ بنا اے مہِ تاباں ہم کو
نیّرِ حشر نے اک آگ لگا رکھی ہے
تیز ہے دھوپ ملے سایۂ داماں ہم کو
اے رضا وصف رُخ پاک سنانے کے لئے
نذر دیتے ہیں چمن مرغ غزل خواں ہم کو

اعلیٰ حضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے

مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے
مئے عشق بھی پلانا مدنی مدینے والے

مری آنکھ میں سمانا مدنی مدینے والے
بنے دِل ترا ٹھکانہ مدنی مدینے والے

تری جب کہ دید ہو گی جبھی میری عید ہو گی
مرے خواب میں تم آنا مدنی مدینے والے

مجھے سب ستا رہے ہیں مرا دل دکھا رہے ہیں
تمہی حوصلہ بڑھانا مدنی مدینے والے

مرے سب عزیز چھوٹے سبھی یار بھی تو روٹھے
کہیں تم نہ روٹھ جانا مدنی مدینے والے

میں اگرچہ ہوں کمینہ ترا ہوں شہہ مدینہ
مجھے سینے سے لگانا مدنی مدینے والے

ترے در سے شاہ بہتر ترے آستاں سے بڑھ کر
ہے بھلا کوئی ٹھکانہ مدنی مدینے والے

Marfat.com

ترا تجھ سے ہوں سوالی شہا پھیرنا نہ خالی
مجھے اپنا تم بنانا مدنی مدینے والے

یہ مریض مر رہا ہے ترے ہاتھ میں شفا ہے
اے طبیب جلد آنا مدنی مدینے والے

تو ہی انبیاء کا سرور تو ہی دو جہاں کا یاور
تو ہی رہبر زمانہ مدنی مدینے والے

تو خدا کے بعد بہتر! ہے سبھی سے میرے سرور
ترا ہاشمی گھرانہ مدنی مدینے والے

تری فرش پر حکومت تری عرش پر حکومت
تو شہنشہ زمانہ مدنی مدینے والے

کہوں کس سے آہ! جا کر سنے کون میرے دلبر
مرے درد کا فسانہ مدنی مدینے والے

میں غریب بے سہارا کہاں اور ہے گزارا
مجھے آپ ہی نبھانا مدنی مدینے والے

یہ کرم بڑا کرم ہے ترے ہاتھ میں بھرم ہے
سر حشر بخشوانا مدنی مدینے والے

Marfat.com

کبھی جو کی موٹی روٹی تو کبھی کھجور پانی
ترا ایسا سادہ کھانا مدنی مدینے والے

ہے چٹائی کا بچھونا کبھی خاک ہی پہ سونا
کبھی ہاتھ کا سرھانہ مدنی مدینے والے

تیری سادگی پہ لاکھوں تیری عاجزی پہ لاکھوں
ہوں سلام عاجزانہ مدنی مدینے والے

ملے نزع میں بھی راحت رہوں قبر میں سلامت
تو عذاب سے بچانا مدنی مدینے والے

اے شفیعِ روزِ محشر ہے گنہ کا بوجھ سر پر
میں پھنسا مجھے بچانا مدنی مدینے والے

گھپ اندھیری قبر میں جب مجھے چھوڑ کر چلیں سب
مری قبر جگمگانا مدنی مدینے والے

مرے شاہ وقت رخصت مجھے میٹھا میٹھا شربت
تری دید کا پلانا مدنی مدینے والے

شہا تشنگی بڑی ہے یہاں دھوپ بھی کڑی ہے
شہ حوض کوثر آنا مدنی مدینے والے

Marfat.com

مجھے آفتوں نے گھیرا ہے مصیبتوں کا ڈیرا
یانبی مدد کو آنا مدنی مدینے والے

ترے نام پر ہو قرباں مری جان جانِ جاناں
ہو نصیب سر کٹانا مدنی مدینے والے

مرے غوث کا وسیلہ رہے شاد سب قبیلہ
انہیں خلد میں بسانا مدنی مدینے والے

مری آنے والی نسلیں ترے عشق میں ہی مچلیں
انہیں نیک تم بنانا مدنی مدینے والے

ترے غم میں کاش عطارؔ رہے ہر گھڑی گرفتار
غمِ مال سے بچانا مدنی مدینے والے

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# منگتے خالی ہاتھ نہ لوٹے کتنی ملی خیرات نہ پوچھو

منگتے خالی ہاتھ نہ لوٹے کتنی ملی خیرات نہ پوچھو
ان کا کرم پھر ان کا کرم ہے ان کے کرم کی بات نہ پوچھو

کنت کنزاً راز مشیت جلوۂ اسریٰ نورِ ہدایت
جگمگ جگمگ دونوں عالم کیسی ہے وہ ذات نہ پوچھو

عشق نبی کونین کی دولت عشق نبی بخشش کی ضمانت
اس سے بڑھ کر دستِ طلب میں ہے بھی کوئی سوغات نہ پوچھو

رشک جناں طیبہ کی گلیاں ہر ذرہ فردوس بداماں
چاروں طرف انوار کا عالم رحمت کی برسات نہ پوچھو

ظاہر میں تسکین دِل و جاں باطن میں معراج دل و جاں
نام نبی پھر نام نبی ہے نام نبی کی بات نہ پوچھو

حال اگر کچھ اپنا سنایا اُن کے کرم کا شکوہ ہو گا
میں اپنے حالات میں خوش ہوں مجھ سے مرے حالات نہ پوچھو

خالد میں صرف اتنا کہوں گا جاگ اُٹھا اشکوں کا مقدر
یادِ نبی میں روتے روتے کیسے کٹی ہے رات نہ پوچھو

خالد محمود خالد

Marfat.com

# صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا

نور آ گیا بولو نور آ گیا نور آ گیا بولو نور آ گیا
صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا
نور آ گیا بولو نور آ گیا نور آ گیا بولو نور آ گیا
باغ طیبہ میں سہانا پھول پھولا نور کا
مست بو ہیں بلبلیں پڑھتی ہیں کلمہ نور کا
نور آ گیا بولو نور آ گیا نور آ گیا بولو نور آ گیا
تیرے ہی ماتھے رہا اے جان سہرا نور کا
بخت جاگا نور کا چمکا ستارا نور کا
نور آ گیا بولو نور آ گیا نور آ گیا بولو نور آ گیا
میں گدا تو بادشاہ بھر دے پیالہ نور کا
نور دن دونا ترا دے ڈال صدقہ نور کا
نور آ گیا بولو نور آ گیا نور آ گیا بولو نور آ گیا

Marfat.com

تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نور کا
سر جھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نور کا
نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

ناریوں کا دور تھا دل جل رہا تھا نور کا
تم کو دیکھا ہو گیا ٹھنڈا کلیجہ نور کا
نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

جو گدا دیکھو لیے جاتا ہے توڑا نور کا
نور کی سرکار ہے کیا اس میں توڑا نور کا
نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

تیری نسلِ پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب گھرانہ نور کا
نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

نور کی سرکار سے پایا دوشالہ نور کا
ہو مبارک تم کو ذوالنورین جوڑا نور کا
نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

قبر انور کہیے یا قصرِ معلّٰی نور کا
چرخ اطلس یا کوئی سادہ سا قبہ نور کا

Marfat.com

نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

وصفِ رخ میں گاتی ہیں حوریں ترانہ نور کا
قدرتی بینوں میں کیا بجتا ہے لہرا نور کا

نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

تو ہے سایہ نور کا ہر عضو ٹکڑا نور کا
سایہ کا سایہ نہ ہوتا ہے نہ سایہ نور کا

نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

اے رضا یہ احمدِ نوری کا فیض نور ہے
ہو گئی میری غزل بڑھ کر قصیدہ نور کا

نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا
نور آگیا بولو نور آگیا نور آگیا بولو نور آگیا

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا

Marfat.com

# اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا
نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا
وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے
اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا
نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا
گود میں عالم شباب حالِ شباب کچھ نہ پوچھ
گلبن باغ نور کی اور ہی کچھ اٹھان ہے
اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا
نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا
خوف نہ رکھ رضاؔ ذرا تو تو ہے عبد مصطفٰی
تیرے لیے امان ہے تیرے لیے امان ہے
اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا
نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلَیْہِ وَسَلِّمَا

Marfat.com

# کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے

کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے
یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے
کسی کا احسان کیوں اٹھائیں کسی کو حالات کیوں بتائیں
تم ہی سے مانگیں گے تم ہی دو گے تمہارے در سے ہی لو لگی ہے
بشیر کہیے نذیر کہیے انہیں سراج منیر کہیے
جو سر بسر ہے کلامِ ربی وہ میرے آقا کی زندگی ہے
عمل کی میرے اساس کیا ہے بجز ندامت کے پاس کیا ہے
رہے سلامت بس اُن کی نسبت مرا تو اک آسرا یہی ہے
انہی کے در سے خدا ملا ہے انہی سے اُس کا پتہ چلا ہے
وہ آئینہ جو خدا نما ہے جمالِ حسن حضور ہی ہے
تجلیوں کے کفیل تم ہو مراد قلب خلیل تم ہو
خدا کی روشن دلیل تم ہو یہ سب تمہاری ہی روشنی ہے
یہی ہے خالد اساس رحمت یہی ہے خالد بنائے عظمت
نبی کا عرفان زندگی ہے نبی کا عرفان بندگی ہے

خالد محمود خالد

Marfat.com

## مجھ کو درپیش ہے پھر مبارک سفر قافلہ پھر مدینے کا تیار ہے

مجھ کو درپیش ہے پھر مبارک سفر قافلہ پھر مدینے کا تیار ہے
نیکیوں کا نہیں کوئی توشہ فقط میری جھولی میں اشکوں کا اک ھار ہے

کوئی سجدوں کی سوغات ہے نہ کوئی زہد و تقویٰ مرے پاس سرکار ہے
چل پڑا ہوں مدینے کی جانب مگر ہائے سر پر گناہوں کا انبار ہے

جرم و عصیاں یہ اپنے لجاتا ہوا اور اشک ندامت بہاتا ہوا
تیری رحمت پہ نظریں جماتا ہوا در پہ حاضر یہ تیرا گنہگار ہے

تیرا ثانی کہاں شاہ کون و مکاں مجھ سا عاصی بھی اُمت میں ہوگا کہاں
تیرے عفو و کرم کا شہہ دو جہاں کیا کوئی مجھ سے بڑھ کر بھی حق دار ہے

دو تڑپنے کا آقا قرینہ مجھے دے دو خستہ جگر چاک سینہ مجھے
چشم تر دے دو شاہِ مدینہ مجھے تیرے غم کا یہ بندہ طلبگار ہے

ٹھوکریں در بدر کب تلک کھاؤں میں پھر مدینے مقدر سے جب آؤں میں
کاش قدموں میں سرکار مر جاؤں میں یا نبی یہ تمنائے عطار ہے

محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# زہے قسمت مدینے جارہا ہوں

زہے قسمت مدینے جارہا ہوں
سعادت کیسی اعلیٰ پا رہا ہوں
بلاوا آ گیا طیبہ نگر سے
جھکائے سر میں بڑھتا جا رہا ہوں
مرے یارو ذرا مجھ کو سنبھالو
خوشی میں' میں تو اڑتا جا رہا ہوں
پلانا شربتِ دیدار ساقی
فقط یہ عرض لے کر آرہا ہوں
نہ کیوں جھوموں مقدر پہ میں اپنے
کہ رمضانِ مدینہ پا رہا ہوں

محمد اویس عبید رضا

Marfat.com

# جب وہ دِل کے قریب ہوتے ہیں

جب وہ دِل کے قریب ہوتے ہیں
وہ بھی عالم عجیب ہوتے ہیں

فیض یاب اُن کے آستانے سے
کیسے کیسے غریب ہوتے ہیں

جو حبیبِ خدا کے ہو جائیں
وہ خدا کے حبیب ہوتے ہیں

جن کو ہوتی ہے اُن کی دید نصیب
اُن کے کیسے نصیب ہوتے ہیں

اُن مریضوں کا پوچھنا کیا ہے
آپ جن کے طبیب ہوتے ہیں

دور رہ کر بھی اُن کے دیوانے
اُن سے کتنے قریب ہوتے ہیں

اے منوّر غریب اُس در کے
نام ہی کے غریب ہوتے ہیں

منور بدایونی

Marfat.com

# آتے ہیں دیکھو والیٔ امت خوش آمدید

آتے ہیں دیکھو والیٔ امت خوش آمدید
سرکار کی ہے آج ولادت خوش آمدید

عرشِ بریں سے فرشِ زمیں تک ہے روشنی
کہہ دو طلوع ماہِ رسالت خوش آمدید

اخلاق کے چراغ تمدن کی چاندنی
لے آئے آج ماہِ نبوت خوش آمدید

نظرِ حبیب کر دو درودوں کی ڈالیاں
بھیجو سلامِ عشق محبت خوش آمدید

جنت تمہارے پاس ہے نعمت تمہارے پاس
تم ہو امین و رحمت و برکت خوش آمدید

جشنِ ولادت شہہ جن و بشر ہے آج
مولود کی ہے صبح سعادت خوش آمدید

آیا جہاں میں آج اُجاگر وہ نورِ پاک
نبیوں نے دی تھی جس کی بشارت خوش آمدید

نثار علی اجاگر

Marfat.com

# آج آئے نبیوںؑ کے سردار مرحبا

آج آئے نبیوں کے سردار مرحبا
مرحبا اے قافلہ سالار مرحبا
مرحبا اے منبعٔ انوار مرحبا
مرحبا اے واقفِ اسرار مرحبا
آمنہ کے دلبر و دِلدار مرحبا
مرحبا اے محبوب غفار مرحبا
مرحبا آقا شہہ ابرار مرحبا
مرحبا آقا میرے منٹھار مرحبا
شاد ہو کے آمد خیر الوریٰ پہ آج
غم کے مارے بول اٹھے غم خوار مرحبا
سبز پرچم ہاتھ میں لہرا کے سب بولو
مکی مدنی اے عربی سردار مرحبا
جھومتا ہے وجد میں کعبہ خوشی سے آج
کہہ رہے ہیں گنبد و مینار مرحبا

Marfat.com

سرکار کی آمد مرحبا　　سردار کی آمد مرحبا
مختار کی آمد مرحبا　　منٹھار کی آمد مرحبا
دِلدار کی آمد مرحبا　　سالار کی آمد مرحبا

بس گئی ہے وادیٔ جاں میں نئی مہک
تیری آمد پر شہہ ابرار مرحبا

دو عبید بے ہنر کو نعت کا شعور
کر رہا ہے پیار سے تکرار مرحبا

سرکار کی آمد مرحبا　　دلدار کی آمد مرحبا
منٹھار کی آمد مرحبا　　سردار کی آمد مرحبا
سالار کی آمد مرحبا　　مختار کی آمد مرحبا

اھلاً و سھلاً مرحبا اھلاً و سھلاً مرحبا
اھلاً و سھلاً مرحبا اھلاً و سھلاً مرحبا
آج آئے نبیوں کے سردار مرحبا

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# مدینہ مدینہ ہمارا مدینہ

مدینہ مدینہ ہمارا مدینہ
ہمیں جان و دِل سے ہے پیارا مدینہ

سہانا سہانا دل آرا مدینہ
ہر عاشق کی آنکھوں کا تارا مدینہ

یہ ہر عاشق مصطفیٰ کہہ رہا ہے
ہمیں تو ہے جنت سے پیارا مدینہ

یہ رنگیں فضائیں یہ مہکی ہوائیں
معطر معنبر ہے سارا مدینہ

مدینے کے جلوؤں کے قربان جاؤں
ہے قدرت نے کیسا سنوارا مدینہ

بلا لیجئے اب تو قدموں میں آقا
دکھا دیجئے اب تو پیارا مدینہ

ضیاءِ و پیر و مرشد کے صدقے میں آقا
یہ عطار آئے دوبارہ مدینہ

حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# مرحبا صد مرحبا کی گونج ہے

مرحبا صد مرحبا کی گونج ہے
ہر طرف اُن کی ثناء کی گونج ہے
گونجتا ہے آسمانوں پر یہی
نعرۂ صل علیٰ کی گونج ہے
خوش ہوئے نعت نبی ہے چار سو
اور صدائے مصطفیٰ کی گونج ہے
گھر میں کیوں نہ چاندنی اترے مرے
گھر میں ذکرِ مصطفیٰ کی گونج ہے
مدحت سرکار کے دف بج اٹھے
ہر گلستاں میں ثنا کی گونج ہے
آج ہے سب کی صدا خوش آمدید
مرحبا یا مصطفیٰ کی گونج ہے

Marfat.com

گونج گونج اٹھیں ترانے نعت کے
ہر صدی میں اِس ثنا کی گونج ہے
ہر صحیفے میں حوالہ آپ کا
آمد خیر الوریٰ کی گونج ہے
آج عیدی میں دو علم و آگہی
گونج ہے تیری عطا کی گونج ہے
بھیک ملتی ہے سبھی کشکول میں
تیرے ہی جود و سخا کی گونج ہے
کس کی آمد ہے اُجاگر دہر میں
مرحبا صد مرحبا کی گونج ہے

نثار علی اجاگر

Marfat.com

# صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا

صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا　　صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِنَا　　صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
عرش کی عقل دنگ ہے چرخ میں آسمان ہے
جانِ مراد اب کدھر ہائے ترا مکاں ہے
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا　　صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِنَا　　صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا　　صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِنَا　　صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
عرش پہ تازہ چھیڑ چھاڑ فرش پہ تازہ دھوم دھام
کان جدھر لگایئے تیری ہی داستان ہے
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا　　صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِنَا　　صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

Marfat.com

گود میں عالمِ شباب حالِ شباب کچھ نہ پوچھ
گلبن باغ نور کی اور ہی کچھ اٹھان ہے
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
تجھ سا سیاہ کار کون اُن سا شفیع ہے کہاں
پھر وہ تجھی کو بھی بھول جائیں دِل یہ ترا گمان ہے
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اعلیٰ حضرتؒ

Marfat.com

# دل درد سے بسمل کی طرح لوٹ رہا ہو

دل درد سے بسمل کی طرح لوٹ رہا ہو
سینہ پہ تسلی کو ترا ہاتھ دھرا ہو

گر وقتِ اجل سر تری چوکھٹ پہ جھکا ہو
جتنی ہو قضا ایک ہی سجدہ میں ادا ہو

موقوف نہیں صبح قیامت ہی پہ یہ عرض
جب آنکھ کھلے سامنے تو جلوہ نما ہو

فردوس کے باغوں سے ادھر مل نہیں سکتا
جو کوئی مدینہ کے بیاباں میں گما ہو

دیکھا انہیں محشر میں تو رحمت نے پکارا
آزاد ہے جو آپ کے دامن سے بندھا ہو

آتا ہے فقیروں پہ انہیں پیار کچھ ایسا
خود بھیک دیں اور خود کہیں منگتے کا بھلا ہو

دے ڈالیے اپنے لب جاں بخش کا صدقہ
اے چارۂ دِل درد حسن کی بھی دوا ہو

حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ
جب تلک یہ چاند تارے جھلملاتے جائیں گے
تب تلک جشن ولادت ہم مناتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ
اُن کے عاشق نور کی شمعیں جلاتے جائیں گے
جب کہ حاسد بلبلاتے گڑ گڑاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایاہے

Marfat.com

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

چار جانب ہم دیئے گھی کے جلاتے جائیں گے
گھر کو گھر سارے محلے کو سجاتے جائیں گے
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

سرکار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا
مختار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد مرحبا
سردار کی آمد مرحبا سالار کی آمد مرحبا
جھوم کے بولو مرحبا لب چوم کے بولو مرحبا
نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

Marfat.com

صبح صادق ہو گئی سب آمنہ کے گھر چلو
نور کی برسات ہو گی ہم نہاتے جائیں گے
آمنہ کے گھر میں آقا کی ولادت ہو گئی
خوب جھومو اہلِ ایماں عید میلاد النبی
آؤ دیوانو چلو سب آمنہ کے گھر چلیں
نور سے بھر لائیں داماں عید میلاد النبی
خوب جھومو اے گنہگارو تمہاری عید ہے
ہو گیا بخشش کا سامان عید میلاد النبی
غم کے مارو بے سہارو بس تمہاری عید ہے
ہو گیا راحت کا ساماں عید میلاد النبی
بے قرارو اور دلفگارو بس تمہاری عید ہے
کیوں ہو حیران و پریشان عید میلاد النبی
غم نصیبو! بس غموں کا دور اندھیرا ہو گیا
تم مناؤ خوب خوشیاں عید میلاد النبی
عید میلاد النبی تو عیدوں کی بھی عید ہے
بالیقیں ہے عید عیداں عید میلاد النبی

Marfat.com

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

سرکار کی آمد مرحبا دلدار کی آمد مرحبا
مختار کی آمد مرحبا منٹھار کی آمد
سالار کی آمد مرحبا سردار کی آمد مرحبا

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

Marfat.com

# مرادیں مل رہی ہیں شاد شاد اُن کا سوالی ہے

مرادیں مل رہی ہیں شاد شاد اُن کا سوالی ہے
لبوں پر التجا ہے ہاتھ میں روضے کی جالی ہے
تیری صورت تیری سیرت زمانے سے نرالی ہے
تری ہر ہر ادا پیارے دلیل بے مثالی ہے
بشر ہو یا ملک جو ہے ترے در کا سوالی ہے
تری سرکار والا ہے تیرا دربار عالی ہے
تمہارا قامت یکتا ہے اکا بزم وحدت کا
تمہاری ذات بے ہمتا مثال بے مثالی ہے
وہ ہیں اللہ والے جو تجھے والی کہیں اپنا
کہ تو اللہ والا ہے ترا اللہ والی ہے
سہارے نے تیرے گیسو کے پھیرا ہے بلاؤں کو
اشارے نے ترے ابرو کے آئی موت ٹالی ہے
فقیرو بے نواؤ اپنی اپنی جھولیاں بھر لو
کہ باڑا بٹ رہا ہے فیض سرکار عالی ہے

Marfat.com

نکالا کب کسی کو بزمِ فیض عام سے تم نے
نکالی ہے تو آنے والوں کی حسرت نکالی ہے
فقط اتنا سبب ہے انعقاد بزمِ محشر کا
کہ ان کی شان محبوبی دکھائی جانے والی ہے
خدا شاہد کہ روزِ حشر کا کھٹکا نہیں رہتا
مجھے جب یاد آتا ہے کہ میرا کون والی ہے
نہیں محشر میں جس کو دسترس آقا کے دامن تک
بھرے بازار میں اُس بے نوا کا ہاتھ خالی ہے
شرف مکہ کی بستی کو ملا طیبہ کی بستی سے
نبی والی ہی کے صدقہ میں وہ اللہ والی ہے
حسنؔ کا درد دُکھ موقوف فرما کر بحالی دو
تمہارے ہاتھ میں دنیا کی موقوفی بحالی ہے

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# رنگ چمن پسند نہ پھولوں کو بو پسند

رنگ چمن پسند نہ پھولوں کو بو پسند
صحرائے طیبہ ہے دِل بلبل کو تو پسند

اپنا عزیز وہ ہے جسے تو عزیز ہے
ہم کو ہے وہ پسند جسے آئے تو پسند

کیونکر نہ چاہیں تیری گلی میں ہوں مٹ کے خاک
دنیا میں آج کس کو نہیں آبرو پسند

قل کہہ کر اپنی بات بھی لب سے ترے سنی
اللہ کو ہے اتنی تری گفتگو پسند

حور و فرشتہ جن و بشر سب نثار ہیں
ہے دو جہاں میں قبضہ کیے چار سو پسند

اُن کے گنہگار کی اُمید عفو کو
پہلے کرے گی آیت لَا تَقْنَطُوْا بسند

ہے خواہش وصال دریارِ حسن
آئے نہ کیوں اکثر کو مری آرزو پسند

Marfat.com

# جھوم کر سارے پکارو مرحبا یا مصطفیٰ

جھوم کر سارے پکارو مرحبا یا مصطفیٰ
چوم کر لب کہہ دو یارو مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ کر ائے عصیاں شعار و مرحبا یا مصطفیٰ
بگڑی قسمت کو سنوارو مرحبا یا مصطفیٰ
مفلسو غربت کے مارو مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ کے دامن کو پسارو مرحبا یا مصطفیٰ
تم بھی کہہ دو مالدارو مرحبا یا مصطفیٰ
بادشاہو نامدارو مرحبا یا مصطفیٰ
سب پکارو بے قرارو مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ دو اے فرقت کے مارو مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ دو رنج وغم کے مارو مرحبا یا مصطفیٰ
آؤ ہمت اب نہ ہارو مرحبا یا مصطفیٰ
سب پکارو دلفگارو مرحبا یا مصطفیٰ
اے یتیمو ! بے سہارو مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

کہہ دو اے سجدہ گزار و مرحبا یا مصطفیٰ
تم بھی کہہ دو روزہ دارو مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ دو کعبے کے منارو مرحبا یا مصطفیٰ
سبز گنبد کے نظارو مرحبا یا مصطفیٰ
تم بھی کہہ دو خار زار و مرحبا یا مصطفیٰ
باغِ عالم کی بہارو مرحبا یا مصطفیٰ
کیوں نہیں کہتے ہو پیارو مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ بھی دو نہ اب دلدارو مرحبا یا مصطفیٰ
تم بھی کہہ دو رہگزاروں مرحبا یا مصطفیٰ
مہکے پھولو اور خارو مرحبا یا مصطفیٰ
کہہ دو دریا کے کنارو مرحبا یا مصطفیٰ
بحر کے اے تیز دھارو مرحبا یا مصطفیٰ
دھوم ہے عطار ہر سو شاہ کے میلاد کی
جھوم کر تم بھی پکارو مرحبا یا مصطفیٰ

حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالیٰ

Marfat.com

# نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے

نوری محفل پہ چادر تنی نور کی نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈوبے ہوئے دو جہاں کون جلوہ نما آج کی رات ہے
عرش پر دھوم ہے فرش پر دھوم ہے وہ بد بخت جو آج محروم ہے
پھر یہ آئے گی شب کس کو معلوم ہے ہم پہ لطف خدا آج کی رات ہے
مومنو آج گنج سخا لوٹ لو' لوٹ لو اے مریضو شفا لوٹ لو
عاصیو رحمتِ مصطفیٰ لوٹ لو بابِ رحمت کھلا آج کی رات ہے
ابرِ رحمت ہیں محفل پہ چھائے ہوئے آسماں سے ملائک ہیں آئے ہوئے
خود محمد ﷺ ہیں تشریف لائے ہوئے کس قدر جاں فزا آج کی رات ہے
مانگ لو مانگ لو چشم تر مانگ لو درد دِل اور حسن نظر مانگ لو
کملی والے کی نگری میں گھر مانگ لو مانگنے کا مزا آج کی رات ہے
اِس طرف نور ہے اُس طرف نور ہے سارا عالم مسرت سے معمور ہے
جس کو دیکھو وہی آج مسرور ہے مہک اٹھی فضا آج کی رات ہے
وقت لائے خدا سب مدینے چلیں لوٹنے رحمتوں کے خزینے چلیں
سب کے منزل کی جانب سفینے چلیں میری صائمؔ دُعا آج کی رات ہے

الحاج صائم چشتی رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

# میرے دِل میں ہے یادِ محمد میرے ہونٹوں پہ ذکرِ مدینہ

میرے دِل میں ہے یادِ محمد میرے ہونٹوں پہ ذکرِ مدینہ
تاجدارِ حرم کے کرم سے آ گیا زندگی کا قرینہ
دل شکستہ ہے میرا تو کیا غم اِس میں رہتے ہیں شاہِ دو عالم
جب سے مہماں ہوئے ہیں وہ دِل میں دِل مرا بن گیا ہے مدینہ
میں غلامِ غلامانِ احمد میں سگ آستانِ محمد ﷺ
قابلِ فخر ہے موت میری قابل رشک ہے میرا جینا
ہر خطا پر مری چشم پوشی ہر طلب پر عطاؤں کی بارش
مجھ گنہگار پر کس قدر ہیں مہرباں تاجدارِ مدینہ
مجھ کو طوفاں کی موجوں کا کیا ڈر وہ گزر جائے گا رخ بدل کر
ناخدا ہیں مرے جب محمد ﷺ کیسے ڈوبے گا میرا سفینہ
ان کے چشم کرم کی عطا ہے میرے سینے میں اُن کی ضیاء ہے
یادِ سلطانِ طیبہ کے صدقے مرا سینہ ہے مثلِ نگینہ
دولتِ عشق سے دِل غنی ہے میری قسمت ہے رشکِ سکندر
مدحت مصطفیٰ کی بدولت مل گیا مجھے یہ خزینہ

سکندر لکھنوی

Marfat.com

# تم ذاتِ خدا سے نہ جدا ہو نہ خدا ہو

تم ذاتِ خدا سے نہ جدا ہو نہ خدا ہو
اللہ کو معلوم ہے کیا جانیے کیا ہو

یہ کیوں کہوں مجھ کو یہ عطا ہو یہ عطا ہو
وہ دے دو کہ ہمیشہ مرے گھر بھر کا بھلا ہو

جس بات میں مشہور جہاں ہے لبِ عیسیٰ
اے جانِ جہاں وہ تری ٹھوکر سے ادا ہو

یوں جھک کے ملے ہم سے کمینوں سے وہ جس کو
اللہ نے اپنے ہی لیے خاص کیا ہو

مٹی نہ ہو برباد پس مرگِ الٰہی
جب خاک اڑے میری مدینے کی ہوا ہو

منگتا تو ہیں منگتا کوئی شاہوں میں دکھا دے
جس کو مرے سرکار سے ٹکڑا نہ ملا ہو

شاباش حسنؔ اور چمکتی سی غزل پڑھ
دل کھول کہ آئینہ ایماں کی جلا ہو

مولانا حسن رضا بریلوی

Marfat.com

# جشن آمد رسول اللہ ہی اللہ

جشن آمد رسول اللہ ہی اللہ
بی بی آمنہ کے پھول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

جب کہ سرکار تشریف لانے لگے
حور و غلماں بھی خوشیاں منانے لگے
ہر طرف نور کی روشنی چھا گئی
مصطفیٰ کیا ملے زندگی مل گئی
اے حلیمہ تیری گود میں آ گئے
دونوں عالم کے رسول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

چہرۂ مصطفیٰ جب کہ دیکھا گیا
جھک گئے تارے اور چاند شرما گیا
آمنہ دیکھ کر مسکرانے لگیں
حوا مریم بھی خوشیاں منانے لگیں
آمنہ بی بی سب سے یہ کہنے لگیں

Marfat.com

دعا ہو گئی قبول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

شادیانے خوشی کے بجائے گئے
شادی کے نغمے سب کو سنائے گئے
ہر طرف شور صلِ علیٰ ہو گیا
آج پیدا حبیبِ خدا ہو گیا
پھر تو جبریل نے بھی یہ اعلان کیا

یہ خدا کے ہیں رسول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

اُن کا سایہ زمیں پر نہ پایا گیا
نور سے نور دیکھو جدا نہ ہوا
ہم کو عابد نبی پر بڑا ناز ہے
کیا بھلا میرے آقا کا انداز ہے
جس نے رُخ پر ملی وہ شفا پا گیا

خاک طیبہ تیری دھول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

عابد بریلوی

Marfat.com

# یارب محمد ﷺ میری تقدیر جگا دے

یارب محمد ﷺ میری تقدیر جگا دے
صحرائے مدینہ مجھے آنکھوں سے دکھا دے

پیچھا مرا دنیا کی محبت سے چھڑا دے
یارب مجھے دیوانہ مدینے کا بنا دے

روتا ہوا جس دم میں دریا پہ پہنچوں
اُس وقت مجھے جلوۂ محبوب دکھا دے

دل عشق محمد ﷺ میں تڑپتا رہے ہر دم
سینے کو مدینہ مرے اللہ بنا دے

بہتی رہے ہر وقت جو سرکار کے غم میں
روتی ہوئی وہ آنکھ مجھے میرے خدا دے

ایمان پہ دے موت مدینے کی گلی میں
مدفن میرا محبوب کے قدموں میں بنا دے

عطار سے محبوب کی سنت کی لے خدمت
ڈنکا یہ تیرے دین کا دنیا میں بجا دے

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# نزدیک آرہا ہے رمضان کا مہینہ

نزدیک آ رہا ہے رمضان کا مہینہ
ساحل سے حاجیوں کا پھر آ لگا سفینہ

آقا نہ ٹوٹ جائے یہ دِل کا آبگینہ
اب کی برس بھی مولیٰ رہ جاؤں میں کہیں نا

دل رو رہا ہے جن کا آنسو چھلک رہے ہیں
اُن عاشقوں کا صدقہ بلوایئے مدینہ

بے تاب ہو رہا ہے طیبہ کی حاضری کو
عاشق تڑپ رہا ہے اور پھٹ رہا ہے سینہ

روضے کو دیکھنے کو آنکھیں ترس رہی ہیں
اے والیٔ مدینہ ! اب تو بلایئے نہ

رنگینیٔ جہاں سے دِل ٹوٹ جائے میرا
یارب مجھے بنادے تو عاشقِ مدینہ

عطّار کی حضوری کی آرزو ہو پوری
ہو جائے دور دوری اے والیٔ مدینہ

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# کیا خبر کیا سزا مجھ کو ملتی میرے آقا نے عزت بچالی

کیا خبر کیا سزا مجھ کو ملتی میرے آقا نے عزت بچالی
فردِ عصیاں مری مجھ سے لے کر کالی کملی میں اپنی چھپالی

وہ عطا پر عطا کرنے والے اور ہم بھی نہیں ٹلنے والے
جیسی ڈیوڑھی ہے ویسے بھکاری جیسا داتا ہے ویسے سوالی

میں گدا ہوں مگر کس کے در کا وہ جو سلطان کون و مکاں ہیں
یہ غلامی بڑی مستند ہے میرے سر پر ہے تاجِ بلالی

میں مدینے سے کیا آ گیا ہوں زندگی جیسے بجھ سی گئی ہے
گھر کے اندر فضا سونی سونی گھر کے باہر سماں خالی خالی

میری عمرِ رواں بس ٹھہر جا اب سفر کی ضرورت نہیں ہے
اُن کے قدموں میں میری جبیں ہے اور ہاتھوں میں روضے کی جالی

میں فقط نام لیوا ہوں اُن کا اُن کی توصیف میں کیا کروں گا
میں نہ اقبالؔ خسرو نہ سعدیؔ میں نہ قدسیؔ نہ جامیؔ نہ حالیؔ

پروفیسر اقبال عظیم

Marfat.com

# یا محمد نور مجسم یا حبیبی یا مولائی

یا محمد نور مجسم یا حبیبی یا مولائی
تصویر کمال محبت تنویر جمال خدائی

تیرا وصف بیاں ہو کس سے تیری کون کرے گا بڑائی
اس گرد سفر میں گم ہے جبریل امیں کی رسائی

تیری ایک نظر کے طالب تیرے ایک سخن پہ قرباں
یہ سب تیرے دیوانے یہ سب تیرے شیدائی

یہ رنگِ بہار گلشن یہ گل اور گل کا جوبن
تیرے نور قدم کا دھوون اِس دھوون کی رعنائی

ما اجملک تیری صورت ما احسنک تیری سیرت
ما اکملک تیری عظمت تیری ذات میں گم ہے خدائی

اے مظہر شان جمالی اے خواجۂ بندہ عالی
مجھے حشر میں کام آ جائے میرا ذوق سخن آرائی

تو رئیس روزِ شفاعت تو امیر لطف و عنایت
ہے ادیب کو تجھ سے نسبت یہ غلام ہے تو آقائی

سید حسین علی ادیب رائے پوری

Marfat.com

# کرم پھر رسول خدا کیجیے گا

کرم پھر رسول خدا کیجیے گا
مجھے پھر مدینے بلا لیجئے گا

پھروں جس میں آرام سے رات دن میں
وہ گلیاں مجھے پھر دکھا دیجئے گا

جیئوں میں جہاں تک پیوں آبِ زر گا
مروں آبِ کوثر پلا دیجئے گا

جو تھا عشقِ مرشد میں خسرو نے دیکھا
وہ منظر مجھے بھی دیکھا دیجئے گا

مرے جب کہ یوسفؔ تو آپ اُس کی آقا
نمازِ جنازہ پڑھا دیجئے گا

یوسف صاحب

Marfat.com

میں صدقے یا رسول اللہ

# صل علیٰ نبینا صل علیٰ محمد

صل علیٰ نبینا صل علیٰ محمد صل شفیعنا صل علیٰ محمدٍ

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں

میں صدقے یارسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

دھوم اُن کی نعت خوانی کی مچاتے جائیں گے
یارسول اللہ کا نعرہ لگاتے جائیں گے
نعت خوانی موت بھی ہم سے چھڑا سکتی نہیں
قبر میں بھی مصطفیٰ کے گیت گاتے جائیں گے
مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں

میں صدقے یارسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

کتنا بڑا ہے مجھ پہ یہ احسانِ مصطفیٰ
کہتے ہیں لوگ مجھ کو ثناخوانِ مصطفیٰ
مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں

میں صدقے یارسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

Marfat.com

میرے بخشش پاس اپنے کچھ نہیں اس کے سوا
عمر بھر نعتیں سنیں گے اور سناتے جائیں گے
نعت خوانی کا نشہ نس نس میں ایسا چھا گیا
قبر میں بھی گیت بیدم مصطفیٰ کے گائیں گے

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یارسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

کوئی گفتگو ہو لب پر تیرا نام آ گیا ہے
ترا ذکر کرتے کرتے یہ مقام آ گیا ہے
جسے پی کر شیخ سعدیؒ بلغ العلیٰ پکارے
بلغ العلیٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ
میرے دست ناتواں میں وہی جام آ گیا ہے

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یارسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

جتنا دیا سرکار نے مجھ کو اتنی میری اوقات نہیں
یہ تو کرم ہے ان کا ورنہ مجھ میں تو ایسی بات نہیں

Marfat.com

غور تو کر سرکار کی تجھ پہ کتنی خاص عنایت ہے
کوثر تو ہے ان کا ثنا خواں یہ معمولی بات نہیں

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

تیرا وصف بیاں ہو کس سے تیری کون کرے گا بڑائی
اس گرد سفر میں گم ہے جبریل امیں کی رسائی
اے رضا خود صاحب قرآں ہے مداح حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

غم نہیں چھوڑ دیں یہ سارا زمانہ مجھ کو
میرے آقا تو ہیں سینے سے لگانے کے لیے
بخش دی نعت کی دولت میرے آقا نے مجھے
کتنا پیارا ہے وسیلہ اُن کو پانے کے لیے

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں

Marfat.com

دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

سینے میں بھرا ہے تری نعتوں کا خزانہ
عالم میں لوٹاتا ہوں کمائی تیرے در کی
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی جنھیں سن کے دِل شاد ہوتا رہیگا
خدا اہلِ سنت کو آباد رکھے محمد ﷺ کا میلا د ہوتا رہے گا

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

اب کے برس بھی ہونٹوں پہ اُن کی ثنا رہی
اب کے برس بھی وجد میں گھر کی فضا رہی
اب کے برس بھی مدح کے کھلتے رہے گلاب
اب کے برس بھی کشتے دِل و جاں سوار ہی
اب کے برس بھی لب پہ ترانہ تھا نعت کا
اب کے برس بھی چار سو مہکی صبا رہی
اب کے برس بھی شہر سخن میں تھیں رونقیں

Marfat.com

اب کے برس بھی رقص میں میری صدا رہی
اب کے برس بھی تھی شعر و سخن سے دوستی
اب کے برس بھی دوستو حمد و ثنا رہی
اب کے برس بھی تذکرۂ مصطفیٰ رہا
اب کے برس بھی گفتگو صل علیٰ رہی

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یارسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

آواز عبید تیری بفیضانِ نعت ہی
سینے میں عاشقانِ نبی کے اتر گئی

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یارسول اللہ میں صدقے یا حبیب اللہ

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# کیونکر نہ میرے دِل میں ہوا الفت رسول کی

کیونکر نہ میرے دِل میں ہو الفت رسول کی
جنت میں لے کے جائے گی چاہت رسول کی

چلتا ہوں میں بھی قافلے والو رکو ذرا
ملنے دو بس مجھے بھی اجازت رسول کی

پوچھیں جو دین و ایماں نکیرین قبر میں
اس وقت میرے لب پہ ہو مدحت رسول کی

قبر یں سرکار آئیں تو میں قدموں میں گروں
گر فرشتے بھی اٹھائیں تو میں ان سے یوں کہوں

اب تو پائے ناز سے میں اے فرشتو کیوں اٹھوں
مر کے پہنچا ہوں یہاں اس دلربا کے واسطے

تڑپا کے اُن کے قدموں میں مجھ کو گرا دے شوق
جس وقت ہو لحد میں زیارت رسول کی

سرکار نے بلا کے مدینہ دکھا دیا
ہو گئی مجھے نصیب شفاعت رسول کی

یا رب دکھا دے آج کی شب جلوہ حبیب
اک بار تو عطا ہو زیارت رسول کی

تو ہے غلام اُن کا عبید رضا تیرے
محشر میں ہو گی ساتھ حمایت رسول کی

Marfat.com

# الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے

الٰہی مدد کر مدد کی گھڑی ہے
گناہوں کے دریا میں کشتی پھنسی ہے
میرے تن پہ غفلت کی چادر پڑی ہے
نحوست گناہوں کی چھائی ہوئی ہے
یہی بات ہم نے بڑوں سے سنی ہے
نہ ہو بندگی گر تو کیا زندگی ہے
اے ابرِ کرم آ برس جا برس جا
عجب آگ عصیاں کی مجھ میں لگی ہے
نہیں پاس حسنِ عمل میرے مولیٰ
نظر میری تیرے کرم پہ لگی ہے
عبیدرضا نیکیوں سے ہے خالی
گناہوں میں حاصل اسے برتری ہے
لبِ مصطفیٰ سے خدا یا سنا دے
عبید رضا نار سے تو بری ہے

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# حقیقت میں وہ لطفِ زندگی پایا نہیں کرتے

حقیقت میں وہ لطفِ زندگی پایا نہیں کرتے
جو یادِ مصطفیٰ سے دِل کو بہلایا نہیں کرتے
زباں پر شکوۂ رنج والم لایا نہیں کرتے
نبی کے نام لیوا غم سے گھبرایا نہیں کرتے
یہ دربارِ محمد ﷺ ہے یہاں ملتا ہے بن مانگے
ارے ناداں یہاں دامن کو پھیلایا نہیں کرتے
ارے او ناسمجھ قربان ہو جا اُن کے روضے پر
یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے
محمد مصطفیٰ کے باغ کے سب پھول ایسے ہیں
جو بن پانی کے تر رہتے ہیں مرجھایا نہیں کرتے
یہ دربارِ رسالت ہے یہاں اپنوں کا کیا کہنا
یہاں سے ہاتھ خالی غیر بھی جایا نہیں کرتے
جو اُن کے دامنِ رحمت سے وابستہ ہیں اے حامد
کسی کے سامنے وہ ہاتھ پھیلایا نہیں کرتے

حامد لکھنوی

Marfat.com

# سرکار یہ نام تمہارا سب ناموں سے ہے پیارا

سرکار یہ نام تمہارا سب ناموں سے ہے پیارا
اِس نام سے چمکا، سورج اور چمکا چاند ستارا
ہوا ہر سو خوب اجالا ہوا روشن عالم سارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

جب رب قدیر تمہاری کرے خود ہی مدح سرائی
ہر اک کے لبوں پر پھر تو تعریف تمہاری آئی
صد شکر کہ ذکر تمہارا رہے ہر دم ورد ہمارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

ہر وقت عطا پر ہم نے دیکھا ہے تمہیں تو مائل
در پاک پہ آیا جب بھی کیسا ہی کوئی سائل
اے رحمتِ عالم تم نے اُسے کر ہی لیا ہے گوارہ
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

Marfat.com

سائل ہوں تیرے در کا ملے مجھ کو بھیک کرم کی
رکھ لاج اے میرے آقا اس میری چشم نم کی
کروں گنبدِ خضریٰ کا پھر آنکھوں سے اپنی نظارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

جب روز قیامت ہر اک بولے گا نفسی نفسی
اور بعد کسی کی دے گا محشر میں جب نہ کوئی
ایسے میں عطا ہو مجھ کو اے شافع حشر سہارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

لہروں میں مری یہ کشتی ہر جانب سے ہے گھیری
سرکار خبر لو میری سرکار خبر لو میری
ملے مجھ کو عافیت کا مرے آقا جلد کنارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

جو مجھ پر بیت رہی ہے وہ کس کو کیسے بتاؤں
اور اپنے دِل کی حکایت بھلا کس کو جا کے سناؤں
تم محرم راز ہو میرے میری داد رسی ہو خدارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

Marfat.com

میری عرض خدارا سن لو مرے حال پہ مجھ کو نہ چھوڑو
ذرا اپنی چشم عنایت بے بس کی طرف بھی موڑو
بے کس کا تم ہو سہارا بے چارے کا تم ہو چارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

دو اپنے عشق کی دولت مجھے اپنی آل کا صدقہ
یہ ریاضؔ فقیر ازل سے تیرے در کا ہی ہے شاہا
ترے دستِ عطا کے آگے دامن ہے اس نے پسارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

سید ریاض الدین سہروردی

Marfat.com

حصہ سوم

# پنجابی نعتیہ کلام

Marfat.com

# مدنی ماہیے

☆ محبوب دا میلہ اے
محفل نوں سجائی رکھنا اوہدے آون دا ویلہ اے

☆ کوئی مثل نہ ڈھولن دی
چپ کر مہر علی ایتھے جا نہیوں بولن دی

☆ دساں گل کی خزینے دی
ساری دنیا کھاندی اے خیرات مدینے دی

☆ رحمت دا خزینہ اے
لوکاں دیاں لکھ ٹھاراں ساڈی ٹھار مدینہ ایں

☆ اَج ساڈی وی عید ہووے
اگے اگے پیارے آقا پچھے بابا فرید ہووے

☆ زلفاں چھلے اوچھلے
سارا جگ سوہنا اے ساڈے مدنی توں تھلے اوتھلے

حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# تیری یاد پئی تڑپاؤندی اے لالیاں نیناں نے جھڑیاں

تیری یاد پئی تڑپاؤندی اے لالیاں نیناں نے جھڑیاں
کدی اس رستے وی لنگ ماہی تیری دید دی حسرتاں تہن بڑیاں

تیرا نوری ذکر جدوں ہووے میرے غم دا مداوا بن جاوے
انج ہجر دی رات نوں چمکاوے جیویں روشن ہوون پھل جھڑیاں

جدوں تیرا غلام کہاواں میں کیوں خوف کسے دا کھاواں میں
تیرے ہندیاں اے مدنی آقا مینوں دیندے نے لوکی کیوں تڑیاں

تیرے ورگا کسے اکھ ڈٹھا اے ترا ثانی نہ جگ تے ہویا اے
تینوں اپنے جہیا سمجھن والے بے علم نے کر دے تداڑیاں

کتھے مہر علی کتھے میں عاصی میں خادم اوہ مخدوم میرے
اے فیض ریاض علی دا اے تیرے اُتے نے رنگتاں جو چڑھیاں

سید ریاض الدین سہروردی

Marfat.com

# مینوں مجبوریاں تے دوریاں نے ماریا

مینوں مجبوریاں تے دوریاں نے ماریا
سد لو مدینے آقا کرو مہربانیاں

کون جاکے دسے سوہنے اللہ دے حبیب نوں
سد لو دوارے اُتے دکھیا غریب نوں
میرے اُتے ڈیرہ بدنصیباں نے پا لیا

ڈاڈھا ھاں غریب آقا کول میرے زر نہیں
اُڈ کے میں کیویں آواں نال میرے پر نہیں
تساں تے ہے ڈیرا ایتھوں بڑی دُور لالیا

طیبہ دے دیدار باہجھوں دِل نہیوں لگدا
تیر ہے جدائی والا رتّ سینے وجدا
اینا سوچاں وچ روگ جندڑی نوں لالیا

جا کے کدی ویکھاں سوہنے گنبد دی ہریالیاں
فیر میں نیازی چماں روضے دیاں جالیاں
اپنا تے میں رونا سارا شعراں چہ سما لیا

عبدالستار نیازی

Marfat.com

# عدل کریں تے تھر تھر کنبن اچیاں شاناں والے

عدل کریں تے تھر تھر کنبن اچیاں شاناں والے
فضل کریں تے بخشے جاون میں ورگ منہ کالے
جے میں ویکھاں عملاں ولے کجھ نئیں میرے پلے
جے میں ویکھاں رحمت ولے بلے بلے بلے
رحمت دا دریا الٰہی ہر دم وگدا تیرا
جے اِک قطرہ بخشیں مینوں کم بن جاوے میرا
رات پوے تے بے درداں نوں نیند پیاری آوے
درد منداں نوں یاد سجن دی ستیاں آن جگاوے
بے درداں دی صحبت یارو جیویں دُوکان لوہاراں
کپڑے بھاویں کنج کنج بہیے چنگاں پین ہزاراں
درد منداں دی صحبت یارو جیویں دوکان عطاراں
سودا بھاویں مل نہ لیے ہلے آون ہزاراں

میاں محمد بخش

Marfat.com

# سارے پڑھو درود اج سرکار آ گئے

سارے پڑھو درود اج سرکار آ گئے
دنیا تے دو جہان دے مختار آ گئے

دائی حلیمہ جاگ اٹھے تیرے بڑے نصیب
گودی چہ تیرے نبیاں دے سردار آ گئے

گھر آمنہ دے ہو گئی آمد حضور دی
ویکھن فرشتے آپ دا دیدار آ گئے

خوشیاں دا ویلا آ گیا غم دور ہو گئے
رب دے پیارے امت دے غمخوار آ گئے

سارے گنہگاراں دی اج عید ہو گئی
رحمت لٹاون احمد مختار آ گئے

بھر لو کرم نال جھولیاں آجاؤ منگتیو
ٹٹیاں دلاں دے چین تے قرار آ گئے

Marfat.com

# نوری مکھڑا نالے زلفاں کالیاں

نوری مکھڑا نالے زلفاں کالیاں
صدقے واری جاون ویکھن والیاں
چن چڑھیا آمنہ دے لعل دا
مک گئیاں دنیا توں راتاں کالیاں
سوں گئی امت تے آقا جاگدا
کیتیاں لجپال نے رکھوالیاں
ویکھ کے رتبہ بلال حبشی دا
ہو گئیاں قربان شکلاں والیاں
تیرے ویہڑے کھیڈے ربّ دا لاڈلا
واہ حلیمہ تیریاں خوش حالیاں
عشق دے جھلے ای نمبر لے گئے
عقل منداں انیویں عمراں گالیاں
میرا منہ آ کے فرشتے چمدے
چمیاں جد میں روضے دیاں جالیاں

محمد علی ظہوری

Marfat.com

# اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام

اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام
رحمت دا دریا الٰہی ہردم وگدا تیرا
جے اک قطرہ بخشیں مینوں کم بن جاوے میرا
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام
عدل کرے تاں تھر تھر کمبن اُچیاں شاناں والے
فضل کریں تاں بخشے جاون میں ورگے منہ کالے
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام
چپ رہیں تاں موتی مل سن صبر کریں تاں ہیرے
پاگلاں وانگوں رولا پاویں نہ موتی نہ ہیرے
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام
خس خس جتنا قدر نہ میرا صاحب نوں وڈیاں
میں گلیاں دا روڑا کوڑا محل چڑھایا سائیاں
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام

Marfat.com

میں نیواں میرا مرشد اچا اچیاں سنگ میں لائی
قربان جاواں انہاں اچیاں توں جیناں نیویاں نال نبھائی
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام

لاش مری نوں نہ دفنانا جد تک پیر نہ آوے
آپ پڑھے تکبیراں میریاں چک بقیع دفناوے
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام

مرشد دے دوارے اُتے محکم لایئے جھوکاں
نوے نوے نہ یار بنایئے وانگ کمینیاں لوکاں
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام

توں بیلی تاں سب جگ بیلی تے ان بیلی وی بیلی
سجناں باجھ محمد بخشا سنجی پئی اے حویلی
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام
اللہ نبی دا نام لیئے اللہ نبی دا نام

Marfat.com

# چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے

چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے
قدماں دے وچہ حضور دے بن جانی تیری گل

طیبہ دیاں مست ہواواں رنگیں پر نور فضاواں
جنت توں ودھ کے تھاواں اوہناں توں صدقے جاواں
اللہ دی رحمت اوتھے بکھری محبت اوتھے
راضی جے ہویا سوہنا ملنا اے اوتھے رونا
ملنا اے اوتھے رونا رحمت دی ہونی چھل
چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے

بدلن تقدیریاں اوتھے مہکن تعبیراں اوتھے
دیندا اوہ دھیراں اوتھے رجنا فقیراں اوتھے
کوئی جے تھوڑ تینوں کوئی جے لوڑ تینوں
جنت دی لوڑ تینوں سوہنے دا بوہا مل
چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے

Marfat.com

مہکن ایمانی کلیاں چمکن نورانی گلیاں
سوہنے دے در تے جا کے جالی نوں سینے لا کے
عرشاں دا زینہ ویکھو سوہنا مدینہ ویکھو
سوہنا مدینہ ویکھو مشکل نے جانا ٹل
چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے

عیباں دے دفتر دھووے امت دی خاطر روئے
غاراں سجایاں سوہنے راہواں مہکایاں سوہنے
فرشاں تے آون والا عرشاں تے جاون والا
ونڈدا اے سوہنا ہاسے بھر دے نیں کیویں کاسے
بھر دے کیویں کاسے اوندا اے اوہنوں ول
چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے

سوہنے دا منکر جیہڑا ڈُبے گا اوہدا بیڑا
دوزخ نوں اوہنے جاناں اوتھے اوہنے پچھتاناں
محشر نوں رووے گا اوہ چہرہ لکووے گا اوہ
رووے سر لاوے گا اوہ اوتھے پچھتاوے گا اوہ
رہنا نئیں کجھ وی پلے پینے نے اپنے کھلے

Marfat.com

پینے نے اپنے کھلے لہہ جانی اوہدی کھل
چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے

دُکھیا وی در تے جاوے دوری نہ وارا کھاوے
سوہنا جے کرم کماوے اوتھے ای موت آوے
اکھیاں چوں اتھرو چلے چلے سوہنے در دے ولے
پوری امید ہونی ناصر دی عید ہونی

ناصر دی عید ہونی اج نئیں تے یارو کل
چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے
قدماں دے وچہ حضور دے بن جانی تیری گل
چل نبی دے در تے ویکھیں نظارے نور دے

پیر سیّد ناصر چشتی

Marfat.com

# کالیاں زلفاں والا دکھی دلاں دا سہارا

کالیاں زلفاں والا دکھی دلاں دا سہارا
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا
دساں کی میں مصطفیٰ دی کڈی سوہنی شان اے
آپ دی تعریف وچہ سارا ای قرآن اے
پڑھ کے تو ویکھ جیہڑا مرضی سپارہ
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا
کالیاں زلفاں والا دُکھی دلاں دا سہارا
کہندی اے حلیمہ مکھ ویکھ لجپال دا
لبھ کے لیاواں کتھوں سوہنا تیرے نال دا
چودھویں دا چن تے عرشاں دا تارا
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا
کالیاں زلفاں والا دُکھی دلاں دا سہارا
کر کے اشارا سوہنا سورج نوں موڑ دا
آپے چن توڑ دا تے آپے چن جوڑ دا
بگڑی بناوے میرے نبی دا اشارا

Marfat.com

قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا
کالیاں زلفاں والا دُکھی دلاں دا سہارا

ایڈا سوہنا نبی کوئی دنیا تے آیا نئیں
یارا ایہو جیا کوئی رب نے بنایا نہیں
دید میرے نبی دی اے رب دا نظارا

قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا
کالیاں زلفاں والا دُکھی دلاں دا سہارا

دیندے نے گواہی ذرّے ذرّے کوہ طور دے
ویکھ دے نصیباں والے جلوے حضور دے
آمنہ دا چن تے حلیمہ دا دولارا

قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا
کالیاں زلفاں والا دُکھی دلاں دا سہارا

Marfat.com

# مدینے دیاں پاک گلیاں

سارے جگ نالوں لگدیاں چنگیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
رہیاں مہک جیویں جنت دیاں کلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

ایناں گلیاں تو تن من واریئے کریئے سجدے تے شکر گذاریئے
ایتھے نور دیاں سچیاں نے ٹھلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

ایناں گلیاں چہ رہیا سوہنیا پھر دا سانوں ویکھنے دا چا بڑے چڑدا
ایتھے لگیاں میرے نبی دیاں تلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

پاوے ایناں گلیاں دا دیدار جو ہو جاوے رحمت دا حقدار اوہ
تر گئے جنہاں نے تک لیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

ابر رحمتاں دے سدا اوتھے وسدے جاندے روندے تے اوندے نے ہسدے
رل ویکھنے نوں سیاں نے چلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

ایناں گلیاں نوں جیہڑے ویکھ اوندے اوہ تے جنتاں نوں ہن بھل جاوندے
تر گئے جنہاں نے تک لیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

Marfat.com

# کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے

کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے
ربّ محفلاں سجائیاں نے سرکار واسطے

رحمت اوہدی نے لے لیا اپنی پناہ دے وچ
پائے جدوں میں سوہنے دے دو چار واسطے

دل یاد لئی بنایا اے تعریف لئی زباں
اکھیاں بنائیاں سوہنے دے دیدار واسطے

کئیاں نوں روز ہوندے نیں دیدار آپ دے
کئی ترسدے نیں سوہنے دے دیدار واسطے

صدقہ نبی دی آل دا بخشے خدا شفا
منگو دعاواں میرے جئے بیمار واسطے

کس واسطے میں غیر نوں دِل وچ بٹھالواں
ایہہ دِل میرا اے احمد مختار واسطے

گزرے نیازی زندگی عشق نبی دے وچہ
نعتاں میں پڑھدا رہواں مٹھل منٹھار واسطے

الحاج عبدالستار نیازی

Marfat.com

# اے موت ٹھہر جامیں مدینے تے جالواں

اے موت ٹھہر جا میں مدینے تے جا لواں
ستا ہویا نصیب تے میں اپنا جگا لواں

محبوب دا اوہ گنبدِ خضریٰ تے ویکھ لاں
سرکار دی گلی دے نظارے تے پالواں

لگے نے مصطفیٰ دے قدم جس زمین تے
اک واری اوس خاک نوں سینے تے لالواں

سنیاں اے ہر غریب دی سندے اوہ زاریاں
میں وی تے اپنے غم دی کہانی سنالواں

جی بھر کے رولواں درِ اقدس دے سامنے
اکھیاں نوں گفتگو دا قرینہ سکھا لواں

آوے جے موت فیر تے آوے ہزار بار
اعظم جے زندگی وی اے حسرت مٹالواں

محمد اعظم چشتی

Marfat.com

# یا مصطفیٰ خیر الوریٰ تیرے جیا کوئی نہیں

یا مصطفیٰ خیر الوریٰ تیرے جیا کوئی نہیں
کینوں کہواں تیرے جیا تیرے جیا کوئی نہیں
تیرے جیا سوہنا نبی لبھاں تے تاں جے ہووے کوئی
سانوں تاں ہے ایناں پتہ تیرے جیا کوئی نہیں
اقصیٰ دے وچہ آقا میرے پڑھ کے نماز پچھے تیرے
نبیاں نے وی ایہو کہیا تیرے جیا کوئی نہیں
گودی چہ لے کے سرکارنوں سوہنے مٹھل منٹھارنوں
آکھے حلیمہ سعدیہ تیرے جیا کوئی نہیں
من موہنیاں نبی سوہنیاں قرآن ہے تیرا نعت خواں
عرب و عجم دے والیا تیرے جیا کوئی نہیں
رب نئیں کہیا تیرا موڑ دا دِل نئیں کدی ترا توڑ دا
من دا خدا تیری رضا تیرے جیا کوئی نہیں
ہووے فقیریا بادشاہ بھاویں گدا نیازی جیا
سب کھاندے نیں صدقہ تیرا تیرے جیا کوئی نہیں

الحاج عبدالستار نیازی

Marfat.com

# طیبہ نوں جان والے سن میریاں صداواں

طیبہ نوں جان والے سن میریاں صداواں
فریاد کردیاں نیں بے چین ایہہ نگاہواں
طیبہ دے اے مسافر پہنچیں توجد مدینے
روضے دیاں اوہ لاویں جد جالیاں توں سینے
میری وی حاضری لئی رو رو کریں دعاواں
خوش بخت عاشقاں دا جس دم شمار ہووے
جد لسٹ زائراں دی درتے تیار ہووے
میرا وی اوس ویلے کردئیں توں پیش ناواں
خبرے کدوں بلاوناں محبوب نے مدینے
شوق زیارتان نے آتش ہے لائی سینے
تڑپاندیاں نے مینوں طیبہ دیاں ہواواں
درداں دا دین دارو جے کر طبیب میرے
سدلین جے مدینے مینوں حبیب میرے
آقا نوں حال سارا رو رو کے میں سناواں

حافظ محمد حسین حافظ فیصل آباد

Marfat.com

# ساڈے ول سوہنیا نگاہواں کدوں ہونیاں

ساڈے ول سوہنیا نگاہواں کدوں ہونیاں
دسو منظور اے دعاواں کدوں ہونیاں

اک اک ذرّے وچہ رکھیاں شفاواں نیں
بوسے تیرے قدماں نوں دتے جنہاں راہوں نیں
ساڈیاں نصیباں وچ اوہ راہوں کدوں ہونیاں

رو رو ساری عمر جدائیاں وچہ گالی اے
ہن ساڈی زندگی دی شام ہون والی اے
ہجر دے بیماراں نوں شفاواں کدوں ہونیاں

تکھیاں جدائیاں دیاں دُھپاں دِل ساڑیاں
اینی گل دس دے خدائی دیا لاڑیا
دھپاں کدوں مکنیاں تے چھاواں کدوں ہونیاں

آقا ایہو صدراں نے سینے وچہ پالیاں
چماں گا میں جا کے کدوں روضے دیاں جالیاں
سجن اُتے تیریاں عطاواں کدوں ہونیاں

محمد علی سجن

Marfat.com

# میں لجپالاں دے لڑ لگیاں

میں لجپالاں دے لڑ لگیاں میرے توں غم پرے رہندے
میری آساں امیداں دے سدا بوٹے ہرے رہندے
خیال یار وچ میں مست رہنا ہاں دِنے راتیں
میرے دِل وچہ سجن وسدا میرے دیدے ٹھرے رہندے
دعا منگیا کرو سنگیو کتے مرشد نہ رُس جاوے
جنہاں دے یار رُس جاندے اوہ جیوندے وی مرے رہندے
راہ پینڈا عشق دا آخر تے ٹرنے نال مکنا ایں
اوہ منزل نوں نہیں پاسکدے جیہڑے بیٹھے گھرے رہندے
کدی وی لوڑ نہیں پیندی مینوں در در تے جاون دی
میں لجپالاں دا منگتا ہاں میرے پلے بھرے رہندے
کدی وی ڈُب نہیں سکدے اوہ چڑھدے پانیاں اندر
جو ٹھیلائے آسرے تیرے اوہ سدا بیڑے ترے رہندے
نیازیؔ مینوں غم کاہدا میری نسبت ہے عطاری
کسے دے رہن جو بن کے قسم رب دی کھرے رہندے

الحاج عبدالستار نیازی

Marfat.com

# مدنی آقا میں صدقے تری یادتوں

مدنی آقا میں صدقے تری یاد توں آکے جو بے قراروں کم آ گئی
ایسی باغِ مدینہ چوں اٹھی مہک کئیاں دُکھیاں لاچاراں دے کم آ گئی

اپنے اپنے مقدراں دی ہوندی اے گل آئیاں دائیاں ہزاراں سی مکے دے ول
جیہڑی ڈاچی قدم وی نہ سکدی سی چل عرش دے شہسواراں دے کم آ گئی

شانِ صدیق فاروق دا کی وساں کیتا اللہ نے جہاں دا اُچا نشاں
سبز گنبد دے اندر جو بچدی سی تھاں مدنی آقا دے یاراں دے کم آ گئی

لین خوشبوئے زلفِ حبیب خدا آئی جنت دے وچوں سی باد صبا
چھو کے لنگھی جدوں گیسوئے مصطفیٰ جاندی جاندی بہاراں دے کم آ گئی

آوندی عملاں دے ولوں سی صائم شرم رکھ لیا پیارے آقا نے ساڈا بھرم
دِن قیامت دے سوہنے دی نظرِ کرم میرے جئے عیب کاراں دے کم آ گئی

الحاج صائم چشتی علیہ الرحمۃ

Marfat.com

# تراکھاواں تے تیرے گیت گاواں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

تراکھاواں تے تیرے گیت گاواں یا رسول اللہ
تیرا میلاد میں کیوں نہ مناواں یا رسول اللہ

میں کجھ وی نئیں جے تیرے نال میری کوئی نسبت نئیں
میں سب کجھ ہاں جے میں تیرا سداواں یارسول اللہ

حلیمہ قلی نوں دیکھے کدی سرکار نوں ویکھے
میں کیہڑی سیج تیرے لئی سجاواں یا رسول اللہ

میرا وی دل تے چاہندا اے تسی میرے وی گھر آؤ
میں کیہڑے مان تے گھر وچ بلاواں یارسول اللہ

جنہاں نے تیریاں قدماں نوں سینے نال لایا اے
نصیباں والیاں ہویاں اوہ تھاواں یارسول اللہ

میں کوہجی توں وی کوہجی آں توں سوہنے توں وی سوہنا ایں
میں کیہڑے مان تے تینوں بلاواں یارسول اللہ

مرن دے ویلے جے آقا تیری دید ہو جاوے
میں ایسی موت توں قربان جاواں یارسول اللہ

محمد علی ظہوری

Marfat.com

# مینوں مدینے بلا سوہنیا

تیرے سوہنے مدینے توں قربان میں ہن تے مینوں مدینے بلا سوہنیا
گھٹ دے جاندے نے ساہ دم دا کی اے وساہ مرن توں پہلاں روضہ وکھا سوہنیا

سن لے عرض حبیبا کمینے دیاں حدوں گیاں نے ودھ اگاں سینے دیاں
گلاں سن دا جدوں ہاں مدینے دیاں درد دیندے نے بھانبڑ مچا سوہنیا

میں سنبھالاں کیویں قلب بیتاب نوں کیویں روکاں میں ہنجواں دے سیلاب نوں
جدوں جاندے مدینے دے ول قافلے ہنجو جاندے نے اکھیاں چوآ سوہنیا

لاجاں رکھ لے شہا ہاڑے پاون دیاں رُتاں آئیاں نے قسمت جگاون دیاں
لے دے چٹھیاں مدینے نوں آون دیاں من لیندا اے تیری خدا سوہنیا

ایہو ارمان ہے اِس خطا کار دا میں وی روضے توں ہنجوان دے پھُل وار دا
کنوں درداں دی جا کے سناواں میں گل کون ہے میرا تیرے سوا سوہنیا

بھاویں مجرم تے بدکار انسان ہاں لوکی کہندے میں تیرا ثناء خوان
عیب صائمؔ دے لبے دے ناں ویکھنا تو ہیں لجپال لکیاں نبھا سوہنیا

الحاج صائم چشتی علیہ الرحمتہ

Marfat.com

# کونین دے والی دا گھر بار بڑا سوہنا

کونین دے والی دا گھر بار بڑا سوہنا
سوں رب دی مدینے دا دربار بڑا سوہنا
انج مسجدِ نبوی دی ہر چیز نرالی اے
جیہڑا روضے دے نال جڑیا مینار بڑا سوہنیا
سب رستے مدینے دے سانوں جان توں ودھ پیارے
جیہڑا روضے نوں جاندا اے بازار بڑا سوہنا
دُنیا دے سفراں توں بندہ اک دی تے جاندا اے
پر سفر مدینے دا ہر وار بڑا سوہنا
صدیق عمر عثمان حیدر توں میں واری جاں
دو جگ دی والی دا ہر یار بڑا سوہنا
ویکھو نہ ظہوریؔ نوں نسبت نوں ذرا ویکھو
میں کوہجیاں پر میرا غم خوار بڑا سوہنا

الحاج محمد علی ظہوری علیہ الرحمتہ

Marfat.com

# اج سک متراں دی ودھیری اے

اج سک متراں دی ودھیری اے — کیوں دلڑی اداس گھنیری اے
لوں لوں وچہ شوق چنگیری اے — اج نیناں لایاں کیوں جھڑیاں
مکھ چند بدر شعشانی اے — متھے چمکے لاٹ نورانی اے
کالی زلف تے اکھ مستانی اے — مخمور اکھیں ہن مدھ بھریاں
اِس صورت نوں میں جان آکھاں — جاناں کہ جانِ جہان آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں — جس شان توں شاناں سب بنیاں
وسے صورت راہ بے صورت دا — توبہ راہ کہ عین حقیقت دا
پر کم نہیں بے سو جھت دا — کوئی ورلیاں موتی تے تریاں
ایہا صورت شالا پیشِ نظر — رہے وقت نزع تے روزِ حشر
وچہ قبر تے پل تھیں جد ہوسی گزر — سب کھوٹیاں تھیسن تد کھریاں
لاہو مکھ توں مخطط بردیمن — من بھانوری جھلک دکھلاؤ سجن
دو جگ رکھیں راہ در فرش کرن — سب انس و ملک حوراں پریاں
سبحان اللہ ما اجملك — ما احسنك ما اكملك
کتھے مہر علی کتھے تیری ثناء — مشتاق اکھیں کتھے جا اُڑیاں

حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی

Marfat.com

# زندگی دا مزہ آوے سرکار دے بوہے تے

زندگی دا مزہ آوے سرکار دے بوہے تے
موت آوے تے سر ہووے سرکار دے بوہے تے

جہنوں نسبت پاکاں دی مل جاوے اوہ جنتی اے
بھاویں کتا ہووے بیٹھا کوئی غار دے بوہے تے

بدکار دی میت نوں لے جانا مدینے ول
بخشش لئی رکھ دینا غمخوار دے بوہے تے

کر لین ظلم وی جد کوئی اپنیاں جاناں تے
ربّ آکھے میں بخشش دیواں آ و یار دے بوہے تے

ایہہ راز گنہگار اے لکھ وار سیاہ کار اے
بن جانی اے گل ساڈی دِلدار دے بوہے تے

اللہ نے فرمایا ہو ضائع عمل جاسن
کوئی اُچا نہ دم مارے میرے یار دے بوہے تے

سوہنے دیاں نعتاں دا سوہنے دیاں زُلفاں دا
بس ذِکر کرو یارو لاچار دے بوہے تے

Marfat.com

# تیرا وسدا رہوے دربار مدینے والڑیا

تیرا وسدا رہوے دربار مدینے والڑیا
سدو قدماں وچ سرکار مدینے والڑیا

ہجر تیرے وچہ پئی کرلاواں
سد لو قدماں دے وچ آواں
آ کے جندڑی دیواں وار مدینے والڑیا

ہجر دے وچ ہے مشکل جینا
ہن دکھلاؤ شہر مدینہ
ہن میرا وی سینہ ٹھار مدینے والڑیا

ہور اسیں تاں کج نہیں منگدے
سانوں اپنے رنگ وچ رنگ دے
تیری رحمت ہے درکار مدینے والڑیا

لگیاں دی لج آپ نبھا لو
ہر سائل دے دکھڑے ٹالو
میری بگڑی دیو سنوار مدینے والڑیا

Marfat.com

وحدت دا اک جام پلا دے
مینوں مست الست بنا دے
جہنوں پی کے ہواں سرشار مدینے والڑیا

سخیاں دے سلطان سخیا
اے سوہنے ذیشان سخیا
مری جھولی بھر منٹھار مدینے والڑیا

وقت نزع دے بھل نہ جاویں
سوہنیاں نوری جھلک دکھاویں
ہووے مرن ویلے دیدار مدینے والڑیا

ناظم نوں وی دے منظوری
درِ اقدس دی ملے حضوری
ایہو ناظم دی اے پکار مدینے والڑیا

منظور احمد ناظم صابری رحیم یار خان

Marfat.com

# الف اللہ چمبے دی بوٹی

الف اللہ چمبے دی بوٹی میرے من وچ مرشد لائی ہو
نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہرجائی ہو
اندر بوٹی مشک مچایا جان پھلن تے آئی ہو
جیوے مرشد کامل باہو جس ایہہ بوٹی لائی ہو

ایمان سلامت ہرکوئی منگے عشق سلامت کوئی ہو
منگن ایمان شرماون عشقوں دل نوں غیرت ہوئی ہو
جس منزل نوں عشق بچاوے ایمان نوں خبر نہ کوئی ہو
میرا عشق سلامت رکھیں باہو ایمانوں دیاں دھروئی ہو

ایہہ تن میرا چشمہ ہووے تے میں مرشد ویکھ نہ رجاں ہو
لوں لوں دے مڈھ لکھ لکھ چشماں ہک کھولاں ہک کجاں ہو
اتنا ڈِٹھیاں مینوں صبر ناں آوے میں ہور کتے ول بھجاں ہو
مرشد دا دیدار ہے باہو سانوں لکھ کروڑاں حجاں ہو

بغداد شہر دی کی نشانی اُچیاں لمیاں چیراں ہو
تن من میرا پرزے پرزے جیویں درزی دیاں لیراں ہو

Marfat.com

ایناں لیراں دی گل کفنی پا کے رلساں سنگ فقیراں ہو
بغداد شہر دے ٹکڑے منکساں باہو کرساں میراں میراں ہو

(ب)

بسم اللہ اسم اللہ دا ایہہ وی کہناں بھارا ہو
نال شفاعت سرورِ عالم چھٹسی عالم سارا ہو
حدوں بے حد درُود نبی تے جہندا ایڈ پسارا ہو
میں قرباں انہاتوں باہو جیہناں ملیا نبی سوہارا ہو

جو دم غافل سو دم کافر سانوں مرشد ایہہ پڑھایا ہو
سنیا سخن گیاں کھل اکھیاں اساں چیت مولا ول لایا ہو
کیتی جان حوالے ربّ دے اساں ایسا عشق کمایا ہو
مرن توں اگے مر گئے باہو تاں مطلب توں پایا ہو

سن فریاد پیراں دیا پیرا میری عرض سنیں کن دھر کے ہو
بیڑا اڑیا میرا وچ کپراں دے جتھے مچھ نہ بہندے ڈر کے ہو
شاہ جیلانی محبوب سبحانی میری خبر لئیو جھٹ کر کے ہو
پیر جہناندے میراں باہو اوہی لگدے کنڈے تر کے ہو

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ

---

Marfat.com

# وچھوڑے دے میں صدقے روز جھلاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وچھوڑے دے میں صدقے روز جھلاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کراں میں تیریاں دن رات گلاں یا رسول اللہ

جدوں ویکھاں کوئی جاندا مسافرا شہر تیرے نوں
کیویں وگدے ہوئے ہنجواں نوں ٹھلاں یارسول اللہ

ہوائے وگدئے لے جا مدینے اتھرو میرے
تے آکھیں ہوکی میں نذر گھلاں یا رسول اللہ

جیہناں نوں عشق تیرے دا کدی پانی نئیں ملیا
دلاں دیاں اوہ سدا سک جان ولاں یارسول اللہ

ظہوری نوں ملے قطرہ تیرے وگدے سمندر چوں
تیری رحمت دیاں ہر پاسے چھلاں یا رسول اللہ

محمد علی ظہوری رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شہنشاہ حبیبا مدینے دیا خیر منگداہاں میں تیری سرکار چوں

شہنشاہ حبیبا مدینے دیا خیر منگدا ہاں میں تیری سرکار چوں
صدقہ اپنے فقیراں دا دے سوہنیا خالی جاواں نہ میں تیرے دربار چوں

پہنچ ساحل تے سب دے سفینے گئے بختاں والے ہزاراں مدینے گئے
میرے بختاں دی کشتی وی نام خدا پار کردے غماں دے تو منجدھار چوں

وقتِ آخر مدینے جے میں پہنچ جاں روح میرے جسم نوں چھوڑ جاوے جدوں
تسی میرا جنازہ میرے ساتھیو لے کے لگناں مدینے دے بازار چوں

ودھ عاشق نوں جنت توں در یار دا اوہ دریار توں دو جہاں واردا
جیہڑا منگتا اے سوہنے دے دربار دا او ہنے لیناں کی جنت دی گلزار چوں

جدوں نظراں نے تکیا اے رُخ یار دا مرض ودھ دا گیا شوق دیدار دا
نبھاں پھڑ پھڑ حکیمو طبیبو تسی پۓ لبھدے اوہ کی ایس بیمار چوں

Marfat.com

جیہڑا اللہ دے ولیاں دی کرداے سنگ اوس کچ تے وی اونداے ہیرے دا رنگ
اوس ہیرے دا کوڑی وی رہندا نیئں مُل جیہڑا اگر جائے ٹٹ کے کسے ہار چوں

ہور کجھ وی نیئں منگدا میں سرکارتوں جھولی اکھیاں دی خالی اے دیدارتوں
ہن نے حافظ نوں دیدار دی خیر دے کوئی نیئں خالی گیا تیرے دربار چوں

حافظ محمد حسین حافظ

Marfat.com

# حصہ چہارم

# مناقب

Marfat.com

# منقبتِ پنجتن

میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
میں مرید خیرالانام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
مجھے عشق ہے تو خدا سے ہے مجھے عشق ہے تو رسول سے
میرے منہ سے آئے مہک صدا جو میں نام لوں تیرا بھول سے
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
مجھے عشق سروِ ثمن سے ہے مجھے عشق سارے چمن سے ہے
مجھے عشق اُن کی گلی سے ہے مجھے عشق اُن کے وطن سے ہے
مجھے عشق ہے تو علی سے ہے مجھے عشق ہے تو حسن سے ہے
مجھے عشق ہے تو حسین سے مجھے عشق شاہ زمن سے ہے
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
ہوا کیسے تن سے وہ سر جدا جہاں عشق ہو وہیں کربلا
میری بات انہی ہی کی بات ہے میرے سامنے وہی ذات ہے
وہی جن کو شیرِ خدا کہیں جنہیں یا مآب صلِ علیٰ کہیں
وہی جن کو آل نبی کہیں وہی جن کو ذاتِ علی کہیں
وہی پختہ ہیں میں تو خام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

Marfat.com

میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

میرا شعر کیا میرا ذکر کیا میری بات کیا میری فکر کیا
میری بات اُن کے سبب سے ہے میرا شعر اُن کے ادب سے ہے
میرا ذکر اُن کے طفیل سے میری فکر اُن طفیل سے
کہاں مجھ میں اتنی سکت بھلا کہ ہو منقبت کا بھی حق ادا
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
میں مرید خیرالانام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

سید ریاض الدین سہروردی

Marfat.com

# منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا
اونچے اونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا

سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا
اولیاءٔ ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا

کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا
شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کتا تیرا

قسمیں دے دے کے کھلاتا ہے پلاتا ہے تجھے
پیارا اللہ ترا چاہنے والا تیرا

مصطفیٰ کے تنِ بے سایہ کا سایہ دیکھا
جس نے دیکھا مری جاں جلوہ زیبا تیرا

اِس نشانی کے جو سگ ہیں نہیں مارے جاتے
حشر تک میرے گلے میں رہے پٹا تیرا

فخر آقا میں رضا اور بھی اِک نظم رفیع
چل لکھا لائیں ثنا خوانوں میں چہرہ تیرا

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ

Marfat.com

# منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

کھلا میرے دل کی کلی غوثِ اعظم
مٹا قلب کی بے کلی غوثِ اعظم

مرے چاند میں صدقے آجا ادھر بھی
چمک اٹھے دل کی گلی غوثِ اعظم

تیرے رب نے مالک کیا تیرے جد کو
تیرے گھر سے دنیا پلی غوثِ اعظم

کہا جس نے یا غوث اغثنی تو دم میں
ہر آئی مصیبت ٹلی غوثِ اعظم

نہیں کوئی بھی ایسا فریادی آقا
خبر جس کی تم نے نہ لی غوثِ اعظم

مری روزی مجھ کو عطا کر دے آقا
تیرے در سے دُنیا نے لی غوثِ اعظم

نہ مانگوں میں تم سے تو پھر کس سے مانگوں
کہیں اور بھی ہے چلی غوثِ اعظم

Marfat.com

صدا گر یہاں میں نہ دوں تو کہاں دوں
کوئی اور بھی ہے گلی غوثِ اعظم

ترا مرتبہ اعلیٰ کیوں ہو نہ مولیٰ
تو ہے ابنِ مولا علی غوثِ اعظم

قدم گردن اولیاء پر ہے تیرا
ہے تو ربّ کا ایسا ولی غوثِ اعظم

جو ڈوبی تھی کشتی وہ دم میں نکالی
تجھے ایسی قدرت ملی غوثِ اعظم

ہمارا بھی بیڑا لگا دو کنارے
تمہیں ناخدائی ملی غوثِ اعظم

تباہی سے ناؤ ہماری بچا دو
ہوائے مخالف چلی غوثِ اعظم

فدا تم پہ ہو جائے نوریؔ مضطر
یہ ہے اُس کی خواہش دلی غوثِ اعظم

مصطفیٰ رضا نوری علیہ الرحمتہ

Marfat.com

# منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

سرکار غوثِ اعظم نظر کرم خدارا
میرا خالی کاسہ بھر دو میں فقیر ہوں تمہارا

سب کا کوئی نہ کوئی دنیا میں آسرا ہے
میرا بجز تمہارے کوئی نہیں سہارا

جھولی کو میری بھر دو ورنہ کہے گی دنیا
ایسے سخی کا منگتا پھرتا ہے مارا مارا

مولا علی کا صدقہ گنج شکر کا صدقہ
میری لاج رکھ لو یا غوث میں فقیر ہوں تمہارا

دامن پسارے در پر لاکھوں ولی کھڑے ہیں
بٹتا ہے تیرے در پر کونین کا خزانہ

یہ تیرا کرم ہے یا غوث جو بلا لیا ہے در پر
کہاں رو سیاہ فریدی کہاں آستاں تمہارا

فریدی

Marfat.com

# منقبت سرکارغوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

فاصلوں کو خدارا مٹا دو رُخ سے پردہ اب ہٹا دو
اپنا جلوہ کسی میں دکھا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں

غوثِ اعظم ہو غوث الوریٰ ہو نور ہو نور صلِ علیٰ ہو
کیا بیاں آپ کا مرتبہ ہو دستگیر اور مشکل کشا ہو
آج دیدار اپنا کرا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں
اپنا جلوہ کسی میں دکھا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں

ہر ولی آپ کے زیرِ پا ہے ہر ادا مصطفیٰ کی ادا ہے
آپ نے دین زندہ کیا ہے ڈوبتوں کو سہارا دیا ہے
میری کشتی کنارے لگا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں
اپنا جلوہ کسی میں دکھا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں

شدت غم سے گھبرا گیا ہوں اب تو جینے سے تنگ آ گیا ہوں
ہرطرف آپ کو ڈھونڈتا ہوں اور اِک اِک سے یہ پوچھتا ہوں
کوئی پیغام ہے تو سنا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں
اپنا جلوہ کسی میں دکھا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں

Marfat.com

سن رہے ہیں وہ فریاد میری خاک ہوگی نہ برباد میری
میں کہیں بھی مروں شاہِ جیلاں روح پہنچے گی بغداد میری
مجھ کو پرواز کے پر لگا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں
اپنا جلوہ کسی میں دکھا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں

میں نے مانا گنہگار ہوں میں ہر سزا کا خطاوار ہوں میں
میرے چاروں طرف ہے اندھیرا روشنی کا طلب گار ہوں میں
ایک دیا ہی سمجھ کر جلا دوں جالیوں پر نگاہی جمی ہیں
اپنا جلوہ کسی میں دکھا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں

فکر دیکھو خیالات دیکھو یہ عقیدت یہ جذبات دیکھو
میں ہوں کیا میری اوقات دیکھو سامنے کس کی ہے ذات دیکھو
اے ادیبؔ اپنا سر اب جھکا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں
اپنا جلوہ کسی میں دکھا دو جالیوں پر نگاہیں جمی ہیں



Marfat.com

# منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

ادھر بھی نگاہ کرم غوثِ اعظم
کرو دور رنج و الم غوثِ اعظم

شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

گھرا ہوں میں ہر سمت سے رنج و غم میں
خدارا کرو آ کے کرم غوثِ اعظم

شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

وہ رُتبہ تیرا ہے کہ جتنے ولی ہیں
سبھی تیرے زیرِ قدم غوثِ اعظم

شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

ہے گردن میں تیری غلامی کا پٹہ
تجھی سے ہے میرا بھرم غوثِ اعظم

شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

تیرا ہوں میں تیرا میرے اِس کہے کا
سر حشر رکھنا بھرم غوثِ اعظم

Marfat.com

شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

مدینے سے بخدی بلا کو نکالو
کروان کے سر کو قلم غوثِ اعظم
شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

مرا ہر مرض دور ہو جائے پیارے
کروائیا آ کر کے دم غوثِ اعظم
شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

میرے چاند میرا مقدر سنوارو
بہت ہو گئے پیچ و خم غوثِ اعظم
شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

مجھے خواب میں آ کے جلوہ دکھا دو
کرو آج کی شب کرم غوثِ اعظم
شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

جلا پائے گا دل عبید رضا کا
ذرا رکھ دو اپنا قدم غوثِ اعظم
شیاء للّٰہ یا عبد القادر ساکن البغداد یا شیخ الجیلانی

محمد اویس عبید رضا قادری

---

Marfat.com

# منقبت حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ

تم نے شہ جیلاں مجھے بغداد بلایا
ہوں میرے مقدر کو شہا تم نے جگایا
دیکھوں تیرا دربار میری تھی یہ تمنا
مدّت کا میرے دل کا یہ ارمان بر آیا
ہو شکر ادا کیسے تمہارا شہ جیلاں
مجھ پاپی کو دربار کا دیدار کرایا
ٹکڑوں سے تیرے در کے شہا پلتی ہے دُنیا
مالک تیرے جد کو تیرے اللہ نے بنایا
یا غوث اغثنی جو کہا میں نے تڑپ کر
صدقے میں تیرے دم میں مجھے آکے بچایا
ہو جائے گی واللہ ابھی عید ہماری
پردہ رُخ روشن سے اگر تم نے ہٹایا
ہوں مشکلیں آسان میری ایسا کرم ہو
تم نے تو غلاموں کو ہمیشہ ہے بچایا

Marfat.com

دنیا کے غموں نے کیا جینا میرا دو بھر
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

ہاں ہاں تمہیں معلوم ہے کیا چاہیے مجھ کو
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

کیوں جاؤں کسی اور کے در پر تیرے ہوتے
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

ٹکڑوں پہ پلوں آپ کے جب تک رہوں زندہ
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

بندہ بھی رہوں آپکا جب تک رہوں زندہ
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

تو جتنا جسے چاہے عطا کرتا ہے میراں
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

ہو مع سوا سرکار کے غم کے نہ کوئی غم
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

روتا رہوں اے کاش میں سرکار کے غم میں
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

Marfat.com

یا غوث عطا کر دے مجھے درد مدینہ
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

کوتاہی نہ ہو مجھ سے فرائض کی کبھی بھی
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

میراں مجھے سنت کا بھی پابند بنا دے
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

بے جانہ زباں سے کبھی اِک لفظ بھی بولوں
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

آنکھوں میں میری قفل مدینہ تو لگا دے
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

ہر عضو پہ لگ جائے میری قفل مدینہ
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

غصہ نہ مجھے آئے کبھی نفس کی خاطر
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

روحانی و جسمانی ہو بیماریاں سب دور
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا

Marfat.com

دولت کی ہوس دور ہو مجھ سے شاہِ جیلاں
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا
اخلاق کی اخلاص کی دولت بھی عطا ہو
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا
للّٰہ کرم ٹوٹ نہ جائے کہیں یہ دل
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا
عطار کا صدقہ مجھے مایوس نہ کرنا
یا غوث کرم کر میں بڑی دور سے آیا
نظروں میں سدا رکھنا عبید رضوی کو
میراں ہو میرے سر پہ ہمیشہ تیرا سایہ

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

یا غوث میرے مردہ دل کو جلا دو آ کر
ٹھوکر سے تم نے اپنی مردوں کو ہے جلایا

یا غوث مجھ کو بحرِ عصیاں سے تم نکالو
جیسے کہ ڈوبی کشتی کو دو پل میں نکالا

اذن خدا سے تم نے مردے کیے زندہ
بارہ برس کی ڈوبی کشتی کو بھی نکالا

حسنی حسینی گلشن کے تم مہکتے گل
زہرا کا تو لاڈلا تو مولیٰ کا پیارا

یا غوث المدد کہ نعروں سے منکروں کے
دل پر چلاؤ خنجر سینہ پہ تیز آرا

یا غوث سن کے منکرین کے چہرے بتاتے یوں
جیسے کہ چل گیا ہو ان کے دلوں پہ آرا

کچھ خوف روزِ محشر کا عبید کو ہو کیونکر
گردن میں اس کی پٹہ یا غوث ہے تمہارا

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

میراں بلائیے مجھے اپنے دیار میں
آنکھوں سے دیکھ لوں دیارِ پُر بہار میں

دل کو قرار آئے نہ لالہ زار میں
پائے گا چین یہ فقط تیرے دیار میں

جاؤں نجف تو جاگتی آنکھوں سے دیکھ لوں
مولیٰ علی کی بارگاہ پُر بہار میں

عرصہ ہوا یہ سوچتے اب کے بلاؤ گے
کہیں موت آنا جائے اسی انتظار میں

میراں تمنا ہے میری اے کاش! دیکھ لوں
بغداد پاک کے حسین لیل و نہار میں

گھبرا غموں نے جب کہا یا غوث المدد
آئیں مدد کے واسطے اک ہی پکار میں

الفت کا اپنی جام پلا ایسا ساقیا
بے خود رہوں ہمیشہ میں جس کے خمار میں

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# منقبت سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ

میراں ولیوں کے امام دیدو پنجتن کے نام میں نے جھولی ہے پھیلائی بڑی دیر سے
کردو نظر کرم سرکار اپنے منگتوں پہ اک بار میں نے آس ہے لگائی بڑی دیر سے

دل کی کلی میری آج کھلی ہے آپ آئے ہیں خبر ملی ہے
ذرا دھیرے دھیرے آؤ للہ کرم فرماؤ میں نے محفل ہے سجائی بڑی دیر سے

قلب و نظر میں نور سمایا ایک سرور سا ذہن پہ چھایا
جب میراں لگے پلانے میرے ہوش لگے ٹھکانے ایسی پی ہے میں نے مئے دستگیر سے

تم جو بناؤ بات بنے گی دونوں جہاں میں لاج رہے گی
لجپال نظر یا کردو منگتوں کی جھولی بھردو بھردو کاسہ میرا پنجتنی خیر سے

روتے روتے عمر گذاری کب آئے گی اپنی باری
ذرا جلوہ ہمیں دکھادو میرے دل کی کلی کھلادو میں نے بپتا ہے سنائی بڑی دیر سے

مشکل جب بھی سر پہ آئی تیری رحمت آڑے آئی
جب میں نے تمہیں پکارا کام آیا تیرا سہارا چلتا عاصی کا گذارا تیری خیر سے

محمد یوسف عاصی

---

Marfat.com

# منقبت قاری مصلح الدین صدیقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

عاشق محبوب یزداں آپ ہیں
رہنما و دیں و ایماں آپ ہیں

مصلح الدین نامِ نامی آپ کا
دین کی شمع فروزاں آپ ہیں

آپ حافظ آپ قاری آپ شیخ
سارے دیں داروں کے جاناں آپ ہیں

آپ ہیں صدرالشریعہ کے سپوت
علم کا مہر درخشاں آپ ہیں

آپ ہیں علم و عمل کی روشنی
قادری ہیں شیخ دوراں آپ ہیں

منکشف ہے آپ پر علم و حدیث
شارح مقصود قرآں آپ ہیں

آپ آگاہ رموزِ معرفت
صاحب اسرارِ عرفاں آپ ہیں

Marfat.com

علم حق کی عمر بھر تدریس کی
عالمانِ حق میں ذیشاں آپ ہیں
تشنگانِ علم عرفان کے لیے
رحمتِ محبوبِ یزداں آپ ہیں
از دکن تا ملک پاکستان ہے
جو تجلی نورِ افشاں آپ ہیں
آپؒ کی نسبت پہ نازاں ہے ریاضؔ
ناز بردارِ مریداں آپ ہیں

ریاض الدین سہروردی

Marfat.com

# منقبت دولہا شاہ سبزواری رحمۃ اللہ علیہ

دھوم ہے گھر گھر تمہاری سبزواری سبزواری
ہر زباں پہ ہے جو جاری سبزواری سبزواری
جھولیاں بھر دو ہماری سبزواری سبزواری
ہے گدا دنیا تمہاری سبزواری سبزواری
ہے تیرا گنبد بھی نور اور ہو مینار نوری
خوب ہے تربت تمہاری سبزواری سبزواری
ہے یہی ارمان دل کا ایک دن آ جائے ایسا
دیکھ لوں صورت تمہاری سبزواری سبزواری
رنج و غم ہو دور سارے کام بن جائیں ہمارے
عرض ہے تجھ سے ہماری سبزواری سبزواری
سر پہ جو منڈلا رہی ہے مجھ کو جو تڑپا رہی ہے
ہو بلائیں دور ساری سبزواری سبزواری
غوث کا صدقہ عطا ہو جھولیاں منگتوں کی بھر دو
حاجتیں پوری ہماری سبزواری سبزواری

Marfat.com

جگمگایا میرا مقدر تو نے اے میرے دلبر
قسمتیں لاکھوں سنواری سبزواری سبزواری

جو بھی آیا تیرے در پر وہ گیا دامن کو بھر کر
ہے تمہارا فیض جاری سبزواری سبزواری

میں بھی سگ ہوں تیرے در کا اے سخی دے ڈال ٹکڑا
میں نے بھی جھولی پساری سبزواری سبزواری

ہے عقیدہ یہ ہمارا جو بھی ہے منگتا تمہارا
ہے نظر سب پر تمہاری سبزواری سبزواری

اب کبھی کھائے نہ ٹھوکر ہو عبید قادری پر
وہ نظر دولہا تمہاری سبزواری

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# منقبت دولہا شاہ سبزواریؒ

تیرا در جو ملا سبز واری پیا
مجھ کو سب مل گیا سبزواری پیا
ہو گئیں مشکلیں دم میں کافور سب
جب تڑپ کہ کہا سبزواری پیا
تیرا در تا قیامت سلامت رہے
ربّ سے ہے یہ دعا سبزواری پیا
بعد مردن بھی اترے نہ جس کا خمار
جام ایسا پلا سبزواری پیا
میری کشتی پھنسی آ کے منجدھار میں
پار اِس کو لگا سبزواری پیا
میرے غوث الوریٰ کا وسیلہ تو دے
دردِ دل کی دوا سبزواری پیا
دو جہان میں بچا رنج و غم سے مجھے
شاد رکھ دائما سبزواری پیا

Marfat.com

دین و دنیا میں کر دے مجھے سرخرو
ہے یہی اِلتجا سبزواری پیا

چہرہ نور سے آج پردہ اٹھا
اک جھلک دے دکھا سبزواری پیا

واسطہ پنجتن کا مجھے بھی کبھی
اپنا جلوہ دکھا سبزواری پیا

سبز گنبد کا جلوۂ دکھا کر میرا
غنچۂ دل کھلا سبزواری پیا

موت آئے مدینے میں ایمان پر
ہے یہی مدعا سبزواری پیا

میٹھے سرکار سے تو بقیع میں جگہ
بہر تربت دلا سبزواری پیا

کیوں نہ جھومے عبید رضا کہ ملا
اِس کو دامن تیرا سبزواری پیا

کلام محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# منقبت دولہا شاہ سبزواری

علی کے دولارے محمد شاہ دولہا
ہمارے ہمارے محمد شاہ دولہا

ہزاروں کے تم نے نگاہِ کرم سے
مقدر سنوارے محمد شاہ دولہا

پسارے ہوئے جھولیاں آ گئے ہم
تمہارے دوارے محمد شاہ دولہا

ہمیں غوث و خواجہ کا داتا کا صدقہ
عطا کر دو پیارے محمد شاہ دولہا

اگرچہ نکمے کمینے سہی ہم
مگر ہیں تمہارے محمد شاہ دولہا

بھلا در بدر ٹھوکریں کھائیں کیونکر
جو تم ہو ہمارے محمد شاہ دولہا

بگڑتے گئے کام جب جب ہمارے
تمہی نے سنوارے محمد شاہ دولہا

Marfat.com

گھرا ہوں میں ہر سمت سے رنج و غم میں
کرم میرے پیارے محمد شاہ دولہا
نکالے مجھے کون بحرِ الم سے
سوائے تمہارے محمد شاہ دولہا
مرادوں سے منگتوں کے بھرتے ہیں جھولی
مُخی ہیں ہمارے محمد شاہ دولہا
جو حاضر ہیں دربار میں تیرے جائیں
مدینے یہ سارے محمد شاہ دولہا
سنو آندھیوں گردشوں تم بھی سن لو
صمدؔ[1] ہیں ہمارے محمد شاہ دولہا
عبیدؔ رضا کو مدینے کے نوری
دکھا دو نظارے محمد شاہ دولہا

کلام محمد اویس عبید رضا قادری

---

[1] مدد کرنے والے

Marfat.com

# آئے ہیں تیرے دربار یا محمد شاہ

بطرز: جشن آمد رسول ﷺ

آئے ہیں تیرے دربار یا محمد شاہ
تیرے منگتے پھر اک بار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا یا محمد شاہ

عرس پہ تیرے ہر سال آتے رہے
تیرے لطف و عنایات پاتے رہے
تیرا صدقہ شہا روز کھاتے رہے
تیرے منگتے تیرے گیت گاتے رہے
تیری اُلفت کبھی بھی نہ ہو دل سے کم

میرے دولہا شاہ سرکار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا یا محمد شاہ

جو دو رحمت کرم تیرا بہتا رہے
تیرا دریائے فیضان بہتا رہے
سبز گنبد سے انوار ملتا رہے

Marfat.com

اور تیرے گداؤں کو دیتا رہے
ہے بڑھے تا قیامت سلامت رہے

تیرا نورانی دربار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا یا محمد شاہ

میرے بابا بلائیں کرو مجھ سے دور
ہے یقیں میرا دامن بھرو گے ضرور
آج خالی نہ لوٹوں گا ہرگز حضور
اپنے دامن میں بھرلوں گا کیف وسرور
غوث وخواجہ کے صدقے میں منگتے کی آج

جھولی بھر دونا سرکار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا یا محمد شاہ

ہے اٹھائے کھڑا ہاتھ در پہ غریب
تو ہے رب کا ولی تو نبی کے قریب
سبزواری جگا دے میرا بھی نصیب
چوم لوں جا کے سنگ دیار حبیب
اور آنکھوں سے اپنی دیکھوں میں شہا

Marfat.com

سبز گنبد و مینار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا یا محمد شاہ

یہ تمنا دلی ہے تو کردو کرم
اِس طرح موت آئے میرے محترم
سامنے ہو محمد ﷺ کا پیارا حرم
اُن کے قدموں پہ ہو سر نکل جائے دم
اور ہو جائے مرقد بقیع میں عطا

عرض میری ہے سرکار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا یا محمد شاہ

ہو گر مجھ پہ تیری یہ میٹھی نظر
غم کی تاریکیاں ہوں سبھی دربدر
شامِ غم میں طلوع ہو نئی اک سحر
زندگی میری واللہ جائے سنور
فضل رب سے شہا یہ یقیں ہے مجھے

ہو گا میرا بیڑا پار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا یا محمد شاہ

Marfat.com

فیض تیرا سدا ہم پہ جاری رہے
یونہی تیری نظر پیاری پیاری رہے
قائم الفت تمہی سے یہ جاری رہے
تم سے الفت ہی پہچاں ہماری رہے
جب تلک ہم جئیں پیار کرتے رہیں

دم بدم یہی تکرار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا یا محمد شاہ

تیرے دربار میں آ گیا جو گدا
اپنے من کی مرادیں ہے وہ پا گیا
بن عبید رضا کا بھی یہ مژدہ
رقص کرتی ہے لب پر یہی اک صدا
مجھ کو نورانی نورانی جلوہ دکھا

پیارے دولہا بس اک بار یا محمد شاہ
یا محمد شاہ دولہا محمد شاہ

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

# منقبت محمد شاہ دولہا سبزواریؒ

سبزواری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

ترے در کا ہوں میں گدا میرے دولہا
بھر دو آج دامن مرا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

یہی ہے میری التجا میرے دولہا
مجھے اپنا جلوہ دکھا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

کرم سے ترے ہوں کھڑا میرے دولہا
تو ہی ہے آسرا میرے دولہا

سبزواری تمہاری در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

Marfat.com

برائے میرا مدعا میرے دولہا
ہوا اذن مدینہ عطا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

نبی کے نواسوں کا صدقہ عطا ہو
ہوں دامن پھیلائے کھڑا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا میں بھکاری بن کر

تیرے عرس میں آئے جتنے بھکاری
سبھی کو مدینہ دکھا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

پس مرگ بھی جس کا ہو کیف باقی
محبت کی وہ مئے پلا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

Marfat.com

رہوں ساتھ جنت میں گر میرے آقا
یہ احسان ہو گا بڑا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

مجھے اِس جہاں اور اگلے جہاں کی
سبھی آفتوں سے بچا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

مجھے اپنے دامن میں اے سبز واری
سرِ حشر لینا چھپا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

مجھے کیا عطا ہو گیا تیرے در سے
بتاؤں میں اِن سب کو کیا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

Marfat.com

بھلا ہو کمی اب کسی چیز کی کیا
جو دامن ترا مل گیا میرے دولہا

سبز واری تمہاری در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

نہ مایوس ہو اور گدا بن کے آجا
کہ بھر دیں گے دامن ترا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پر
آ گیا میں بھکاری بن کر

تجھے واسطہ غوث و خواجہ کا اب تو
ذرا رُخ سے پردہ اٹھا میرے دولہا

سبز واری تمہارے در پہ
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

نگاہِ کرم کہ عبید رضا ہے
تیرے در کا ادنیٰ گدا میرے دولہا

سبز وری تمہارے در پر
آ گیا ہوں میں بھکاری بن کر

محمد اویس عبید رضا قادری

---

Marfat.com

## منقبت دولہا شاہ سبزواریؒ

تم غوث کے دلارے دولہا شاہ سبزواری
اجمیری تاج والے دولہا شاہ سبزواری
سرکار کی غلامی دعوتِ اسلامی
اور اس کے ہیں سہارے دولہا شاہ سبزواری
رنج والم میں گھر کر منگتوں نے جو تڑپ کر
جب بھی پکارا آئے دولہا شاہ سبزواری
آؤ گداؤ آؤ منہ مانگی آس پاؤ
بام کرم پر آئے دولہا شاہ سبزواری
مانگو فقیر و مانگو جو مانگنا ہے مانگو
دینے پہ آج آئے دولہا شاہ سبزواری
بدکار کو نبھاؤ اور رب سے بخشواؤ
جرم و قصور ہمارے دولہا شاہ سبزواری

Marfat.com

بے شک ہیں ہم نکمے مانا کہ ہیں کمینے
آخر تو ہیں تمہارے دولہا شاہ سبزواری

بے بس کے بس تمہی ہو بے کس کے کس تمہی ہو
سب کچھ ہو تم ہمارے دولہا شاہ سبزواری

ہے نظر تمہاری ہم پر کیونکر جائیں ہم کہیں پر
ٹکڑوں پہ ہیں تمہارے دولہا شاہ سبزواری

طیبہؒ کی حاضری ہو دولہا مجھے بھی کٹ دو
بڑی آس لے کے آئے دولہا شاہ سبزواری

کوئی مانگتا ہے دولت کوئی چاہتا ہے ثروت
دل غم نبی کا مانگے دولہا شاہ سبزواری

کوئی طالب حکومت کوئی چاہتا ہے شہرت
میرا دل مدینہ مانگے دولہا شاہ سبزواری

طیبہ میں موت چاہے مدفن بقیع میں چاہے
دل کچھ نہ اور چاہے دولہا شاہ سبزواری

اخلاص کا خزینہ اخلاق کا خزینہ
مجھ کو عطا ہو پیارے دولہا شاہ سبزواری

Marfat.com

روشن ہو میرا سینہ اس میں ہو بس مدینہ
یہ میری التجا ہے دولہا شاہ سبزواری

چشم کرم ہو ہم پر آئے ہیں تیرے در پر
رنج و الم کے مارے دولہا شاہ سبزواری

ہو کرم عبید پر بھی ہے غلام تیرا یہ بھی
تجھ سے یہ تجھ کو چاہے دولہا شاہ سبزواری

محمد اویس عبید رضا قادری

Marfat.com

## منقبت محمد شاہ دولہا سبزواریؒ

خیرات لینے آ گئے منگتے تمہارے دولہا
بھر دیجئے دامن مرادوں سے ہمارے دولہا
میرے سبزواری میرے سبزواری

منگتوں کی رکھ لے لاج کر دے سب مرادیں پوری
دامن پسارے آ گئے تیرے دروازے دولہا
میرے سبزواری میرے سبزواری

بن کر گدا پھیلا کے دامن ناتوانو آؤ
اور مانگ لو بے حد سخی ہیں یہ ہمارے دولہا
میرے سبزواری میرے سبزواری

دیتا ہوں تجھ کو واسطہ غوث الوریٰ کا مجھ کو
پھر مسجدِ نبوی کے دکھلا دے نظارے دولہا
میرے سبزواری میرے سبزواری

یہ جگمگاتا نور برساتا تمہارا روضہ
شرما گئے ہیں اِس کے آگے چاند تارے دولہا
میرے سبزواری میرے سبزواری

محمد ادریس عبید رضا قادری

Marfat.com

## سہرا

آج مولیٰ بخش فضل ربّ سے ہے دولہا بنا
خوشنما پھولوں کا اِس کے سر پہ ہے سہرا سجا
اس شادی خانۂ آبادی ہو رب مصطفیٰ
از پئے غوث الوریٰ بہرِ امام احمد رضا
زوجہ مولیٰ بخش کی یا رب کرے پردہ سدا
بخش مولیٰ بخش کی بیوی کو توفیق حیا
تو سدا رکھنا سلامت اس کا جوڑا یا خدا
کوئی بھی جھگڑا نہ ہو آپس میں اے رب العلیٰ
ان کو خوشیاں دو جہاں میں تو عطا کر کبریا
ان پہ رنج و غم کی نا چھائے کبھی کالی گھٹا
آفتِ فیشن سے ہر دم ان کو مولیٰ تو بچا
یا الٰہی! ان کا گھر گہوارۂ سنت بنا
میٹھے میٹھے ہوں مدینے کے انہیں منے عطا
واسطہ یا رب مدینے کی مبارک خاک کا

Marfat.com

میرا مولیٰ بخش سہرا یا رب جب تلک زندہ رہے
سنتوں کی خوب یہ تبلیغ بھی کرتا رہے

اِس طرح مہکا کرے یہ گھر کا گھر سب یا خدا
پھول جیسا کہ مہکتے ہیں مدینے کے سدا

یا الٰہی دے سعادت حج کی ان کو بار بار
بار بار ان کو دکھا میٹھے محمد کا دیار

ہو بقیع پاک میں دونوں کو مدفن بھی عطا
سبز گنبد کا تجھے دیتا ہوں مولیٰ کا واسطہ

یہ میاں بیوی رہیں جنت میں یکجا اے خدا
یا الٰہی! ہے یہی عطارؔ کے دل کی صدا

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

## حصہ پنجم

# صلوٰۃ وسلام

Marfat.com

# تم پہ کروڑوں درُود

کعبے کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درُود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درُود
شافع روز جزا تم پہ کروڑوں درُود
دافع جملہ بلا تم پہ کروڑوں درُود
اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درُود
دل کرو ٹھنڈا مرا وہ کفِ پا چاند سا
سینے پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروڑوں درُود
وہ شبِ معراج راج وہ صفِ محشر کا تاج
کوئی بھی ایسا ہوا تم پہ کروڑوں درُود
تم سے کھلا باب جود تم سے ہے سب کا وجود
تم سے ہے سب کی بقا تم پہ کروڑوں درُود
گرچہ ہیں بے حد قصور تم ہو عفو و غفور
بخش دو جرم و خطا تم پہ کروڑوں درُود

Marfat.com

آس ہے کوئی نہ پاس ایک تمہاری ہے آس
بس ہے یہی آسرا تم پہ کروڑوں درود

تم ہو شفائے مرض خلق خدا خود غرض
خلق کی حاجت بھی کیا تم پہ کروڑوں درود

خلق تمہاری جمیل خلق تمہارا جلیل
خلق تمہاری گدا تم پہ کروڑوں درود

طیبہ کے ماہِ تمام جملہ رسل کے امام
نوشۂ ملکِ خدا تم پہ کروڑوں درود

تم سے جہاں کا نظام تم پہ کروڑوں سلام
تم پہ کروڑوں ثنا تم پہ کروڑوں درود

جائیں نہ جب تک غلام خُلد ہے سب پر حرام
ملک تو ہے آپ کا تم پہ کروڑوں درود

مظہر حق ہو تمہیں مظہر حق ہو تمہیں
تم میں ہے ظاہر خدا تم پہ کروڑوں درود

برسے کرم کی بھرن پھولیں نعم کے چمن
ایسی چلا دو ہوا تم پہ کروڑوں درود

Marfat.com

ایک طرف اعلائے دیں ایک طرف حاسدین
بندہ ہے تنہا شہا تم پہ کروڑوں درُود

باٹ نہ در کے کہیں گھاٹ نہ گھر کے کہیں
ایسے تمہیں پالنا تم پہ کروڑوں درُود

اپنے خطاواروں کو اپنے ہی دامن میں لو
کون کرے یہ بھلا تم پہ کروڑوں درُود

کر کے تمہارے گناہ مانگیں تمہاری پناہ
تم کہو دامن میں آ تم پہ کروڑوں درُود

ہم نے خطا میں نہ کی تم نے عطا میں نہ کی
کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درُود

کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نامِ رضا تم پہ کروڑوں درُود

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری

Marfat.com

# مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

شہر یارِ ارم تاجدارِ حرم
نو بہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

شب اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اُس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

جس کے سجدے کو محراب کعبہ جھکی
ان بھنوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آ گیا
اُس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

جس سے تاریک دل جگمگانے لگے
اُس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

وہ زباں جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

جس کو بار دو عالم کی پرواہ نہیں
ایسے بازو کی قوت پہ لاکھوں سلام

کل جہاں ملک اور جو کی روٹی غذا
اُس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن
اُس خدا بھائی صورت پہ لاکھوں سلام

کس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی
آنکھ والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

اس بتول جگر پارۂ مصطفیٰ
جملہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام

سیدہ زاہرہ طیبہ طاہرہ
جانِ احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام

وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا
اس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام

جس کے دشمن پہ لعنت ہے اللہ کی
اُن سب اہلِ محبت پہ لاکھوں سلام

وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا سقر
اُس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام

غوثِ اعظم امام التقیٰ والنقیٰ
جلوۂ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام

شیر شمشیر زن شاہ خیبر شکن
پر تو دست قدرت پہ لاکھوں سلام

جس کی منبر ہوئی گردن اولیا
اُس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

حضرت حمزہ شیرِ خدا و رسول
زینتِ قادریت پہ لاکھوں سلام

بے عذاب و عتاب و حساب و کتاب
تا ابد اہلِ سنت پہ لاکھوں سلام

میرے استاد ماں باپ بھائی بہن
اہل ولدِ ذ عشیرت پہ لاکھوں سلام

کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور
بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# یا نبی سلام علیک

یا نبی سلام علیک
یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک
صلوٰۃ اللّٰہ علیک

ہو مبارک اہلِ عصیاں
ہو گیا بخشش ساماں
آ گئی صبح بہاراں
ہو گیا گھر گھر چراغاں

یا نبی سلام علیک
یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک
صلوٰۃ اللّٰہ علیک

جشن میلاد النبی ہے
نور کی چادر تنی ہے
روشنی ہی روشنی ہے
ہر طرف یہ دھوم مچی ہے

یا نبی سلام علیک
یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک
صلوٰۃ اللّٰہ علیک

تم حبیب کبریا ہو
اور امام الانبیاء ہو
دو جہاں کے پیشوا ہو
شافعِ روزِ جزا ہو

یا نبی سلام علیک
یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک
صلوٰۃ اللّٰہ علیک

Marfat.com

مرضِ عصیاں کو مٹانا      نیک مجھ کو تم بنانا
راہِ سنت پر چلانا      اپنی الفت میں گمانا
یا نبی سلام علیک      یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک      صلوٰۃ اللہ علیک

آخری لمحے جب آئیں      کاش! وہ تشریف لائیں
اپنے جلووں میں گمائیں      جھوم کر ہم گنگنائیں
یا نبی سلام علیک      یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک      صلوٰۃ اللہ علیک

رحمتوں کے تاج والے      دو جہاں کے راج والے
عاصیوں کی لاج والے      عرش کی معراج والے
یا نبی سلام علیک      یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک      صلوٰۃ اللہ علیک

کاش حاصل ہو حضوری      دور ہو جائے یہ دوری
دیکھ لوں وہ شکل نوری      دل کی حسرت ہو پوری
یا نبی سلام علیک      یا رسول سلام علیک
یا جبیب سلام علیک      صلوٰۃ اللہ علیک

Marfat.com

تم شفیع المذنبیں ہو سرور دنیا و دیں ہو
صادق الوعدوامیں ہو رحمتہ للعالمین ہو
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللّٰہ علیک
جان کر کافی سہارا لے لیا ہے درِ تمہارا
خلق کے وارث خدارا لو سلام اب تو ہمارا
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللّٰہ علیک
مصطفیٰ خیر الوریٰ ہو سرور ہر دوسرا ہو
اپنے اچھوں کا تصدق ہم بدوں کو بھی نبھا ہو
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللّٰہ علیک

Marfat.com

# کروڑوں درود سلام

تاجدار حرم اے شہنشاہ دیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام
ہو نگاہ کرم مجھ پہ سلطانِ دیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام
دور رہ کر نہ دم ٹوٹ جائے کہیں
کاش طیبہ میں اے مرے ماہ مبیں
دفن ہونے کو مل جائے دو گز زمیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام
کوئی حسن عمل پاس میرے نہیں
پھنس نہ جاؤں قیامت میں مولیٰ کہیں
اے شفیع امم لاج رکھنا تمہیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام
دونوں عالم میں کوئی بھی تم سا نہیں
سب حسینوں سے بڑھ کر تمہی ہو حسیں

Marfat.com

قاسم رزق رب العلیٰ ہو تمہی
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

فکر امت میں راتوں کو روتے رہے
عاصیوں کے گناہوں کو دھوتے رہے
تم پہ قربان جاؤں میرے مہ جبیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

پھول رحمت کے ہر دم لٹاتے رہے
ہم غریبوں کی بگڑی بناتے رہے
حوضِ کوثر پہ نہ بھول جانا کہیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

کافروں کے ستم ہنس کے سہتے رہے
پھر بھی ہر آن حق بات کہتے رہے
کتنی محنت سے کی تم نے تبلیغِ دین
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

موت کے وقت کر دو نگاہِ کرم
کاش اِس شان سے یہ نکل جائے دم
سنگ در پہ تمہارے ہو میری جبیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

Marfat.com

اب مدینے میں سب کو بلا لیجئے
اور سینہ مدینہ بنا دیجئے
از پئے غوثِ اعظم امام مبیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

عشق سے تیرے معمور سینہ رہے
لب پہ ہر دم "مدینہ مدینہ" رہے
بس میں دیوانہ بن جاؤں سلطانِ دین
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

دور ہو جائیں دنیا کے رنج والم
ہو عطا اپنا غم دیجئے چشم نم
مال و دولت کی کوئی تمنا نہیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

پھر بلا لو مدینے میں عطار کو
اپنے قدموں میں رکھ لو گنہگار کو
کوئی اِس کے سوا آرزو ہی نہیں
تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

از مولانا محمد الیاس عطار قادری امیرِ اہلِ سنت

Marfat.com

# اے بیابان عرب تیری بہاروں کو سلام

اے بیابانِ عرب تیری بہاروں کو سلام
تیرے پھولوں کو ترے پاکیزہ خاروں کو سلام
جبلِ نور و جبل ثور اور ان کے غاروں کو سلام
نور برساتے پہاڑوں کی قطاروں کو سلام
جھومتے ہیں مسکراتے ہیں مغیلانِ عرب
خوبصورت وادیوں کو رہگزاروں کو سلام
رات دن رحمت برستی ہے جہاں پر جھوم کر
ان طوافِ کعبہ کے رنگیں نظاروں کو سلام
دوڑ کر دیوارِ کعبہ سے جو لپٹے ہیں وہاں
اُن سبھی دیوانوں سارے بے قراروں کو سلام
حجرِ اسودٗ باب و میزاب و مقام ملتزم
اور غلاف کعبہ کے رنگیں نظاروں کو سلام
رُکن شامی اورعراقی اور یمانی پر درودِ
جگمگاتے نور برساتے میناروں کو سلام

Marfat.com

خوب چومے ہیں قدم ثور و حرا نے شاہ کے
مہکے مہکے پیارے پیارے دونوں غاروں کو سلام

دونوں بچوں[1] کا بھی حملہ خوب تھا بوجہل پر
بدر کے اُن دونوں ننھے جاں نثاروں کو سلام

جگمگاتے گنبدِ خضریٰ پہ ہوں روشن درود
مسجدِ نبوی کے نورانی میناروں کو سلام

منبر و محراب جاناں اور سنہری جالیاں
سبز گنبد کے مکیں کو دونوں پیاروں کو سلام

جس جگہ پر آ کے سوئے ہیں صحابہ دس ہزار
اس بقیعِ پاک کے سارے مزاروں کو سلام

غسل کعبہ کا بھی منظر کس قدر پر کیف[2] ہے
جھوم کر کہتا ہے عطار ان نظاروں کو سلام

از مولانا محمد الیاس عطار قادری امیرِ اہلِ سنت

---

[1] معاذ اور معوذ دو ننھے مدنی منوں نے غزوہ بدر میں ابو جہل پر بے حد دلیرانہ حملہ کیا اور ابو جہل کے قتل کا سبب بنے

[2] (غسل کعبہ عموماً یکم ذوالحجہ الحرام کو ہوتا ہے)

Marfat.com

# اے مدینے کے تاجدار

اے مدینے کے تاجدار تجھے اہلِ ایماں سلام کہتے ہیں
تیرے عشاق تیرے دیوانے جانِ جاناں سلام کہتے ہیں

تیری فرقت میں بے قرار ہیں جو ہجر طیبہ سے دِل فگار ہیں جو
وہ طلب گار دید رو رو کر اے مری جاں سلام کہتے ہیں

جن کو دنیا کے غم ستاتے ہیں ٹھوکریں در بدر جو کھاتے ہیں
غم نصیبوں کے چارہ گر تم کو وہ پریشاں سلام کہتے ہیں

دور دنیا کے رنج و غم کردو اور سینے میں اپنا غم بھر دو
سب کو چشمانِ تر عطا کر دو جو مسلماں سلام کہتے ہیں

عشق سرور میں جو تڑپتے ہیں حاضری کے لیے ترستے ہیں
اذن طیبہ کی آس میں آقا وہ پر ارماں سلام کہتے ہیں

Marfat.com

رُخ سے پردے کو اب اٹھا دیجئے اپنے سینے سے اب لگا لیجئے
حسنِ اعمال سے ہیں جو یکسر خالی داماں سلام کہتے ہیں

آپ عطارؔ کیوں پریشاں ہیں عاشقوں پر تو وہ مہرباں ہیں
اُن پہ رحمت وہ خاص کرتے ہیں جو مسلماں سلام کہتے ہیں

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

# غم کے مارے سلام کہتے ہیں

اے صبا مصطفیٰ سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں
یاد کرتے ہیں تم کو شام وسحر دل ہمارے سلام کہتے ہیں

اللہ اللہ حضور کی باتیں مرحبا رنگ و نور کی باتیں
چاند جن کی بلائیں لیتا ہے اور تارے سلام کہتے ہیں

اللہ اللہ حضور کے گیسو بھینی بھینی مہکتی وہ خوشبو
جس سے معمور ہے فضا ہر سُو وہ نظارے سلام کہتے ہیں

جب محمد ﷺ کا نام آتا ہے رحمتوں کا پیام آتا ہے
لب ہمارے درُود پڑھتے ہیں دل ہمارے سلام کہتے ہیں

زائر کعبہ تو مدینے میں پیارے آقا سے اتنا کہہ دینا
آپ کی گرد راہ کو آقا چاند تارے سلام کہتے ہیں

ذکر تھا آخری مہینے کا تذکرہ چھڑ گیا مدینے کا
حاجیو مصطفیٰ سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں

اے خدا کے حبیب پیارے رسول یہ ہمارا سلام کیجیے قبول
آج محفل میں جتنے حاضر ہیں مل کے سارے سلام کہتے ہیں

جناب انور صاحب

Marfat.com

# آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

ہر آہ گئی عرش پہ یہ آہ کی قسمت
ہر اشک پہ اک خلد ہے ہر اشک کی قیمت
تحفہ یہ ملا ہے مجھے سرکار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

شکرِ خدا کہ آج گھڑی اس سفر کی ہے
جس پہ نثار جان فلاح و ظفر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے

گرمی ہے تپ ہے درد ہے کلفت سفر کی ہے
نا شکر یہ تو دیکھ عزیمت کدھر کی ہے
لٹتے ہیں مارے جاتے ہیں یوں ہی سنا کیے
ہر بار دی وہ امن کہ غیرت حضر کی ہے
ہم کو تو اپنے سائے میں آرام ہی سے لائے
حیلے بہانے والوں کو یہ راہ ڈر کی ہے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ا سے

Marfat.com

ماہ مدینہ اپنی تجلی عطا کرے
یہ ڈھلتی چاندنی تو پہر دو پہر کی ہے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے
اس کے طفیل حج بھی خدا نے کرا دیئے
اصل مراد حاضری اِس پاک در کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے
کعبے کا نام تک نہ لیا طیبہ ہی کہا
پوچھا تھا ہم نے جس نے کہ نہضت کدھر کی ہے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے
ان پر درود جن کو حجر کریں سلام
ان پر سلام جن کو تحیت شجر کی ہے
ان پر درود جن کو کسِ بے کساں کہے
ان پر سلام جن کو خبر بے خبر کی ہے
جن و بشر سلام کو حاضر ہیں السلام
یہ بارگاہ مالکِ جن و بشر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

Marfat.com

شمش و قمر اسلام کو حاضر ہیں السلام
خوبی انہی کی جوت سے شمس و قمر کی ہے

سنگ و شجر سلام کو حاضر ہیں السلام
کلمے سے تر زبان درخت و حجر کی ہے

سب بحر و بر سلام کو حاضر ہیں السلام
تملیک انہی کے نام تو ہر بحر وبر کی ہے

عرض و اثر سلام کو حاضر ہیں السلام
ملجا یہ بارگاہ دعا و اثر کی ہے

شوریدہ سر سلام کو حاضر ہیں السلام
راحت انہی کے قدموں میں شوریدہ سر کی ہے

آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی سے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

خستہ جگر سلام کو حاضر ہیں السلام
مرہم یہیں کی خاک تو خستہ جگر کی ہے

سب خشک و تر سلام کو حاضر ہیں السلام
یہ جلوہ گاہ مالک ہر خشک و تر کی ہے

سب کروفر سلام کو حاضر ہیں السلام
ٹوپی یہیں تو خاک پہ ہر کرو فر کی ہے

اہل نظر سلام کو حاضر ہیں اسلام

Marfat.com

یہ گرد ہی تو سُرما سب اہل نظر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی اسے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی اسے

بھاتی نہیں ہمدم مجھے جنت کی جوانی
سنتا نہیں زاہد سے میں حوروں کی کہانی
الفت ہے مجھے سایہ دیوار نبی سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی سے

یہ پیاری پیاری کیاری تیرے خانہ باغ کی سرد اس
کی آب و تاب سے آتش سقر کی ہے
جنت میں آکے نار میں جاتا نہیں کوئی
شکر خدا نوید نجات و ظفر کی ہے
مومن ہوں مومنوں پہ رؤف رحیم ہو
سائل ہوں سائلوں کو خوشی لا نہر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

جن جن مرادوں کے لئے احباب نے کہا
پیش خبیر کیا مجھے حاجت خبر کی ہے
آ کچھ سنا دے عشق کے بولوں میں اے رضا
مشتاق طبع لذت سوز جگر کی ہے

Marfat.com

آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی سے

بھینی صبح میں ٹھنڈک جگر کی ہے
کلیاں کھلیں دلوں کی ہوا یہ کدھر کی ہے
کھبتی ہوئی نظر میں ادا کس سحر کی ہے
چھبتی ہوئی جگر میں صدا کس گجر کی ہے
ڈالیں ہری ہری ہیں تو بالیں بھری بھری
کشتِ امل پری ہے یہ بارش کدھر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

ہم جائیں اور قدم سے لپٹ کر حرم کہے
سونپا خدا کو تجھ کو یہ عظمت سفر کی ہے
ہم گرد کعبہ پھرتے تھے کل تک اور آج وہ
ہم پر نثار ہے یہ ارادت کدھر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

کالک جبیں کی سجدہ در سے چھڑاؤ گے
مجھ کو بھی لے چلو یہ تمنا حجر کی ہے
ڈوبا ہوا ہے شوق میں زمزم اور آنکھ سے
جھالے برس رہے ہیں یہ حسرت کدھر کی ہے

Marfat.com

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

برسا کے جانے والوں پہ گوہر کروں نثار
ابر کرم سے عرض یہ میزاب زر کی ہے
آغوش شوق کھولے ہے جن کے لئے حطیم
وہ پھر کے دیکھتے نہیں یہ دھن کدھر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

ہاں ہاں رہِ مدینہ ہے غافل ذرا تو جاگ
او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم و سر کی ہے
واروں قدم قدم پہ کہ ہر دم ہے جان نو
یہ راہِ جانفزا مرے مولیٰ کے در کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

ہر آہ گئی عرش پہ یہ آہ کی قسمت
ہر اشک پہ اک خلد ہے ہر اشک کی قیمت
تحفہ یہ ملا ہے مجھے سرکار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

گھڑیاں گنیں ہیں برسوں کی یہ شب گھڑی پھری
مر کر کے پھر یہ سل مرے سینے سے سر کی ہے

Marfat.com

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

اللہ اکبر اپنے قدم اور یہ خاک پاک
حسرت ملائکہ کو جہاں وضع سر کی ہے
معراج کا سماں ہے کہاں پہنچے زائرو
کرسی سے اونچی کرسی اس پاک در کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

سعدین کا قِران ہے پہلوئے ماہ میں
جھرمت کئے ہیں تارے تجلی قمر کی ہے
محبوب ربِ عرش ہے اس سبز قبہ میں
پہلو میں جلوہ گاہ عتیق و عمر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

چھائے ملائکہ ہیں لگاتار ہے درود
بدلے ہیں پہرے بدلی میں بارش دُرر کی ہے
ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام
یوں بندگی زلف و رخ آٹھوں پہر کی ہے
جو ایک بار آئے دوبارہ نہ آئیں گے
رخصت ہی بارگاہ سے بس اس قدر کی ہے

Marfat.com

تڑپا کریں بدل کے پھر آنا کہاں نصیب
بے حکم کب مجال پرندے کو پر کی ہے
اے وائے بے بیکسی تمناکہ اب امید
دن کو نہ شام کی ہے نہ شب کو سحر کی ہے
یہ بدلیاں نہ ہوں تو کروڑوں کی آس جائے
اور بارگاہ مرحمتِ عام تر کی ہے
معصوموں کو ہے عمر میں صرف ایک بار بار
عاصی پڑے ہیں تو صلا عمر بھر کی ہے
زندہ رہیں تو حاضری بارگاہ نصیب
مر جائیں تو حیات ابد عیش گھر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

کیوں تاجدارو خواب میں دیکھی کبھی یہ شے
جو آج جھولیوں میں گدایانِ در کی ہے
طیبہ میں مر کے ٹھنڈے چلے جاؤ آنکھیں بند
سیدھی سڑک یہ شہر شفاعت نگر کی ہے
عاصی بھی ہیں چہیتے یہ طیبہ ہے زاہدو
مکہ نہیں جانچ جہاں خیرو شر کی ہے
کعبہ ہے بیشک انجمن آرا دلہن مگر
ساری بہار دلہنوں میں دولہا کے گھر کی ہے

Marfat.com

کعبہ دلہن ہے تربتِ اطہر نئی دلہن
یہ رشکِ آفتاب وہ غیرت قمر کی ہے
دونوں بنیں سجیلی انیلی بنی مگر
جو پی کے پاس ہے وہ سہاگن کنور کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

اتنا عجب بلندی جنت پہ کس لئے
دیکھا نہیں کہ بھیک یہ کس اونچے گھر کی ہے
عرش بریں پہ کیوں نہ ہو فردوس کا دماغ
اتری ہوئی شبیہہ ترے بام و در کی ہے
وہ خلد جس میں اترے گی ابرار کی بارات
ادنیٰ نچھاور اس مرے دولہا کے سر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

اُف بے حیائیاں کہ یہ منہ اور تیرے حضور
ہاں تو کریم ہے تری خُو در گزر کی ہے
تجھ سے چھپاؤں منہ تو کروں کس کے سامنے
کیا اور بھی کسی سے توقع نظر کی ہے
جاؤں کہاں پکاروں کسے کس کا منہ تکوں
کیا پرسشِ اور جا بھی سگِ بے ہنر کی ہے

Marfat.com

مجرم بلائیں آئیں ہیں جاؤ وک ہے گواہ
پھر رد ہو کب یہ شان کریموں کے در کی ہے
سرکار ہم گنواروں میں طرز ادب کہاں
ہم کو تو بس تمیز یہی بھیک بھر کی ہے
لب وا ہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہیں جھولیاں
کتنے مزے کی بھیک ترے پاک در کی ہے
مانگیں گے مانگی جائیں گے منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے
منگتا کا ہاتھ اٹھتے ہی داتا کی دین تھی
دوری قبول و عرض میں بس ہاتھ بر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

جنت نہ دیں' نہ دین تری رویت ہو خیر سے
اس گل کے آگے کس کو ہوس برگ و بر کی ہے
شربت نہ دیں نہ دیں تو کرے بات لطف سے
یہ شہد ہو تو پھر کسے پروا شکر کی ہے
سنکی وہ دیکھ بادِ شفاعت کہ دے ہو
یہ آبرو رضا تیرے دامانِ تر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

Marfat.com

# اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْه

یا رسول اللہ ﷺ یا رسول اللہ ﷺ
یا حبیب اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ صَلُّوْ اعَلَیْه صَلَوَاتُ اللّٰه عَلَیْه
وَیَنَالُ الْبَرَکَات کُلُّ مَنْ صَلّٰی عَلَیْه
اَلنَّبِیُ یَا حَاضِرِیْن اِعْلَمُوْاعِلْمَ الْیَقِیْن
اَنَّ رَبَّ الْعَالَمِیْن فَرَضٰی صَلّٰی عَلَیْه
اللہ، اللہ ، اللہ،اللہ اللہ، اللہ ، اللہ اللہ
اَلنَّبِیُ صَلُّوْ ا عَلَیْه

کعبے کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود
شافع روزِ جزا تم پہ کروڑوں درود
دافع جملہ بلا تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ یَامَنْ حَضَر اَلنَّبِیُ خَیْرُ الْبَشَر
مَنْ لَهٗ شَقُّ الْقَمَر وَنَزِلُ سَلِّمْ عَلَیْه
اللہ، اللہ ، اللہ،اللہ اللہ، اللہ ، اللہ اللہ
اَلنَّبِیُ صَلُّوْ اعَلَیْه

Marfat.com

دل کرو ٹھنڈا مرا وہ کفِ پا چاند سا
سینے پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروڑوں درود
ذات ہوئی انتخاب وصف ہوئے لاجواب
نام ہوا مصطفےٰ ﷺ تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ ذَاکَ الْعُرُوْس ذِکْرُہ" یُحْیِ النُّفُوْس
اَلنَّصَارٰی وَالْمَجُوْس اَسْلَمُوْ اعَلٰی یَدَیْہ
اللہ، اللہ ، اللہ،اللہ اللہ، اللہ ، اللہ اللہ
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہ

بے ہنر و بے تمیز کس کو ہوئے ہیں عزیز
ایک تمہارے سوا تم پہ کروڑوں درود
آس ہے کوئی نہ پاس ایک تمہاری ہے آس
بس ہے یہی آسرا تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ
سینہ کہ ہے داغ داغ کہہ دو کرے باغ باغ
طیبہ سے آکے صبا تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ ﷺ یاحبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ الْمُصْطَفٰی اِبْنُ زَمْ زَمْ وَ صَفَا
مَنْ تَعَالٰی شَرْفَا کُلُّکُمْ صَلّٰی عَلَیْہ

Marfat.com

اللہ، اللہ ، اللہ،اللہ　　　اللہ، اللہ ، اللہ اللہ

اَلنَّبِیُ صَلُّوْ اعَلَیْہ

اَلنَّبِیُ الْمُجْتَبٰی　　　اَلْنَّبِیْ سَاکِنُ قُبَا
حُبُّہٗ لِمَذْ ھَبَا　　　رَبَّنَا صَلّٰی عَلَیْہ

اللہ، اللہ ، اللہ،اللہ　　　اللہ، اللہ ، اللہ اللہ

اَلنَّبِیُ صَلُّوْ اعَلَیْہ

تم سے جہاں کا نظام تم پہ کروڑوں سلام
تم پہ کروڑوں ثناء تم پہ کروڑوں درود
تم ہو جواد و کریم تم ہو رؤف و رحیم
بھیک ہو داتا عطا تم پہ کروڑوں درود
خلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تم
تم سے ملا جو ملا تم پہ کروڑوں درود
نافع و دافع ہو تم شافع و رافع ہو تم
تم سے بس افزوں خدا تم پہ کروڑوں درود
شافی ونافی ہو تم کافی و وافی ہو تم
درد کو کردو دوا تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ
برسے کرم کی بھرن پھولے نِعَم کے چمن
ایسی چلا دو ہوا تم پہ کروڑوں درود

Marfat.com

کیوں کہوں بے کس ہوں میں کیوں کہوں بے بس ہوں میں
تم ہو میں تم پر فدا تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ ذَاکَ الْمَلِیُح — قُوْلُہٗ قَوْلُ صَحِیُح
وَالْقُرْانُ شَیْئی" فَصِیُح — اَلَّذِیْ اُنْزِلَ عَلَیْہ
اللہ، اللہ ، اللہ،اللہ — اللہ، اللہ ، اللہ اللہ

اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہ

کرکے تمہارے گناہ مانگیں تمہاری پناہ
تم کہو دامن میں آ تم پہ کروڑوں درود
ہم نے خطا میں نہ کی تم نے عطا میں نہ کی
کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درود
آنکھ عطا کیجئے اس میں ضیاء دیجئے
جلوہ قریب آگیا تم پہ کروڑوں درود
کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نام رضا تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

وَالْحَسَنْ اُمِّ الْحُسَیْن — لِلنَّبِیُ رَیُحَانَتَیْن
فَا طِمَہ قُرَّۃُ عَیْن — جَدُّھُمْ صَلُّوْا عَلَیْہ
اللہ، اللہ ، اللہ،اللہ — اللہ، اللہ ، اللہ اللہ

Marfat.com

اَلنَّبِیُّ صَلُّوْا عَلَیْہ

یہ عبید ادنیٰ غلام تیرا ہے خیر الانامِ
وقف مدحت کے لیے اس کی ہو عمر تمام

## دھوم مچا دو آمد کی آ گئے سرکار ﷺ

دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

مچی ہے دھوم پیمبر کی آمد آمد ہے
حبیب رب اکبر کی آمد آمد ہے

یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے
یہ کون سے شہہ والا کی آمد آمد ہے

دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

فرشتے آج جو دھومیں مچانے آئے ہیں
انہی کے آنے کی شادی رچانے آئے ہیں

رسل انہی کا تو مژدہ بنانے آئے ہیں
انہیں کے آنے کی خوشیاں منانے آئے ہیں

دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکار ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

Marfat.com

یہی تو سوتے ہوؤں کو جگانے آئے ہیں
یہی تو روتے ہوؤں کو ہنسانے آئے ہیں

انہیں خدا نے کیا اپنے ملک کا مالک
انہی کے قبضے میں رب کے خزانے آئے ہیں

دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آگئے سرکار ﷺ بولو آگئے سرکار ﷺ

جو چاہیں گے جسے چاہیں گے یہ اسے دیں گے
کریم ہیں یہ خزانے لٹانے آئے ہیں

رؤف ایسے ہیں اور یہ رحیم ہیں اتنے
کہ گرتے پڑتوں کو سینے لگانے آئے ہیں

دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آگئے سرکار ﷺ بولو آگئے سرکار ﷺ

سنو گے لا نہ زبانِ کریم سے نوری
یہ فیض وجود کے دریا بہانے آئے ہیں

دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آگئے سرکار ﷺ بولو آگئے سرکار ﷺ

Marfat.com

# سرکار ﷺ جیا سوہنا آیا اے نہ اونا اے

سرکار ﷺ جیا سوہنا آیا اے نہ اونا اے
نہ رب نے بنایا اے نہ رب نے بناؤنا اے
حق اے

جی کردا اے مرجاواں جس دن دا اے سُنیا اے
وچ قبر دے آقا ﷺ نے دیدار کرونا اے
حق اے

دیکھو جی ہر اک شے تے پیا نور برس دا اے
لگدا اے ہنیں ایتھے سرکار ﷺ نے اونا اے
حق اے

انگلی نوں اٹھاندے نین نالے چن نوں ہلاندے نے
سوں رب دی اے چن فلکی آقا ﷺ دا کھڈونا اے
حق اے

کوئی سڑا دا اے سڑ جاوے کوئی مردا اے مر جاوے
سُنیاں نے تے گج وج کے میلاد منانا اے
حق اے

بن جانی اے گل تیری ویکھیں حشر دے دن یارا
سُنیاں نوں جدوں آقا ﷺ اوتھے گل نل لاؤنا اے
حق اے

Marfat.com

# یَا سَیِّدِی

## یاسیدی ارحملنا
## یَا سیدِی ارحمُلَنا

اِنْ نِلْتَ یَا رُوْحَ الصَّبَا یَوْمًا اِلٰی اَرْضِ الْحَرَمْ
بَلِّغْ سَلَامِی رَوْضَۃً فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَرَمْ
اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

اے بادِ صبا! اگر تیرا گزر سرزمین حرم تک ہو تو میرا سلام اس روضہ کو پہنچا جس میں نبی محترم تشریف فرما ہیں۔

مِنْ وَّجْھُہٗ شَمْسُ الضُّحٰی مَنْ خَدُّہٗ بَدْرُ الدُّجٰی
مَنْ ذَاتُہٗ نُوْرُ الْھُدٰی مَنْ کَفُّہٗ بَحْرُ الْھِمَمْ
اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

وہ جن کا چہرہ انور مہر نیمروز ہے اور جن کے رخسار تاباں ماہِ کامل جن کی ذات نور ہدایت ہے جن کی ہتھیلی سخاوت میں دریا۔

قُرْاٰنُہٗ بُرْھَانُنَا فَسْخًا لِّاَدْیَانٍ مَّضَتْ
اِذْ جَآئَنَا اَحْکَامُہٗ کُلَّ الصُّحُفْ صَارَ الْعَدَمْ

ان کا (لایا) ہوا قرآن ہمارے لئے واضح دلیل ہے جس نے ماضی کے تمام دینوں کو منسوخ کر دیا جب اسکے احکام ہمارے پاس آئے تو (پچھلے) سارے صحیفے معدوم ہو گئے۔

اَکْبَادُنَا مَجْرُوْحَۃٌ مِنْ سَیْفِ ھِجْرِ الْمُصْطَفٰی
طُوْبٰی لِاَھْلِ بَلْدَۃٍ فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَشَمْ
اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

ہمارے جگر زخمی میں فراق مصطفیٰ کی تلوار سے خوش نصیبی اس شہر کے لوگوں کی ہے جس میں نبی محتشم ہیں۔

اَکْبَادُنَا مُجْرُوْحَۃٌ مِنْ سَیْفِ ھِجْرِ الْمُصْطَفٰی

Marfat.com

طُوبٰی لِاَهْلِ بَلْدَةٍ فِیهَا النَّبِیُّ الْمُحْتَشَمُ

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

ہمارے جگر زخمی ہیں فراق مصطفیٰ کی تلوار سے خوش نصیبی اس شہر کے لوگوں کی ہے جس میں نبی محتشم ہیں۔

یَا لَیْتَنِی کُنْتُ کَمَنْ یَّتْبَعُ نَبِیًّا عَالِمًا

یَوْمًا وَ لَیْلًا دَائِمًا وَارْزُقْ کَذَالِیْ بِالْکَرَمْ

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

کاش میں اس کی طرح ہوتا جو نبی کی پیروی علم کے ساتھ کرتا ہے دن اور رات ہمیشہ اے خدا یہی صورت اپنے کرم سے عطا فرما۔

یَا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ اَنْتَ شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ

اَکْرِمْ لَنَا یَوْمَ الْحَزِیْنِ فَضْلًا وَّجُوْدًا وَالْکَرَمْ

اے رحمتِ عالم! آپ گنہگاروں کے شفیع ہیں ہمیں قیامت کے دن فضل و سخاوت اور کرم سے عزت بخشے۔

یَا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ اَدْرِکْ لِزَیْنِ الْعَابِدِیْنَ

مَحْبُوْسِ اَیْدِی الظَّالِمِیْنَ فِی الْمَوْکَبِ وَ الْمُزْدَحَمْ

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

اے رحمت عالم زین العابدین کو سنبھالئے وہ ظالموں کے ہاتھوں میں گرفتار حیرانی و پریشانی میں ہے۔

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

Marfat.com

# میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

حبیب خدا کا نظارہ کروں میں
دِل و جان ان پر نثارا کروں میں

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

مجھے اپنی رحمت سے تو اپنا کر لے
سِوا تیرے سب سے کنارا کروں میں

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

خدارا اب آؤ کہ دم ہے لبوں پہ
دم واپسی تو نظارہ کروں میں

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

مجھے ہاتھ آئے اگر تاج شاہی
تیرے نقش پا پر نثارا کروں میں

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

Marfat.com

تیرا ذکر لب پر خدا دل کے اندر
یونہی . زندگانی گزارہ کروں میں
میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

دم واپسی تک تیرے گیت گاؤں
محمد ﷺ محمد ﷺ پکارا کروں میں
میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

تیرے در کے ہوتے کہاں جاؤں پیارے
کہاں اپنا دامن پسارا کروں میں
میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

خدا خیر سے لائے وہ دن بھی نوری
مدینے کی گلیاں بہارا کروں میں
میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِّ علیٰ کہتے کہتے

Marfat.com

# مُحمّد رُوحِ فِداکَ

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

پیش حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے
آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

دل نکل جانے کی جا ہے آہ کن آنکھوں سے وہ
ہم سے پیاسوں کیلئے دریا بہاتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

کشتگانِ گرمیِ محشر کو وہ جانِ مسیح
آج دامن کی ہوا دے کر جلاتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

گل کھلے گا آج یہ اُن کی نسیم فیض سے
خود روتے آئیں گے ہم مسکراتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ مُحمّدٌ رُوحِ فِداکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

Marfat.com

ہاں چلو حسرت زدو سنتے ہیں وہ دن آج ہے
تھی خبر جس کی کہ وہ جلوہ دکھاتے جائیں گے
اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحَمَّدُ رُوْحِ فِدَاکَ مُحَمَّدُ رُوْحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

آج عید عاشقاں ہے گر خدا چاہے کہ وہ
ابروئے پیوستہ کا عالم دکھاتے جائیں گے
اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحَمَّدُ رُوْحِ فِدَاکَ مُحَمَّدُ رُوْحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

کچھ خبر بھی ہے فقیرو آج وہ دن ہے کہ وہ
نعمت خلد اپنے صدقے میں لٹاتے جائیں گے
اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحَمَّدُ رُوْحِ فِدَاکَ مُحَمَّدُ رُوْحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

خاک اُفتادو بس ان کے آنے ہی کی دیر ہے
خود وہ گر کر سجدہ میں تم کو اٹھاتے جائیں گے
اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحَمَّدُ رُوْحِ فِدَاکَ مُحَمَّدُ رُوْحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

وسعتیں دی ہیں خدا نے دامن محبوب ﷺ کو
جرم کھلتے جائیں گے اور وہ چھپاتے جائیں گے
اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

Marfat.com

مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

لو وہ آئے مسکراتے ہم اسیروں کی طرف
خرمن عصیاں پر اب بجلی گراتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

آنکھ کھولو غمزدو دیکھو وہ گریاں آئے ہیں
لوحِ دل سے نقشِ غم کو اب مٹاتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

سوختہ جانوں پہ وہ پرجوش رحمت آئے ہیں
آبِ کوثر سے لگی دل کی بجھاتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

آفتاب اُن کی ہی چمکے گا جب اوروں کے چراغ
صرصرِ جوشِ بلا سے جھلملاتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

پائے کوباں پُل سے گزریں گے تیری آواز پر
رَبِّ سَلِّمْ کی صدا پر وجد لاتے جائیں گے

Marfat.com

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

سرورِ دیں لیجئے اپنے ناتوانوں کی خبر
نفس و شیطاں سیدا کب تک دباتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائش مولیٰ کی دھوم
مثلِ فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے

اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ
مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ مُحَمَّدٌ رُوحِ فِدَاکَ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ اللّٰہ ھُو اللّٰہ ھُو اللّٰہ

خاک ہو جائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضا
دم میں جب تک دم ہے ذکر ان کا سناتے جائیں گے

Marfat.com

# میرے آقا ﷺ آئے جھومو

میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو
پیارے آقا آئے جھومو سب کے داتا آئے جھومو
سب کے مولا آئے جھومو میرے یاور آئے جھومو
سب کے دلبر آئے جھومو میرے حامی آئے جھومو

عید میلاد النبی ﷺ ہے دل بڑا مسرور ہے
عید دیوانوں کی تو بارہ ربیع النور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

اس طرف جو نور ہے تو اس طرف بھی نور ہے
ذرہ ذرہ سب جہاں کا نور سے معمور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

Marfat.com

ہر ملک ہے شادماں خوش آج ہر اک حور ہے
ہاں مگر شیطاں بمع رفقاء بڑا رنجور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

آمد سرکار ﷺ سے ظلمت ہوئی کافور ہے
کیا زمیں کیا، آسماں ہر سمت چھایا نور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

جشن میلاد النبی ﷺ ہے کیوں نہ جھومیں آج ہم
مسکراتی ہیں بہاریں سب فضا پر نور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

غم کے بادل چھٹ گئے ہر غم کا مارا جھوم اٹھا
آگیا خوشیاں لئے ماہِ ربیع النور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

Marfat.com

خوب دیوانوں پڑھو تم سب درود جھوم جھوم
آج آیا وہ جہاں میں جو سراپا نور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

آمنہ رضی اللہ عنہا تجھ کو مبارک شاہ کی میلاد ہو
تیرا آنگن نور بلکہ گھر کا گھر سب نور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

غم ذدو تم کو مبارک غم غلط ہو جائیں
آگیا وہ جس کے صدقے ہر بلا کافور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

ہوں غلام مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم عطار کا دعویٰ ہے یہ
کاش آقا صلی اللہ علیہ وسلم بھی یہ فرمائیں ہمیں منظور ہے
میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو

Marfat.com

# آقا ﷺ کا میلاد آیا

کلام: عبید رضا
ثناء خواں: اویس رضا قادری

یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

صَلّٰی عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ وَسَلَّمْ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

اَھْلاً وَّ سَھْلاً مَرْحَبَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

بِشَھْرِ رَبِیْعٍ قَدْ بَدَا نُوْرُہُ الْاَعْلٰی
وَیَا حَبَّذَا بَدْرًا بِذَاکَ السَّمَا یُجْلٰی

اللہ اللہ اللہ اللہ عزوجل

چاروں طرف نور چھایا آقا ﷺ کا میلاد آیا
خوشیوں کا پیغام لایا آقا ﷺ کا میلاد آیا

Marfat.com

اللہ اللہ اللہ اللہ عز و جل

اَنَـارَتْ بِـهِ الْاَقْوام شَـرْقـاً وَّ مَغْـرِبـاً
وَاَهْـلُ الصَّبَـاءِ قَالُوْ لَـهُ مَـرْحَبَـا اَهْلـیٰ
شمس و قمر اور تارے کیوں نہ ہوں خوش آج سارے
ان سے ہی تو نور پایا آقا ﷺ کا میلاد آیا

اللہ اللہ اللہ اللہ عز و جل

وَاَلْبِـسَ كَـوْبَ النُّـورِ عِـزٌّ وَ رِفْـعَةً
فَـمَـا مِثْلَـه فِیْ طَلْعَةِ الْحُسْنِیْ اسْتَحْلیٰ
خوشیاں مناتے ہیں وہی دھومیں مچاتے ہیں وہی
جن پر ہوا ان کا سایہ آقا ﷺ کا میلاد آیا

اللہ اللہ اللہ اللہ عز و جل

Marfat.com

ہیں شاد ہر اک مسلماں کرتا ہے گھر گھر چراغاں
کلیوں کو بھی جگمگایا آقا ﷺ کا میلاد آیا

اللہ اللہ اللہ اللہ عزوجل

وَلَمَّا رَاٰی البَحْرُ حَارَ لِحُسْنِہٖ
وَشَاھَدَ مِنْہُ بَھْجَۃً تَسْلِبُ العَقْلٰ

مختارِ کل مانے جو انہیں نوری بشر جانے جو انہیں
نعرہ اسی نے لگایا آقا ﷺ کا میلاد آیا

اللہ اللہ اللہ اللہ عزوجل

وَاُطْفِیَہَا نُوْرَالشَّمْسِ مِنْ نُوْرِ وَجْہِہٖ
وَلِلّٰہِ مَا اَضْحٰی وَلِلّٰہِ مَا اَجْلٰی

جو آج محفل میں آئے من کی مرادیں وہ پائیں
سب پر کرم ہو خدایا آقا ﷺ کا میلاد آیا

Marfat.com

اللہ اللہ اللہ اللہ عزوجل

اَیَا مَوْلِدَ الْمُخْتَارِ جَدَّدْتَ شَوْقَنَا
اِلٰی خَیْرِ امَبْعُوْثِ جَلِیْلٍ حَرَی الْفَضْلٰی
غوث الوریٰ اور داتا نے میرے رضا اور خواجہ نے
سب نے ہی دن یہ منایا آقا ﷺ کا میلاد آیا

اللہ اللہ اللہ اللہ عزوجل

وَسَعْدًا مُقِیْمًا بِبَقَارِ بِمَوْلِدٖ
لَہٗ خَبَرٌ عَنْ حُسْنِہٖ اَبَدًا یُتْلٰی
نعتِ نبی ﷺ تم سناؤ عشق نبی ﷺ کو بڑھاؤ
ہم کو رضا نے سکھایا آقا ﷺ کا میلاد آیا

اللہ اللہ اللہ اللہ عزوجل

Marfat.com

عَلَيْهِ صَلوٰۃُ اللّٰہ    مَا حَبَّتِ الصَّبَاء
وَمَا صَارَ عَادِ بِالنِّمَام    فِیْ اِلَی الْمَعْلٰی
جس کو شجر جانتے ہیں    کہتا حجر مانتے ہیں
ایسا نبی ﷺ ہم نے پایا    آقا ﷺ کا میلاد آیا

اللہ اللہ اللہ اللہ عزوجل

دل جگمگانے لگے ہیں    سب مسکرانے لگے ہیں
اک کیف سا آج چھایا    آقا ﷺ کا میلاد آیا


اللہ اللہ اللہ اللہ عزوجل


کر اے عبید ان کی مدحت    تجھ پر خدا کی ہو رحمت
تو نے مقدر یہ پایا    آقا ﷺ کا میلاد آیا


Marfat.com


Marfat.com

# ہماری دیگر مطبوعات




Yousaf Grafix

ناشر
اکبر بک سیلرز
اردو بازار لاہور
Ph:7352022

Marfat.com